UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188331
UNIVERSAL
LIBRARY

تاریخ امریکہ

محمد یحییٰ تنہا

۹۷۰
ت ۱

تاریخ امریکہ

از

محمد یحییٰ تنہا بی اے ایل ایل بی وکیل غازی آباد

بفرمائش

مولوی ظفر الملک صاحب علوی

سید محمد صدیق پرنٹر کے اہتمام سے

الناظر پریس لکھنؤ میں چھپی

(جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ)

قیمت دو روپیہ

"شوکت علی تحریر نمود"

کتابستان
الہ آباد

نذر

مین اپنی اس ناچیز تالیف کو علم دوست مسٹر سچدانند سنہا
بیرسٹرایٹ لا پٹنہ و بانی ہندوستان ریویو کی خدمت مین جو سنہ ۱۹۲۱ء
مین لیجسلیٹو اسمبلی کے سب سے پہلے نائب صدر اور صوبۂ بہار
واُڑیسہ کی قانونی مجلس کے صدر سنہ ۱۹۲۱ء اور سنہ ۱۹۲۲ء مین تھے
اور سنہ ۱۹۲۱ء سے سنہ ۱۹۲۶ء تک سب سے پہلے ہندوستانی
ممبر مالیات و ممبر صیغۂ دیوانی و فوجداری صوبۂ مذکورہ چکے ہین
اُس خلوص و عقیدت کے اظہار کے لیے جو جناب ممدوح سے
مجھکو ہے نذر پیش کرتا ہون

ع برگ سبز است تحفۂ درویش

تنہا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

ایک عرصہ سے میرا یہ خیال تھا کہ امریکہ کی تاریخ تالیف کی جائے تاکہ ہمارے ہموطن اس کو پڑھکر اپنے ملک کی آزادی کا سبق حاصل کریں مجھے اس بات کے کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ سیاسی تعلیم کے لیے یورپ اور امریکہ کے ممالک کی تاریخ از بس ضروری ہے اور جب ہمارے ہموطن جن کا نقطہ نظر آزادی کے خیال کو عوام میں دلنشین کرنے کا ہے اس قسم کی کتابوں کی اشاعت میں بہت کچھ دلچسپی لیتے ہیں یا بالکل نہیں لیتے تو افسوس اور سخت افسوس ہوتا ہے علاوہ اس کے کہ ہماری زبان میں ایسی کتابوں کا اضافہ قابل قدر ہے یہ کتابیں ہمارے موجودہ اختلافات کے دور کرنے میں اور ہم میں صحیح معنوں میں آزادی کی قدر کرنے کے خیال کو پیدا کرنے میں ایک حد تک ضرور مدد دے سکتی ہیں لہذا ایسے بے اعتنائی کرنا کسی طرح جائز نہیں کہا جا سکتا۔

مثلاً ہم کناڈا کی تاریخ سے بہت کچھ سبق حاصل کر سکتے ہیں، مذہب، نسل اور زبان کے اختلافات وہاں بھی موجود تھے اور ہیں لیکن ان باتوں نے وہاں کے باشندوں کو حکومت خود اختیاری حاصل کرنے سے باز نہیں رکھا۔ باہمی عداوتوں اور خانہ جنگیوں کی بنا پر وہاں بھی یہ خیال یقین کے درجے تک پہنچ گیا تھا کہ کناڈا کوئی ایسا آئین سیاسی نہیں بنا سکے گا جو شمالی اور جنوبی حصوں کو جن میں دو مختلف قومیں یعنی فرانسیسی اور انگریز آباد تھے متحد کر دے اور وہ ایک ہی نظام سیاسی کے ماتحت ہو کر ذمہ دار حکومت قائم کر سکیں۔ لیکن انھوں نے مذہبی اور قومی اختلافات کو رواداری کے ساتھ طے کر لیا اور وہ دستور العمل بنایا جس سے وہاں حکومت خود اختیاری قائم ہو گئی۔ کناڈا کی تاریخ سے یہ امر بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ ایک قوم دوسری قوم کو حکومت خود اختیاری نہیں دے سکتی جب تک آخر الذکر قوم اسکے لیے خود

تیار نہ ہو اور جب کسی قوم میں یہ قابلیت پیدا ہو جاتی ہے تو نہایت طاقتور اور متکبر حکمران قوم بھی اس جذبۂ آزادی کو دبا نہیں سکتی اور چار و ناچار حکومت خود اختیاری کو محکوم قوم کے سپرد کرنا پڑتا ہے۔

اسی طرح ریاستہائے متحدہ کی مثال کے لیجیے وہاں بھی مختلف مذاہب کے لوگ اور مختلف قومیں آباد تھیں جن کے باہمی نفاق و حسد کسی طرح ہمارے ہندو اور مسلم اختلافات سے کم نہ تھے وہاں بھی قدامت پرست اور آزاد خیال موجود تھے وہاں بھی حکومت برطانیہ کے طرفدار اور مخالف تھے لیکن انھوں نے اپنے اختلافات کو فراخدلی اور عمدگی کے ساتھ مٹا دیا اور آخر کار آزاد ہو کر رہے چنانچہ آجکل ریاستہائے متحدہ کی حکومت دنیا کی عظیم ترین سلطنتوں میں سے ہے۔

تاریخ امریکہ کا مطالعہ نہ صرف اردو خواں طبقے کے لیے ضروری ہے بلکہ انگریزی خواں اصحاب کے لیے بھی ناگزیر ہے کیونکہ یہ اصحاب بھی بہت کم تعداد میں وہاں کی تاریخ سے واقف ہوتے ہیں۔ ہمارے ایک بی اے (اکسن) دوست جو تاریخ کے طالب علم رہ چکے تھے اور ایک قومی یونیورسٹی میں پروفیسر تھے تاریخ امریکہ سے قطعاً نابلد تھے اور اس کی اہمیت کو بالکل نظر انداز کیے ہوئے تھے۔ اُن کے نزدیک یورپ کی تاریخ اہم ترین شے تھی اور امریکہ کی تاریخ میں کوئی بات ایسی نہ تھی جو پڑھنے کے لائق ہو حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی موجودہ کشمکش میں امریکہ کی تاریخ کے واقعات جس قدر مدد دے سکتے ہیں اُس قدر امداد کسی دوسرے براعظم کی تاریخ سے نہیں مل سکتی کیونکہ جو مناسب اور حسب حال مثالیں ہمارے لیے تاریخ امریکہ مہیا کرتی ہے وہ تاریخ یورپ نہیں پیش کرتی بلاشبہ تاریخ یورپ بھی اہم اور ضروری ہے لیکن آخر الذکر کے لیے اول الذکر کو قربان نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں ہم نے تاریخ مغربی یورپ بھی تحریر کی ہے جس کی جلد اول شایع ہو چکی ہے۔ شائقین اس کو بھی پڑھ کر اپنے ملک کی آزادی کا مسبق حاصل کر سکتے ہیں۔

---

* یہ کتاب ڈاکٹر ابن حسن کی تاریخ مغربی یورپ کا ترجمہ ہے جس کو جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ۱۹۲۹ء میں شایع کیا اور دارالاشاعت غازی آباد یا جامعہ ملیہ قرول باغ دہلی سے دستیاب ہو سکتی ہے۔ مولف

یہ تاریخ دراصل امریکہ کی تاریخ کا ایک خاکہ ہے اس میں صرف بڑی بڑی اور اہم باتوں کا ذکر کیا گیا ہے پہلے دو ابواب کسی قدر تفصیل کے ساتھ تحریر کیے گئے ہیں لیکن یہ دیکھ کر کہ تفصیل لازماً کتاب کو ضخیم بنا دے گی دیگر ابواب کو جہاں تک ممکن ہو سکا مختصر کر دیا گیا ہے تاکہ کتاب کی ضخامت تین سو صفحات سے زیادہ نہ ہونے پائے ناظرین کی سہولت کے لیے ایک نقشۂ امریکہ بھی منسلک کر دیا گیا ہے تاکہ وہ مقامات جن کا ذکر کتاب میں آگیا ہے اُن کی جگہ ذہن میں متعین ہو جائے اور کتاب کے مضامین بآسانی سمجھ میں آسکیں۔

ہماری یہ تاریخ کسی ایک انگریزی کتاب کا ترجمہ نہیں ہے۔ انگریزی زبان میں امریکہ کی تاریخ کے متعلق بے شمار کتابیں موجود ہیں۔ چنانچہ ہم نے چند انگریزی کتابوں سے یہ تاریخ مرتب کی ہے اور اسی وجہ سے ہم اس کو کسی کتاب کا ترجمہ نہیں کہہ سکتے بلکہ ہم اس کو اپنی ایک ناچیز تالیف سمجھتے ہیں۔

یہ کتاب جزواً جزواً رسالہ الناظر لکھنؤ میں جنوری ۱۹۲۹ء سے شائع ہو رہی ہے اور امید ہے کہ جون ۱۹۳۰ء تک ختم ہو جائے۔ چونکہ اس عرصۂ دراز تک جزواً جزواً کسی ایک کاتب سے اس کا تحریر ہونا ممکن نہ تھا اس لیے ناظرین ہمیں معاف فرمائیں اگر وہ اس کتاب میں دو کاتبوں کی تحریر شاہدہ کریں۔ کتابت کی غلطیاں بھی اس میں بکثرت ہیں اور اردو میں تو یہ ناممکن ہو گیا ہے کہ کوئی کتاب شروع سے آخر تک کتابت کی غلطی کے بغیر چھپ سکے اس لیے یہ امر بھی قابل معافی ہے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ اس کتاب میں جہاں تک میرا خیال ہے کوئی ایسی غلطی نہیں ہے جو بادنیٰ تامل رفع نہ ہو سکے جب کوئی صاحب اس کتاب کو شروع سے آخر تک پڑھنے کی زحمت گوارا فرمائیں گے تو غلطیوں کا ازالہ خود بخود ہوتا جائے گا اور جا بجا بدیر تمام غلطیوں کی تصحیح وہ خود کر سکیں گے۔ اسلیے کسی غلط نامہ کا اضافہ یہاں نہیں کیا گیا

بالآخر جناب مولوی ظفر الملک صاحب علوی اڈیٹر الناظر لکھنؤ کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے جنکی سعی سے یہ کتاب چھپ کر اشاعت پذیر ہوئی اب دیکھیے ہمارے اہل وطن اس کی کیسا قدر کرتے ہیں۔

آناں کہ خاک را بنظر کیمیا کنند — آیا بود کہ گوشہ چشمے بما کنند

غازی آباد
۱۰ مارچ ۱۹۳۰ء

محمد یحییٰ تنہا

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	باب اوّل	
۱	دریافت کنندگانِ امریکہ	۱
۲	کولمبس کے حالاتِ زندگی	۸
۳	کولمبس اسپین میں (سنہ ۱۴۵۸ء لغایتہ سنہ ۱۴۹۲ء)	۱۱
۴	کولمبس کا پہلا بحری سفر (سنہ ۱۴۹۲ء)	۱۶
۵	کولمبس کی واپسی (سنہ ۱۴۹۳ء)	۳۰
۶	مزید بحری سفر اور وفات کولمبس (سنہ ۱۴۹۳ء سے سنہ ۱۵۰۶ء تک)	۴۰
	باب دوم	
۷	لشکر تحقیق کنندگان	۵۰
۸	دونوں کیبٹوں کے بحری سفر	۵۳
۹	پرتگیز کورٹیریل	۵۷
۱۰	فرانسیسی دریافتیں اور ورازنو	۵۸
۱۱	اسپین کے تحقیق کنندگان	۶۴
۱۲	امریگو ویسپچی کا سفر اور امریکہ کا نام	۶۵
۱۳	ہسپانیہ کے دیگر تحقیق کنندگان	۶۷

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱۴	پرتگیز کیبرل برازیل دریافت کرتا ہے	۶۸
۱۵	ہسپانیہ والوں کی مزید دریافتیں	۷۰
۱۶	پانس ڈی یہون فلوریڈا میں	۷۲
۱۷	بلبوا دریافت کنندہ بحر الکاہل	۷۳
۱۸	ہرنینڈز گری جالوا گیرے اور اریز	۷۵
۱۹	دریائے مسسپی کیطرف سوٹو کا کوچ	۷۹
۲۰	سوٹو کے رفقا کی واپسی	۸۳
۲۱	کورونیڈو کا بڑا سفر	〃
۲۲	انگریزوں کی تحقیقات فرابشر کے تین بحری سفر	۸۵
۲۳	سر ہمفرے گلبرٹ کے مصائب	۹۰
۲۴	ڈیچ تحقیق کنندگان ہاکنس کی دریافتیں	۹۲
	باب سوم	
۲۵	ہندوستانی باشندگانِ امریکہ	۹۴
	باب چہارم	
۲۶	پہلی نوآبادیاں	۹۸

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۲۷	شمالی امریکہ کی قدرتی ساخت اور اس کی خصوصیات	۱۰۱
۲۸	اہل اسپین کا انتظام مملکت	۱۰۳
۲۹	فرانسیسیوں سے ہسپانیو نکی مٹھ بھیڑ فلوریڈا میں	۱۰۷
۳۰	اہل اسپین نیو میکسیکو میں	۱۰۸
۳۱	کارٹیر مونٹریل میں	″
۳۲	چیمپلین نیو فرانس، اکیڈیا	۱۰۹
۳۳	انگریزی نوآبادیوں کے قیام کے لیے ریلے کی کوشش	″
۳۴	گوسنالڈ اور پیرنگ کے بحری سفر	۱۱۱
۳۵	ورجینیا اور میری لینڈ	۱۱۲
۳۶	نیو انگلینڈ کی نوآبادی	۱۱۵
	باب پنجم	
۳۷	ڈچ کونیکٹیکٹ اور دیگر نوآبادیاں	۱۱۶
۳۸	نیو سوئیڈن کی بنیاد	۱۱۸
۳۹	ہندوستانیوں سے لڑائیاں	۱۱۹
۴۰	نیو سوئیڈن کا مفتوح ہونا	۱۲۰
۴۱	نیو ایمسٹرڈم کی ترقی	″
۴۲	انریقہ کے غلام نیو ہالینڈ میں	۱۲۱

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۴۳	آزادی کے لیے جد و جہد	۱۲۲
۴۴	انگریزی مداخلت اور نیو ایمسٹرڈم کا نام نیو یارک میں	″
۴۵	نیو جرسی کی آبادی	۱۲۳
۴۶	جنوبی نوآبادیاں، دونوں کیرولینا	″
۴۷	لاک کا منشور طہ	۱۲۶
۴۸	جنوبی کیرولینا کی ترقی	۱۲۷
۴۹	جیورجیا	۱۲۸
	باب ششم	
۵۰	فرانسیسی نوآبادیاں	۱۳۰
۵۱	فرانسیسی اور انگریزی نوآبادیوں کا موازنہ	۱۳۱
۵۲	مارکیٹی، جولیٹ، اور لاسیلی	۱۳۳
	باب ہفتم	
۵۳	چارلس دوم کی واپسی کے بعد شمالی نوآبادیاں۔	۱۳۴
۵۴	کلیرنڈن اور چارلس دوم	″
۵۵	کنکٹی کٹ اور جزیرہ رہوڈ دونوں سندیں حاصل کرتے ہیں	۱۳۵
۵۶	شاہ فلپ کی جنگ	۱۳۷

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۵۷	جنگ کے اثرات ہندستانیوں اور نوآبادیوں پر	۱۳۸
۵۸	مشرقی نیوجرسی کی ترقی	۱۳۹
۵۹	پانچ قوموں سے صلح	〃
۶۰	شمالی نوآبادیاں اینڈروس کے ماتحت کردی گئیں	۱۴۰
	باب ہشتم	
۶۱	فرانسیسی اور ہندستانی لڑائیاں	۱۴۱
۶۲	یورپ کی لڑائیوں کا میدان کارزار نئی دنیا میں	۱۴۳
	باب نہم	
۶۳	نوآبادیوں میں انقلاب	۱۵۰
۶۴	قانون اسٹامپ وضع کردیا گیا	۱۵۳
۶۵	قانون اسٹامپ پر کانگریس کا انعقاد	۱۵۶
۶۶	قانون اسٹامپ کی منسوخی اور نئی تکایات	۱۵۸
۶۷	بوسٹن کا قتل عام	۱۶۱
۶۸	جہاز گیسی کا جلایا جانا	۱۶۲
۶۹	بوسٹن میں چائے کی جماعت	۱۶۳
۷۰	پانچ قوانین بندرگاہ بوسٹن کا بند ہونا اور پہلی کانگریس	۱۶۴

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۷۱	ٹکن ڈروگا اور کراؤن پوائنٹ پر قبضہ اور بنکرہل کا ہاتھ سے نکل جانا	۱۷۱
۷۲	دوسری کانگریس واشنگٹن انگریزوں کو بوسٹن سے نکال باہر کرتا ہے	۱۷۳
۷۳	بغاوت انقلاب کی شکل میں تبدیل ہوتی ہے۔	۱۷۶
۷۴	ملکی حکومتوں کی تنظیم	۱۷۷
۷۵	اہل ہیسی کی آمد	۱۷۸
۷۶	برطانویوں کو چارسٹن سے نکال دیا گیا لیکن انھوں نے نیویارک فتح کرلیا	〃
۷۷	واشنگٹن جرسی کو عبور کرنے کے لیے مجبور کیا گیا	۱۸۱
۷۸	واشنگٹن کو مختار جزوکل بنادیا گیا ٹرینٹن اور پرنسٹن پر فتح	۱۸۳
۷۹	جنگ سیراٹوگا	۱۸۶
۸۰	واشنگٹن کو دو لڑائیوں اور دارالسلطنت کا نقصان ہوتا ہے کانوے سازش	۱۸۹
۸۱	وادی نوح اور فرانسیسی اتحاد	۱۹۱
۸۲	برطانیہ فلے ڈلفیا خالی کرتا ہے	۱۹۲

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	جنگ منحاتھ اور فرانسیسی امداد	
۸۳	واشنگٹن کی ہمت پست کی جاتی ہے	۱۹۳
۸۴	بحری طاقت	″
۸۵	مالی مشکلات	۱۹۴
۸۶	جنوب میں ناکامیاں گیٹس کیمڈن پر	″
۸۷	آرنلڈ کی دغا بازی ویسٹ پوائنٹ پر سنہ ۱۷۸۰ء	۱۹۵
۸۸	جنرل گرین کی طبعی	۱۹۶
۸۹	یارک ٹاؤن کی حوالگی اور خاتمہ جنگ	۱۹۷
۹۰	امریکہ کی فوج میں بغاوتیں	۱۹۸
	باب دہم	
۹۱	قیام اتحاد	۱۹۹
۹۲	انقلاب کے بعد گڑبڑ (سنہ ۱۷۸۳ء)	۲۰۰
۹۳	ایک جلسہ مشروطہ تیار کرتا ہے (سنہ ۱۷۸۶ء)	۲۰۱
۹۴	واشنگٹن کا پہلا انتظام اور ہملٹن کی مالیات	۲۰۲
۹۵	واشنگٹن کا دوسری بار تقرر خراب کی بغاوت	۲۰۳
۹۶	واشنگٹن کی نسبت مختلف آراء	۲۰۵
۹۷	ایڈمس کی صدارت فرانس وغیرہ سے جنگ	۲۰۶
۹۸	جیفرسن کی صدارت	۲۰۷
۹۹	میڈی سن کی صدارت	″

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	باب یازدہم	
۱۰۰	جمہوریت کی ترقی (سنہ ۱۸۱۴ء سنہ ۱۸۴۸ء)	۲۰۸
۱۰۱	منرو کی صدارت	″
۱۰۲	جنگ سمینول اور فلوریڈا کا حاصل ہونا	۲۰۹
۱۰۳	غلامی کا سوال	″
۱۰۴	اصول منرو	۲۱۰
۱۰۵	جے کیوایڈمس کی صدارت	۲۱۱
۱۰۶	جیکسن کی صدارت	″
۱۰۷	خان برن کی صدارت	۲۱۲
۱۰۸	ہیریسن اور جان ٹائلر کی صدارت	″
۱۰۹	باہمی نااتفاقی (سنہ ۱۸۴۸ء سنہ ۱۸۶۵ء)	۲۱۳
	باب دوازدہم	
۱۱۰	ریاستہائے متحدہ (سنہ ۱۸۶۵ء) کے بعد	۲۱۵
۱۱۱	نقشہ صدور امریکہ	۲۱۹
	باب سیزدہم	
۱۱۲	کناڈا اور درجہ مستعمرات	۲۲۰
۱۱۳	فوجی حکومت	″
۱۱۴	کوی بیک ایکٹ اور انقلاب امریکہ	۲۲۱
۱۱۵	دغاشعاران برطانیہ	۲۲۲
۱۱۶	آئین سیاسی	۲۲۳

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱۱۷	کناڈا میں بغاوت	۲۲۴
۱۱۸	بالائی کناڈا میں بغاوت	۲۲۵
۱۱۹	لارڈ ڈرہم کناڈا میں	〃
۱۲۰	(۱۸۴۰ء) کا قانون اتحاد	۲۲۶
۱۲۱	ذمے دار حکومت کا قیام	〃
۱۲۲	بغاوت کے نقصان کا مسودۂ قانون	〃
	باب چہاردہم	
۱۲۳	فتح میکسیکو	۲۲۸
۱۲۴	ہسپانویوں کی واپسی	۲۳۴
۱۲۵	میکسیکو پر دوسرا حملہ	۲۳۵
	باب پانزدہم	
۱۲۶	فتح پیرو	۲۳۷
۱۲۷	اکیوڈر کی قدیم تاریخ	۲۳۹
۱۲۸	چلی کی قدیم تاریخ	۲۴۰
۱۲۹	پنزارو کی مہم	۲۴۱
۱۳۰	اہل پیرو کی بغاوت	۲۴۲
	باب شانزدہم	
۱۳۱	امریکہ میں ہسپانوی سلطنت	۲۴۶
۱۳۲	اوراگوئی کا تصفیہ	۲۴۷
۱۳۳	پیراگوئی اور جنبٹیا کا تصفیہ	۲۴۸

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱۳۴	نوآبادیوں میں سپین کا طرز حکومت	۲۴۹
۱۳۵	ہسپانوی اور برطانوی نوآبادیوں کا موازنہ	۲۵۱
۱۳۶	تجارت میں رکاوٹیں اور اُن کا تدارک	۲۵۲
۱۳۷	بغاوت کے ابتدائی نشانات	۲۵۳
	باب ہفتدہم	
۱۳۸	ہسپانوی امریکہ میں انقلابات	۲۵۵
۱۳۹	ہسپانوی امریکی نوآبادیوں کی عام بغاوت	۲۵۶
۱۴۰	ہسپانوی امریکہ انقلابات کے بعد	۲۵۸
۱۴۱	وینیزولا	〃
۱۴۲	غرناطۂ نویا کولمبیا	۲۵۹
	باب ہژدہم	
۱۴۳	میکسیکو انیسویں صدی میں	۲۶۰
	باب نوزدہم	
۱۴۴	وسطی امریکہ	۲۶۷
۱۴۵	نکاراگوا کی دریافت	〃
۱۴۶	گوائی مالا کی دریافت	۲۶۸
۱۴۷	جمہوری سلطنت کا قیام	۲۶۹

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	باب ہشتم	
۱۴۸	برازیل	۲۷۰
۱۴۹	برازیل کے اصلی باشندے	۲۷۱

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱۵۰	نوآبادی کا طریقہ	۲۷۲
۱۵۱	پرتگیزی سلطنت برازیل کو منتقل ہوتی ہے	۲۷۳

باب اوّل

دریافت کنندگان امریکہ

یہہ عجیب بات ہے کہ ہمارے ملک ہندوستان کو امریکہ کی تاریخ سے بھی گہرا تعلق ہے اگرچہ کہاں ہندوستان اور کہاں امریکہ ایک شرقی نصف کرہ میں ہے اور دوسرا غربی نصف کرہ میں بلاشبہہ ہندوستان کو امریکہ سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ تھا لیکن بالواسطہ ہمارا ملک ہی امریکہ کی دریافت کا باعث ہوا کیونکہ امریکہ کو کرسٹافر کولمبس نے اُسوقت دریافت کیا تھا جبکہ درحقیقت وہ ہمارے ملک ہندوستان میں پہونچنے کا غربی رستہ معلوم کر رہا تھا اور اسی بنا پر امریکہ میں جو جزائر اُس نے دریافت کیے اُن کا نام غرب الہند رکھا اور اُس کو مرتے دم تک یہہ نہ معلوم ہوا کہ اُس نے امریکہ دریافت کرلیا ہے بلکہ وہ اسی مغالطہ میں رہا کہ اُس نے بلاد غرب الہند معلوم کرلیے ہیں۔ چنانچہ وہاں کے باشندوں کو بھی وہ ہندوستانی ہی کہتا تھا اور اب تک وہاں کے اصلی باشندے ہندوستانی ہی کہلاتے ہیں۔ صرف ہم لوگوں میں سے فرق کرنے کے لیے وہ "سُرخ ہندوستانی" کہے جاتے ہیں۔

سینیکا نے کچھ اشعار کہے ہیں جن میں امریکہ کے دریافت ہونے کی پیشین گوئی درج ہے۔ اُن اشعار کا اُردو میں یہہ مطلب ہے کہ "کچھ عرصہ گزرنے کے بعد ایک زمانہ آئیگا جب سمندر کے پوشیدہ راز آشکار ہوجائیں گے۔ اور نہایت وسیع زمین ظاہر ہوگی اور ایک جہاز راں نئی دنیا دریافت کرے گا اور ہمیشہ اُس پر تاریکی نہ رہے گی۔ سینکا

سنہ ۶۵ء میں فوت ہوا اور یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ اسپین کو یہ فخر حاصل ہوا کہ اُس نے کولمبس کو تمام ذرائع بہم پہونچا کر ان اشعار کا صحیح مخاطب بنا دیا۔ کولمبس خود ان اشعار کو شوق کے ساتھ بار بار پڑھا کرتا تھا اور اُسکے بیٹے نے اپنی کتاب اشعار سنیکا کے حاشیہ پر یہ بھی تحریر کر دیا تھا کہ "یہ پیشین گوئی میرے باپ کرسٹافر کولمبس میراالبحر نے سنہ ۱۴۹۲ء میں پوری کی"

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اگر اہل یورپ امریکہ نہ دریافت کرتے تو جلد یا بہ دیر لیکن یقینی طور پر اہل امریکہ یورپ کو دریافت کر لیتے جس طرح اہل گال، روما کے دروازوں پر، تاتاری چین میں، ہنس، چیلنس کے فرانسیسی میدان میں، مسلمان غرناطہ میں اور قسطنطنیہ کے گرد، اہل شمال سسلی میں، پرتگیز ہندوستان میں، اہل اسپین مونٹی زوما کے دربار میں اور پیرو میں ظاہر ہوئے، اسی طرح افق کے پیچھے سے یکایک اہل امریکہ اپنی وحشیانہ شان و شوکت اور جبروت و عظمت کے ساتھ نمودار ہوتے۔

تاریخی زمانہ سے قبل کے حالاتِ امریکہ بالکل گمنامی اور لاعلمی کے پردہ میں پنہاں ہیں عجیب عجیب نظریے قائم کیے گئے ہیں جو اس نظریہ سے لیکر کہ امریکہ کے اصلی باشندے یورپ یا ایشیا سے گئے تھے اس نظریہ تک کہ خود یورپ اور ایشیا کی آبادی امریکہ کے باشندوں سے ہوئی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اس اصول سے لیکر کہ ہندوستانی حضرت اسرائیل کے گم شدہ دس فرقوں میں سے ہیں اس اصول تک کہ ہندوستانی خود بخود پیدا ہوئے اور چھوٹے چھوٹے جانوروں سے اصولِ ارتقا کے لحاظ سے آدمی کی جون میں پہونچے عجیب عجیب روایات ہیں۔ امریکہ کی سرزمین میں اوّل اوّل کیسے آدمی نمودار ہوا اور اُسکو کتنا عرصہ گزرا بحث طلب امر ہے اور اس بارہ میں کوئی ثبوت قابل وثوق موجود نہیں لیکن یہ اہم بات ظاہر ہے کہ امریکہ میں جفاکش باشندوں کے تمدن کو قائم کرنے اور بدستور جاری رکھنے کی صلاحیت اور اہلیت موجود ہے اور اُس کی یہ قابلیتیں آخرکار انھیں لوگوں نے دریافت کیں جو عملاً دریافت کر سکتے تھے اور جن کو ان کے دریافت کرنے کا

موقع حاصل تھا اور اُنھوں نے ہی وہاں اُس تہذیب کو رواج دیا۔ اگرچہ امریکہ کے عہد ماقبل التاریخ کے متعلق یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جاسکتا لیکن یہ ظاہر ہے کہ دانایانِ فرنگ کی آمد سے پیشتر کوئی نسل تہذیب و تمدن کے اعلیٰ درجہ پر نہیں پہونچی تھی۔ جنوبی نسلیں بھی جنکا ذکر ہسپانیوں نے شدّومد کے ساتھ کیا ہے صرف حجری زمانہ سے گزر رہی تھیں۔ وہ بار برداری کے جانور نہیں استعمال کرتی تھیں اور فن تحریر پر بھی کامل قدرت نہ رکھتی تھیں۔ وہ دوسرے امریکیوں سے کوئی برتر نسل نہ تھی بلکہ صرف بعض تمدنی اُمور میں اُن سے کچھ آگے تھی جسطرح آج بھی بوسٹن اور آرکناس کے جنگلوں میں فرق ہے۔

کیا اہل امریکہ ایشیا سے آئے تھے؟ اِس سوال کے جواب میں جسٹن ونسر کہتا ہے کہ مشرقی ایشیا کی کوئی قوم بھی خواہ وہ اہل سائبیریا ہوں یا تاتاری، چینی ہوں یا جاپانی، اہل ملایا ہوں یا اہل جزائر ایسی نہیں ہے جو امریکہ کے ارادی یا اتفاقی دریافت کنندگاں میں شمار نہ کیجاتی ہو یا اہل امریکہ کے قریبی یا بعیدی آباؤاجداد ہونے کا فخر نہ رکھتی ہو۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ کوئی قابل اطمینان ثبوت نہ ایسا موجود ہے اور نہ غالباً آیندہ دستیاب ہوسکتا ہے جو اس بات کا فیصلہ اُس طرف یا اُس طرف کردے۔

جن رستوں سے ایشیائی امریکہ میں پہونچے مختلف ہیں۔ ممکن ہے بحر بہرنگ کے برف نے ایک پُل کا کام دیا ہو۔ ممکن ہے جزائر الوشین نے بھی رفتہ رفتہ اُن کی جرأتوں کیلئے زینہ کا کام دیا ہو۔ ممکن ہے شمالی بحرالکاہل کی موج عظیم نے کیلیفورنیا کے سواحل پر اُن جہازوں کو پہونچا دیا ہو جن کے بادبان اور بلیاں طوفان کی نذر ہوگئے ہوں اور ان طوفان خوردہ لوگوں کے رشتے ناتے امریکہ کے اصلی باشندوں سے ہوگئے ہوں اور ایشیائی اور امریکیوں میں جو شکل و شباہت کے بعض اختلافات ہیں اسی وجہ سے ہوں کیونکہ دونوں میں مشابہت کی بہت سی باتیں پائی جاتی ہیں۔ یہ بات بعید از قیاس نہیں ہے کہ اہل ملایا جو جزائر میں آباد تھے اُمید و بیم کی حالت میں یا اتفاقیہ جنوبی امریکہ کی طرف بڑھ گئے ہوں جہاں اہل ملایا کی

آبادی کے بظاہر بہت سے نشانات پائے جاتے ہیں۔

امریکہ کو کس نے دریافت کیا؟ اس کے بھی بہت سے مدعی ہیں اور آخر کار یہ سوال کہ "امریکہ کو کس نے دریافت کیا؟" "اُس سوال سے کہ "امریکہ کو کس نے نہیں دریافت کیا؟" بے اثر ہو جاتا ہے۔ چینی جاپانی، جزائر بحرالکاہل کے باشندے، سواحل شام کے رہنے والے اہل رضا عرب، ترک، ہندو، اہل باسک، اہل ویلز، اہل آئرلینڈ، فرانسیسی، اہل پولینڈ، جرمن، ڈچ، پرتگیز اور اہل اسکینڈی نیویا سب کے سب اپنے دعووں کی تائید میں وجوہ رکھتے ہیں لیکن ہم اُن سب سے قطع نظر کرتے ہیں کیونکہ جس طور پر اُن کے دریافت کرنے کے حالات بیان کیے گئے ہیں وہ امکان کے درجے سے آگے نہیں بڑھتے اور کوئی یقینی ثبوت نہیں پیش کرتے۔ البتہ اہل اسکینڈی نیویا کا یہ دعویٰ ضرور حق پر مبنی معلوم ہوتا ہے کہ اُنھوں نے پہلے پہل نئی دنیا کو دریافت کیا تھا کیونکہ وہ اُس وقت دنیا میں سب سے عمدہ جہازران تھے۔ نیز جس قدرتی سادہ بیان میں اس کا ذکر کیا گیا ہے اور جو واقعات اُن کو پیش آئے اُن سے اُن کے بیان کی تصدیق ہوتی ہے اور اطالیون اور ہسپانیوں کے سوا ہر شخص اُن کے دعوی کو باور کرنے پر مجبور ہوگا۔ بہرحال یہ امر یقینی ہے کہ کولمبس نے امریکہ کو عام طور پر اہل یورپ سے روشناس کرایا اور سمندر پار نوآبادیوں کا نہ ختم ہونیوالا سلسلہ قائم کر دیا۔

یہ صحیح ہے کہ اگر کولمبس نئی دنیا کا پتہ نہ لگاتا تو کوئی اور شخص ضرور اس کو دریافت کر لیتا اسی طرح اگر نیوٹن کشش زمین نہ دریافت کرتا تو کوئی اور شخص اس کا علم حاصل کر لیتا اور اگر ڈارون اصول ارتقا نہ معلوم کرتا تو کوئی اور شخص اس اصول کو ظاہر کر دیتا لیکن اس بنا پر کولمبس کم تعریف کا مستحق نہیں ہے۔ قدیم شاعری میں نئی دنیا کا ذکر ہو یا قدیم یونانی نظریے اس بارہ میں ہوں یا اُن جہازرانوں کے سانحات موجود ہوں جو اپنی مرضی کے خلاف اجنبی ممالک میں پہونچ گئے ہوں اور اپنے وطن مالوف کو واپس جانے کے بیحد آرزومند ہوں لیکن یہ سب صرف اُس دھوئیں کی مانند ہیں جو توپ کے ہر گولہ سے پہلے نمودار ہوا کرتا ہے۔

یہہ نظریہ کہ زمین گول ہے نہایت قدیم ہے لیکن یہہ صرف کولمبس ہی تھا جس نے واقعی سفر کرکے کرہ زمین کی گولائی ثابت کی یہی وہ شخص تھا جس نے اٹھارہ برس کے عرصۂ دراز تک ایک دربار سے دوسرے دربار تک یہہ تجویز پیش کرنے، التجا کرنے، رشوت دینے، دھمکی دینے، خوشامدین اور آہ وزاری کرنے کی زحمت برداشت کی یہاں تک کہ اُس نے اپنے تین جہازوں کا بیڑہ حاصل کرلیا۔ یہی وہ شخص تھا جو مغربی افق سے اُدھر دیکھنے نکلا کہ کیا ہے؟ یہی وہ شخص تھا جس نے باغی، متلوّن مزاج اور وہمی ساتھیوں کو دھمکی، جھوٹ، خوشامد اور رشوت سے اپنی مرضی کے تابع رکھا۔ یہی وہ شخص تھا جس نے نئی دنیا کا پتہ لگایا اور وہاں کے اصلی باشندوں، پھلوں، دھاتوں، نقشوں، واقعات اور دلچسپیوں کو لیکر واپس آیا۔

بے شک کولمبس اُس تمام سرزمین کی تحقیق وتفتیش نہیں کرسکتا تھا جس کو اُس نے دریافت کرلیا تھا لیکن وہ اُس جم غفیر اور انبوہ کثیر کا پیش خیمہ تھا جس کا کام سوائے تفتیش کے اُس زمانہ میں اور کچھ نہ تھا۔ یہہ ضرور قابلِ افسوس ہے کہ وہ اُس یقین کے ساتھ مرگیا کہ اُس نے ہندوستان کا پتہ لگالیا تھا لیکن بقیہ بنی نوع انسان کو اُس کی اس غلطی کا حال جلد معلوم ہوگیا تھا۔

کولمبس کا ذاتی چال چلن ایک معرکۂ کارزار بنا ہوا ہے۔ واشنگٹن اردنگ جیسے اشخاص اُس کے نقائص کو کچھ بھی نہیں دکھلاتے اور بوباڈلا جیسے اشخاص کے نقائص کو مبالغے کے ساتھ بیان کرتے ہیں لیکن ولسن جیسے مورخ اُس کی برائیوں کو بہت بڑا کرکے دکھلاتے ہیں حالانکہ کولمبس اس مثل کا مصداق تھا کہ "آدمی میں اُس کی خوبیوں کی وجہ سے برائیاں ہوتی ہیں"۔ اگر کولمبس میں ذاتی نفع پیدا کرنے کا خیال نہ ہوتا تو وہ ملکۂ ایزابلا کی اتنی منت وسماجت نہ کرتا اور نہ اُس جہازران کو جس نے اوّل اوّل زمین دیکھی تھی اُس کی پنشن سے محروم کرتا اور نہ وہ اُن جزائر کے باشندوں کو جن میں سونا نہیں

پایا جاتا تھا غلام بنا کر فروخت کرتا لیکن اُس کا یہ خواب کہ ہندوستان کا رستہ معلوم کرکے کثرت سے زر و مال ہاتھ آئے گا کسی تعبیر کے بغیر رہتا اور وہ اپنے اس خیال کی محویت میں عرصۂ دراز کی ناداری و مفلسی اور التوائے مہم کو برداشت نہ کرسکتا۔ اگر وہ زیادہ سخت ایماندار اور زیادہ رحمدل ہوتا تو وہ بدبخت دیسیوں کو ذبح نہ کرتا اور اپنے ماتحتوں کی نظر میں قابل نفرت نہ ہوتا اور اپنے برتروں کا نشانۂ ملامت نہ بنتا لیکن پھر وہ اپنے حالاتِ سفر کی دو کتابیں بھی نہ رکھتا جن میں سے ایک غلط تھی تاکہ اُسی کے ساتھیوں کو صحیح مسافت کا اندازہ نہ ہوسکے۔ وہ اپنے ساتھیوں کی گریۂ وزاری کو سُنتا، اُن کی التجائیں قبول کرتا اور رستہ ہی میں سے آبین واپس چلا آتا۔ البتہ اس میں کوئی شک و شبہہ کی گنجائش نہیں ہے کہ وہ ایک گورنر کی حیثیت سے بالکل ناکام ثابت ہوا۔ وہ ایسا اپنی دہن گا پکا تھا کہ جس نے دُنیا کی ایک خدمت کی اور اُس کے معاوضہ میں لاکھوں بےگناہ انسانوں اور جرائم کیے جو اسی قدر بڑے تھے۔

لیکن ذرا اس بات پر غور کیجئے کہ اگر امریکہ دو یا تین صدی اور دریافت نہ کیا جاتا تو یورپ کیلئے کیا نتیجہ پیدا ہوتا؟ بلاشبہہ یورپ کے لیے یہ امر نہایت تکلیف دہ ہوتا۔ خصوصاً اس وجہ سے کہ غریب اور ظلم رسیدہ اشخاص جن پر آزادی، حوصلہ مندی اور کام کی راہیں بند تھیں اس مصیبت سے نجات نہ پاتے۔ عوام کی بہتری اور فلاح نہ ہوتی اور خود ساختہ ظل اللہ کے وقار میں فرق نہ آتا۔ وہ انگریزی آبادی بھی قائم نہ رہتی جو انقلابِ امریکہ سے پیدا ہوئی۔ ممکن ہے کہ انقلابِ فرانس رونما ہی نہ ہوتا یا اُس کی شکل کچھ اور ہوتی جو تمام زیادتیوں کے باوجود آزادی اور رحم کا علم بردار تھا اور جس نے بلاشبہہ تمام یورپ اور نوآبادیوں کے حالات کو نہایت بہتر بنا دیا۔

اس تصویر کا دوسرا رُخ یہ ہے کہ بدبخت اصلی باشندے جن کو اہل یورپ نے امریکہ میں پایا ظلم و ستم کے شکار بنائے گئے۔ جو مصیبتیں اُن پر نازل ہوئیں اُن کی تلافی کبھی

نہیں ہو سکتی جو مظالم اُن پر کئے گئے خواہ پُرانی دنیا کی تہذیب کے زمانہ میں یا نئی دنیا کی تہذیب کے عروج میں وہ اہلِ یورپ کی تاریخ کے صفحات پر ایسے بدنما داغ ہیں جو مٹائے نہیں مٹ سکتے۔

شمالی یورپ کی وحشی اقوام سے مغربی سلطنت روما کو تاخت و تاراج ہوئے ایک ہزار برس کا زمانہ گزر چکا تھا اور اُس کی جگہہ نئی نئی سلطنتیں ظہور پذیر ہو گئی تھیں مالیکن علم جغرافیہ میں کوئی ترقی نہیں ہوئی تھی۔ مغربی دنیا کا اب تک کوئی نشان نہ تھا اور ہندوستان اور یورپ کے درمیان بحیرۂ قلزم کے رستہ سے تجارت ہوتی تھی۔ پندرھویں صدی کے آغاز سے شاہان کیسٹیل کی طرف سے اوّل اوّل بحری دریافتوں کو تحریک کا موقع ملا۔ ان بادشاہوں نے جزائر کنیری میں فتوحات اور نو آبادیاں قائم کر کے بحر اوقیانوس کے جانب غرب دیگر جزائر کی تلاش کا راستہ کھول دیا۔ اس سے سواحل افریقہ کے ساتھ تجارت کو فروغ ہوا اور شہر سیول کو جو شان و عظمت اور دولت حاصل ہوئی اُس کا سبب یہ تھا کہ وہ افریقہ کی پیداوار اور غلاموں کی فروخت کے لیے ایک بڑی منڈی بن گیا تھا اور اس لیے سواحلِ اندلس پر بحری مہمات کا غیر معمولی جوش پیدا ہو گیا تھا۔ پرتگیز والوں نے بھی اپنے ہمسایوں کو مرفہ الحال ہوتے دیکھکر وہی طریق کار اختیار کیا۔ اور اُنھوں نے یہہ روش اس استقلال اور محنت کے ساتھ جاری رکھی کہ وہ بحری علم میں ترقی دینے اور اپنی تجارت کو بیحد فروغ دینے میں اپنے پیشروؤں سے سبقت لے گئے۔ اُن کے جہازات افریقہ کے غربی سواحل کی برابر روانہ ہوے اور آخر کار راس اُمید پر جا پہونچے۔

ان دریافتوں سے نئی تحقیقات کے شوق کے لیے تحریک پیدا ہو گئی اور مغرب کے بے پایاں سمندر نے ایک وسیع میدان نئی اُمنگوں کے لیے پیش کر دیا۔ لیکن ان دریافتوں سے پیشتر بھی بہت سے جہاز ران نئے نئے مقامات کی تلاش میں نکلے اور اُنھوں نے فرضی جزائر بھی اپنے خیال سے پیدا کر لیے جن کے حالات اور نقشے اُنھوں نے پندرھویں

پایا جاتا تھا غلام بنا کر فروخت کرتا لیکن اُس کا یہ خواب کہ ہندوستان کا رستہ معلوم کرکے کثرت سے زر و مال ہاتھ آئے گا کسی تعبیر کے بغیر رہتا اور وہ اپنے اس خیال کی محویت میں عرصۂ دراز کی ناداری و مفلسی اور التوائے مہم کو برداشت نہ کر سکتا۔ اگر وہ زیادہ سخت ایماندار اور زیادہ رحمدل ہوتا تو وہ بدبخت دیسیوں کو ذبح نہ کرتا اور اپنے ماتحتوں کی نظر میں قابل نفرت نہ ہوتا اور اپنے برتروں کا نشانۂ ملامت نہ بنتا لیکن پھر وہ اپنے حالاتِ سفر کی ڈائری بھی نہ رکھتا جن میں سے ایک غلط تھی تاکہ اُسی کے ساتھیوں کو صحیح مسافت کا اندازہ نہ ہو سکے۔ وہ اپنے ساتھیوں کی گریۂ وزاری کو سُنتا، اُن کی التجائیں قبول کرتا اور رستہ ہی میں سے اسپین واپس چلا آتا۔ البتہ اس میں کوئی شک و شبہہ کی گنجائش نہیں ہے کہ وہ ایک گورنر کی حیثیت سے بالکل ناکام ثابت ہوا۔ وہ ایسا اپنی دھن کا پکا تھا کہ جس نے دُنیا کی ایک خدمت کی اور اُس کے معاوضہ میں لاکھوں بےگناہ انسان اور جرائم کیے جو اسی قدر بڑے تھے۔

لیکن ذرا اس بات پر غور کیجئے کہ اگر امریکہ دو یا تین صدی اور دریافت نہ کیا جاتا تو یورپ کیلئے کیا نتیجہ پیدا ہوتا؟ بلاشبہہ یورپ کے لیے یہ امر نہایت تکلیف دہ ہوتا۔ خصوصاً اس وجہ سے کہ غریب اور ظلم رسیدہ اشخاص جن پر آزادی، حوصلہ مندی اور کام کی راہیں بند تھیں اس مصیبت سے نجات نہ پاتے۔ عوام کی بہتری اور فلاح نہ ہوتی اور خود ساختہ ظل اللہ کے وقار میں فرق نہ آتا۔ وہ انگریزی آبادی بھی قائم نہ رہتی جو انقلابِ امریکہ سے پیدا ہوئی۔ ممکن ہے کہ انقلابِ فرانس رونما ہی نہ ہوتا یا اُس کی شکل کچھ اور ہوتی جو تمام زیادتیوں کے باوجود آزادی اور رحم کا علم بردار تھا اور جس نے بلاشبہہ تمام یورپ اور نوآبادیوں کے حالات کو نہایت بہتر بنا دیا۔

اس تصویر کا دوسرا رُخ یہ ہے کہ بدبخت اصلی باشندے جن کو اہل یورپ نے امریکہ میں پایا ظلم و ستم کے شکار بنائے گئے۔ جو مصیبتیں اُن پر نازل ہوئیں اُن کی تلافی کبھی

نہیں ہوسکتی جو مظالم اُن پر کئے گئے خواہ پُرانی دنیا کی تہذیب کے زمانہ میں یا نئی دنیا کی تہذیب کے عروج میں وہ اہلِ یورپ کی تاریخ کے صفحات پر ایسے بدنما داغ ہیں جو مٹائے نہیں مٹ سکتے۔

شمالی یورپ کی وحشی اقوام سے مغربی سلطنت روما کو تاخت و تاراج ہوئے ایک ہزار برس کا زمانہ گزر چکا تھا اور اُس کی جگہہ نئی نئی سلطنتیں ظہور پذیر ہوگئی تھیں، لیکن علمِ جغرافیہ میں کوئی ترقی نہیں ہوئی تھی۔ مغربی دنیا کا اب تک کوئی نشان نہ تھا اور ہندوستان اور یورپ کے درمیان بحیرۂ قلزم کے رستہ سے تجارت ہوتی تھی۔ پندرھویں صدی کے آغاز سے شاہانِ کیسٹیل کی طرف سے اوّل اوّل بحری دریافتوں کو تحریک کا موقع ملا۔ ان بادشاہوں نے جزائرِ کنیری میں فتوحات اور نو آبادیاں قائم کرکے بحرِ اوقیانوس کے جانبِ غرب دیگر جزائر کی تلاش کا راستہ کھول دیا۔ اس سے سواحلِ افریقہ کے ساتھ تجارت کو فروغ ہوا اور شہر سیول کو جو شان و عظمت اور دولت حاصل ہوئی اُس کا سبب یہ تھا کہ وہ افریقہ کی پیداوار اور غلاموں کی فروخت کے لیے ایک بڑی منڈی بن گیا تھا اور اس لیے سواحلِ اندلس پر بحری مہمات کا غیر معمولی جوش پیدا ہوگیا تھا۔ پرتگیز والوں نے بھی اپنے ہمسایوں کو مرفہ الحال ہوتے دیکھکر وہی طریق کار اختیار کیا۔ اور اُنھوں نے یہہ روش اس استقلال اور محنت کے ساتھ جاری رکھی کہ وہ بحری علم میں ترقی دینے اور اپنی تجارت کو بیحد فروغ دینے میں اپنے پیشروؤں سے سبقت لے گئے۔ اُن کے جہازات افریقہ کے غربی سواحل کی برابر روانہ ہوے اور آخر کار راس اُمید پر جا پہونچے۔

ان دریافتوں سے نئی تحقیقات کے شوق کے لیے تحریک پیدا ہوگئی اور مغرب کے بے پایاں سمندر نے ایک وسیع میدان نئی اُمنگوں کے لیے پیش کردیا۔ لیکن ان دریافتوں سے پیشتر بھی بہت سے جہاز ران نئے نئے مقامات کی تلاش میں نکلے اور اُنھوں نے فرضی جزائر بھی اپنے خیال سے پیدا کرلیے جن کے حالات اور نقشے اُنھوں نے پندرھویں

صدی میں بنا کر اصلی طور پر پیش کیے حالانکہ وہ خود وہاں گئے تھے اور نہ اُن جزائر اور ممالک کا دراصل کوئی وجود تھا۔ تاہم ان سب باتوں کے باوجود عام خیال یہی تھا کہ کوئی شخص اس بے پایاں سمندر میں کسی ملک کی دریافت کے لیے نہ نکلیگا خواہ وہ کیسا ہی راسخ العقیدہ یا سادہ لوح کیوں نہ ہو۔ البتہ اب ایسا شخص بروے کار آیا جو بنی نوع انسان یعنی یورپ کے لیے بے اندازہ اہمیت کی دریافتوں کے لیے مقدر ہو چکا تھا۔

کولمبس کے حالات زندگی

کولمبس کی ابتدائی زندگی کے حالات معلوم نہیں ہیں صرف اس قدر پتہ چلتا ہے کہ کہ وہ جینوا میں جو اٹلی کا ایک مشہور شہر ہے پیدا ہوا تھا۔ اُسی کے باپ ڈومی نیکو کولمبو نے اُس کو پیویا میں بھیجدیا جو اُس وقت اٹلی میں علم و کمال کا مرجع بنا ہوا تھا تاکہ وہ اپنی تعلیم کو درجۂ تکمیل تک پہونچائے۔ لیکن اُس نے چودہ برس کے سن میں تعلیم کو خیرباد کہکر بحری زندگی اختیار کی حالانکہ اُس میں ادبی مذاق پیدا ہو چکا تھا جس کو اُس نے عمر بھر نباہا۔ وہ اپنے معاصرین سے اقلیدس، نجوم اور علم الارض میں گوئے سبقت لے گیا تھا اور یہی علوم اُسکی آیندہ زندگی کے لیے کارآمد ثابت ہوئے۔ وہ ایک بحری مہم میں جو ڈیوک آف کیلیریا نے نیپلس کے خلاف ۱۴۵۹ء میں تیار کی تھی شریک ہوا تھا۔ بعدازاں لسبن چلا گیا جہاں اُس کا بھائی بارتھولومیو جہازرانوں کے لیے بحری سفر کے نقشے تیار کرنے کے نفع بخش پیشے میں مصروف تھا۔ پرتگال اُس وقت جغرافیائی دریافت کو ترقی دینے میں منہمک تھا۔ اور کولمبس جلد ایک مشکل کے لیے تیار ہو گیا اور شمال کی طرف عرض البلد کے ۷۳ درجہ تک پہونچا۔ اُس نے کئی بحری سفر انگلستان تک کئے اور اسپین اور پرتگال کے اُن مقبوضہ جزائر کی طرف بھی گیا جو مغربی سمندر میں واقع تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اپنے زمانہ کا نہایت تجربہ کار جہازران شمار کیا جانے لگا۔

جب وہ لسبن میں تھا تو اُس نے ایک اطالوی فوجی سوار کی لڑکی سے شادی

کرلی تھی جو پرتگال کے شہزادہ ہنری کی ماتحتی میں نہایت نامور جہازرانوں میں سے تھا اور جو جزیرہ پورٹو سینٹو کو آباد اور اُس پر حکومت کر چکا تھا۔ اور اس طرح کولمبس کو اُن تجربہ کار جہازرانوں کے تمام نقشہ جات اور کاغذات دستیاب ہو گئے جن سے اُسکی بیوی کا خاندان تعلق رکھتا تھا۔ علاوہ ازیں لسبن میں اُس کو بہت سے جغرافیہ دانوں اور جہازرانوں سے ملنے اور زپانگو کے غربی رستہ کے امکان پر گفتگو کرنے کا موقع مل گیا۔

یقینی طور پر یہہ کہنا نہایت مشکل ہے کہ کولمبس کے دل میں ہندوستان کے مغربی رستہ کی دریافت کا خیال کب پیدا ہوا۔ البتہ یہہ کہا جا سکتا ہے کہ اُس کے ذہن میں یہہ بات ۱۴۷۴ء کے قریب آئی ہو گی کیونکہ اُس سال کے موسم گرما میں اُس نے فلارنس کے ایک عالم سے اس کے متعلق خط و کتابت کی تھی۔ وہ چند سال تک اپنے خیال کو عملی جامہ نہ پہنا سکا۔ اس مہم کے لیے جو ضروری جہاز درکار تھے وہ خود مہیا نہیں کر سکتا تھا۔ ظاہر ہے کہ یہہ سامان کسی خود مختار سلطنت کے ذریعہ سے بہم پہونچ سکتا تھا جو دریافت شدہ ممالک پر قابض ہو کر کولمبس کو انعامات اور مراعات سے مستفید کرتی۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ اُس نے اپنے وطن جینوا کو بھی دعوت دی تھی کہ وہ اس مہم میں اُس کے شریک حال ہو لیکن اُسنے انکار کر دیا تھا چونکہ وہ لسبن میں موجود تھا اسلیے اُسنے شاہ الفانسو سے بھی اس قسم کی درخواست کی لیکن وہ اسپین سے برسرپیکار تھا اور اس قسم کی تجویز کی طرف متوجہ نہو سکا اُسوقت پبلک کا دماغ بھی اس قسم کی خطرناک اور خشکل مہم کے لیے تیار نہ تھا۔ قریبی جزائر کی دریافت اور افریقہ کے سواحل پر بحری سفروں کے باوجود اُس وقت کے جہازران مشکل سے خشکی کے نظارہ سے زیادہ دُور جاتے تھے۔ ایک بحر ناپیدا کنار میں مغرب کی طرف بحری سفر کرنا ایک نامعلوم اور قیاسی ملک کی دریافت کے لیے اس قدر عجیب اور ناقابل اعتبار تھا جس قدر کہ آجکل ہوائی جہاز میں بیٹھکر فضائے آسمانی میں کسی ستارہ کے حالات دریافت کرنے کے لیے سفر کرنا۔ لیکن وقت آگیا تھا کہ جہازرانی کے دائرہ کو وسعت دی جائے۔

اس موقع پر یعنی ۱۴۸۱ء میں پرتگال کے تخت پر الفانسو سے مختلف مزاج کا بادشاہ جان ثانی جلوہ گر ہوا۔ اُس کو ملکوں کی دریافت کا بیحد شوق تھا۔ افریقہ کی دریافتوں سے پرتگال کی شان و عظمت کو چار چاند لگ گئے تھے لیکن اب تک اُن سے کوئی نفع حاصل نہیں ہوا تھا۔ البتہ یہ خیال کیا جاتا تھا کہ جملہ نقصانات کی تلافی ہندوستان کا غربی رستہ دریافت کرنے سے ہو جائیگی اور قوم کے لیے بے شمار دولت کا ذخیرہ ہاتھ آئیگا۔ چنانچہ پرتگال کے جہازران اور عقلاء کی ساتھ گفتگو کرنے سے اصطرلاب کا استعمال ضروری ثابت ہوا جس کی مدد سے آفتاب کی کرنیں خط استوا کا فاصلہ بتا سکتی تھیں اور جہازرانوں کو معلوم ہو سکتا تھا کہ وہ کس مقام پر ہیں۔ اس واقعہ کے کچھ دنوں بعد کولمبس نے کوشش کی کہ وہ اپنے سفر کیلئے شاہی امداد حاصل کرے۔ اُس نے جان ثانی سے بالمواجہہ کہا کہ اس کا ارادہ ہندوستان کا غربی رستہ دریافت کرنے کا ہے اور افریقہ کے سواحل کے گرد جو ہندوستان کا رستہ دریافت کرنے کی تجویز ہے یہہ اُس سے الگ ہے۔ بادشاہ نے نہایت شوق کے ساتھ اُس سے گفتگو کی لیکن کولمبس کے بیٹے فرنانڈو کے بیان کے مطابق بعض شرائط پر دونوں متفق نہو سکے اگر پرتگال کا ایک مورخ کہتا ہے کہ دراصل بادشاہ نے کولمبس کو ایک بیکار اور فضول آدمی سمجھا جو ہوا میں قلعے بناتا اور مغرب کی طرف سے سپانگو کے ملک کو بتاتا تھا۔ اُسنے ایک علمی جماعت سے اس بارہ میں مشورہ کیا اور اُس نے کولمبس کے دعاوی کو فرضی اور قیاسی بتلایا۔ اس کے بعد بادشاہ نے بڑے بڑے علماء اور عمائد کی ایک کونسل طلب کی اور اُس میں اس معاملہ کو پیش کیا۔ اُنھوں نے بھی کولمبس کی تجویز کو دور از کار بتلایا لیکن بادشاہ کو یہہ صلاح دی کہ وہ ایک جہاز خفیہ طور پر کولمبس کے نقشہ جات اور دستاویزات کی روشنی میں جن کو کولمبس سے بغرض معائنہ کونسل حاصل کر لیا گیا تھا روانہ کرے۔ اگر کولمبس کی تجویز کے مطابق کوئی ملک دریافت ہو جائے تو اُس کا تمام نفع سلطنت ہی کو پہونچے گا۔ اور کولمبس اُس میں حصہ دار نہو سکے گا چنانچہ ایک جہاز بظاہر یہہ کہکر کہ افریقہ کے جزائر کی

طرف جارہا ہے مغرب کی طرف بھیجا گیا۔ لیکن جہاز رانوں نے کچھ دور سفر کر کے اور کسی ملک کا پتہ نہ پا کر واپسی کا ارادہ کیا۔ لہذا وہ جہاز واپس آیا اور کولمبس کے بیانات کی اُس نے تکذیب کی۔ کولمبس اس فریب کی وجہ سے بیحد دل برداشتہ ہو گیا اور اُس نے مصمم ارادہ کر لیا کہ وہ پرتگال چھوڑ کر کہیں اور چلا جائے۔ اُس کی بیوی مر چکی تھی اور اُس کے جو تعلقات اپنی بیوی کے خاندان سے تھے وہ بھی شکستہ ہو گئے تھے لہذا اب پرتگال میں اُس کے لیے کوئی دلچسپی باقی نہ رہی تھی۔ پس اُس نے ۱۴۸۴ء میں لسبن کو خیرباد کہا کہا جاتا ہے کہ وہ خفیہ طور پر لسبن سے چلا گیا تاکہ بادشاہ یہ خبر پا کر کہیں اُس کو اپنے ملک سے باہر نہ جانے دے، لیکن دراصل وہ قرضخواہوں کے خوف سے پوشیدہ طور پر وہاں سے رخصت ہوا تھا۔ ظاہر ہے کہ اُس نے اپنی اس تجویز کے پیچھے اپنے تمام خانگی معاملات بدتر اور ابتر بنائے تھے اور ناداری اور مفلسی کا شکار ہو گیا تھا جیسا کہ اور بڑے بڑے مجوزوں کا بھی یہی حال ہوا جو بنی نوع انسان کو اپنی تجاویز سے فائدہ پہونچانا چاہتے تھے۔

کولمبس اسپین میں (۱۴۸۵ء لغایۃ ۱۴۹۲ء)

پرتگال چھوڑنے کے بعد کولمبس کی نسبت مشہور ہے کہ وہ جنیوا چلا گیا اور وہاں کی جمہوری سلطنت سے اُس نے خود جا کر یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ اُسے ہندوستان کے مغربی رستہ کی دریافت میں مدد دے لیکن جمہوری سلطنت اُس وقت ایک جنگ میں مبتلا تھی اور اُس نے کولمبس کی تجاویز کو کان دھر کر نہ سُنا۔ اس کے بعد کولمبس نے وینس کی جمہوری سلطنت سے درخواست کی لیکن وہاں بھی ناکامی ہوئی یہ تمام باتیں کسی دستاویزی ثبوت پر مبنی نہیں ہیں البتہ یہ یقینی ہے کہ وہ ۱۴۸۵ء میں اسپین چلا گیا اور وہاں کے اُمرا سے جن کے مقبوضات وسیع تھے اور جو خود مختار تھے اپنا درد دل کہتا رہا۔ ڈیوک آف مینڈینا سڈونیا کو بعض اوقات یہ ترغیب ہوئی کہ وہ کولمبس کی امداد کرے کیونکہ اس مہم میں بیحد مفاد پنہاں تھے لیکن مفاد کی کثرت ہی اس مہم کو

ناقابلِ امکان قرار دیتی تھی اور آخرکار ڈیوک نے کولمبس کی تجویز کو یہہ کہکر ٹالدیا کہ وہ ایک اطالوی شیخ چلی کی تجویز ہے۔ ایسا ہی برتاؤ ڈیوک آف میڈینا سیلی نے کیا لیکن یہہ معلوم کرکے کہ کولمبس فرانس کی سلطنت سے ایسی درخواست کرنے والا ہے اور یہہ خیال کرکے کہ ایسی کثیر المنفعت مہم اسپین کے ہاتھ سے نکل جائیگی اور فرانس اُس سے مستفیض ہوگا۔ اُس نے ملکہ ایزابلا کو ایک خط لکھا اور اُس میں بڑے زور سے سفارش کی کہ وہ کولمبس کی تجاویز کو غور سُنے اور اُسکی امداد کرے۔ لہذا وہ دربار اسپین کی طرف روانہ ہوا جو اُس وقت قرطبہ میں تھا۔ وہ ملا اور اُس نے درخواست کی کہ اگر اُس کی مہم کامیاب ہوجائے تو اُس میں اُس کو بھی حصّہ دیا جائے۔

اسپین کی تاریخ میں یہہ وقت نہایت اہم تھا کیونکہ ملکہ ایزابلا اور اُس کا شوہر فرڈی ننانڈ متفقہ طور پر مسلمانوں کو مطیع و منقاد بنانے اور اُن کو ملک سے باہر نکالنے میں مصروف تھے جب کولمبس قرطبہ پہونچا تو وہ شاہی خزانچی کا مہمان بنایا گیا لیکن اُس کی تجاویز پر اُس سال کوئی غور نہیں کیا گیا کیونکہ ملکہ اور بادشاہ کو مسلمانوں کی جنگ سے فرصت نہ تھی اس بیکاری کے زمانہ میں اُس کی ملاقات ایک عورت سے ہوگئی تھی جو اگرچہ شریف خاندان سے تھی لیکن اس وقت ناداری کی حالت میں تھی اُس سے اُس کی کوئی باقاعدہ شادی نہیں ہوئی تھی لیکن اُس عورت سے ایک لڑکا فرنانڈو نامی ۱۴۸۷ء میں پیدا ہوگیا جس کو اُس نے اپنے جائز فرزند ڈیگو کی برابر سمجھا اور رکھا اور جو اُس کے مرنے کے بعد اُس کا مؤرخ بنگیا۔

موسم سرما میں کولمبس شاہی لشکر کے ساتھ سلامنکا گیا۔ یہاں اُس نے طلیطلہ کے لاٹ پادری سے ملاقات کی اور اُس کے ذریعہ سے آخرکار کولمبس کی رسائی دربار شاہی تک ہوگئی۔ بادشاہ فرڈی ننانڈ سرد مہر اور معاملہ فہم تھا۔ اُس نے اپنی ذاتی رائے پر اعتماد نہیں کیا بلکہ سلطنت کے علماء کی رائے پر اس امر کا فیصلہ کرنا چاہا۔ چنانچہ ایک کانفرنس طلب کیگئی جس میں علم نجوم اور علم الارض کے ماہرین کو لمبس سے گفتگو کرنے کے لیئے

جمع کیے گئے۔

اُس زمانہ میں تقریباً سب علماء مذہبی پیشوا بھی ہوتے تھے اور وہ ذرا ذرا سی بات پر تکفیر کا فتویٰ صادر کر دیتے تھے، خصوصاً اسپین تو مذہبی علماء کا ملجا و ماویٰ تھا۔ وہاں محکمۂ احتسابِ عقائد بھی قائم تھا۔ کولمبس کو اپنے معاملہ کے پیش کرنے میں ایک طرف تو اُن علما کا جواب دینا پڑا جو ایسے سفر کو خلافِ مذہب قرار دیتے تھے اور دوسری طرف اُن فلسفیانہ اعتراضات کو رد کرنا پڑا جو ہندوستان کے مغربی رستہ کو ناممکن قرار دیتے تھے لہٰذا مذہبی اور فلسفیانہ اُمور دونوں کو خلط ملط کر دیا گیا تھا اور ریاضی کا ایسا ثبوت بیکار خیال کیا گیا جو انجیل مقدس کی کسی سطر سے ٹکراتا یا کسی نبی یا ولی کی تحریر کے خلاف معلوم ہوتا تھا۔ تاہم کولمبس کے جوابات اس جماعت کے اکثر ارکان کے نزدیک باوقعت سمجھے گئے۔ اُس نے مذہبی اعتراض کی نسبت جواب دیا کہ ہمارے مذہبی پیشوا علم الارض کے ماہرین کی حیثیت سے اپنی تصنیفات نہیں لکھ رہے تھے بلکہ اُنھوں نے استعارتاً ان باتوں کو بیان کیا ہے تاکہ سب لوگ بخوبی سمجھ سکیں۔ نیز اُس نے کہا کہ مقدس پادریوں کی تحریریں اگرچہ قابلِ احترام ہیں لیکن وہ فلسفیانہ نظریے نہیں ہیں جن کو تسلیم کیا جائے یا جن کی تردید کیجائے۔ فلسفیانہ اعتراض کا جواب اُس نے نہایت دلیری اور قابلیت سے دیا اور اپنے دعوے کو ثابت کر دیا۔

سلامنکا سے ۱۴۸۷ء کے موسم بہار میں شاہی دربار قرطبہ کو روانہ ہوا۔ چونکہ اُس زمانہ میں مسلمانوں سے جنگ ہو رہی تھی لہٰذا ملکہ ایزابلا اور شاہ فرڈی ننانڈ کا قیام کسی ایک جگہ نہیں ہونے پاتا تھا۔ اُس وقت لوگوں کی توجہ تمام تر جنگ کی طرف مبذول تھی اور کوئی اور معاملہ اتنا اہم نہ سمجھا جاتا تھا۔ پس عرصۂ دراز تک جب تک جنگ کا خاتمہ مسلمانوں کے خلاف اور عیسائیوں کے موافق نہ ہوا، کولمبس کا معاملہ حیز التوا میں رہا۔

آخر کار کولمبس بھی اس تاخیر سے گھبرا گیا اور اُس نے بادشاہ جان ثانی سے پرتگال واپس جانے کے لیے خط و کتابت شروع کی جس کے جواب میں اُسے ایک خط ۲۰ مارچ

۱۴۸۸ء کو ملا جس میں اُسکو واپسی کی دعوت دی گئی تھی اُسے ایک خط ہنری ہفتم شاہ انگلستان کا بھی ملا جسنے اُسے اپنے یہاں آنے کی دعوت دی اور امداد کا وعدہ کیا لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں اسپین کی طرف سے بھی شاندار وعدے کیے گئے ہونگے جنھوں نے کولمبس کو ان دعوتوں کے رد کرنے پر آمادہ کیا اور ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اسپین کے سرکاری خزانہ سے کچھ روپیہ اُسے دیا بھی گیا۔

اس زمانۂ بیکاری میں کولمبس نے نقشہ جات مرتب کیے اور ایک پادری سے جس کا نام ڈیگو ڈی ڈیزا تھا اُس کو مالی امداد بھی ملی ۱۴۹۱ء کا موسم گرما بھی گزر گیا لیکن کولمبس اُسی حالتِ بیم و رجا میں رہا اور اُس کو کوئی تشفی بخش جواب نہ ملا۔ وہ آخر کار انتظار کرتے کرتے پریشان ہوگیا اور اُس نے ایک آخری جواب کی استدعا کی۔ لہذا بادشاہ اور ملکہ نے پھر ایک عقلاء کی کانفرنس طلب کی اور اُن سے کہا کہ وہ اپنی رپورٹ پیش کریں کانفرنس کی طرف سے بادشاہ کو آخر کار یہ جواب لکھا گیا کہ نہایت غور و خوض کے بعد کانفرنس کی رائے میں مجوزہ تحریک فضول اور ناقابل عمل ہے اور ایسے عظیم بادشاہ کے لیئے موزوں نہیں کہ وہ ایسی کمزور دلائل کی بنا پر جو کولمبس ظاہر کرتا ہے ایک ایسی اہم مہم میں مصروف ہو۔

لیکن اس ناموافق رپورٹ کے باوجود ملکہ اور بادشاہ ایسی تحریک کا دروازہ بند کرنا نہیں چاہتے تھے جو ایسے اہم نتائج کا پیش خیمہ ہو لہذا کولمبس کو جو قرطبہ میں تھا اطلاع دی گئی کہ جنگ کی پریشانیوں اور اخراجات کی وجہ سے کسی نئی مہم میں ملکہ اور بادشاہ کا شریک ہونا ناممکن ہے۔ لیکن جب جنگ کا خاتمہ ہو جائیگا تو اُس وقت اُن کو موقع ملے گا کہ وہ اُس کی تجویز پر ہمدردی کے ساتھ غور کریں۔ اتنے انتظار کے بعد کولمبس نے یہ مناسب سمجھا کہ خود ملکہ اور بادشاہ کی زبان سے یہ آخری جواب سُنے۔ چنانچہ وہ سیول پہونچا۔ اُن کا جواب وہی تھا کہ اس وقت وہ کسی قسم کی امداد نہیں کر سکتے، البتہ جنگ کی پریشانیوں اور اخراجات سے نجات پاکر وہ ضرور اُس کی امداد کرینگے۔ سیول سے کولمبس

غصّہ اور مایوسی کی حالت میں واپس ہوا اور اُس نے خیال کیا کہ اتنے برس اُمید اور انتظار میں ناحق گزارے۔

ایک خانقاہ کے پادری نے جبکہ کولمبس ناداری اور مفلسی کی وجہ سے اپنے لیے اور اپنے بیٹے کے لیے آذوقہ مانگنے پر مجبور ہوا کولمبس کی وضع اور قطع سے قیاس کیا کہ وہ کوئی بڑا شخص ہے۔ لہذا اس نے کولمبس سے گفتگو شروع کی اور اُس کا نام اور اُس کے حالات اور ارادے معلوم کرکے وہ ملکہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ کولمبس فرانس جانے کا ارادہ رکھتا ہے اور یہ مہم دوسرے ملک کے حصّہ میں آجائیگی۔ کولمبس کی معلومات اور تجاویز کی اُس نے بہت تعریف کی اور کہا کہ جس طرح ہو کولمبس کو فرانس جانے سے روکنا چاہیئے اور اُس کی امداد کرکے اُسکو اُسکی مہم پر روانہ کرنا چاہیئے۔ ملکہ پر پادری کی تقریر کا بہت اچھا اثر ہوا اور کولمبس کی ناداری کا حال معلوم کرکے بہت افسوس ہوا۔ ملکہ نے فوراً تیئیس پونڈ دیئے جانے کا حکم دیا اور اُسکی سواری کے لیے ایک خچر اور اُسکے کپڑوں کا انتظام کیا تاکہ وہ دربار میں حاضر ہوسکے اور اُس کو اپنے یہاں طلب کیا۔ جب کولمبس دربار میں پہونچا تو اُس نے اپنے کام کے لیے ملکہ کو آمادہ پایا۔ وہ وقت بھی مناسب تھا کیونکہ غرناطہ کے مسلمانوں نے جنگ سے تنگ آکر ہتھیار ڈال دیے تھے اور عربوں کے آخری تاجدار نے الحمرا سے نکل کر قلعوں کی کنجیاں اسپین کی افواج کے حوالے کردی تھیں۔ تقریباً آٹھ صدی کے بعد صلیب ہلال پر غالب آئی اور الحمرا پر اسپین کا جھنڈا لہرانے لگا تھا۔ تمام درباری اور فوجی خوشی سے پھول رہے تھے۔ جب جنگ کا اس طرح خاتمہ ہوگیا تو ملکہ اور بادشاہ نے جو وعدہ کولمبس سے کیا تھا اُس کو پورا کیا۔ معتمد اشخاص اُس سے شرائط طے کرنے کے لیے مقرر کیے گئے۔ لیکن ابتدائی گفتگو ہی میں کچھ دقتیں پیش آئیں۔ کولمبس اپنی مہم کی شان و عظمت سے اس قدر متاثر تھا کہ وہ شاہانہ شرائط سے کم پر راضی نہیں ہوتا تھا وہ یہ چاہتا تھا کہ اُس کو امیر البحر اور نائب السلطنت اُن ممالک کا مقرر کردیا جائے جو دریافت

ہوں اور تجارت یا فتوحات سے جو کچھ نفع حاصل ہو اُس میں سے دسواں حصّہ اُس کا الگ کیا جائے۔ درباری لوگ ان شرائط پر نہایت برافروختہ ہوئے وہ اُس کو ایک معمولی اور حقیر آدمی سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ اس طرح وہ ان سب سے زیادہ مرتبہ اور عزت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اُنھوں نے مناسب اور مفید تجاویز پیش کیں لیکن کولمبس اپنے مطالبات میں سے ایک سے بھی دست بردار ہونا نہیں چاہتا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شرائط طے کرنے کی گفتگو ختم کر دی گئی۔ اگرچہ کولمبس نہایت ناداری اور مفلسی کی حالت میں تھا اور یہ بھی وہ جانتا تھا کہ اگر کسی دوسری جگہ امداد کی درخواست کی تو وہاں بھی اور کامیابی تک پہونچنے کے لیے ایک عرصہ گزر جائیگا تاہم اُس نے ان سب اُمور کا کچھ لحاظ نہیں کیا اور وہ اپنی اٹھارہ برس کی کوششوں پر پانی پھرتے ہوئے دیکھکر اس قدر ناخوش ہوا کہ اُس نے مصمم ارادہ کر لیا کہ اس تجویز ہی سے ہاتھ دھو بیٹھے بہ نسبت اِس کے کہ اپنے مطالبات میں سے کسی ایک کو بھی کم کرے۔ پس وہ اپنے دوستوں سے رخصت ہو کر خچر پر سوار اور قرطبہ کا رستہ لیا جہاں سے اُس نے فوراً فرانس روانہ ہونے کی دل میں ٹھان لی تھی۔

کولمبس کا پہلا بحری سفر (سنہ ۱۴۹۲ء)

لیکن دو پادریوں نے اپنی زوردار دلائل اور استدعا سے ملکہ ایزابلا کو اس امر پر آمادہ کر دیا کہ وہ ایک پیغامبر بھیجکر کولمبس کو واپس بُلا لے۔ ملکہ ایزابلا اِن پادریوں کی فصاحت اور طاقتِ لسانی سے اِس قدر متاثر ہوئی کہ اُس نے اس تجویز کو فوراً منظور کر لیا اور اپنے جواہرات کو گرو کر کے ضروری روپیہ حاصل کرنا چاہا۔ لیکن یہ روپیہ آزا ایزابلا کی فیاضی کے بغیر ہی حاصل ہو گیا اور مہم پر روانہ ہونے کی تیاریاں جلد از جلد شروع کر دی گئیں۔

۱۷۔ اپریل سنہ ۱۴۹۲ء کو معاہدہ کی شرائط پر دستخط ہو گئے جس سے کولمبس کو

خطاب امیر البحر و نائب السلطنت نسلاً بعد نسلاً اُن تمام سمندروں، جزیروں اور ممالک کے لیے عطا کیا گیا جن کو وہ دریافت کرے۔ اُس کو یہ حق بھی عطا کیا گیا کہ صرفہ مجرا کرنے کے بعد اُن موتیوں، قیمتی پتھروں، سونے، چاندی، مصالحوں اور دیگر اشیاء اور سامانِ تجارت میں سے ایک دسواں حصّہ اپنے لیے مخصوص کرلے جو اُس کے نائب السلطنت رہنے کے زمانہ میں دستیاب ہوں خواہ وہ خریدے جائیں خواہ تبادلہ سے حاصل ہوں اور اُس کو اجازت دی گئی تھی کہ اگر وہ آٹھواں حصّہ اس مہم کے خرچہ کا ادا کرے گا تو منافع کا آٹھواں حصّہ مزید برآں پائے گا۔

۱۲ مئی کو وہ پیلاس کے بندرگاہ کی طرف روانہ ہوا تاکہ جہازات کا بیڑہ تیار کرے۔ سب سے بڑا جہاز جو اُس نے تیار کیا سنیٹا میریا تھا جس کے اوپر کولمبس نے اپنا جھنڈا گاڑ دیا۔ دوسرا جہاز پنٹا تھا جو ایلانزو پنزن کی نگرانی میں تھا۔ تیسرا جہاز نینا تھا جو والئی سنیٹی نینیر پنزن کی ماتحتی میں تھا۔ ان جہازات میں ایک حکیم اور ایک ڈاکٹر (جرّاح) بھی تھا اور باقی دیگر جہازران تھے۔ الغرض ان سب کی تعداد ایک سو بیس ۱۲۰ تھی۔

یہ مہم ۳ اگست ۱۴۹۲ء کو روانہ ہوئی۔ کولمبس نے اپنا رستہ جزائر کنیری کی سمت اختیار کیا جہاں اُس نے چندے قیام کیا کیونکہ جہاز پنٹا کو کچھ نقصان پہونچ گیا تھا۔ ۶ ستمبر کو وہ سب جزائر کنیری سے روانہ ہوئے۔ شروع میں ہوا ہلکی ہلکی چلتی رہی جس کی وجہ سے بہت کم سفر طے ہوا۔ دوسرے دن جہازات سے خشکی نظر آنی بند ہوگئی۔ کولمبس کے رفقا جو اب سمندر میں جہازوں پر سوار جا رہے تھے اپنے سفر کے خاتمہ کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتے تھے لہذا اس مہم کی جرأت و ہمت پر تعجب کرنے لگے۔ اُن میں سے بعض آنسو بہانے لگے اور بآواز بلند رونے لگے یہ خیال کرکے کہ اب وہ کبھی واپس نہ آسکیں گے۔ کولمبس نے اُن کی تسلی و تشفی کی اور اُن میں نئی جرأت کی روح پھونک دی۔

۱۱ ستمبر کو جب وہ ڈیڑھ سو فرسخ (فرسخ = ۳ میل) کے فاصلہ پر جزیرۂ فیرو سے

تھے انھوں نے ایک جہاز کا مستول دیکھا جو وہاں (معلوم ہوتا ہے) موجوں کے تھپیڑوں سے جا پہونچا تھا۔ کولمبس آفتاب کی عمودی حالت کو روزانہ دیکھتا تھا اور سب سے پہلے اُس نے مقناطیسی سوئی کی تبدیلی کو غور سے مطالعہ کیا۔ اس سے اُس کے ساتھیوں پر بیحد خوف طاری ہوگیا۔ پس اُس نے مجبور ہو کر ایک بات بنائی تاکہ اُن کے خوف و خطر کو اُن کے دل سے محو کردے۔ ۱۵ ستمبر کو انھوں نے جزیرۂ فیرو سے تین سو فرسخ کے فاصلہ پر نہایت خاموشی کی حالت میں آگ کا ایک گولہ سمندر میں گرتے دیکھا جو اُن کے جہازوں سے پانچ فرسخ کے فاصلہ پر تھا اور ایسے گولے گرم خطوں میں شہاب کی طرح اکثر گرتے رہتے ہیں۔

اب تک ہوا برابر مشرق کی طرف سے چلتی رہی تھی اور جہاز رانوں نے یہہ بات دیکھکر خیال کرلیا تھا کہ اُن کے لیے ہسپانیہ کی واپسی ناممکن ہے۔ اگلے روز انھوں نے کچھ پرند دیکھے جن سے اُن کو از سر نو اُمید بندھ گئی کیونکہ وہ اُس قسم کے خیال کیے گئے جو خشکی سے کبھی بیس فرسخ سے زائد نہیں جاتے۔ کچھ بحری پودے بھی ایسے نظر پڑے جو چٹان سے ابھی ابھی علٰحدہ ہوئے معلوم ہوتے تھے اور لوگوں کو یقین ہوگیا کہ خشکی اب کچھ زیادہ دُور نہیں ہے۔ اٹھارھویں ستمبر کو ایلانزو پنزن نے جو کولمبس سے آگے تھا کہا کہ مغرب کی جانب میں نے پرندوں کی ٹکڑیاں دیکھیں ہیں اور میرا خیال ہے کہ جانب شمال خشکی بھی مجھے دکھائی دی تھی۔ چونکہ اُس کا جہاز تیز رفتار تھا اُس نے تمام بادبان کھول دیے اور آگے آگے چلتا رہا۔

کولمبس نے بہ نظرِ احتیاط اصلی فاصلہ کے حساب کو اپنے ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا تھا اور ایک غلط حساب اُن کے دیکھنے کے لیے بنالیا تھا جس سے مسافت کی تعداد بہت کم ظاہر ہوتی تھی لیکن اس فریب کے باوجود لوگوں کی طبیعتوں میں اس بحری سفر کے تعداد فاصلہ پر بیحد انتشار تھا۔ امیر البحر نے ہر ممکن طریقہ سے کوشش کی کہ وہ اپنے رفیقوں کی ہمت بندھائے رکھے کبھی وہ اُن سے دلیل و حجت کرتا اور کبھی اُن کے دل سے خوف [illegible] اور کبھی اُن میں

نئی نئی اُمیدیں پیدا کرتا اور خشکی کے نئے آثار و نشانات ظاہر کر کے اُن کی مایوسی کو خوشی سے بدلتا۔

۲۰۔ ستمبر کو جنوبی و مغربی ہوا سے جہازرانوں کے دلوں کے کنول کھل گئے کیونکہ وہ یہہ جانتے تھے کہ اُس جانب سے ہوا ہمیشہ نہیں چلا کرتی۔ تین روز بعد ایک وہیل مچھلی نظر آئی جو کسی قدر فاصلے پر تھی اور اس سے کولمبس نے خشکی کی قربت کا اندازہ کیا۔ لیکن بالکل خاموشی کے نمودار ہونے اور سمندر کے سرکنڈوں کی کثرت نے جس سے جہازوں کی رفتار میں کمی واقع ہوگئی تھی از سر نو خوف پیدا کر دیا۔ کولمبس کی دلیلیں، ترغیبیں اور ہمت افزائیاں بیکار ثابت ہوئیں۔ لوگ اِس قدر خوفزدہ ہوگئے کہ وہ عقل کی بات سُننا ہی نہیں چاہتے تھے۔ جس قدر کولمبس دلائل پیش کرتا اُسی قدر وہ اُن کی تضحیک کرتے یہاں تک کہ سمندر کا پانی اوپر کو اُٹھنے لگا حالانکہ اُس وقت ہوا بند تھی۔ خوش نصیبی سے اِس بات نے اُس خطرہ کو دُور کر دیا جو پچھلی خاموشی ہی خاموشی سے پیدا ہوگیا تھا۔

۲۵۔ ستمبر کو جب کولمبس اپنے افسروں کے ساتھ ایک نقشہ کو دیکھ رہا تھا اور اُس سے پتہ لگا رہا تھا کہ اب وہ کس مقام پر ہیں پنٹا جہاز کی ایک آواز نے اُنھیں اپنی طرف متوجہ کر لیا اور اُنھوں نے دیکھا کہ مارٹن ایلانزو پنزن اپنے جہاز کے پچھلے حصہ پر چڑھا ہوا ہے اور بلند آواز سے کہہ رہا ہے "خشکی! خشکی!" جناب! مجھے میرا انعام ملنا چاہیئے"، اور اُس نے جنوب و مغرب کی طرف اشارہ کیا جہاں فی الواقع زمین دکھائی دیتی تھی اور جو تقریباً پچیس ۲۵ فرسخ کے فاصلہ پر تھی۔ کولمبس سجدہ میں گر پڑا اور جناب باری کا شکریہ ادا کیا اور مارٹن ایلانزو نے باآواز بلند کہا کہ خدا کی شان و عظمت برقرار رہے جس کی تمام جہازرانوں نے تقلید کی۔ اُنھوں نے اپنا رستہ بدل دیا اور تمام رات اُسی طرف چلتے رہے۔ جب صبح کی روشنی نمودار ہوئی تو سب کی آنکھیں اُدھر لگ گئیں لیکن مفروضہ خشکی جس سے اتنی خوشی پیدا ہوگئی تھی یکایک غائب ہوگئی اور اُنھیں جلد معلوم ہوگیا کہ افق پر بادلوں کے نمودار

ہونے سے اُن کو خشکی کا دھوکا ہو گیا تھا۔ چنانچہ جانب غرب بصراطِ مستقیم پھر رستہ اختیار کیا گیا۔ جہاز کے لوگ پھر مایوسی کے شکار ہو گئے۔ لیکن پرندوں کی کثرت سے جو اُن کے جہازوں کے گرد اُڑتے تھے، مکڑیوں کے ٹکڑوں سے جن کو وہ اُٹھا لیتے تھے اور زمین کی بہت سی دیگر علامات سے وہ بالکل مایوسی کی حالت کو نہیں پہونچتے تھے۔ کولمبس اس انتشار اور مایوسی کے درمیان میں ہمیشہ خاموش رہتا اور اپنے اوپر قابو رکھتا۔

پہلی اکتوبر کے بعد جب پرند ایک طرف سے دوسری طرف اُن کے جہازوں پر اُڑ کر جانے لگے تو اُن کا یہ خیال ہوا کہ پرند ایک جزیرہ سے دوسرے جزیرہ کو جا رہے ہیں لہٰذا وہ چاہتے تھے کہ داہنی طرف یا بائیں طرف جہازوں کا رُخ کر دیں تاکہ اُن اطراف میں سمندر کے سواحل پر پہونچ جائیں۔ لیکن کولمبس نے اپنے نظریہ کو چھوڑنا گوارا نہ کیا اور وہ برابر مغرب کی طرف چلتا رہا۔ اُسی کے استقلال سے اُس کے آدمیوں میں وہ بغاوت کی روح پیدا ہو گئی جو پہلے کبھی نہ ہوئی تھی۔ لیکن چوتھی اکتوبر کو علاماتِ خشکی میں اضافہ ہو گیا۔ پرند جہاز کے اس قدر قریب اُڑنے لگے کہ ایک جہازراں نے ایک پرند کو پتھر سے مار دیا اور اُن کی اُمیدیں از سرِ نو تازہ ہو گئیں موعودہ پنشن پانے کے خیال سے جہاز کے لوگ برابر "زمین! زمین!" کا نعرہ لگاتے تھے جب اِس قسم کی کوئی ذرا سی علامت بھی پائی جاتی تھی۔ کولمبس نے ان جھوٹے نعروں کو بند کرنے کے لیے جن سے متواتر مایوسی کا سامنا ہوتا تھا اعلان کیا اگر کوئی شخص آیندہ ایسی اطلاع دیگا اور تین دن کے اندر خشکی نہ ظاہر ہو گی تو اُس کا انعام ہمیشہ کے لیے ضبط ہو جائیگا۔

۷۔ اکتوبر کی صبح کو سورج نکلنے کے وقت امیر البحر کے جہاز کے چند اشخاص نے خیال کیا کہ مغرب کی طرف اُنھیں زمین دکھائی دیتی ہے لیکن ایسے دُھندلے طریقہ پر کہ کسی کو اس خیال کے اظہار کی جرأت نہ ہوئی مبادا وہ غلطی پر ہوں اور انعام کی تمام اُمیدیں یک قلم زائل ہو جائیں۔ لیکن پنیا جہاز جو تیز رفتار تھا اس امر کو دریافت کرنے کے لیے

آگے بڑھا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں ایک جھنڈا اُس کے مستول پر گاڑا گیا اور ایک توپ داغی گئی جو خشکی پا جانے کے پہلے سے طے شدہ نشانات قرار دیے گئے تھے۔ نئی مسرت کا ولولہ پیدا ہوا اور ہر شخص کی آنکھ مغرب کی طرف اُٹھ گئی۔ لیکن جب وہ آگے بڑھے تو اُن کی اُمیدیں بادلوں کی طرح پھٹ گئیں اور شام ہوتے ہوتے مفروضہ زمین پھر فضا میں غائب ہو گئی۔

جہاز کے لوگوں کو اتنی ہی مایوسی بھی ہوئی جتنی اُن کو خوشی ہوئی تھی لیکن نئے حالات پیدا ہو گئے۔ کولمبس نے میدانوں کے چھوٹے پرندوں کے جھنڈ جانب گوشۂ جنوب و مغرب اُڑتے ہوئے دیکھکر یہ نتیجہ اخذ کیا کہ وہ کسی قریب کی زمین کی طرف جا رہے ہیں جہاں انھیں آرام اور آب و دانہ مل سکے۔ وہ اُس اہمیت سے باخبر تھا جو پرتگیز جہازراں پرندوں کی پرواز سے منسوب کرتے تھے اور جن کے تعاقب سے اُنھوں نے اکثر جزائر دریافت کیے تھے وہ اب قریب سو پچاس فرسخ کے فاصلہ پر تھا اور اس فاصلہ پر اُس کے حساب سے جزیرۂ سپانگو واقع ہونا چاہیئے تھا۔ چونکہ اُس جزیرہ کا کوئی نشان ظاہر نہ ہوا اس لیے اُسے خیال پیدا ہوا کہ شاید عرض البلد کی غلطی سے وہ اُسے کہیں رستہ میں چھوڑ آیا ہو۔ لہٰذا اُس نے ۷۔ اکتوبر کو یہ مصمم قصد کیا کہ وہ اپنا رستہ غرب کے گوشۂ جنوب و مغرب کی طرف اختیار کرے جدھر عموماً پرند اُڑتے تھے اور کم از کم دو روز تک اُسی راہ پر قائم رہے یہ رستہ کچھ اُس کے طے شدہ رستہ سے مختلف بھی نہ تھا اور اِس سے اُس کے جہازرانوں اور پنرنوں کی خواہشات بھی پوری ہوتی تھیں۔

وہ اُسی جانب تین روز تک سفر کرتے رہے اور جس قدر فاصلہ وہ طے کرتے تھے اُسی قدر کثرت کے ساتھ علامات خشکی پائی جاتی تھیں۔ مختلف الالوان چھوٹے پرندوں کی قطاریں جن میں سے بعض میدانوں میں نغمہ سرائی کیا کرتے ہیں جہازوں کی طرف اُڑتی ہوئی آتی تھیں اور اس کے بعد وہ گوشۂ جنوب و مغرب کی طرف چلی جاتی تھیں۔ بعض پرندات کو بھی اُڑتے ہوئے سنائی دیتے تھے۔ مختلف اقسام کی چھوٹی مچھلیاں خاموش اور ساکت

سمندر میں کھیلتی ہوئی نظر آتی تھیں۔ ایک بطخ بھی دکھائی دی جو مغرب کی طرف تیر رہی تھی۔ گھاس، پات جو سمندر پر بہتے تھے وہ بھی تازہ معلوم ہوتے تھے، گویا ابھی زمین سے علیحدہ ہوئے ہیں اور ہوا بھی ایسی خوشگوار تھی جیسی اپریل کے مہینے میں شہر سیول میں چلتی ہے۔ لیکن جہاز کے لوگ ان سب باتوں کو سراب کی مانند سمجھتے تھے جو انھیں تباہی کی طرف لیجا رہی تھیں اور جب تیسرے روز آفتاب بے پایاں سمندر میں غروب ہو گیا تو انھوں نے شور و شغب شروع کر دیا۔ وہ کولمبس کی ضد اور ہٹ کے خلاف غل مچانے لگے اور کہنے لگے کہ وہ ہمیں بحر ناپیدا کنار میں غرق کر کے چھوڑے گا۔ انھوں نے گھر واپس جانے کے لیے اصرار کیا اور کہا کہ اس بحری سفر کو محض بیکار سمجھ کر ترک کر دینا چاہیئے۔ کولمبس نے ان کو ملائم الفاظ اور بڑے بڑے انعامات کے وعدوں سے خاموش کرنے کی کوشش کی لیکن یہ دیکھکر کہ اس سے اُن کا شور و غل اور بڑھتا ہے، اُس نے متین لہجہ اختیار کیا اور کہا کہ شکایت فضول ہے۔ یہ مہم اسپین کے حکمرانوں نے غرب الہند دریافت کرنے کیلئے روانہ کی تھی اور کچھ ہی کیوں نہ پیش آئے میں اس سفر کو برابر جاری رکھوں گا یہاں تک کہ خدا کے فضل و کرم سے یہ مہم کامیاب ہوگی۔

اب کولمبس اور جہاز کے لوگوں کے درمیان کھلم کھلا مخالفت شروع ہو گئی اور اُسکی حالت خطرناک بن گئی۔ خوش نصیبی سے اگلے روز زمین کی قربت کے نشانات ایسے پائے گئے جن سے کسی شک و شبہہ کی گنجائش ہی باقی نہ رہی۔ سرکنڈوں کے علاوہ جو دریاؤں میں پیدا ہوتے ہیں ایک قسم کی ہری مچھلی دیکھی گئی جو چٹانوں کے قریب رہا کرتی ہے۔ اس کے بعد کانٹوں کی ایک شاخ دیکھی گئی جو بیروں سے لدی ہوئی تھی اور جو اپنے اصلی تنہ سے حال ہی میں علیحدہ ہوئی تھی۔ پھر سمندر میں سے ایک سرکنڈا، ایک چھوٹا تختہ اور ایک ڈنڈا جس پر نقش و نگار بنے ہوئے تھے انھوں نے اٹھا لیا۔ اب اُس مایوسی اور بغاوت کی جگہ ہمت افزا اُمید پیدا ہو گئی اور ہر شخص دن بھر بڑے شوق کے ساتھ

انتظار کرتا رہا اور یہ اُمید لگی رہی کہ شاید سب سے پہلے اُس زمین کو جس کی اتنی تلاش و جستجو ہے میں ہی دیکھ لوں۔

شام کے وقت جب حسب رواج جہازرانوں نے وہ راگ گا لیا، حضرت مریم کی تعریف و توصیف میں تھا تو کولمبس نے اپنے جہازرانوں کو ایک مؤثر خطبہ دیا۔ اُس نے کہا کہ اب بالکل یقین ہے کہ ہم لوگ رات ہی کو خشکی پر جا اُتریں۔ پس اُس نے سب سے اگلے جہاز پر ایک پہرہ قائم کیا اور کہا کہ جو شخص نئی زمین دریافت کرے گا اُس کو پنشن کے علاوہ ایک مخملی خلعت بھی اسپین کے حکمرانوں سے دلایا جائیگا۔

تمام دن ہوا تازہ رہی اور ان لوگوں نے بہت سا سفر طے کیا۔ غروب آفتاب کے وقت وہ پھر مغرب کی طرف بڑھے چلے گئے اور امواج بحر پر تیزی کے ساتھ چلتے رہے۔ سب سے آگے جہاز نینا تھا۔ تمام جہازوں میں زندہ دلی کے آثار نمایاں تھے۔ کسی شخص نے بھی اُس رات آنکھ بند نہ کی۔ جب اندھیرا ہو گیا تو کولمبس اپنے جہاز کی اونچی بُرجی پر جا کھڑا ہوا اور اندھیرے میں افق کی طرف نظر دوڑائی اور غور و خوض سے دیکھا۔ دس بجے کے قریب اُسے خیال ہوا کہ بہت دور ایک روشنی جھلملاتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ یہ سمجھکر کہ شاید اُس کی آرزوہائے شوق اُسے دھوکا دے رہی ہیں اُس نے پیڈرو گٹیرز کو آواز دی جو شاہی خواجہ سرا تھا اور اُس سے دریافت کیا کہ اُسے بھی روشنی دکھائی دیتی ہے یا نہیں۔ آخر الذکر نے اثبات میں جواب دیا۔ کولمبس نے اب بھی تصور کا فریب سمجھکر راڈریگو سنکیز کو بُلایا۔ اُس سے بھی وہی سوال کیا۔ لیکن جب وہ وہاں پہونچا تو اس عرصہ میں روشنی غائب ہو گئی تھی۔ اُس کو اُنھوں نے ایک یا دو دفعہ یکایک اُبھرتے ہوئے دیکھا گویا کہ وہ کسی مچھیرے کے مخنے میں شمعل کی طرح لگی ہوئی تھی اور موجوں کے ساتھ اُبھرتی تھی اور پھر نیچی ہو جاتی تھی، یا کنارہ پر کسی آدمی کے ہاتھ میں تھی جو ایک گھر سے دوسرے گھر جاتا تھا۔ یہ چمک ایسی مختصر اور ناقابل اعتماد تھی کہ کسی نے بھی اُس کو کچھ اہمیت نہ دی۔ مگر کولمبس نے اُس کو زمین کا واقعی نشان سمجھا اور یہ گمان زمین پر

آبادی بھی تھی۔

یہ لوگ اپنے رستہ پر دو بجے صبح تک چلا کیے جبکہ جہاز پیٹا نے زمین دیکھنے کی خوشخبری توپ کے گولہ سے سُنائی۔ ایک جہازراں نے جس کا نام راڈریگو ڈی ٹرائنا تھا زمین کو سب سے پہلے دیکھا لیکن بعد ازیں انعام امیر البحر کو دیا گیا کہ جس نے روشنی کو سب سے پہلے دیکھا تھا۔ اب زمین دو فرسخ کے فاصلہ پر صاف نظر آنے لگی جس پر اُنھوں نے جہازوں کو روک لیا اور بے چینی کے ساتھ پَو پھٹنے کا انتظار کرنے لگے۔

اِس وقت کولمبس کے خیالات اور احساسات کی کوئی حد نہ رہی ہوگی۔ ہر خطرہ اور دشواری کے باوجود وہ آخرکار اپنے حصولِ مقصد میں کامیاب ہوا۔ سمندر کا بڑا راز آشکا ہوگیا۔ اس کا نظریہ جو عقلاء کے نزدیک قابلِ تضحیک تھا آخرکار صحیح ثابت ہوا۔ اور اُس نے اپنے لیے وہ شانِ وعظمت حاصل کرلی جو بستی دنیا تک قائم رہنے والی ہے۔

ایسے موقع پر اُس زمین کی نسبت جس پر اندھیرا چھایا ہوا تھا جس کا حال معلوم نہ تھا ایسے شخص کے خیالات و تصورات کا اندازہ کرنا جو اُس کے دماغ پر محیط ہوں گے دشوار ہے۔ یہ بات کہ وہ پھلوں سے پر تھی اُن نباتات سے ظاہر تھی جو اُس کے کناروں پر بہہ رہے تھے۔ اُسے یہ بھی خیال گذرا کہ اُس کے دماغ میں میوے کے باغوں کی خوشبو آرہی ہے۔ چلتی ہوئی روشنی سے اُس کا آباد ہونا ظاہر تھا۔ لیکن اُس کے باشندے کون ہیں؟ آیا وہ ایسے ہی ہیں جیسے اور لوگ کرہ کے دوسرے حصہ میں آباد ہیں یا وہ کوئی دیوزاد ہیں جیسا کہ اُس وقت دُور دراز ممالک کی آبادی کی نسبت یہ عام خیال تھا۔ یا یہ بحرِ ہند کا ایسا جزیرہ ہے جس میں وحشی لوگ آباد ہیں یا یہ مشہور و معروف سپانگو کا جزیرہ ہے جو اُس کی حرص و آز کا نشیمن تھا۔ اُس کے دل میں دَم بدم ہزاروں خیالات آئے ہونگے جب اپنے ساتھیوں کے ساتھ اُس نے کسی نہ کسی طرح اُس رات کو صبح کیا ہوگا اور یہ خیال

کیا ہوگا کہ دیکھئے صبح کو وحشیوں کی آبادی نظر آتی ہے یا مصالحہ کے باغات، چمکتے ہوئے منادرہ مطلاً بلاد اور مشرقی تہذیب کی جملہ شان و شوکت دکھائی دیگی۔

۱۲- اکتوبر کو روز آدینہ کی صبح تھی جب کولمبس نے نئی دنیا کو دیکھا۔ سورج نکلنے پر اُسے ایک مسطح جزیرہ دکھائی دیا جو وسعت میں چند فرسخ تھا اور جس میں درخت ہی درخت میووں کے باغوں کی طرح نصب شدہ معلوم ہوتے تھے۔ اگرچہ بظاہر یہ غیر مزروعہ تھا لیکن اس کی آبادی گنجان تھی کیونکہ جنگل کے تمام حصّوں سے اس کے باشندے سمندر کی طرف دوڑتے ہوئے نظر آئے۔ وہ بالکل برہنہ تھے اور جہازات کو تعجب سے دیکھتے تھے۔ کولمبس نے جہازوں کو لنگر انداز ہونے کا اشارہ کیا اور یہ لوگ کشتیوں میں مسلح سوار ہو کر کنارہ پر اُترے۔ کولمبس جب ساحل کے قریب پہونچا تو وہ سمندر کی بلوری کیفیت فضا کی صفائی اور نباتات کی غیر معمولی خوبصورتی سے بیحد خوش ہوا۔ اُس نے نامعلوم پھلوں کو درختوں پر لدا ہوا دیکھا جو سمندر پر جھکے پڑتے تھے۔ کنارہ پر پہونچکر وہ فوراً زمین پر سجدہ میں گر گیا اور خدائے تبارک تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ اُس کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہ گئے۔ سب لوگوں نے اُس کی مثال کی تقلید کی کیونکہ وہ سب بھی خوشی سے لبریز تھے اور اُن کے دلوں میں بھی وہی احساسات موجزن تھے۔ اِس کے بعد کولمبس نے اُٹھکر اپنی تلوار کھینچی شاہی جھنڈا گاڑا۔ اُسی کے گرد دو کپتانوں اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتھ ساحل پر اُترے تھے جمع کیا اور اسپین کے حکمرانوں کی طرف سے اُس پر قبضہ کر لیا۔ جزیرہ کا نام سان سلوی دور رکھا گیا۔ اِن ضروری رسوم کے ادا کرنے کے بعد اُس نے تمام موجودہ آدمیوں سے حلف وفاداری اُٹھوایا تاکہ وہ اُس کی اطاعت بحیثیت امیر البحر و نائب السلطنت کریں جو اسپین کے حکمرانوں کا نمایندہ تھا۔

جہاز کے لوگوں کے احساسات بھی مسرت خیز تھے۔ وہ کل تک اپنے آپ کو بدقسمت سمجھے ہوئے تھے جن کے سامنے تباہی اور موت کی شکلیں نمودار تھیں۔ اب وہ

اپنے آپ کو خوش نصیب تصور کرنے لگے اور بیحد خوش تھے۔ بے انتہا جوش کے ساتھ وہ امیر البحر کے گرد جمع ہو گئے۔ اُن میں سے بعض اُس سے بغلگیر ہوئے اور بعضوں نے اُسی کے ہاتھوں کو بوسہ دیا۔ جو لوگ سفر کے دوران میں نہایت باغی اور مفسد تھے اب نہایت جوشیلے وفادار بن گئے۔ بعض لوگوں نے اُس سے مراعات کی خواہش ظاہر کی گویا اُس کے ہاتھ میں پہلے ہی سے دولت و ثروت آگئی تھی۔ بعض فتنہ پرداز اشخاص جنھوں نے گستاخی کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا تھا اب اُس کے پیروں پر گر پڑے اور اپنے کردار کی معافی چاہی اور وعدہ کیا کہ آیندہ وہ اس کی کورانہ تقلید کریں گے۔

صبح کے وقت جب جزیرہ کے باشندوں نے جہازوں کو اپنے ساحل پر لنگر انداز دیکھا تو خیال کیا کہ سمندر کے اجنہ رات کے وقت اُس سے باہر آگئے ہیں۔ اُنھوں نے ساحل پر فراہم ہو کر ان کی حرکات و سکنات کو غور سے دیکھنا شروع کیا۔ اِن کے اِدھر اُدھر چلنے پھرنے جو بظاہر کسی کوشش کے بغیر تھا اور ہوا بانوں کے لپٹنے اور کھلنے نے جو بڑے بڑے پروں کے مشابہ تھے اُن کو خوفناک تعجب سے بھر دیا۔ جب اُنھوں نے ان کشتیوں کو ساحل کی طرف آتے دیکھا اور اِن کی ایک جماعت کو چمکتے ہوئے ہتھیاروں سے مسلح پایا جو مختلف الالوان لباس میں ملبوس کنارہ کی طرف آرہے تھے تو وہ خوف زدہ ہو کر جنگل کو فرار ہو گئے لیکن یہہ دیکھکر کہ اُن کا نہ کوئی تعاقب کیا گیا اور نہ اُن کو دق کیا گیا تو رفتہ رفتہ اُن کا خوف زائل ہو گیا اور وہ اہل اسپین کے قریب بڑی عزت و احترام کے ساتھ آئے۔ اکثر زمین پر سجدے کرنے لگے اور اُن کی عبادت میں مصروف ہو گئے جس وقت جزیرہ پر قابض ہونے کی رسم ادا کی جا رہی تھی تو وہ رنگ کی خوبیوں، اور ڈاڑھیوں، چمکتے ہوئے ہتھیاروں اور اہل اسپین کی عمدہ پوشاک کو تعجب سے دیکھ رہے تھے۔ جب اُن کا خوف کسی قدر اور زائل ہوا تو ہسپانیہ والوں کے قریب آئے۔ اُنھوں نے اِن کی داڑھیوں کو دیکھا، اِن کے ہاتھوں اور چہروں کا مطالعہ

کہا اور انکے سفید رنگ کی بیحد تعریف کی۔ کولمبس اُن کی ملائمت اور سادگی سے بیحد خوش ہوا اور اُن کے اِس مطالعہ کی اجازت خاموشی کے ساتھ دیدی تاکہ وہ اُس فیاضی سے اُنکو اپنا گرویدہ بنالے۔ اُنھوں نے اب یہہ خیال کیا کہ جہازات اس بلّوری فضا سے جو اُن کے اُفق پر نمودار تھی نیچے اُتر آئے ہیں یا اپنے بڑے پردن کی بدولت آسمان سے زمین پر آگئے ہیں۔ بہرحال یہہ عجیب وغریب مخلوق ضرور آسمان کے باشندے ہیں۔

اہل اسپین کے نزدیک بھی جزیرہ کے باشندے کچھ کم عجیب وغریب نہ تھے کیونکہ جن انسانی نسلوں کو اُنھوں نے دیکھا تھا اُن سے وہ مختلف تھے۔ اُن کی ظاہری حالت سے اُن کی ظاہری حالت سے اُن کے متمول یا مہذب ہونے کا پتہ چلتا تھا کیونکہ وہ بالکل برہنہ تھے اور اُن کے بدن پر مختلف قسم کے رنگ سے نقش ونگار بنے ہوئے تھے۔ اگرچہ رنگ سے اُن کے نقشے بھدے ہوگئے تھے لیکن اچھے تھے۔ اُن کی پیشانیاں بلند تھیں اور آنکھیں چمکدار تھیں۔ اُن کے قد اوسط درجے کے تھے اور سب اعضا تناسب کے ساتھ تھے۔ اُن میں سے اکثر تیس سال سے کم کی عمر کے تھے اور اُن کے ساتھ صرف ایک عورت تھی جو اُن کی طرح برہنہ تھی لیکن خوبصورت تھی۔

چونکہ کولمبس کا خیال تھا کہ وہ ہندوستان کی انتہائی سرحد کے جزیرہ پر پہونچ گیا ہے لہذا اُس نے دیسیوں کو ہندوستانی کے نام سے مخاطب کیا اور سب لوگوں نے یہی نام اختیار کرلیا۔ جب تک اُس کی دریافت کی حقیقت نہ معلوم ہوئی اور اب بھی نئی دنیا کے اصلی باشندوں کو اسی نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

جزیرہ کے باشندے دوستانہ اور شریفانہ برتاؤ کے ساتھ پیش آئے۔ اُن کا ہتھیار صرف نیزہ تھا جس کا سرا آگ سے سخت کردیا جاتا تھا یا اُس میں چقماق پتھر یا مچھلی کے دانت یا ہڈی لگی ہوتی تھی لوہے کا وہاں پتہ نہ تھا اور نہ وہ اُس کی صفات سے آگاہ تھے کیونکہ جب اُن کو ایک ننگی تلوار دی گئی تو اُنھوں نے اُس کو کسی خوف کے بغیر دھار

کی طرف سے پکڑ لیا۔ کولمبس نے رنگین ٹوپیاں، شیشے کی تسبیحیں، گھنٹیاں اور اور قسم کے کھلونے اُن میں تقسیم کیے جن کی تجارت اہل پرتگیز افریقہ کے طلائی سواحل کی نوعوں کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ اُنھوں نے ان کھلونوں کو شوق سے لیا۔ تسبیحوں کو اپنی گردنوں میں ڈالا اور اُن کی نفاست سے بیحد خوش ہوئے۔ گھنٹوں کی آواز نے تو انھیں مست بنا دیا۔ اہل اسپین تمام دن مستاتے رہے اور جزیرہ کے خوبصورت باغوں میں چکر لگاتے رہے۔ وہ شام ہونے کے بہت دیر بعد اپنے جہازوں پر واپس آئے اور جو کچھ اُنھوں نے دیکھا تھا اُس سے بیحد محظوظ ہوئے۔

دوسرے روز علی الصباح ساحل پر بے شمار دیسی لوگ آئے۔ اُن میں سے بعض جہازوں کے قریب تیر کر پہونچے اور بعض ہلکے ہلکے تختوں پر سوار ہو کر آئے جن کو وہ زورق کہتے تھے۔ یہ درخت کے تنہ کو کھوکلا کر کے بنائی جاتی تھیں اور اُن میں ایک سے لیکر چالیس یا پچاس آدمی تک سوار ہو سکتے تھے۔ وہ اِن کو خوب چلانا جانتے تھے۔ اگر کبھی وہ لوٹ جاتی تھیں تو وہ کسی فکر کے بغیر تیرتے تھے اور بڑی آسانی سے انکو پھر درست کر لیتے تھے۔

یہہ دیکھکر کہ بعض دیسی اشخاص اپنی ناک میں سنہری زیور پہنے ہوئے ہیں دریافت کنندگان کی حرص و طمع فوراً بھڑک اٹھی۔ اُنھوں نے خوشی کے ساتھ شیشہ کی تسبیحوں اور گھنٹیوں سے ان کو بدل لیا۔ دونوں فریق اپنے اس سودے سے خوش تھے اور غالباً ایک دوسرے کی سادہ لوحی پر نازاں تھے۔ چونکہ تمام مہمات دریافت میں سونا خاصتاً شاہی مِلک سمجھا گیا تھا اس لیئے کولمبس نے اپنی منظوری کے بغیر اس قسم کی تجارت کو ممنوع قرار دیا اور اسی طرح اُس نے روئی کی تجارت کے جملہ حقوق سلطنت کے لیے محفوظ کر دیے۔

اُس نے دیسیوں سے دریافت کیا کہ سونا کہاں سے حاصل ہوتا ہے اُنھوں نے

جنوب کی طرف اشارہ کیا اور اُن کے اشارون سے وہ اس نتیجہ پر پہونچا کہ اُدھر ایک بادشاہ رہتا ہے جو اس قدر متمول ہے کہ سونے کے برتنون میں اُس کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ جنوب اور گوشۂ جنوب و مغرب اور شمال و مغرب کی طرف بھی زمین خشکی ہے اور شمال و مغرب کے لوگ اکثر جنوب و مغرب کی طرف جواہرات اور سونے کی تلاش میں جایا کرتے ہیں۔ وہ جزیروں میں قیام کرتے ہیں اور وہان کے باشندونکو اپنے ساتھ لے جاتے ہیں بعض ویسیوں نے اپنے زخم بھی اُس کو دکھلائے جو اِن حملہ آوروں سے لڑنے میں اُن کے جسموں پر لگ گئے تھے۔ ظاہر ہے کہ کولمبس کی یہہ مفروضہ اطلاع بہت کچھ غلط تھی کیونکہ وہ خود اپنے قیاس سے بعض اشاروں کو اِن باتوں پر محمول کرتا تھا۔ وہ یہہ سمجھتا تھا کہ جن جزائر کا حال مارکوپولو نے لکھا ہے وہ اُن میں پہونچ گیا ہے اور اُس نے خود یہہ خیال کیا کہ وہ بحرِ چین کے جزیرہ کیتھے کے مقابل کے جزیرہ میں ہے۔ لہٰذا اُس نے اُن مالدار ممالک کے حالات سے ان سب باتوں کو مطابق کرنا چاہا۔ چنانچہ جن دشمنون کا ذکر اہلِ جزیرہ نے کیا اُس کے نزدیک وہ تاتاری تھے جو شمال کی طرف ایشیا سے آتے تھے اور جن کی نسبت اہلِ وینس نے یہہ مشہور کردیا تھا کہ وہ جزائر پر حملے کیا کرتے ہیں اور اُن کے باشندون کو غلام بنالیتے ہیں۔ اور اُن کے باشندوں کو غلام بنالیتے ہیں۔ جانبِ جنوب جس مُلک میں سونا پافراط ہے جزیرۂ سپانگو کے سوا اور کوئی نہیں اور جس ملک کا بادشاہ سونے کے برتنون میں کھانا کھاتا ہے یہہ وہی بادشاہ ہے جس کے شاندار شہر اور محل کو مارکوپولو نے نہایت عمدہ الفاظ میں سُنہری تشتریوں اور رکابیوں سے بھرپور بتلایا ہے

جس جزیرہ پر کولمبس نے سب سے پہلے اپنا قدم رکھا اُس کا نام ویسیوں کے یہاں گانانی[1] تھا

[1] بعض محققین نے اس جزیرہ کا نام بعد ازان جزیرۂ واٹلنگ بیان کیا ہے اور ظاہر کیا ہے کہ کولمبس اُس کے مغربی کنارہ پر اُترا تھا نہ کہ اُس کے مشرقی ساحل پر اور ایڈمس صاحب اِس بیان کی تصدیق کرتے ہیں۔ تنہا۔

اب اس جزیرہ کا نام سان سالوی ڈور ہے یعنی جس نام سے کولمبس نے اُسے موسوم کیا تھا۔ اگرچہ اُس کو انگریز بلی کا جزیرہ کہتے ہیں۔ سان سالوی ڈور جزائر بہاما میں سے ہے جو جانب شمال و مغرب و جنوب و مشرق فلوریڈا سے ہسپانیولا تک کیوبا کے شمالی ساحل کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔

۱۴۔ اکتوبر کی صبح کو امیر البحر نے دن نکلتے ہی جہازوں کی کشتیاں لیکر جزیرہ کا طواف کرنا شروع کیا اور اپنا رستہ شمال و مشرق کی طرف اختیار کیا۔ ساحل پر چٹانیں ہی چٹانیں تھیں اور پانی اس قدر گہرا تھا کہ تمام عیسائی سلطنتوں کے جہازات وہاں بخوبی آسکتے تھے۔ داخلہ بہت تنگ تھا بہت سے بالو کے ساحل بھی تھے اور پانی ایسا خاموش تھا۔ جیسا کہ حوض میں ہو۔ اُنھوں نے لکڑی اور پانی لیکر جزیرہ کو اُسی روز شام کے وقت خیر آباد کہا کیونکہ امیر البحر کی یہ تمنا تھی کہ وہ کسی مالدار ملک میں جانب جنوب پہونچ جائے جس کو اُس نے اپنے نزدیک سپانگو کا جزیرہ خیال کیا ہوگا۔

کولمبس کی واپسی (سنہ ۱۴۹۳ء)

کولمبس نے اپنی تحقیقات سپانگو اور کینمے کے تعاقب میں جاری رکھی یہانتک کہ اُس نے کیوبا کو دریافت کر لیا۔ اُن مترجموں نے جن کو وہ سان سالوی ڈور سے اپنے ہمراہ لایا تھا یہاں پہونچ کر معلوم کیا کہ کیوبا میں بھی کچھ سونا دستیاب ہو سکتا ہے لیکن دوسرے ملک میں جو جانب مشرق ہے بافراط ملتا ہے۔ سونا ملنے کی توقع نے ہسپانیہ والوں کی حرص و آز کو اور بھڑکا دیا اور آیلانزو پنزن جو پنٹا کا کمانڈر تھا اور یہ جہاز اس بیڑہ میں سب سے تیز رفتار تھا فوراً تمام بادبان کھول کر اُس طرف روانہ ہو گیا تاکہ سب سے پہلے اُس سرزمین پر جا پہونچے جہاں سونا پایا جاتا تھا اور وہ جلد نظر سے غائب ہو گیا

۵۔ دسمبر کو کولمبس باقی جہازات کے ساتھ کیوبا کی مشرقی راس سے روانہ ہوا اور جلد اُس مالدار ملک میں جا پہونچا جس کا حال اس قدر مبالغہ کے ساتھ اُس نے سنا تھا۔

اس کو ویسی لوگ ہیٹی کہتے تھے۔ کولمبس نے اس کا نام ہسپانیولا رکھا۔ ملک کے فرمانروا نے ان لوگوں کی خوب خاطر مدارات کی اور کولمبس نے بھی اس کے معاوضہ میں اُس کی بڑی توقیر و عزت کی۔ ان دونوں میں وہ دوستی قائم ہوگئی جو بعد ازاں کبھی کم نہ ہوئی۔ اُس نے اُن کو طلائی زیورات سے لاد دیا اور ہسپانیہ والوں سے کہا کہ مشرق کی جانب کے ملک سے جس کا نام سباؤ ہے سونا آتا ہے۔ کولمبس نے نام کی قربت سے فوراً یہ خیال کیا کہ یہ سپانگوہی کا جزیرہ ہوگا۔ لیکن بعد ازاں اُسے معلوم ہوگیا کہ سباؤ ایک پہاڑ کا نام ہے جو جزیرہ کے درمیان میں واقع ہے۔

اب یہ جہازات کا بیڑہ مشرق کی طرف سونے کی کانوں کی تلاش میں روانہ ہوا ۲۴۔ دسمبر کو کولمبس کا جہاز جس کا نام سانٹا میریا تھا ایک چٹان سے ٹکرایا جس کو وہ وہیں چھوڑنے پر مجبور ہوا اور اپنے ساتھیوں سمیت نینا پر چلا گیا۔ ہیٹی کے فرمانروا اور اُس کے آدمیوں نے ہسپانیہ والوں کو اُس کے بُرے نتائج سے اس طرح بچایا کہ وہ اُسی کے شہتیروں سے ایک قلعہ بنانے پر رضامند ہوگئے۔ اس قلعہ کا نام لانیوی ڈاڈ رکھا گیا اور اُس میں اڑتیس آدمی چھوڑ دیے گئے اور یہ امریکہ میں ہسپانیہ والوں کی پہلی نوآبادی تھی۔ امیر البحر نے قلعہ میں ذخائر بھی چھوڑے اور کچھ اشیاء تبادلہ کے لیے بھی دیں نیز وہ سامان بھی دیا جو قلعہ کی حفاظت کے لیے ضروری تھا۔ پھر یہ وعدہ کرکے کہ وہ جلد واپس آئے گا وہاں سے رخصت ہوگیا۔

۴۔ جنوری ۱۴۹۳ء کو کولمبس نے کسی قدر مشرق کی طرف رستہ اختیار کیا تاکہ جزیرہ کے شمالی حصّہ کی بھی خوب دیکھ بھال کرے اور وہ نیٹا سے رستہ میں مانٹی کرسٹو کے قریب جا ملا۔ اُس نے ایلانزو پنزن کے عذرات مسترد کیوں علیحدہ ہوگیا تھا اپنے مطمئن ہونے کا اظہار کیا۔ اور اُس کی معذرت قبول کرلی۔

آخر کار دونوں جہازوں نے ۱۶۔ جنوری کو اسپین کی راہ اختیار کی۔ شروع سفر میں موسم

خوشگوار رہا لیکن جب جہازات آیزورس کے قریب پہونچے تو طوفان میں گھر گئے۔ پنیٹا جہاز دوسری مرتبہ نظر سے اوجھل ہوگیا اور امیر البحر کا جہاز ایسے فوری خطرہ میں پڑگیا کہ اُسکو زمین پر پہونچنے کی کوئی اُمید نہ رہی۔ اُس کو یہہ خوف بھی ہوا کہ اُس کی دریافت کا حال بھی اُسی کے ساتھ فنا ہوجائے گا۔ چنانچہ اُس نے اپنے سفر کے حالات معدوم ہوجانے کو اِس طرح روکا کہ اپنے سفر کا مختصر حال کاغذ کے دو صفحوں میں لکھا اور ہر ایک کو ایک مُنھ بند پیسے میں بند کردیا۔ ایک پیسہ کو تو فوراً جہاز سے سمندر میں پھینک دیا گیا اور دوسرے کو جہاز میں رکھ لیا گیا تاکہ اُس کی تباہی تک وہ وہیں پڑا رہے۔ لیکن طوفان کم ہوگیا اور وہ ۱۵۔ فروری کو آیزورس پہونچ گئے۔

۲۴۔ فروری کو کولمبس نے پھر سفر اختیار کیا۔ لیکن اِس مرتبہ طوفان کا ایسا حملہ ہوا کہ اُس کو عین واپسی میں اپنے تباہ و برباد ہوجانے کا یقین ہوگیا جس کو اُس نے اِن الفاظ میں ادا کیا کہ "وہ مکان کے دروازہ سے باہر نکالا جارہا ہے"۔ ۴۔ مارچ کو وہ ساحل پرتگال پر پہونچ گیا جہاں اُس مکان کا جہاز دریائے ٹیگس میں پناہ گزین ہونے کے لیے مجبور ہوا۔ یہاں اُس کو روک لیا گیا اور اُس نے ملکہ اَیبین کی خدمت میں براہِ خشکی ایک ایک قاصد روانہ کیا اور پرتگال کے بادشاہ کے نام بھی ایک پیغام بھیجا جس نے اُس کو اپنے دربار میں بمقام والپریزو طلب کیا۔ حد نے اہل پرتگال کو اِس دریافت اس قدر برافروختہ کیا جس کی وجہ سے ان کی دریافتیں دوسرے درجہ کی ہوگئی تھیں کہ اُنھوں نے بادشاہ کو یہہ صلاح دی کہ کولمبس کو قتل کرادیا جائے اور اُس کی دریافتوں سے کی روشنی میں جہازات کا ایک بیڑہ بھیجکر اُن جزائر پر قبضہ کرلیا جائے۔ لیکن بادشاہ نے ایسے کمینہ پن کے خیالات سے نفرت اور حقارت کا اظہار کیا اور کولمبس کو ۱۳۔ مارچ کو روانہ ہونے کی اجازت دیدی جو پیلاس پر ۱۵۔ تاریخ کی دوپہر کو ساڑھے سات مہینے کی غیر حاضری کے بعد پہونچا۔

(کولمبس نے لسبن سے ۱۴- مارچ کو ایک چٹھی لارڈ ریفیل سینکیز سرکاری خزانچی کے نام بھیجی تھی جس میں اس نے نہایت رنگ آمیزی سے اپنی دریافتوں کا حال درج کیا تھا لیکن ہم بخوف طوالت اُس کو یہاں نظر انداز کرتے ہیں-)

کولمبس کی کامیاب واپسی سے پیلاس کے چھوٹے بندرگاہ میں ایک کھلبلی مچگئی کیونکہ وہاں ہر شخص اس مہم سے کم و بیش تعلق رکھتا تھا- وہاں کے نہایت اہم اور متمول جہازران اس مہم میں شریک تھے اور مشکل سے کوئی خاندان بچا ہوگا جس کے افراد یا ہوا خواہوں نے اس میں شرکت نہ کی ہو- جہازوں کی روانگی کے بعد تمام شہر پر مایوسی ہی مایوسی چھاگئی تھی کیونکہ سفر نامعلوم مقامات کیلیے کیا گیا تھا اور موسم سرما میں جب تُند و تیز ہوائیں سمندر پر چلتی تھی تو وہ ان جہازوں کے غرق ہونے کے خوف سے ہمیشہ افسردہ خاطر رہتے تھے- بعض اپنے دوستوں کو مردہ خیال کرکے روتے تھے- کبھی یہہ تصوّر کرتے تھے کہ جہاز کی تباہی کے بعد وہ کسی تختہ پر چلے جارہے ہیں- کبھی سوچتے تھے کہ شاید اُن کو سمندر کے ساحل پر پہونچنا نصیب نہیں ہوا اور چٹانوں سے ٹکرا کر وہ غرق ہوگئے ہیں یا اُن کو سمندر کے خوفناک جانوروں نے ایک لقمہ بنالیا ہے- اگر وہ اُن کی آنکھوں کے سامنے مرجھی جاتے تو شاید اُن کو اتنا رنج و الم نہوتا لیکن اُن کی روانگی کے بعد تو اُن کی صورت ہمیشہ اُن کی آنکھوں کے سامنے رہی اور اُن کو یاد کرکے وہ ہمیشہ ملول و مغموم رہے-

لہذا پیلاس کے باشندوں میں بڑی ہلچل پیدا ہوگئی جب اُنھوں نے اُن جہازوں میں سے ایک کو دریا میں لنگر انداز دیکھا لیکن جب یہہ حال کھلا کہ وہ ایک دُنیا کی دریافت کے بعد کامیاب واپس آیا ہے تو تمام فرقہ خوشی سے پھُول گیا- گھنٹے بجائے گئے دوکانیں بند کردی گئیں بلکہ تمام کاروبار موقوف کردیا گیا- تھوڑے عرصہ تک عجلت اور شور و شغب کے سوا اور کچھ نظر نہ آتا تھا- جب کولمبس اُترا تو آدمی جوق جوق اُسے دیکھنے اور مبارکباد دینے کے لیئے آئے- اور جلوس کے ساتھ بڑی گرجا میں لیگئے تاکہ ایسی عجیب دریافت کے لیئے

خدا کا شکر ادا کریں۔ وہ اب اس خوشی میں اُن ہزاروں مشکلات کو بھی بھول گئے جن کو انھوں نے اِس مہم کی راہ میں حائل کیا تھا۔ جہاں کہیں کولمبس جاتا اُس کو خواہش آمدید اور جیّدا کے نعروں سے ہاتھوں ہاتھ لیا جاتا۔ ایک وہ دن تھا جب کولمبس اپنے اور اپنے بیٹے کیلئے ایک گرجا کے دروازہ پر اسی شہر میں آذوقہ مانگنے کے لیے مجبور ہوا تھا یا آج وہ دن تھا کہ ہر جگہ اُس کی آؤ بھگت بڑے شد و مد کے ساتھ ہوتی تھی۔

جب اُسے یہ معلوم ہوا کہ دربار شاہی بارسلونا میں ہے اُس نے بحری سفر کی زحمتوں کا خیال کر کے یہ مناسب سمجھا کہ وہ خشکی کی راہ سے وہاں جائے۔ چنانچہ اُس نے بادشاہ اور ملکہ کو ایک درخواست بھیجی جس میں اُس نے اپنی واپسی کی اطلاع درج کی اور سیول کی طرف روانہ ہو گیا تاکہ وہاں اُن کے جواب کا انتظار کرے۔ وہ چھ ۶ ہندی دیسیوں کو بھی جن کو وہ نئی دنیا سے لایا تھا اپنے ہمراہ لیگیا۔

عجیب اتفاق کی بات ہے کہ جس روز کولمبس پیلاس میں پہونچا اُسی روز شام کو جہاز پنٹا بھی جس کا ناخدا مارٹن ایلانزو پنزن تھا وہاں پہونچ گیا۔ وہ امیر البحر سے طوفان میں علیحدہ ہو کر خلیج بسکے میں پہونچا اور بے ین کے بندرگاہ میں لنگر انداز ہوا۔ یہ خیال کر کے کہ کولمبس غالباً طوفان کی نذر ہو گیا پنزن نے فوراً بادشاہ اور ملکہ کو خط لکھا کہ میں نے نئی دُنیا دریافت کر لی ہے اور مجھے دربار میں حاضر ہونے کی اجازت دیجائے تاکہ میں سب حال مفصّل بیان کر سکوں۔ جب ہوا موافق چلنے لگی تو وہ فوراً پیلاس کو روانہ ہوا، اس اُمید پر کہ اُس کا شاندار استقبال ہو گا لیکن جب بندرگاہ میں داخل ہو کر اُس نے امیر البحر کے جہاز کو لنگر انداز دیکھا اور اُسی کے استقبال کی کیفیت سُنی تو پنزن کا دل بیٹھ گیا۔ وہ اپنی کشتی میں سوار ہو کر پوشیدہ پوشیدہ ساحل پر اُترا اور جب تک امیر البحر وہاں رہا وہ شرم سے لوگوں کے سامنے بھی نہ آیا۔ وہ اپنے گھر نہایت مایوسی کی حالت میں پہونچا اور اُس کی صحت بھی خراب ہو گئی۔ جب اُسی کے نام بادشاہ اور ملکہ کا

سلامت آمیز جواب پہونچا تو اُس کا رہا سہا سہارا بھی جاتا رہا اور وہ اسی حالت افسردگی میں چند دنوں بعد فوت ہو گیا۔

کولمبس کے خط سے بادشاہ اور ملکہ دونوں بیحد خوش ہوئے اور کولمبس کو سیول میں رہتے ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ اُس پاس اسپین کے حکمرانوں کا جواب آگیا جس میں اُس سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ فوراً شاہی دربار کا رُخ کرے تاکہ اُس سے ایک اور وسیع ترین مہم کے بارہ میں گفتگو ہو سکے۔ اِس خط میں اُس کو ڈان کرسٹافر کولمبس امیر البحر و نائب السلطنت جزائر غرب الہند" کے خطاب سے مخاطب کیا گیا تھا اور اُس کو دیگر مرحمت خسروانہ کا بھی متوقع کیا گیا تھا۔ اسپین کے فرمانرواؤں کا حکم پاتے ہی کولمبس نے جہازوں، آدمیوں اور سامانِ اسلحہ کی ایک فہرست بھیجی اور خود بارسیلونا کی طرف روانہ ہو گیا اور چھ ہندستانیوں نیز مختلف اقسام کے عجائبات اور پیداوار کو جن کو وہ نئی دنیا سے لایا تھا اپنے ساتھ لیگیا۔

کولمبس کی دریافت سے تمام قوم میں مسرت و بہجت کے آثار نمایاں ہو گئے۔ اُس کا یہ سفر اسپین کے نہایت زرخیز اور آباد صوبوں میں طے ہوا ہے جہاں آدمیوں کے اژدحام سے اُسے مشکل سے رستہ ملتا تھا۔ اِرد گرد کے لوگ اُس کو ایک نظر دیکھنے کے بیحد متمنی تھے۔ سڑکوں پر لوگوں کی ایک قطار منتظر کھڑی رہتی تھی اور مکان کی چھتیں اور بالاخانے آدمیوں سے لدے رہتے تھے۔ الغرض اُس کا یہ سفر شاہانہ کروفر کے ساتھ طے ہوا اور اپریل کے اواسط میں وہ بارسیلونا پہونچا جہاں اُسی کے شاندار استقبال کے لیئے ہر قسم کی تیاری کی گئی تھی۔ جب وہ اُس خاص مقام کے قریب پہونچا تو بہت سے نوجوان درباری اور اُمرا ایک بڑے مجمع کے ساتھ اُسی کے استقبال کے لیئے باہر نکلے اور اُس کو خوش آمدید کہا۔ اُس کے اس شہر کے داخلہ کو اہل روما کے فاتحین کے داخلہ سے تشبیہ دی گئی۔ پہلے ہندوستانیوں کو اُن کے اپنے رنگ و وضع اور زیورات میں اِدھر اُدھر

پھرایا گیا۔ اِس کے بعد مختلف اقسام کے طوطے اور عجیب عجیب قسم کے پرند اور جانور اور نادر قسم کے پودے جو نہایت قیمتی شمار کیے گئے تھے دکھلائے گئے۔ یہہ بھی خاص احتیاط ملحوظ رکھی گئی کہ ہندوستانیون کے چھوٹے چھوٹے تاج اور دیگر طلائی زیورات کی نمائش عمدہ طور پر ہو تاکہ اُن سے تو مفتوحہ ممالک کے تمول کا اندازہ ہو سکے۔ بعد ازان کولمبس گھوڑے پر سوار نکلا جس کے ہمرکاب اسپین کے بہادرون کی ایک شاندار جماعت تھی۔ آدمیون کی کثرت سے رستون پر تل رکھنے کی جگہہ نہ تھی اور مکانوں کی چھتیں اور بالاخانے آدمیوں کے بوجھ سے جھکے جا رہے تھے۔ اس نظارہ میں روحانیت کا پہلو بھی مضمر تھا۔ اُس وقت یہہ خیال تھا کہ ملکہ اور پادشاہ کے تقدس کی وجہہ سے خدائے برتر نے اُنکو یہہ انعام بخشا ہے۔

کولمبس کو امتیاز اور شان و شوکت کے ساتھ خوش آمدید کہنے کے لیے حکمرانون نے اپنا تخت ایک منقش اور زرنگار شامیانے کے نیچے بچھوایا جو ایک وسیع اور عظیم الشان کمرہ میں آویزان تھا۔ یہاں بادشاہ اور ملکہ نے اُسی کے آنے کا انتظار کیا جو درباری لباس میں ملبوس تھے اور شہزادہ جوآن بھی اُن کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا اور اسپین کے تمام شرفا اور درباری حاضر تھے۔ یہہ سب اُس شخص کے دیکھنے کے بیحد آرزومند تھے جس کی وجہہ سے قوم کو بے اندازہ دولت ہاتھ لگ گئی تھی۔ آخر کار کولمبس تزک و احتشام کے ساتھ بڑے کمرے میں داخل ہوا اور جب وہ قریب آیا تو حکمران اس طرح استادہ ہو گئے گویا وہ کسی نہایت اعلیٰ اور ممتاز شخص سے ملاقات کر رہے ہیں۔ کولمبس نے اپنے تئیں جھکا کر اُن کے ہاتھون کو بوسہ دینا چاہا لیکن اُنھون نے اس قسم کی اطاعت قبول کرنے میں کسی قدر تامل کیا اور جلد اُس کو اُنھوں نے نہایت مہربانی سے اُٹھا کر کہا کہ آپ ہمارے سامنے تشریف رکھیئے۔ یہہ وہ عزت تھی جو اُن کے دربار میں کسی کو میسّر نہ آسکتی تھی۔

اب اُس نے اُن کے ارشاد پر اپنے بحری سفر کے نہایت اہم واقعات بیان کیئے۔

اور دریافت شدہ جزائر کا نقشہ کھینچا۔ اُس نے غیر معلوم پرندوں اور دوسرے جانوروں کی مختلف قسمیں دکھلائیں۔ جڑی بوٹیاں، سفید پودے، گرد سے اٹا ہوا سونا، وحشیوں کے زیورات اور اُن ممالک کے اصلی باشندوں کو دکھلایا اور کہا کہ آیندہ زمانہ کی دریافتوں کا محض پیش خیمہ ہیں جن سے نہ صرف اسپین کی دولت بے شمار و حساب ترقی کر جائے گی بلکہ صحیح عقیدہ کی تمام قومیں (عیسائی قومیں) اُن سے مستفید ہوں گی۔

جب کولمبس اپنی تقریر ختم کر چکا تو حکمرانوں نے سجدۂ شکر ادا کیا اور اُن کی آنکھیں خوشی اور شکر سے پُرنم ہو گئیں۔ تمام حضّار نے اُن کی تقلید کی اور اُس شاندار مجمع میں متانت اور سنجیدگی کا پہلو نظر آنے لگا اور عام نعرہ ہائے کامیابی کا رستہ بند ہو گیا۔ قومی ترانہ بلند ہوا اور تقدس و پاکیزگی کی روح اُس میں دوڑ گئی۔ خدا کا ہزار ہزار شکر اُس شاندار کامیابی کے لیئے ادا کیا گیا۔ جب کولمبس دربار سے رخصت ہوا تو اُسکے پیچھے ایک کثیر مجمع نعرہ ہائے آفرین بلند کرتا ہوا چلا۔ بہت دنوں تک لوگ اُسے حیرت و استعجاب سے دیکھتے رہے اور جہاں کہیں وہ جاتا اُسی کے مدّاحین اُسکے گرد جمع ہو جاتے۔

اگرچہ اُس کا دماغ آیندہ کی شاندار توقعات سے پُر تھا لیکن اُس کے دل سے بیت المقدس کی آزادی کا خیال کبھی دور نہیں ہوا تھا۔ یہہ کہا جاتا ہے کہ جب اُس نے اسپین کے حکمرانوں سے پہلے پہل اپنی تجویز کا ذکر کیا تو اُس نے یہہ بھی کہا تھا کہ اس سفر کی اصلی غایت یہہ ہے کہ جو کچھ منافع ان دریافتوں سے ہو اُس کا ایک جزو اِس مہم پر بھی صرف کیا جائے۔ وہ اِس خیال میں مگن ہو کر کہ اب اُس کو بھی ذاتی طور پر کثیر منفعت حاصل ہو گی یہہ عہد کر بیٹھا کہ میں سات سال کے اندر چار ہزار سواروں اور پچاس ہزار پیادوں کی ایک فوج بھرتی کروں گا تاکہ بیت المقدس آزاد ہو سکے۔ اُس نے حکمرانوں کو جو عرضداشت بھیجی اُس میں بھی یہہ عہد و پیمان درج کیا۔ اگرچہ اُس کے یہہ خیالات محض بے بنیاد اور لاحاصل تھے تاہم اِس سے اُسکے طریق کار پر روشنی پڑتی ہے اور یہہ ظاہر ہوتا ہے

کہ وہ ذاتی منفعت اور خود غرضی سے بالاتر تھا۔

کولمبس کی اس عظیم دریافت سے نہ صرف اسپین بلکہ تمام یورپ کو خوشی حاصل ہوئی۔ اس دریافت کی خبر سفیروں، سوداگروں، عالموں اور سیاحوں کے ذریعہ سے دُور دُور پہونچی۔ کیا لُطف ہوتا اگر اُس زمانہ میں آجکل کی طرح مطابع کام کرتے ہوتے اور روزانہ حالات سے دُنیا کو آگاہ کرتے رہتے۔ اُس عہد کے مصنفین نے جہاں کہیں اس دریافت کے حالات درج کیئے ہیں اگرچہ وہ مختصر اور اتفاقی ہیں تاہم نہایت دلچسپ معلوم ہوتے ہیں۔ یہہ خبر جینوا میں بھی پہونچی اور اگرچہ وہاں کی جمہوری سلطنت نے اس دریافت کی مالکہ بننے کا موقع ہاتھ سے کھو دیا تھا لیکن وہ ہمیشہ فخر کرتی رہی کہ اُس نے ایسے دریافت کنندہ کو پیدا کیا۔ اس دریافت کا علم انگلستان کو بھی ہوا جو اُس وقت تک گھٹیا درجہ کی بحری طاقت تھا۔ ہنیری ہفتم کے دربار میں اس کے متعلق بہت گفتگو اور تعریف ہوئی اور اس دریافت کو انسانی ہونے کی نسبت زیادہ تر آسمانی سمجھا گیا۔ سیباسٹین کیبٹ جو براعظم شمالی امریکہ کا آیندہ دریافت کنندہ ثابت ہوا اُس وقت لندن میں موجود تھا اور اس واقعہ سے اُس کے دل میں بھی دریافت کا ولولہ اُٹھا۔

یورپ کے تمام ممالک اس واقعہ سے محظوظ ہوئے کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اس سے اُن کو بھی براہِ راست یا بواسطہ تعلق ہے۔ بعضوں نے خیال کیا کہ تحقیقات کا نیا دروازہ کھُل گیا ہے اور بعضوں نے اپنی مہمات کا اس کو پیش خیمہ سمجھا۔ بہرحال سب نے نہایت سرگرمی کے ساتھ اس نامعلوم دنیا کے رازہائے سربستہ کے انکشاف کا انتظار کیا کیونکہ ابتک نئی دنیا کے حالات پوشیدہ تھے اور تھوڑے بہت جو ظاہر ہوئے تھے وہ بھی عجیب و غریب معلوم ہوتے تھے۔

لیکن اس تمام جوش و خروش کے باوجود کوئی بھی اس دریافت کی حقیقی اہمیت سے آگاہ نہ تھا۔ کسی کو یہہ گمان بھی نہ تھا کہ یہہ کرۂ زمین کا بالکل جُداگانہ حصّہ ہے

جو قدیم دنیا سے سمندروں کے ذریعہ سے علیحدہ ہے عام طور پر کولمبس کی یہ رائے تسلیم کی گئی کہ کیوبا براعظم ایشیا کا سرا ہے اور اُس کے آس پاس کے جزیرے بحر ہند میں واقع ہیں۔ قدما کے خیال سے اس رائے کی مطابقت ہوتی تھی کیونکہ اسپین سے مغرب کی طرف سمندر میں سفر کرنے سے ہندوستان کے آخری سرے تک اسی قدر فاصلہ تصور کیا جاتا تھا جتنا نئی دنیا کے طوطوں کو پلائینی کے بیان کردہ طوطوں کے مشابہ سمجھا گیا جو ایشیا کے دور دراز خطوں میں پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا جس سرزمین پر کولمبس گیا تھا اُس کو جزائر غرب الہند کے نام سے موسوم کیا گیا اور چونکہ وہ غیر معلوم ممالک کی وسیع زمینوں میں داخل ہوتا ہوا دکھائی دیا اس لیے تمام زمین کو ایک عام نام نئی دنیا کا دیدیا گیا۔

کولمبس کے تمام قیام بارسیلونا میں حکمرانوں نے اُس پر اپنی عنایات و مراعات کی بارش جاری رکھی۔ وہ ہر وقت بادشاہ اور ملکہ سے ملاقات کر سکتا تھا اور ملکہ اُس کی مہم کے واقعات کو بیحد خوشی اور مسرت سے سنتی تھی۔ اکثر بادشاہ بھی اپنے ہمراہ ایک طرف شہزادے جوآن کو اور دوسری طرف کولمبس کو گھوڑے پر سوار لیکر نکلتا تھا۔ اُس کے خاندان میں اس مہم کی کامیابی کو یادگار بنانے کی غرض سے ایک زرہ بکتر اُس کو دی گئی تھی جس پر شاہی اسلحہ قلعہ اور شیر ایسے موقع سے دکھائے گئے تھے کہ وہ مجمع الجزائر معلوم ہوتے تھے جن سے سمندر کی موجیں ٹکراتی تھیں۔

حکمرانوں نے اس پنشن کو جو پہلے پہل نئی زمین دیکھنے والے کے لیے مخصوص کی تھی کولمبس ہی کا حق قرار دیا۔ کیونکہ نئی زمین پر کولمبس ہی نے پہلے پہل روشنی دیکھی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ وہ جہاز ران جس نے پہلے پہل زمین دیکھی تھی اور جو اپنے آپ کو اس پنشن کا مستحق سمجھتا تھا اس ناکامی سے اس قدر مایوس ہوا کہ اُس نے اپنا وطن اور مذہب ترک کر دیا اور افریقہ چلا گیا جہاں وہ مسلمان ہو گیا۔

اسپین کے حکمرانوں، درباریوں اور لوگوں نے کولمبس کا بیحد احترام کیا اور

اور اُس نے یہہ زمانہ مرفہ الحالی سے لطف اندوز ہونے میں بسر کیا لیکن اس کے بعد وہ حسد اور رقابت کا شکار بنایا گیا۔ اگرچہ اُس نے اپنی عظمت اُن فوائد کی بنا پر جو یورپ کو اُس کی دریافت سے حاصل ہوئے تھے سب سے تسلیم کرائی تھی لیکن آخر کار لوگوں کی رقابت اور حسد کی آگ نے اُس کو مصیبت اور تکالیف کا نشانہ بنا کر چھوڑا۔

مزید بحری سفر اور وفات کولمبس

(سنہ ۱۴۹۳ء سے سنہ ۱۵۰۶ء تک)

کیڈز سے کولمبس ۲۵ ستمبر سنہ ۱۴۹۳ء کو سترہ جہازوں کا بیڑا لیکر نئی دریافتیں کرنے اور نوآبادیاں بسانے کے لیئے روانہ ہوا۔ وہ ہسپانیولا میں ۳ نومبر کو پہونچا اُسکے ہمراہ بارہ سو ۱۲۰۰ آدمیوں کی جماعت تھی جس میں سپاہی، صنّاع اور مبلّغین سب شامل تھے اور اُن کے خورونوش کا سامان بھی ساتھ تھا۔ وہ اپنے ساتھ ایسے تمام پودوں کا بیج بھی لے گیا تھا جو گرم اور مرطوب آب وہوا میں نشوونما پا سکتے تھے اور قدیم نصف کرہ کے پالتو جانوروں کو بھی وہ لیگیا تھا کیونکہ نئے نصف کرہ میں ان میں سے ایک بھی موجود نہ تھا۔ کولمبس نے اُس موقع پر جہاں اُس نے قلعہ اور ہسپانیہ کے باشندوں کو چھوڑا تھا خاک کے ڈھیر اور لاشوں کے سوا کچھ نہ پایا۔ اِن لٹیروں نے اپنے تند وبیباک اور ظالمانہ رویّہ سے خود اپنی تباہی کے سامان فراہم کر لیے تھے۔ کولمبس نے اپنے ساتھیوں سے جو دیسیوں سے بدلہ لینے کی آگ سے غضبناک ہو رہے تھے کہا کہ اس وقت یہی مناسب ہے کہ وہ اپنے دل کی بھڑاس کسی اور وقت پر نکالیں اور اس وقت بدلہ نہ لیں۔ سمندر کے سواحل پر ایزابلا نامی ایک قلعہ تیار کیا گیا اور سیباؤ کے پہاڑ پر سینٹ ٹامس کا قلعہ تیار کیا گیا، جہاں اہل جزیرہ سمندر کے مدّوجزر سے فائدہ اُٹھا کر اُس سونے کا کثیر حصّہ فراہم کیا کرتے تھے جو اُن کے زیورات میں کام آتا تھا اور جہاں فاتحین نے کانیں کھودنے کا مصمم ارادہ کیا۔

جب یہہ تیاریاں ہورہی تھیں اور تعمیرات جاری تھیں تو وہ ذخائر جو یورپ سے ہمراہ لائے تھے یا خراب ہوگئے۔ اس نئی آبادی کے پاس ذخیرہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کوئی اور شے نہ تھی۔ سپاہیوں یا ملاحوں کو نہ اتنی فرصت تھی اور نہ ان کو اتنی واقفیت اور خواہش تھی کہ وہ خورونوش کا سامان مہیا کریں۔ اُس وقت یہی مناسب معلوم ہوا کہ وہ ملک کے اصلی باشندوں کی امداد حاصل کریں۔ لیکن وہ خود کاشت نہیں کرتے تھے اور اس بنا پر اجنبیوں کو کھانے پینے کے سامان سے مدد نہیں دے سکتے تھے۔

یہہ صحیح ہے کہ ہسپانیہ والے پرانے نصف کرہ کے معمولی اشخاص تھے لیکن اُن میں سے ہر ایک اس قدر کھاتا تھا جو کئی ہندوستانیوں کی غذا کی برابر ہوتا تھا۔ ان بدنصیب لوگوں نے جو کچھ اُن کے پاس تھا سب ہسپانیہ والوں کے حوالے کر دیا۔ اس پر بھی اُن سے مزید مطالبہ کیا گیا۔ ان متواتر مطالبات نے اُن کے طرز عمل میں تبدیلی پیدا کر دی اور وہ قدرتاً مخالفت کے لئے تیار ہوگئے۔ گوانا کنیا گری کے سوا جس نے ہسپانیہ والوں کو پہلے پہل اپنے یہاں بُلایا تھا باقی تمام سرداروں نے اپنی فوجوں کو جمع کرنے کا مصمم ارادہ کیا تاکہ اُس جوئے کو اُتار پھینکا جائے جو ہر روز زیادہ ناقابل برداشت ہوتا جا رہا تھا۔

کولمبس نے اپنی نئی دریافتوں سے باز رہنے کا ارادہ کر لیا تاکہ اس غیر متوقع خطرہ کے لیے تیار ہو جائے۔ اگرچہ اُس کے ساتھیوں سے دو تہائی عیاشی اور آب و ہوا کی سختیوں کے شکار ہو کر قبروں میں جا بسے تھے اور بہت سے لوگ جو ان بلاؤں سے بچ گئے تھے بیماریوں کی وجہ سے اُس کے شریک نہ ہو سکے اور وہ دو سو پیدلوں اور بیس سواروں سے زائد دشمن کے مقابلہ میں فوج نہ لا سکا تاہم یہہ غیر معمولی شخص دیگاریل کے میدان کے فراہم شدہ لشکر سے بالکل خائف نہ ہوا اور اُس پر حملہ کرنے سے باز نہ رہا۔

بدنصیب باشندگان جزیرہ جنگ سے قبل ہی مفتوح ہو گئے۔ اُنھوں نے ہسپانیہ

والوں کو اعلیٰ قسم کے انسان خیال کیا۔ یورپ کے اسلحہ دیکھکر اُن کے دل میں اُن کی تعریف وتوصیف اور عزت واحترام نے جگہ لے لی اور سواروں کو دیکھکر تو وہ بیحد متعجب ہوئے اُن میں سے بعض ایسے سادہ لوح تھے کہ وہ آدمی اور گھوڑے کو ایک ہی وجود سمجھتے تھے۔ اگر اُن میں ان خوفناک مظاہر کے بعد بھی جرأت باقی رہتی تو وہ بہت خفیف مقابلہ کرلیتے۔ توپ کے گولے، تلواروں کی ضربیں اور باقاعدگی ایسی چیزیں تھیں جن سے وہ ناآشنا تھے اور جو اُنھیں آسانی سے راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور کرتیں۔ وہ ہر چہار طرف بھاگنے لگے۔ اُن کو بغاوت کی سزا دینے کیلئے کیونکہ اُنھیں باغی ہی سمجھا گیا تھا ہر ہندوستانی پر جو چودہ سال سے زائد عمر کا تھا سونے یا روپئے کا خراج اُس ضلع کے لحاظ سے جس میں وہ رہتا تھا قائم کیا گیا۔

یہہ قانون جس میں سخت محنت کی ضرورت تھی اُن لوگوں کو بدترین معلوم ہوا کیونکہ وہ لگاتار محنت کے عادی نہ تھے۔ پس اپنے ظالموں سے نجات پانے کا خیال اُنکے دل ودماغ میں سرایت کرتا گیا۔ چونکہ طاقت کے ذریعے سے وہ اُن کو ملک سے باہر نہیں نکال سکتے تھے لہٰذا اُنھوں نے ۱۸۹۶ء میں ہسپانیہ والوں کو بھوکوں مارنے کا ارادہ کیا۔ اس لحاظ سے اُنھوں نے جوار بھی نہ بوئی اور ارارروٹ کی جڑوں کو بھی اُکھاڑ پھینکا جو پیشتر بودی گئی تھیں اور پہاڑوں میں جاکر پناہ گزین ہوگئے۔

ایسے جان پر کھیلنے والے ارادے کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ ہندوستانیوں کا یہہ طرز عمل اُن کے لیے مہلک ثابت ہوا۔ موٹی جھوٹی غذا جو بغیر کاشت دستیاب ہوجاتی تھی وہ خود اُن کے لئے کافی نہ تھی جیسا کہ اُنھوں نے بے سوچے سمجھے خیال کرلیا تھا کہ کافی ہوجائیگی اور اُن کی جائے پناہ کیسی ہی دشوار گذار کیوں نہ ہوتا ہم اُن کے غضبناک سنگروں کے تعاقب سے محفوظ نہ تھی جن کو مقامی ذخائر کی عدم رسی کے زمانہ میں اتفاقاً اُن کے وطن سے غذا بہم پہونچ گئی۔ ہسپانیہ والوں کی آتش غضب اس قدر بھڑک گئی تھی کہ اُنھوں نے

کتوں کو سدھا کر ان بدنصیب لوگوں کا شکار کرنا اور پھاڑ ڈالنا شروع کر دیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بعض لوگوں نے یہ عہد و پیماں کیا تھا کہ وہ ہر روز بارہ ولیوں کے احترام میں بارہ آدمیوں کو قتل کیا کرینگے۔ اس واقعہ سے قبل اس جزیرہ میں دس لاکھ آدمیوں کی آبادی شمار کی جاتی تھی۔ ان حملوں سے اس معتد بہ آبادی کا ایک ثلث تباہ و برباد ہو گیا کچھ لوگ تکان اور بھوک سے مر گئے اور کچھ تلوار کے گھاٹ اتار دیے گئے۔

وہ بدنصیب اشخاص جو ان آفات سے محفوظ رہے اور اپنی اپنی جائے سکونت کو لوٹ کر آئے دوسری قسم کی مصیبتوں کا شکار بن گئے جب کہ اُن کے ظالموں میں باہم پھوٹ پڑ گئی۔ نئی آبادی کا دارالسلطنت شمال سے جنوب کو تبدیل ہوا یعنی ایزابلا سے سانٹو ڈومنگو پہونچا تو ممکن ہے اس تبدیلی کی وجہ سے بھی کچھ شکایات ہوں لیکن اس میں نزاعات عیاشی کی بنا پر تھے اور یہ جذبہ جلتے ہوئے آسمان کے نیچے غیر معمولی حد تک بھڑک اُٹھا تھا۔ اور اُس حکومت کے دبائے نہ دبتا تھا جو کافی طور پر مستحکم نہ تھی جب کسی دیسی سردار کو معزول کرنے یا کسی ضلع کو لوٹ کھسوٹ کرنے یا کسی گاؤں کو تباہ و برباد کرنے کا کام پیش آتا تو کولمبس کے بھائی یا اُس کے قائم مقام کے احکام کی فوراً تعمیل کی جاتی۔ مالِ غنیمت تقسیم کرنے کے بعد عدول حکمی کا دور دورہ ہوتا اور باہمی خصومتوں اور رقابتوں کا خاص شغل شروع ہو جاتا۔ آخر کار ہسپانیہ والوں نے ایک دوسرے کے خلاف ہتھیار اُٹھائے اور کھلم کھلا جنگ کا اعلان کر دیا۔

۱۴۹۶ء

ان تفرقوں کے زمانہ میں کولمبس اسپین گیا ہوا تھا اور وہاں وہ جون میں اُن الزامات کی جواب دہی کے لیئے طلب ہوا تھا جو اُس کے خلاف لگائے گئے تھے۔ اُن عظیم الشان کارناموں کے ذکر سے جو اُس نے انجام دیے تھے اور اُن مفید تجاویز کے بیان سے جن کو وہ عملی جامہ پہنانا چاہتا تھا اُس نے بآسانی ایزابلا کا اعتماد حاصل کر لیا۔ فرڈی ننانڈ خود بھی دُور و دراز بحری سفروں کی تجویز سے

کسی قدر متفق ہوگیا۔ باقاعدہ حکومت کی تجویز پر بھی غور کیا گیا جو سانٹو ڈومنگو میں تجربتہً قائم ہونے والی تھی اور بعد ازاں ایسی تبدیلیوں کے ساتھ جن کو تجربہ ضروری قرار دے اُن نوآبادیوں میں جو امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ دوسرے نصف کرہ میں قائم کی جائیں اختیار کی جانے والی تھی کان کنوں کو دیکھ بھال کر منتخب کیا گیا تھا اور حکومت نے چند برسوں تک اُن کی تنخواہ اور خوراک اپنے ذمہ قبول کرلی تھی۔

۳۰ مئی ۱۴۹۸ء کو کولمبس اپنے تیسرے سفر پر چھ جہازوں کو لیکر روانہ ہوا۔ وہ جزائر کنیری پہونچا اور وہاں سے اُس نے تین جہاز براہ راست ہسپانیولا بھیجے۔ بقیہ تین جہازوں کو لیکر وہ جزائر کیپ ورڈ کی طرف گیا۔ اُس مقام سے رخصت ہوکر اُس نے جنوب مغرب کا رستہ اختیار کیا یہانتک کہ وہ خط استوا سے ۵ درجہ کے اندر پہونچ گیا جہاں ہوا کی گرمی سے شراب اور پانی کے پیپے پھٹ گئے اور اہل جہاز خوف زدہ ہوگئے کہ کہیں جہاز جل نہ جائے۔ آٹھ دن ساکت سمندر اور ناقابل برداشت گرمی کے بعد ہوا کسی قدر سرد ہوگئی اور ۳۱۔ جولائی کو وہ خشکی پر پہونچ گئے جو جزیرہ ٹرینی ڈاڈ دریائے اوری نیکو پر ثابت ہوا۔ اُس نے کنارہ کنارہ چل کر بعض دلیسیوں کو خشکی پر دیکھا جو بیحد مخالف نکلے۔ اُنھوں نے جہازوں پر تیر برسائے۔ اُن کے پاس ڈھال بھی تھی جسکو ہسپانیہ والوں نے نئی دنیا میں پہلے پہل دفاعی ہتھیار کی حیثیت سے دیکھا۔ کولمبس ٹری نیڈاڈ اور دریائے اوری نیکو کے دہانہ کی درمیانی خلیج میں گھس گیا اور اُن بلند موجوں سے جن کو یہ بڑا دریا سمندر میں پیدا کرتا ہے متحیر ہوا۔ اُنھوں نے پیریا کے ساحل پر اور دلیسیوں کو بھی دیکھا جن کے ساتھ دوستانہ بول چال بھی ہوئی اور جنھوں نے ہسپانیہ والوں کو سامان خورد و نوش اور ایک قسم کی شراب بھی دی۔ وہاں سونا بکثرت پایا جاتا تھا اور دیسی لوگ اُن کو موتیوں کے نکالنے کی جگہ میں بھی لے گئے۔ پھر وہ اس کنارے سے ہسپانیولا پہونچ گئے۔ یہ وہ سفر تھا جس میں ہسپانیہ والوں کو پہلے پہل امریکہ کی اصلی زمین

دیکھنے کا موقع ملا۔ اگرچہ شمالی امریکہ کے براعظم کو جان کیبٹ نے گذشتہ سال کے ماہ
مجوزہ میں دریافت کر لیا تھا۔

کولمبس کی تیسری آمد بھی نوآبادی میں امن وامان اور مرفہ الحالی قائم کرنے میں ایسی
ہی ناکام رہی جیسی کہ پہلی دو ثابت ہوئی تھیں۔ اُس نے جس طرز حکومت یعنی با امن فرقہ
کے قیام کا خاکہ اسپین میں کھینچا تھا اُس سے بھی حسب خواہش نتیجہ نہ نکلا۔ رعایا کے خیالات
اپنے حکمرانوں سے مختلف تھے۔ زمانہ کے ساتھ ساتھ جذبات کی پہلی رو ختم ہو جانے پر نئی دنیا کے
جانے کا شوق بھی کم ہوتا گیا جو ابتدا میں زوروں پر تھا۔ وہاں کا سونا اب حرص وطمع کی
آگ مشتعل کرنے میں قاصر تھا۔ برعکس اس کے ہسپانیہ والوں کی خراب رنگتیں جو وہاں سے
گھر واپس آتے تھے، آب وہوا کی سختیوں کے تذکرے، لوگوں کی وہ کثیر تعداد جو جان سے
ہاتھ دھو چکی تھی اور ذخائر کی کمی سے جو تکالیف اُنھوں نے برداشت کی تھیں، ایک
غیر ملکی شخص کی حکومت کی ناپسندیدگی جس کے باقاعدہ احکام کی سخت پابندی پر عموماً
نکتہ چینی کی جاتی تھی اور غالباً وہ رشک وحسد جو اُس کی ترقی پذیر شہرت کی نسبت تھا
ان تمام وجوہات نے کیسٹیل کے بادشاہ کی رعایا میں سانٹوڈومنگو کے خلاف ایک
ناقابل تسخیر تعصب پیدا کر دیا اور یہی وہ اہل اسپین تھے جن کو ۱۵۹۳ء تک اُس جزیرہ کیلئے
روانہ ہونے کی اجازت حاصل تھی۔

کولمبس کے ہمراہ جو اوباش گئے تھے اُن لٹیروں کے ساتھ جو سانٹوڈومنگو میں بھرے
ہوئے تھے مل کر ایک ایسا غیر فطری فرقہ بن گئے جو روئے زمین پر اُس سے پہلے کبھی نہ
ظاہر ہوا تھا۔ اُن کے باہمی اتحاد نے تمام حکومت کو تہ وبالا کر دیا اور اُن کو مطیع ومنقاد
بنانا ناممکن ہو گیا۔ مجبوراً اُن سے گفتگوئے صلح کی گئی۔ بہت سی کوششیں بیکار ثابت
ہوئیں۔ آخرکار ۱۴۹۹ء میں یہ تجویز کی گئی کہ جن قطعات اراضی پر ہسپانیہ والے قابض
ہیں اُن کے ساتھ کچھ خاص تعداد اہل جزیرہ کی بھی ہو گی جو زمین سے ملحق رہیں گے۔

اور جن کا وقت اور کام اُن کے مالکوں کی ملک ہوگا۔ حالانکہ یہ بات بھی انسانیت اور دانشمندی کے خلاف تھی لیکن حکومت کی اس کمزوری سے نوآبادی میں بظاہر امن و امان قائم ہوگیا۔ اس پر بھی کولمبس کی طرف سے جس نے اُن کو یہ نفع پہونچایا تھا اُن کا دل صاف نہ ہوا اور اُس کے خلاف اُن کی شکایتیں سخت اور زوردار ہوتی گئیں یہانتک کہ وہ کامیاب ہوگئیں۔

اس غیر معمولی انسان نے اس شہرت کو جو اُس کے دماغ و محنت کا نتیجہ تھی نہایت سخت شرائط پر خرید کیا۔ اُس کی حیات شاندار کامیابیوں اور بدبختیوں کی ایک مسلسل زنجیر ہے۔ وہ افراد کی متواتر شکایتوں، اور الزاموں اور ناشکر گزاریوں کا شکار بنا رہا اور اس کے ساتھ ہی تند اور بددماغ بادشاہت کے تلوّں کا بھی تابع رہا جو باری باری اُسکو کبھی انعام دیتی اور کبھی سزا دیتی کبھی نہایت عاجزانہ تحقیر سے اُس کا دل دکھاتی اور کبھی اُس پر اعتماد ظاہر کرکے اُس کا دل بڑھاتی۔

دنیا کی سب سے بڑی دریافت کے مصنف کے خلاف وزارت اسپین کا تعصب اس درجہ پر پہونچ گیا کہ نوآبادیوں کی طرف ایک تالث بھیجا گیا تاکہ کولمبس اور اُسکے سپاہیوں میں فیصلہ کرے۔ بوباڈلا جو نہایت جاہ پسند، خودغرض، ناانصاف اور سخت گیر تھا سانٹوڈومنگو میں ۱۵۰۰ء میں پہونچا اور اُس نے امیرالبحر کو اُس کی جائداد اُس کے خطابات اور اُس کے عہدہ سے محروم کردیا اور اُس کو بیڑیاں پہنا کر اسپین بھیجدیا۔ اُس ظالمانہ کارروائی سے ہر جگہ حیرت اور غصہ کے خیالات بھڑک اُٹھے آخرکار فرڈی ناڈ اور ازابلا نے پبلک خیالات کے اظہار سے شرمندہ ہوکر حکم دے دیا کہ کولمبس کی بیڑیاں فوراً کاٹ ڈالی جائیں اور اُس کو رہا کردیا جائے۔ پھر اُنھوں نے منحوس بوباڈلا کو بھی اصلی یا مصنوعی غصہ کے اظہار میں واپس بلالیا جس نے اپنے اختیار کو اس بُری طرح برتا تھا لیکن اُن کی مذمت میں یہ ضرور کہا جائے گا کہ اُنھوں نے ایسی سخت اور

ظالمانہ توہین و تحقیر کے بالمقابل کولمبس کو صرف یہی عوض دینے پر اکتفا کی۔

سلطنت اسپین کی ناشکری کی انتہا ہوگئی جب کولمبس کی درخواستیں اور عرضداشتیں اُسکے عہدہ پر بحال کرنے کے بارہ میں نامنظور کردی گئیں۔ اس خلاف شان بدعہدی کی وجہ کولمبس کی دریافتوں کی اہمیت اور نایاب قدر و قیمت تھی جن کے باعث وہ اِس انعام و اکرام کا مستحق نہ سمجھا گیا۔ اُس نے دو سال متواتر بارگاہ سلطانی میں حاضر رہنے کے بعد اس درخواست اور التجا کو ترک کردیا اور صرف یہہ خواہش ظاہر کی کہ اُس کو چوتھے سفر پر روانہ کردیا جائے۔ فرڈی ناںڈا اور ایزابلا نے جو ایسے شخص کی موجودگی کو اپنے لیے باعث ملامت سمجھتے تھے فوراً اس درخواست کو منظور کرلیا۔ اُسکے لیئے چار چھوٹے جہاز مہیا کیے گئے اور مغربی دنیا کا دریافت کنندہ دراز عمری اضمحلال اور صدمات سے شکستہ خاطر ہو کر ایک مرتبہ پھر کیڈز سے ۹ مئی ۱۵۰۲ء کو روانہ ہوا اُس کا ارادہ مغرب کی طرف نئے دریافت شدہ براعظم کے ادھر جانے اور کرۂ زمین کے چاروں طرف چکر لگانے کا تھا۔ ہسپانیولا پہونچکر اُس نے اٹھارہ جہازوں کے بیڑے کو اسپین کی طرف جانے کے لیئے تیار پایا۔ کولمبس کو سانٹو ڈومنگو کے بندرگاہ میں داخلہ کی اجازت نہ دی گئی، اگرچہ اُس کا جہاز سفر کے قابل نہ تھا۔ چونکہ ان ممالک کی واقفیت کی بنا پر اُس کو ایک آنے والے طوفان کا خطرہ ہوگیا تھا اور اگرچہ گورنر اوونیڈو نے اُس کو بندرگاہ میں پناہ دینے سے انکار کردیا تھا لیکن کولمبس نے اُس کو آنیوالے طوفان سے آگاہ کردیا۔ اُس کی ہدایت نظرانداز ہوگئی اور جہازوں کا بیڑا روانہ ہوگیا چنانچہ آیندہ شب کو وہ ایک عظیم طوفان میں گھر گیا اور تین جہازوں کے سوا باقی تمام بیڑا غرق ہوگیا۔ اِس تباہی میں حاسد بوباڈلا اُن رفقا کی کثیر تعداد کے ساتھ جنھوں نے کولمبس کے ستانے اور ہندوستانیوں پر ظلم کرنے میں کدو کاوش سے حصّہ لیا تھا فنا ہوگیا۔ اور دو لاکھ ڈائر سے زیادہ قیمت کا سونا ڈوب گیا۔

کولمبس اپنی فرزانہ احتیاطوں کی بدولت اس خطرہ سے بچ گیا۔ اب وہ
براعظم کی طرف روانہ ہوا۔ ہونڈرس کے مشرقی نقطہ سے خاکنا ۔ے ڈیرین کی طرف بیکام
بحر جنوبی کا راستہ معلوم کرنے کے لیئے وہ کنارہ کنارہ چلا گیا۔ اُس نے سونے کو دیکھکر
دریائے بیلم پر ویراگوا میں نئی آبادی قائم کرنے کی کوشش کی لیکن ویسیون نے جو
اہل جزائر سے زیادہ جفاکش اور جنگجو تھے بہت سے نوآبادوں کو قتل کر دیا اور باقی ماندہ
اشخاص کو نکال دیا۔ یہہ غیر متوقع ناکامی تباہیوں کے ایک بڑے سلسلہ کا پیش خیمہ
تھی۔ طوفان، آندھیوں، خوفناک گرج اور بجلی اور تمام صعوبتوں نے جو نامعلوم
سمندر کے دریافت کنندوں پر نازل ہوا کرتی ہیں کولمبس کو فکرمند اور پریشان رکھا
آخر کار اُس کا جہاز جمیکا میں تباہ ہوگیا۔ یہاں کوئی نئی آبادی قائم نہ ہوسکی اور
کولمبس نے ہندوستانی زورقوں میں ہسپانیولا کی طرف اپنے آدمی امداد کے لیے روانہ
کیئے۔ گستاخ اوویندو بڑے دریافت کنندہ کی عظمت کے حسد سے جل کر امداد کو ملتوی
کرتا رہا اور کولمبس جمیکا میں اپنے آدمیوں کے باغیانہ طرز عمل سے دق ہوگیا۔ اُدھر
ویسیون نے اپنے جزیرہ میں ہسپانیہ والوں کے زیادہ قیام سے تنگ آکر اُن کے
ذخیروں کی فراہمی کو منقطع کر دیا۔ لیکن کولمبس نے ایک چال سے اُن کو خوف زدہ
بنا دیا۔ چاند گرہن ہونے والا تھا۔ اُس نے بڑے بڑے ہندوستانیوں کو جمع کیا اور
اُن سے کہا کہ اُن کا طرز عمل جو مسافروں کے ساتھ ہے اُس سے بڑا دیوتا ناراض ہوگیا
ہے اور اِس وجہہ سے آج شب کو چاند خون آلود سُرخ ہوجائے گا۔ اُنھوں نے
یقین نہ کیا لیکن جب چاند کا رنگ بدلنے لگا تو وہ سب خوف زدہ ہوگئے۔ چنانچہ
وہ کولمبس کے پاس ذخائر جمع کرکے لائے اور اُس سے التجا کی کہ وہ دیوتا سے اُن
کی صلح کرادے۔ اُس وقت سے وہ ادھام پرستی کی بنا پر ہسپانیہ والوں کے مطیع
و فرمانبردار بن گئے۔

تقریباً ایک سال تک جزیرہ میں مقید رہنے کے بعد اُن کی امداد کے لیے تین جہاز آئے اور اس طرح وہ ہسپانیولا پہونچے جہاں مدمغ اوویڈو نے اپنے معزز مہمان کو عیار انہ تواضع سے رکھا اور بظاہر اُس کی بڑی توقیر و عزت کی لیکن اُس کی تابعداری ظاہری نمائش سے آگے نہ بڑھی۔ کولمبس اپنی مہم کے ذرائع دنیا کے اِس حصّہ میں نہ پاکر ۱۲ ستمبر ۱۵۰۴ء کو اسپین واپس چلا آیا جہاں اُس کے صدمات میں یہہ خبر سنکر کہ ایزابلا بھی جس کی مہربانی اور حفاظت پر وہ ہمیشہ بھروسہ رکھتا تھا فوت ہوگئی ہے اور اضافہ ہوگیا۔ یہہ صدمہ ایسا تھا کہ جس کے بعد پھر وہ نہ پنپ سکا۔ وہ مصیبتوں کا شکار ہوکر اُن لوگوں کی ناشکری سے متنفر ہوکر جن کی خدمت اُس نے کامیابی اور وفاداری کے ساتھ کی تھی، روز بروز سن رسیدہ ہوکر اور شکستہ دل ہوکر چند سال تک ناداری اور کس مپرسی میں دفعتاً فوقتاً اُن لوگوں کو اُن کی عزت و انصاف کا واسطہ دے کر اپنی طرف متوجہ کرتا رہا جنھوں نے اُس کو تاج کی جگہہ بیڑیاں اور دنیا کی جگہہ قید خانہ عنایت کیا تھا اور آخر کار اُس نے اپنی زندگی کو مقام ویلاڈولد پر ۲ مئی ۱۵۰۶ء کو اُنسٹھ سال کی عمر میں خیرباد کہا۔

اس غیر معمولی شخص کا یہہ انجام ہوا جس نے یورپ کو متحیر کرکے زمین میں ایک چوتھائی حصّہ اضافہ کردیا اِس کرہ کو نصف دینا بخشدی جو اتنے عرصہ سے ویران اور نامعلوم تھی۔ انصاف اور عقل کا یہہ تقاضا ہے کہ اس بیخوف جہازران کے نام سے نئے کرہ موسوم کیا جاتا جس کی پہلی دریافت اُس کے حوصلہ مند دماغ کا نتیجہ تھی۔ اور اگرچہ اُس کی یادگار کے لیے یہہ بھی ایک نہایت حقیر بات تھی لیکن حسد یا کم توجہی یا بدبختی کی وجہہ سے یہہ عزت بھی ایک فلارنسین کے جاہ طلب باشندے کے لیے محفوظ رکھی گئی جس نے سوائے اس کے اور کچھہ نہ کیا کہ اُس شخص کے نقش قدم پر چلا جس کا نام دنیا کے بڑے بڑے آدمیوں کی فہرست میں سب سے پہلے درج ہونا چاہیئے۔

باب دوم

تشکر تحقیق کنندگان

یہہ عجیب اتفاق ہے کہ امریکہ کی دریافتیں اکثر بالواسطہ اور غیر ارادی طور پر وقوع ہوئیں۔ شمالی اور دیگر ممالک کی روایات بھی اپنے سورماؤں کو طوفان کی بدولت امریکہ پہونچاتی ہیں۔ کولمبس نے ہندوستان کی تلاش کی اور وہ بجائے مغرب الہند میں پہونچ گیا جان کیبٹ شمالی امریکہ میں اتفاقاً پہونچا اور اس نے خیال کیا کہ میں نے تاتاریوں کی سلطنتِ عظمیٰ کا کھوج لگا لیا ہے۔ سیباسٹین کیبٹ کے بیٹے اور ہندوستان کے شمالی مغربی رستہ کی جستجو کی کوشش میں ہڈسن، بیفن اور دیگر غلاموں کے واسطے آیا۔ فرانسیسی مچھیرے نیوفاؤنڈلینڈ کی ماہی شکار گاہوں کی وجہ سے ۱۵۲۵ء میں اپنے ملک سے نکلے اور انکو یہہ کچھ نہ معلوم ہوا کہ وہ کنارہ پہونچے۔

دیرازنو اور گارڈیر وغیرہ نے اس وقوع واقفیت اور ملک حاصل کرنے کی نیت سے آئے لیکن ایسی مثالیں مستثنیات سے ہیں۔

سر پانس ڈی لیون نے حیات کی تلاش کی اور اس کی بجائے فلوریڈا میں کاری زخم کھایا۔ بینڈلے نے آتشاک کی جستجو کی اور اسے دریائے مسیپی کا پتہ معلوم ہو گیا گومز شمال و مغرب کا رستہ دریافت کرنے نکلا۔ کورونیڈو نے سیولا کے سات طلائی شہروں کی تلاش میں نئے میکسکو کی تمام جھیڑیوں، کینساس کے میدانوں اور کالوریڈو کے دہانہ کا پتا لگایا۔ سوٹو شمالی مغربی ملک میں دریائے مسیپی کی تلاش میں گیا اور سونے کی بجائے صرف وحشی، بخار اور موت کا شکار ہو گیا۔ فرالشر نے شمالی و مغربی رستہ کی جستجو کی اور سونے کے لیے لیبریڈار میں پہونچ گیا۔ ورگس نے اسپین کے جہازوں کو لوٹنے کی غرض سے دنیا کے گرد چکر لگایا۔ ہاکنس نے بیرا عظم کے درمیان ہو کر ہندوستان کا

رستہ تلاش کرنا چاہا لیکن صرف دریائے ہڈسن اور خلیج ہڈسن تک اُس کی رسائی ہوئی۔
یورپ کی بحری طاقتوں نے دریافت کے کام کو گویا آپس میں تقسیم کر لیا تھا۔
اہل ناروے سب سے پہلے پہونچے لیکن اُنھوں نے اِس موقع سے کچھ فائدہ نہ
اُٹھایا۔ پرتگیزوں نے دریافت کے جذبۂ شوق سے پورا کام لیا اور کولمبس نے جیسا کہ
ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اپنے پہلے دس برس پرتگال ہی کی حکومت سے امداد حاصل
کرنے میں صرف کیے اور وہاں سے مایوس ہونے کے بعد اُس نے اسپین کا رُخ کیا
جب وہ مال غنیمت کے ساتھ امریکہ واپس آیا تو پوپ الیگزینڈر ششم نے اپنے
مشہور فرمانِ مورخہ ۳ و ۴ مئی ۱۴۹۳ء میں بحر اوقیانوس کو ایک شاندار خط سے
تقسیم کیا جس کے جانب شرق کی تمام غیر عیسائی سلطنتوں کو پرتگال کو دیدیا اور جانب
غرب کی دنیا کو اسپین سے نامزد کر دیا۔

اِس حد بندی سے انگریزوں کا جوش کچھ عرصہ تک دبا رہا کیونکہ وہ بھی اُسوقت
تک کیتھولک مذہب کے پابند تھے لیکن کہاں تک؟ تمام قوموں میں جو بحر اوقیانوس
کے سواحل پر آباد تھیں فوراً تحقیق کا شوق پیدا ہو گیا اور اپنی تمام طاقتوں اور تمام
اُمیدوں کا مرجع مغرب کو بنا لیا۔ اہل اسپین جوش اور تعداد کے لحاظ سے سب کے
رہنما تھے۔ اب چونکہ پہلی دریافت ہو چکی تھی اِس لیئے کولمبس کے الفاظ میں کوئی شخص
بھی ایسا نہ تھا جو دریافت کنندہ بننے کا مدعی نہ ہو۔

لیکن اطالیہ نے مارکو پولو اور ٹوسکینلی کے ذریعہ سے اور بہترین دریافت
کنندگان کی فراہمی سے یہ جذبہ پیدا کیا، اگرچہ کوئی شخص اُس کے اِس قابل تعریف کارنامہ
کی توصیف نہیں کرتا۔ خود کولمبس شہر جینوا میں پیدا ہوا تھا اور گیوانی یا زوآن کیبٹ جس کو
انگریز جان کیبٹ کہتے ہیں) وینس کا شہری تھا اور وہیں کے باشندے پولو اور کیبٹا کہلاتے
تھے۔ شہر فلارنس میں امریگو ویس پچی پیدا ہوا جس کے نام سے براعظم کے صرف ایک

جزو کو موسوم کیا گیا تھا جس کو اُس نے تحقیق کیا تھا لیکن جلد تمام نئی دنیا اُس کے نام سے پکاری جانے لگی)۔ شہر فلارنس ہی نے دریائے ہڈسن کے حقیقی دریافت کنندہ ویرازانو کو فرانس کو مستعار دیا۔

نہایت بیباک اور خونریز جہازراں اسپین کے حصّہ میں آئے جو وہیں پیدا ہوئے اور جنھوں نے اپنے ہی ملک کی خدمت کی۔ دونوں بھائی پنزن، اور جیڈا، ساسس، کورٹیز، پزارو، پالنس ڈی لیون، گری جالو، کارڈوا، پنیڈا، ولڈویا، کورونا ڈو، لیپ، ایلامیکرو، الوراڈو، لاکوسا، گل گانزلیز گاسکا، آیین، پیری لو وغیرہ۔

پرتگال نے نہ صرف مشرق کے تحقیق کنندگان پیدا کیے بلکہ کورٹیریل میگیلان جس کو میگلن کہتے ہیں اور جو اسپین کے جھنڈے تلے بحری سفروں میں سے سب سے زیادہ حیرت انگیز سفر پر روانہ ہوا، کیبرل جس نے پرتگال کو برازیل بخشدیا، ڈوموز ڈی سنٹرا، جیکس اور کول ہو بھی دنیا کو دے۔

فرانس سے جین کزن جس کو کولمبس کا پیشرو خیال کیا جاتا ہے اور برٹن اور نارمنڈی کے مستقل مزاج مچھیرے جو نیو فاؤنڈلینڈ کی دریافت کی خبر سُنکر اُدھر کو پل پڑے فرے مارکس، کارٹیر، رابرول، چیمپ لین ولی گیگنن، رباٹ لاڈن نیری، لاسیلی، مارکیٹی، جولیٹ، گورگیز، ہنی پن، فرونٹی نیک اور لاڈی رینڈرز آئے۔

انگلستان نے کیبٹ کے معاوضہ میں جس کو اُس نے اطالیہ سے مستعار لیا تھا ہڈسن کو اہل ہالینڈ کے حوالے کر دیا جہاں اُس نے دریائے ہڈسن کو دوبارہ دریافت کیا لیکن بعد ازاں اُسے پھر خلیج ہڈسن کی مہلک دریافت کے لیے واپس بُلا لیا۔ انگلستان نے فرابشر، ڈریک، ہاکنس، گلبرٹ، رلیے، جان اسمتھ، گاسنلڈ، پرنگ، جان ڈیوس، ولوبی اور ولیم بیفن کو بھی مہیّا کیا۔

ہالینڈ نے بیرنٹز اور فارن ہارن کو پیش کیا اور جان ڈی لافو کا یونانی تھا۔

اِس نظریہ کے آخری تصفیہ پر کہ امریکہ، ایشیا کا حصّہ ہے، روسی گوس چیف اوڈنمارک کے بیرنگ نے اٹھارھویں صدی میں یہہ ثابت کیا کہ ایشیا اور امریکہ کسی جگہہ بھی خشکی سے ملے ہوئے نہیں ہیں۔

دریافت کنندگان کو جو انعامات مرحمت ہوئے وہ ایک رنج دہ فہرست پیش کرتے ہیں۔ ان اصحاب میں سے جو اشخاص گمنامی اور بے توقیری سے سپرد خاک ہوئے کولمبس، گاما زیلز اور کورٹیز تھے۔ جن لوگوں کو سزائے موت ملی وہ پنزن، گری جالوا بالبا ڈوا اور پزارو تھے۔ منجملہ اُن اشخاص کے جو جنگ میں مرے یا اُن سختیوں سے فوت ہوئے جو ان کی دریافت کے دوران میں ناقابل برداشت ثابت ہوئیں کارڈوا، ڈسی سیٹو، میگلن، والڈورا، ناردنیز، ایلن، سالس، رباٹ رابرول، گلبرٹ اور ہڈسن تھے۔ جب بیرنگ ۱۷۴۱ء میں فنا ہوا تو وہ امریکہ کی قیمتی دریافت کا آخری شہید تھا۔ لیکن صرف زر خطیر اور آدمیوں کی جانیں آیندہ نسلوں کے فائدہ کیلئے جو ایسی بیدردی سے بہائی گئیں بیکار نہ تھیں اور بیرحمی، حرص و آز، سرقہ اور مظالم کی برداشت کبھی ایسی خوشی، دولت اور آزادی کے پھول پھل نہ لائی جو امریکہ کی دریافت سے حاصل ہوئے۔ اب ہم تفصیل کے ساتھ دریافت اور تحقیق کے بحری سفروں کو بیان کرتے ہیں جو اُس زمانہ کی نہایت قابل الذکر محنت و صنعت میں شمار ہوتے تھے۔

دونوں کیبٹوں کے بحری سفر

مغربی حوصلہ مندی کے نئے میدان کے لحاظ سے براعظم امریکہ پہلے پہل انگریزوں کے زیر سایہ دریافت ہوا۔ نئی دُنیا کی تاریخ بحری جدّوجہد میں جان کیبٹ اور سیباشین کیبٹ کی اولوالعزمی، کامیابی اور نتائج کے لحاظ سے صرف کولمبس سے دوسرے نمبر پر ہے۔ انگلستان کے باشندوں میں ہنری ہفتم کے عہد میں تجارتی

اولوالعزمی ترقی پر تھی اور انگلستان کی منڈیوں میں آلبرڈی کے حوصلہ مند اشخاص بھرے ہوئے تھے۔ برسٹل کے تاجر شمال کی ماہی شکار گاہوں کی وجہ سے آئس لینڈ سے تعلق قائم کرنا چاہتے تھے اور بحر اوقیانوس کے طوفانوں کا عقلمندی کے ساتھ مقابلہ کرنے کا ہنر اس شمالی تجارت کے ذریعہ سے حاصل ہو گیا تھا۔ کولمبس کی دریافت نے ہر جہاز ران کے دل میں حوصلہ پیدا کر دیا تھا کہ وہ بھی ایسی ہی بحری کامیابی کے ساتھ نام پیدا کرے اور اس وقت شاہ انگلستان ایسی بحری مہم میں جس سے کثیر منافع حاصل ہونے کی توقع ہو شرکت کرنے کی خواہش بھی رکھتا تھا۔

لہذا جان کیبٹ کے لیے جو وینس کا تاجر تھا اور برسٹل میں سکونت پذیر تھا دریافتوں کی تجویز جس ہنری ہفتم کو پھانس لینا کچھ مشکل نہ تھا۔ اس نے بادشاہ سے ۵ مارچ ۱۴۹۶ء کو ایک سند حاصل کی جس میں اس نے اپنے اور اپنے تین بیٹوں اور درباریوں اور نائبوں کے لیے مشرقی، مغربی یا شمالی سمندر میں پانچ جہازوں کے بیڑے سے اپنے ہی صرفہ اور خرچہ پر سفر کرنے کی اجازت درج کرائی تاکہ وہ جزائر، ممالک، صوبجات اور قطعات اراضی جو عیسائی قوموں کی نظر سے ابتک بچے ہوئے ہوں دریافت کریں اور ہر شہر یا جزیرہ یا براعظم پر جس کو وہ دریافت کریں انگلستان کا جھنڈا گاڑ دیں اور بحیثیت رعایائے تاج انگلستان اُن ممالک میں آباد و قابض ہو جائیں۔ یہہ شرط بھی اس میں درج کی گئی تھی کہ وہ صرف برسٹل کے بندرگاہ پر آئیں اور جہازرانی کے مفاد میں سے ایک خمس بادشاہ کو دیا کریں۔ لیکن تمام ان ممالک میں جانے کا حق جو دریافت ہوں بلا شرط اور بلا تعیین معاد صرف خاندان کیبٹ اور اس کے منتقل الیہ کے لیے محفوظ رکھا گیا۔ اس سند کے ماتحت جس میں نوآبادی کے اجارہ اور تجارتی رکاوٹ کے متعلق نہایت خراب شرائط درج تھیں، جان کیبٹ اور غالباً اس کا پسر سیباسٹین کیبٹ مغرب کی طرف مئی ۱۴۹۷ء

میں بحری سفر پر روانہ ہوئے۔ اس کے متعلق ہمارے پاس کوئی تحریری ثبوت نہیں کہ اُن کو کن کن طوفانوں سے سابقہ پڑا اور کن کن اشخاص کی بغاوتوں کو انھوں نے فرو کیا۔ بہرحال اس بحری سفر کا نتیجہ براعظم امریکہ کی دریافت (۲۴۔ جون ۱۴۹۷ء) تھا۔ غالباً ۵۱ درجہ کے عرض البلد میں اُنہوں نے جزیرہ بیل کے کسی قدر شمال کی جو اراضی دریافت کی گئی تھی جس میں جنگلی وحشی رہتے تھے۔ اور لیبراڈور کی تنہا چٹانیں واقع تھیں۔

ان جہازرانوں نے اپنی کامیابی کو ظاہر کرنے کے لیئے فوراً اپنے گھر کا رستہ لیا اس طرح بحری تجارتی مہم کے باعث براعظم دریافت ہوا اور نئی دریافت شدہ آراضی اور جزائر پر ایک برطانوی تاجر کے خاندان کا قبضہ بذریعہ سند تسلیم کر لیا گیا۔ تاہم اس خاندان کو جس نے اپنی جیب سے تمام خرچ برداشت کیا تھا اور اپنا دماغ صرف کیا تھا کچھ بھی نفع اٹھانا میسر نہ آیا۔ آئندہ نسلوں کو یہ بھی یاد نہ رہا کہ وہ براعظم امریکہ کو کولمبس کے تیسرے سفر سے چودہ ماہ قبل اور امریگو ویسپی سے تقریباً دو برس پہلے پہنچ گیا تھا لیکن انگلستان کو امریکہ میں ایسے حقوق ضرور حاصل ہو گئے جو اُن کے مسلمہ تقدم سے حاصل کیئے جا سکتے تھے کیونکہ تیسری ہنری اور اُسی کے جانشینوں نے اسپین اور پرتگال کے حقوق صرف اسی حد تک تسلیم کیے جہاں تک اُنھوں نے واقعی قبضہ کی بنا پر دعاوی کی بنیاد رکھی۔

اس اخبار اور جوش نے لوگوں کے دلوں میں گھر کر لیا اور حقوق ثابت کرنے میں جو اب گرانبہا معلوم ہوتے تھے ہنری بھی ہوشیار ہو گیا۔ جان کیبٹ کو ایک نئی سند ۳ فروری ۱۴۹۸ء کو عطا کی گئی جو حقوق کے لحاظ سے پہلی سند سے کم درجہ کی تھی۔ یہ سفر تجارتی اغراض کے لیئے اختیار کیا گیا جس کے صرفہ میں کفایت شعار بادشاہ نے بھی شرکت کی اس سفر کا مقصد یہ تحقیق کرنا تھا کہ ہندوستانی

کس قسم کی زمین میں آباد ہیں اور یہہ بھی توقع تھی کہ شاید وہ کتھے کی متمول سلطنت میں پہونچ جائیں۔ سیباشین کیبٹ ماہ مئی میں روانہ ہوکر اور تین سو آدمی ہمراہ لیکر کیپروڈار کی طرف جزیرہ آئس لینڈ کی راہ سے چلا۔ اور وہ برّاعظم پر ۵۸ ڈگری کے عرض البلد میں جا پہونچا۔ سردی کی زیادتی، نامعلوم سرزمین کی اجنبیت اور ملک کی تحقیق و جستجو کے مقصد نے اُسے ترغیب دی کہ وہ جنوب کا رستہ اختیار کرے اور ممالک متحدہ کے سواحل کے برابر چل کر وہ میری لینڈ کی جنوبی حد پر پہونچ گیا۔ لیکن ذخائر کی کمی نے اُسے انگلستان واپس جانے کی ترغیب دی۔

اگرچہ جی چاہتا ہے کہ اِس بڑے جہازراں کی زندگی کے حالات قلمبند کیئے جائیں جس نے انگلستان کو ایک برّاعظم بخشدیا لیکن اُس نے اپنے سفر کے جو حالات لکھے اور نقشے بنائے وہ سب تلف ہوگئے ہیں اور اُس کی زندگی کے کارنامے گوشۂ گمنامی میں جا پڑے ہیں۔ البتہ اس میں شبہہ نہیں کہ ۱۵۱۷ء میں جبکہ وہ اسپین کے فرڈی ناند کی ملازمت میں داخل تھا اور قبل اس کے کہ چارلس پنجم نے اُسکو جہازرانوں کا افسر مقرر کیا وہ انگلستان سے شمالی و مغربی رستہ دریافت کرنے کے لیئے ایک مرتبہ اور بحری سفر پر روانہ ہوا۔ جن حالات میں اُس نے یہہ سفر اختیار کیا وہ مختلف اور پیچیدہ ہیں اور اُن کو اُس کے پہلے سفروں پر محمول کیا جاتا ہے۔ سیباشین کیبٹ آبناؤں سے گزرکر خلیج میں داخل ہوا اور تقریباً سو برس بعد دونوں کا نام اُس کے نام کے بجائے ہڈسن کے نام پر رکھا گیا۔ اُس نے اپنی تجویز پر دلیرانہ عمل کیا اور اُن ممالک میں گیا جن کا داخلہ بعدازاں نہایت بہادرانہ اور شجاعانہ خیال کیا گیا یہانتک کہ ۱۱۔ جون ۱۵۱۷ء میں وہ ۶۷½ درجہ کے عمودی خط پر پہونچ گیا اور برابر یہی توقع کرتا رہا کہ وہ بحرہند میں داخل ہونے کا رستہ معلوم کرے گا۔ سمندر ابتک صاف اور کھلا ہوا تھا لیکن ایک بحری افسر کی بزدلی اور

ملاحوں کی بغاوت نے اُسے واپسی کے لیے مجبور کیا اگرچہ اُسے خود رستہ معلوم کرنے کے خیال پر یقین تھا۔

سیباسٹین کیبٹ ستاسی سال تک جبکہ عوام بحری مہمات کو نہایت دلچسپی سے دیکھتے تھے اپنی کامیابیوں اور دانشمندی کی وجہ سے قابل احترام رہا۔ وہ ۱۵۲۶ء میں چارلس پنجم کی حمایت میں جنوبی امریکہ گیا اگرچہ اُس کو وہاں پوری کامیابی نہ ہوئی ۱۵۴۸ء میں جب وہ انگلستان واپس آیا تو اُس نے انگلستان کے مفاد تجارت کو تجارتی اجارہ کی مخالفت سے ترقی دی اور ۱۵۴۹ء میں اُس کو ایک بڑے جہاز راں کی حیثیت سے پنشن عطا کی گئی۔ جو مہم ۱۵۵۳ء میں آرچنگل کا رستہ دریافت کرنے کے لیئے روانہ ہوئی اُس کے لیئے ہدایات اسی شخص نے تیار کی تھیں۔ وہ عمر طبیعی کو پہونچکر فوت ہوا اور اُس کو بحری سفر کا اِس قدر شوق تھا کہ وہ آخری وقت میں بھی سمندر ہی کا خیال کرتا ہوا چل بسا۔ افسوس ہے کہ کسی کو اُس کی قبر تک کا حال معلوم نہیں حالانکہ اُس نے انگلستان کو ایک برّاعظم بخشدیا تھا۔

پرتگیز کورٹیریل

شاہِ پرتگال نے جو بے پروائی کولمبس سے ظاہر کی تھی اب اُس کو اس بات کا رنج ہوا اور شمالی دریافت کے لیئے ایک مہم تیار کی۔ اس مہم کا سردار گیسپر کورٹیریل مقرر ہوا۔ وہ ۱۵ مئی ۱۵۰۱ء کو تین جہاز لیکر روانہ ہوگیا۔ شمالی امریکہ کے سواحل پر پہونچکر اُس نے چھ سو یا سات سو میل تک وہاں کے باشندوں اور ملک کو بغور مطالعہ کیا۔ شمال کی جانب آخری مقام جہاں تک اُس نے سفر کیا غالباً پچاس درجہ کے قریب تھا۔ سرسبزی اور شاندار جنگلات جو اُس نے رستے میں دیکھے اُس سے خراج تحسین لیے ہوئے بغیر نہ رہے۔ اُس نے خیال کیا کہ صنوبر

کے درختوں سے جو مستول اور جہاز کے شہتیروں کے لیے موزوں تھے نفع بخش تجارت ہو سکتی تھی لیکن وہاں کے باشندے فوراً ہی تجارتی اشیا میں شمار کیے گئے اور کورٹیریل پچاس سے زائد ہندوستانیوں کو جو محنت اور مشقت کا کام کرنے کے قابل سمجھے گئے اپنے ساتھ لے آیا اور اپنے وطن میں واپس آکر اُن کو غلاموں کی طرح فروخت کر دیا۔ پھر اُس نے اس سفر کو دوبارہ اختیار کرنے کا ارادہ کیا لیکن دوسری بار سردار مہم کو واپس آنا نصیب نہ ہوا۔ اُن دیسیوں نے جن کو وہ زبردستی پرتگال لانا چاہتا تھا لڑ بھڑ کر اُس کو مار ڈالا۔ لیبرا ڈور یا اُسی کے جانب شمال یہ جرم وقوع پذیر ہوا اور شمالی امریکہ میں غالباً پرتگیزوں کا بھی ایک نقش قدم ہے جو ابتک باقی ہے دوسرے سال ماہ مئی ۱۵۰۳ء میں میگل اپنے بھائی کی تلاش میں نکلا لیکن اُسکے جہازوں کے بیڑہ کو دریاؤں اور خلیجوں کی کثرت نے تتر بتر کر دیا۔ صرف دو جہاز واپس آئے لیکن میگل اپنے بھائی کی طرح عدم آباد کو پہونچ گیا۔ بادشاہ نے ایک اور تازہ مہم بھیجی لیکن اُس کو بھی ان دونوں بھائیوں میں سے کسی کا پتہ نہ لگا اور جب خاندان کے سب سے بڑے فرد نے وہاں جانے کی اجازت مانگی تو بادشاہ نے یہ کہکر ٹالدیا کہ ہم خاندان کورٹیریل کے کافی افراد کھو چکے ہیں۔

فرانسیسی دریافتیں اور ویرازنو

فرانسیسیوں نے بھی امریکہ کی آراضی اور تجارت حاصل کرنے کے مقابلہ میں فوراً قدم رکھا۔ برّاعظم امریکہ کی دریافت کے سات سال کے اندر ۱۴۹۷ء میں برٹنی اور نارمنڈی کے جفاکش مچھیروں کو نیوفاؤنڈلینڈ کی ماہی شکارگاہیں معلوم ہو گئی تھیں۔ اُنھوں نے راس برٹن کا نام اپنے وطن کی یاد میں رکھا اور فرانس میں اُن کی وقعت دریافت کنندگان کی حیثیت سے ہونے لگی۔ ڈینس نے جو ہاں فلیر کا باشندہ تھا خلیج سینٹ لارنس کا نقشہ تیار کیا اور فرانس کے شمال و مغرب کے مچھیروں نے

ان اضلاع سے کثیر دولت حاصل کی حالانکہ اوّل اوّل دونوں کیبٹ وہاں پہونچے تھے۔
چند سال تک ماہی شکار گاہوں سے کامیابی کے ساتھ کام لیا گیا۔ پھر ۱۵۱۰ء
میں شمالی و مشرقی سواحل سے وحشیوں کو بھی ٹامس آبرٹ فرانس لا بسا ۱۵۱۸ء میں شمالی امریکہ میں نوآبادیوں کے قیام کی تجاویز
بھی سوچی گئیں اور ان پر غالباً عمل درآمد بھی کیا گیا لیکن فرانسیس اول نجس نے ڈاونچی اور سیلینی کو اپنی سلطنت
میں علوم و فنون کے رواج کے لیے بلایا تھا جان ویرازنو کو جو دوسرا باشندہ فلارنس
تھا نئے ممالک کی تحقیق کے لیے ملازم رکھ لیا۔ وہ جزیرۂ میڈیرا کی راہ سے امریکہ کو ۱
جنوری ۱۵۲۴ء کو روانہ ہوگیا اور صرف ایک چھوٹا سا تیر جہاز لے گیا کیونکہ وہ نئے ممالک
کی تحقیق و جستجو کرنے پر تلا ہوا تھا۔ کچھ دنوں تک ہوا موافق رہی بعد ازاں ایسا خوفناک
طوفان آیا کہ ویرازنو کا جہاز دافن نامی مشکل سے صحیح و سلامت رہا اور پچاس دن کے
بعد براعظم نظر آیا۔ آخر کار ورجینگٹن کے عرض البلد میں ویرازنو کو خوش قسمتی سے ایسی
زمین نظر آئی جس پر کوئی یورپین آج تک نہیں پہونچا تھا۔ اگرچہ اُس نے پچاس فرسخ کی مسافت
طے کی لیکن جانب جنوب کوئی مناسب بندرگاہ نظر آیا۔ لہٰذا وہ جانب شمال واپس ہوکر
ساحل پر لنگر انداز ہوا۔ تمام ساحل پر پانی کم تھا جس کو اتھلا کہتے ہیں لیکن کوئی چٹان نہ
تھی بلکہ اچھا بالوریت تھا اور ملک کی سطح ہموار تھی یہ مقام شمالی کیرولینا تھا۔ غیر ملکی
اشخاص اور کمزور اور ملایم دیسی ایک دوسرے کو دیکھکر متعجب ہوئے۔ دیسیوں کا سرخ گندی
رنگ مولدین کے رنگ سے مشابہ تھا۔ اُن کی پوشاک جانوروں کی کھال تھی۔
اُن کے زیورات پروں کے ہار تھے۔ اُنھوں نے اجنبیوں سے فیاضی کا سلوک
کیا جن سے وہ ابتک خوف زدہ ہونا نہیں جانتے تھے۔ جب ڈافن جہاز شمال کیجانب
چلا تو خشکی پر اُترنے کے لیئے فرانسیسیوں کا بہت جی چاہا۔ اُنھوں نے کہا کہ ایسے جنگلات
اور پُر فضا میدان خواب میں بھی نہیں دیکھے۔ چنانچہ وہ ساحل پر اُتر پڑے باغات خوشبوؤں
سے معطر تھے بلکہ اُن کی خوشبوئیں ساحل سے بھی دُور دراز فاصلہ تک پھیلی ہوئی تھیں

اُن کو ایسا معلوم ہوا کہ مشرق کے مصالحے وغیرہ وہاں پیدا ہوتے ہیں۔ اُس زمانہ کے خیالات اس جہاز کے مسافروں کے دماغ میں بھی اثر کیے ہوئے تھے۔ اُن کی نظر میں زمین کے رنگ سے سونے کی مہتات ظاہر ہوتی تھی۔ وحشی لوگ اپنے مہمانوں سے زیادہ خلیق تھے۔ ایک نوجوان ملّاح جو تقریباً ڈوب چکا تھا دیسیوں کی خوش اخلاقی کے باعث جانبر ہوا لیکن ان مسافروں نے ایک بچہ کو اُس کی ماں کی گود سے چھین لیا اور اُنھوں نے ایک نوجوان عورت کو بھگا لیجانے کا قصد کیا۔

خصوصاً نیویارک کے بندرگاہ نے اپنی بڑی سہولت اور خوشگواری کی وجہ سے اُن کی توجہ کو اپنی طرف متعطف کر لیا۔ حریص اور لالچی آدمیوں کی نگاہوں نے نیوجرسی کی پہاڑیوں میں زمین کی اندرونی معدنیات کو دیکھ لیا تھا۔ نیوپورٹ کے وسیع بندرگاہ میں ویرازنو نے پندرہ دن تک قیام کیا۔ دیسی لوگ نہایت اچھے آدمی تھے۔ وہ فیاض اور دوست تھے۔ لیکن اس قدر ناواقف تھے کہ وہ لوہے اور فولاد کے آلات کے استعمال کے متعلق کوئی رائے نہ قائم کر سکے اور نہ اُن کو اپنے قبضے میں رکھنے کی اُنھیں خواہش پیدا ہوئی حالانکہ اکثر مرتبہ وہ اُنھیں دکھلائے گئے۔

ماہ مئی ۱۵۲۴ء میں جزیرۂ رہوڈ سے رخصت ہو کر مستقل مزاج جہازراں انگلستان نو کے جملہ سواحل کے گرد۔ نواکوشیا تک پھر ایہانتک کہ وہ پچاس درجہ کے عرض البلد کے قریب پہونچ گیا۔ زیادہ شمال کی جانب کے خطوں میں دیسی لوگ حاسد اور دشمن تھے۔ اور اُن کا اعتماد حاصل کر لینا ناممکن تھا۔ اُنھوں نے تجارت کے لیے اپنی آمادگی ظاہر کی کیونکہ وہ لوہے کے استعمال سے واقف تھے لیکن اپنے اشیاء مبادلہ کے عوض وہ چاقو اور فولادی ہتھیار مانگتے تھے۔ غالباً اس ساحل پر کچھ لوگ غلاموں کی جستجو میں آچکے تھے اور اس لیے یہاں کے باشندے یورپینوں کی برائیوں سے خوف زدہ تھے۔

ماہ جولائی میں ویرازنو ایک مرتبہ پھر فرانس پہونچا۔ اس سفر کے حالات جو خود اس نے ریاست ہائے متحدہ کے ساحل کے متعلق تحریر کیئے ہیں قدیم ترین ہیں اور اصلی ہیں اور وہ دستیاب بھی ہوتے ہیں۔ اُس نے ملک کی واقفیت کے علم کو ترقی دی اور دریافت کے حیلہ پر اُس نے فرانس کو ایک وسیع رقبہ کا دعویدار بنا دیا۔

مورخین اپنے اس بیان پر متفق ہیں کہ ویرازنو ۱۵۲۵ء میں دوبارہ ایک اور مہم پر روانہ ہوا لیکن پھر وہ اُس سے واپس نہیں آیا۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ ہینری ہشتم شاہ انگلستان کی ملازمت میں ۱۵۲۷ء میں داخل ہو کر اپنے سفر پر روانہ ہوا تھا لیکن وحشیوں نے اُسے مار ڈالا یہاں یہہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اُسنے شاہ فرانس کی ملازمت ترک کر دی تھی جبکہ پیویا کی لڑائی میں فرانس کو سخت نقصان پہونچا تھا اور سلطنت دیوالیہ ہو گئی تھی؟ لیکن یہہ امر قابل قبول نہیں۔ اُس وقت جس شخص کا حال نہیں معلوم ہوتا تھا یہی فرض کر لیا جاتا تھا کہ اُس کو وحشیوں نے قتل کر دیا۔ ہیکلوٹ مورخ کا بیان ہے کہ ویرازنو تین مرتبہ سواحل امریکہ پر پہونچا اور اُس نے امریکہ کا نقشہ تیار کر کے شاہ انگلستان کے حوالے کیا۔ بہرحال یہہ عام خیال ہے کہ وہ سمندر ہی میں مر گیا اور جس مہم میں اُس کی موت واقع ہوئی اُس کا کوئی حال ہم تک نہیں پہونچا۔ ممکن ہے یہہ افواہ ایسے بڑے جہازراں کی نسبت مشہور ہو اور کسی بے احتیاط مورخ نے اس کو واقعہ کے طور پر تسلیم کر لیا ہو۔ یہہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ ویرازنو ایک ملاح کی زندگی کی مصیبتوں سے نجات پانے کے لیئے اپنے وطن واپس چلا گیا ہو اور لوگوں نے یہہ خیال کیا ہو کہ وہ کہیں سمندر میں غرق ہو گیا۔ بہت ممکن ہے کہ لوگ تو اس خیال میں ہوں اور وہ ۱۵۳۷ء میں روما میں وہاں کے عالموں کی صحبت سے مستفیض ہو رہا ہو۔ لیکن اُس کے ملاح زندگی ایسے گوشۂ گمنامی میں پڑے ہوئے ہیں کہ اس واقعہ کے متعلق وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

لیکن فرانس کی حرمان نصیبی کا اثر اُس کے پھیرون کی محنت و جرأت پر کچھ نہ پڑا جو

فرانس کی مصیبتون کے باوجود نیو فاؤنڈلینڈ آتے جاتے رہے۔ چیبٹ نے جو فرانس کا شجاع اور باثر امیرالبحر تھا اور مچھیرون سے واقف تھا کیونکہ وہ اُن کے جہازون سے کچھ ٹیکس بھی وصول کیا کرتا تھا شاہ فرانسس کو نئی دنیا کی تحقیق اور اُسکی نوآبادی مین دلچسپی لینے کی ترغیب دی۔

چنانچہ جیکس کارٹیر جو سینٹ میلو کا ملاح تھا ایک مہم کی سرداری کے لیے منتخب کیا گیا۔ اُس کے چند بحری سفر اہم ہین کیونکہ اُن کا یہہ اثر ہوا کہ فرانس کی توجہ مستقل طور پر سینٹ لارنس کے خطوں پر مبذول ہوگئی۔ ۲۰۔ اپریل ۱۵۳۴ء کو ملاح مذکور نے دو جہازون کو لیکر سینٹ میلو کے بندرگاہ کو خیرباد کہا اور اُسکو ہوا موافق نے نیو فاؤنڈلینڈ کے ساحل پر ۱۰۔ مئی کو پہونچا۔ اُس نے جزیرہ کا چکر لگاکر جنوب کا رستہ اختیار کیا اور خلیج کو طے کرکے اُسکے اندر داخل ہوا اُس نے ڈیس چیلرس نام رکھا۔ مغرب کی طرف کوئی رستہ نہ پاکر وہ کنارے کنارے چلا اور گیسپ کے مدخل تک پہونچا۔ وہان اُس نے ۱۲۔ جولائی کو بندرگاہ کے داخلہ پر خشکی میں ایک بلند صلیب نصب کی جس پر ایک ڈھال اور فرانسیسی یاسمن کی تصویر تھی اور ایک مناسب کتبہ تھا۔ یہہ قطعۂ زمین آیندہ شاہ فرانس کی ملکیت کا جزو قرار دیا گیا۔ گیسپ کی خلیج سے روانہ ہوکر کارٹیر نے کناڈا کے بڑے دریا کو دریافت کیا اور وہ اُسکے مدخل تک پہونچا جہان اُسکو اپنے دونون جانب زمین نظر آتی تھی۔ چونکہ وہ موسم سرما کے قیام کے لیے تیار تھا اس لیے وہ واپس روانہ ہوگیا۔ یہہ چھوٹا بیڑہ ۹۔ اگست کو یورپ کے لیے روانہ ہوا اور تیس دن سے کم وقت میں وہ بحفاظت تمام سینٹ میلو کے بندرگاہ میں پہونچ گیا۔ اُس کے اپنے شہر اور ملک فرانس میں اُس کی دریافتون کا بہت چرچا ہوا۔ سفر بھی آسان اور کامیاب نکلا۔ دخانی جہازون کی ایجاد کے وقت تک اتنے فاصلہ کا کوئی سفر کبھی اس قدر تیزی اور خیریت کے ساتھ طے نہیں ہوا۔

کارٹیر کے احباب کے اصرار کی طرف دربار شاہی نے پھر توجہ فرمائی اور بادشاہ

نے تین جہازوں خاص سے معمور مہیا کر دیئے اور فرانس کے نوجوان رؤسا اپنی خوشی سے اس مہم میں جانے کے لیے تیار ہو گئے۔ ۱۹ مئی ۱۵۳۵ء کو یہ مسلح جہازوں کا بیڑا دریافت کی توقعات اور اُس خطہ میں جس کو اب فرانس نو کہنے لگے تھے نوآبادیوں کے قیام کی تجاویز اپنے دماغ میں لیکر روانہ ہوا۔ ایک سخت طوفان کے بعد وہ نیوفاونڈلینڈ پہونچا۔ سینٹ لارنس کے دن یعنی ۱۰۔ اگست ۱۵۳۵ء کو یہ جہازران جزیرہ کے جانب غرب ہوتے ہوئے ایک خلیج میں پہونچے اور اُنھوں نے اُس کو اس بڑے شہید کے نام پر موسوم کر دیا جو آجتک نہ صرف اُس خلیج کا بلکہ اُس دریا کا بھی نام چلا آتا ہے جو وہاں گرتا ہے۔ اینٹی کوسٹی کے شمال کی طرف چل کر وہ ستمبر کے مہینہ میں دریا میں داخل ہو گئے اور اُس بندرگاہ تک جا پہونچے جس کا نام آرلنس ہے۔ دیسیوں نے کسی خوف کے بغیر اُن کی خاطر تواضع کی۔ کارٹیز نے اپنے جہازوں کو حفاظت کے ساتھ ساحل پر باندھکر ہوچیلیگا کے جزیرہ تک ایک کشتی میں سفر کیا جہاں ہندوستانیوں کی خاص آبادی تھی۔ قصبہ ایک پہاڑی کے دامن میں آباد تھا۔ وہ اُس پہاڑی پر چڑھا اور چوٹی پر پہونچکر جب اُس نے جنگلوں پہاڑوں اور دریاؤں کو دیکھا تو وہ بیحد خوش ہوا۔

اُس کے تخیل نے اُس قصبہ کو اندرون ملک کی تجارتی منڈی اور صوبہ کا دارالسلطنت قرار دیا۔ اُس نے آئندہ کی روشن توقعات سے متاثر ہو کر پہاڑی کا نام مونٹریل رکھا اگرچہ امتداد زمانہ سے اب یہ نام جزیرہ کا ہو گیا ہے لیکن اُس کی یاد ابتک تازہ ہے کارٹیز نے وہاں کے باشندوں سے اُن ممالک کا بھی کچھ حال معلوم کیا جو ورمانٹ اور نیویارک کے شمال میں واقع تھے۔ اُنھوں نے موسم سرما وہیں بسر کیا۔ موسم بہار کی آمد پر ایک صلیب اُس مقام پر مذہب مذہبی تقدس کے ساتھ نصب کی گئی اور اُس پر ایک ڈھال آویزاں کی گئی جس پر فرانس کے ہتھیار بنے ہوئے تھے اور یہ کتبہ تھا کہ ان نئے دریافت شدہ ممالک کا جائز بادشاہ فرانسس ہے۔ اس طرح اس خطہ کے

قبضہ کا دعویدار بنکر برٹنی کا جہازراں یورپ واپس آیا اور ۶- جولائی ۱۵۳۶ء کو سینٹ میلو کے بندرگاہ میں بخیریت تمام داخل ہوا۔

اسپین کے تحقیق کنندگان

غیر معمولی کامیابی نے ہسپانیہ والوں میں مساوی غیر معمولی جوش بھی پیدا کر دیا تھا جس وقت نئی دنیا ظاہر ہوئی تو اکثر بہادروں نے جنھوں نے اندلس کے پہاڑوں میں فرڈی ناند کی ماتحتی میں نام پیدا کیا تھا دور دراز ملکوں میں بھی اپنی شہرت تلاش کرنے کے لیے قدم اُٹھایا۔ وہ ہتھیار جو جنگ میں مولدین کے خلاف استعمال کیے گئے تھے اور وہ فوجی فرزانگی جو غرناطہ کی فتح میں حاصل ہوتی تھی اب امریکہ کے کمزور باشندوں کے خلاف استعمال کی گئی۔ حرص اور مذہبی جوش کے جذبات عجیب طور پر گڈمڈ ہو گئے تھے اور اسپین کے سورما مغرب کیطرف قدم بڑھائے چلے جا رہے تھے گویا وہ نئی صلیبی لڑائیوں میں شرکت فرما رہے تھے جہاں اُن کی پاکیزگی کا انعام بے شمار دولت سے ملنے والا تھا۔ ہسپانیہ والوں میں تعجبات کا بیحد شوق پیدا ہو گیا تھا۔ سمندر کی اولوالعزمیوں نے یورپ کے میدان کو نہایت تنگ اور محدود سمجھکر حقارت کی نظر سے دیکھا جو اُن کے غیر معمولی جذبۂ جاہ پسندی کے لیے بالکل ادنیٰ درجہ کی بات تھی۔ امریکہ عجیب و غریب خطہ تھا جہاں زوردار تخیل عمدہ سے عمدہ کارناموں میں صرف کیا جا سکتا تھا اور جہاں سادہ لوح دیسی باشندے ناواقفیت کے باعث نہایت قیمتی زیورات پہنتے تھے اور صاف و شفاف بہتے ہوئے پانی کی برابر برابر بالوریت پر سونا چمکتا ہوا نظر آتا تھا۔

ایک بحری مورخ کا بیان ہے کہ ہسپانیہ والوں کو جس طرف بھی کسی پانی سے بلند ہونے والی چیز کی جانب صرف مُنھ موڑ کر یا کانا بھوسی سے متوجہ کیا جاتا تھا تو وہ اُس طرف بیقرار ہو کر لپکتے تھے اور وہ زیادہ شاندار کامیابی کی توقع میں یقینی اُمور کو فراموش کر دیتے تھے۔ صوبوں کو تلوار کے زور سے حاصل کرنا کسی سلطنت کے مال کو

لوٹ کر آپس میں تقسیم کرنا، کسی قدیم ہندوستانی خاندان کی فراہم شدہ دولت کو چھین لینا اور کسی مُہم سے غلام قیدیوں اور مال غنیمت کر لیکر واپس آنا یہی معمولی خواب تھا جس کو اسپین کا ہر باشندہ دیکھکر محظوظ ہوتا تھا۔ آرام، دولت، زندگی سب چیزیں اِس قمار بازی کی نذر کی گئیں۔ اگر کسی سفر کے نتیجہ خیز ہونے میں شک ہوتا تھا تو بعض اوقات اُس میں وہم گمان سے بھی زائد کامیابی حاصل ہو جاتی تھی پس یہ کوئی تعجب کی بات نہیں اگر یہ جاہ طلب اشخاص وہام پرست بھی ہو گئے تھے۔ نئی دنیا اور اُس کی دولت خود اس قدر تعجب خیز تھی کہ فرضی اور خیالی اُمور بھی قابل یقین معلوم ہوتے تھے لہذا اگر وہ یہ توقع کرتے تھے کہ قوانین فطرت بھی خود بخود ہم جیسے خوش نصیب اور بہادر اشخاص کی خواہشات کے موافق بن جائیں گے تو کیا بیجا تھا؟

آمریگو ویس پچی کا سفر اور آمریکہ کا نام

اگرچہ ویس پچی کے سفر ۱۴۹۷ء سے تقریباً تمام نامور مورخین سوائے چند زبردست اصحاب مثل واران ہچن اور جان فسکی کے مُنکر ہیں تاہم اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ اُس نے ایک سفر ۱۴۹۹ء میں کیا تھا جس کو وہ اپنا دوسرا سفر کہتا ہے۔ اِس سفر کا ثبوت ہمارے پاس موجود ہے کیونکہ ایلانزو دی اوجیڈا جو ۱۴۹۲ء میں کولمبس کے ساتھ تھا اور جو ۱۴۹۹ء میں خود چار جہاز لیکر بادشاہ کی اجازت سے گیا تھا اور دریائے اوری نیکو پر پہونچ گیا تھا اُس کا ذکر کرتا ہے۔ ۱۵۱۲ء میں کولمبس کے بیٹے ڈیگو نے بحیثیت وارث حقوق کولمبس شاہ اسپین کے خلاف چند صوبہ جات سے مطالبۂ حق دریافت کا مقدمہ دائر کیا تھا۔ بادشاہ نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ کولمبس نے صوبہ جات متنازعہ دریافت نہیں کیے۔ اوجیڈا نے جو بحیثیت شاہد پیش کیا گیا اپنے سفر ۱۴۹۹ء کا ذکر کیا اور یہ بھی کہا کہ وہ اپنے ہمراہ جوآن ڈیاز لاکوسا اور آمریگو ویس پچی اور دیگر جہازرانوں کو لیگیا تھا لیکن اوس نے یہ بیان نہیں کیا کہ ویس پچی نے دو برس قبل براعظم امریکہ

کی اصلی زمین دریافت کی تھی اگرچہ اُس نے یہ بھی تسلیم کیا کہ اُس کا سفر ۱۴۹۹ء کو تکمیس کے ۱۴۹۸ء کے تیار کردہ نقشجات اور رسائل کے خفیہ استعمال کی وجہ سے ممکن ہو سکا۔ نیز ویس پچی کے بھتیجے نے جو بروقت سماعت مقدمہ موجود تھا سابقیتِ دریافت کا کوئی خاندانی دعویٰ پیش نہیں کیا۔

اِس طرح اُس کے دعوی کو غلط مان کر یہ نیا سوال خود بخود پیدا ہوتا ہے۔ کہ ویس پچی کے دل میں دھوکہ دینے کی نیت تھی یا نہیں۔ جو خطوط اُس کے تحریر کردہ بتائے جاتے ہیں اُن میں اُس کے چار سفروں کا ذکر ہے جن میں سے دو شاہ اسپین کی خاطر اور دو شاہ پرتگال کی غرض سے کیے گئے ہیں۔ یہ خطوط ۱۵۰۷ء میں ایک کتاب کے ضمیمہ میں شائع ہوئے ہیں۔ مصنف نے متن کی عبارت میں تحریر کیا ہے کہ "دنیا کا چوتھائی حصہ امریکس نے دریافت کیا ہے لہٰذا اس نئی دنیا کو امریکس کی زمین یا امریکہ کہنا چاہیئے"۔ اس کتاب کے مصنف مارٹن والڈ سی مُلر نے جس کا عرف ہیلاکومی لس ہے لفظ امریکہ ۱۵۰۹ء میں عمداً ایجاد کیا تھا لیکن ۱۵۲۲ء میں پٹالومی کے جغرافیہ کے ایک ایڈیشن میں یہی نام چھاپا گیا۔

اُس وقت سے اس لفظ کی آسانی اور شان نے اس کو دوامی بنا دیا۔ اپنے نام سے نئی دنیا کے مشہور کرنے میں ویس پچی کی کوشش کا سوال بھی ایک متنازعہ مسئلہ ہے۔ اگر اُس نے وہ خطوط تحریر کیے تھے جس میں اُس نے اپنے چار بحری سفروں کا دعویٰ کیا ہے اور پہلا سفر سترہ ماہ قبل کا بتایا ہے اور جس سفر کو وہ دوسرا سفر کہتا ہے ۱۴۹۹ء کا ہے تو اُس کو عمداً فریب دہی کے الزام سے کسی طرح بری نہیں کیا جا سکتا۔ بایں ہمہ جنوبی امریکہ میں ۱۵۰۳ء میں اہل یورپ کی پہلی نوآبادی کے قیام کرنے کی عزت کا وہ ضرور مستحق ہے۔ وہ ۱۵۰۸ء میں شاہ فرڈی ننڈ کے جہاز رانوں کا سردار مقرر کیا گیا اور وہ ۲۲۔ فروری ۱۵۱۲ء کو عزت و احترام کی زندگی بسر کر کے فوت ہوا۔ اس شخص کی زندگی کا موازنہ اگر کولمبس کی حیات سے کیا جائے تو کس قدر

ریخ دہ ہے۔ یہہ صرف ایک ماتحت جہازراں تھا اور کولمبس اصلی جہازراں تھا لیکن اس نے اپنی زندگی عیش و آرام سے گزاری اور کولمبس گمنامی اور تکلیف میں مرا۔ حالانکہ امریکہ کا نام کولمبس کے نام پر ہونا چاہیئے تھا لیکن یہہ عزت بھی اسی شخص کو حاصل ہوئی۔ ہماری عدالتیں کسی شخص کو ایک ایکڑ زمین بھی بلا ثبوت ملکیت نہیں دیتیں لیکن اس شخص کی خوش نصیبی دیکھئے کہ براعظم امریکہ اس کے نام سے بلا ثبوت اور بلا وجہ موسوم کیا گیا۔

ہسپانیہ کے دیگر تحقیق کنندگان

(سنہ ۱۴۹۹ء سے سنہ ۱۵۱۱ء تک)

ایلانسو نینو نے جو امیرالبحر کولمبس کے آخری سفر میں اس کی ماتحتی میں تھا سنہ ۱۴۹۹ء میں دریافت کی غرض سے ایک بحری سفر اختیار کیا۔ کرسٹابل گیراتا جر سیول کے ساتھ مل کر اس نے ایک جہاز تیار کیا اور یہہ دونوں پیریا کے ساحل پر پہونچے۔ اگرچہ ان کی دریافتیں غیر اہم تھیں لیکن وہ موتیوں اور سونے کی اتنی مقدار اپنے ساتھ گھر لے گئے کہ ان کے ہموطن ایسی ہی مہمات میں شرکت کرنے کے لیے بیچین ہو گئے۔

ونسینٹ یینز پینزن نے ارنیز پینزن کے ساتھ چار ہلکے اور تیز رفتار جہاز بنائے اور گزشتہ سال کے دسمبر میں پیلاس سے امریکہ کے لیے روانہ ہو گیا۔ وہ کیپ ورڈ جزائر سے رخصت ہو کر ۱۳ جنوری کو جانب جنوب چلا اور وہ پہلا ہسپانوی تھا جس نے خط استوا کے اُدھر قدم رکھا۔ ماہ فروری میں اس نے ایک راس دریافت کی جو شمالی عرض البلد کے آٹھ درجہ پر تھی اور اس کا نام کیبو ڈی کنسولیشن رکھا۔ لیکن اب یہہ راس اگسٹائن کہلاتی ہے۔ یہاں اس کے آدمی اترے جنھوں نے درختوں اور چٹانوں پر جہازوں کے نام اور تاریخ مع سنہ اور دن کا نام کندہ کیا اور ملک پر تاج کیسٹائل (قشتالیہ؟) کے نام سے قبضہ کر لیا۔ اگرچہ انھوں نے کسی ویسی آدمی کو وہاں نہ دیکھا تاہم ان کے نقش قدم انھیں ضرور ملے۔ آئندہ شب میں انھوں نے بہت سی

آگ چند مقامات پر مشتعل دیکھی۔ چنانچہ صبح کے وقت اُنھوں نے چالیس مسلح آدمی دیسیوں سے بات چیت کرنے کے لیے بھیجے جن میں سے بتیس آدمی جن کے قبضہ میں تیر و کمان تھے اُن سے آگے آگے گئے۔ ہسپانیہ والوں نے دیسیوں کو تحفے دیکر بلانا چاہا لیکن وہ پاس نہ پھٹکے۔ اور پچھلی شب میں اُس جگہ سے جہاں یہہ دخیل ہو گئے تھے فرار ہو گئے بعد ازاں اُنھوں نے شمال و مغرب کی طرف روانہ ہو کر دریائے آمیزان دریافت کیا۔ اِس بڑے دریا کے دہانہ پر اُنھوں نے بہت سے جزائر مشاہدہ کیے جن کے باشندوں نے اِن کو فیاضی کے ساتھ بلا خوف و خطر ہاتوں ہاتھ لیا۔ لیکن پنزن نے وحشیانہ بیرحمی کے ساتھ اُن میں سے تیس آدمیوں کو گرفتار کر لیا اور اُن کو غلاموں کی طرح فروخت کرنے کے لیے لیگیا۔ ایک دریا کے دہانہ پر پنزن اور اُس کے جہاز خطرہ میں مبتلا ہونے والے تھے لیکن وہ وہاں سے جلد فرار ہو کر اوری نیکو اور ٹرینی ڈاڈ پہونچ گئے اِس کے بعد وہ جزائر کی طرف گیا اور گھر کو روانہ ہو گیا۔ اُس کے تین جہازوں میں سے دو غرق ہو گئے اور صرف ایک جہاز باقی بچا جس میں وہ اسپین پہونچ گیا۔

پرتگیز کیبرل براویل دریافت کرتا ہے

(سنہ ۱۵۰۰ ع)

قبل اِس کے کہ پنزن یورپ پہونچا وہ ساحل جس کو اُس نے دریافت کر لیا تھا اُس قوم کے قبضہ میں آگیا جس کو یہہ دیدیا گیا تھا۔ ملک کا وہ زرخیز ضلع جس کی صدر پنزن تھوڑے عرصہ کے لیے قیام پذیر ہوا تھا بہت جلد پورے طور پر دریافت کر لیا گیا پنڈرو الوریز کیبرل، جس کو ایمینیل شاہ پرتگال نے تیرہ جہازوں کے ساتھ لسبن سے جزائر شرق الہند بھیجا تھا، بدیں غرض کہ گنی کے ساکت سمندر سے بچکر چلا جائے اتنی دور چلا گیا کہ خط استوا کے دس درجہ جنوب میں پہونچ گیا۔ وہ کنارے پر چند روز قیام کر کے اور ملک کی وسعت کو دیکھکر یہہ اندازہ کرنے پر مجبور ہوا کہ یہہ کسی بڑے

برِ اعظم کا حصّہ ہے اور اس صلیب کی وجہ سے جس کو اُس نے نہایت تقدس کے ساتھ نصب کیا اس زمین کو اُس نے مقدس سرزمین کا نام دیا لیکن بعد ازاں یہ برازیل کے نام سے موسوم ہوئی۔ اُس نے تاج پرتگال کے نام پر اُس پر قبضہ کر کے اُس نے ایک جہاز لسبن روانہ کیا اور اس اہم دریافت کے حالات لکھے اور خود اپنے بحری سفر پر روانہ ہو گیا۔

شاہِ پرتگال نے یہ خبر پا کر فوراً تمام ملک کی دریافت کے لیے جہاز بھیجے اُنھوں نے اُس کو امریکہ کی زمین پایا۔ اب شاہِ ہسپانیہ اور اُس کے درمیان بحث شروع ہو گئی لیکن چونکہ دونوں قریبی رشتہ دار اور دوست تھے، اس لیے یہ طے پا گیا کہ شاہِ پرتگال ہی اُس تمام ملک پر جو دریافت ہوا تھا قابض رہے۔ یہ ملک دریائے امیزاں سے دریائے پلیٹ تک وسیع تھا۔

پرتگال نے اُس وقت یعنی اپنے زمانہ عروج میں اُس عطیہ کا جو پوپ نے اُسے دیا تھا کچھ لحاظ نہیں کیا تھا اور نصف دنیا کے تصفیہ کو جس پر وہ بادل ناخواستہ رضامند ہو گیا تھا اُن تمام دریافتوں کی وجہ سے جو اسپین نے نئی دُنیا میں کی تھیں اپنے حقوق اور اپنی جائداد پر دست اندازی خیال کرتا تھا۔ اس قومی حسد سے متاثر ہو کر گیسپر ڈی کورٹیریل جو مغرز پرتگیزی خاندان سے تھا نئے ممالک دریافت کرنے اور ہندوستان کا نیا راستہ معلوم کرنے کے ارادہ سے لسبن سے روانہ ہوا جس کا ہم پیشتر ذکر کر چکے ہیں اور اُس نے وہ اراضی دریافت کی جس کو اُس نے تجارت کے لیے مناسب سمجھا اور اُس کا نام ٹیرا ڈی لیبوراڈور رکھا۔

شاہِ پرتگال نے کیبرل کی دریافت کی خبر سُنکر ملک کی تحقیق و جستجو کے لیے تین جہاز تیار کیے اور اُسکا افسرِ اعلیٰ امریگو ویس پچی کو بنایا جس کو اُس نے سیول سے اسی غرض کے لیے بُلایا تھا۔ وہ مئی ۱۵۰۱ء میں روانہ ہوئے اور تین مہینے کے سفر

میں سخت طوفانوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جنوبی عرض البلد کے پانچ درجہ پر پہونچے پھر وہ شمال کی طرف کنارے کنارے روانہ ہوکر ۳۲ درجہ تک پہونچ گئے۔ اس کے بعد انھوں نے ساحل چھوڑ کر کھلے سمندر میں سفر اختیار کیا یہاں تک کہ جنوب کی طرف وہ ۵۲ درجہ پر پہونچ گئے۔ اُس وقت اُنھوں نے واپسی کو مناسب سمجھا اور ۱۶ مہینے کے سفر کے بعد لسبن پہونچ گئے۔

ہسپانیہ والوں کی مزید دریافتیں

کیڈز سے راڈی جروڈی بیسٹی ڈاس نے جان ڈی لاکوسا کی شرکت میں دو جہاز تیار کیے اور وہ مغربی براعظم کا راستہ اختیار کرکے پیریا پہونچا۔ وہاں اُس نے ٹیرافرما کا صوبہ دریافت کیا۔ اوجیڈا اپنے پہلے دوست امریگو ویس پچی کو لیکر دوسرے سفر پر گیا۔ چونکہ اُسے معلوم نہ تھا کہ بیسٹی ڈاس کس سمت سے اور کہاں گیا ہے اتفاق یہ ہوا کہ وہ بھی اِس ساحل پر اور اُنھیں مقامات پر پہونچ گیا۔ اِس کے بعد وہ ہسپانیولا کو روانہ ہوگیا۔

سنہ ۱۵۰۸ء میں جوآن ڈیاز ڈی سولس اور وسینٹ پنیزن، سیول سے دو ہلکے اور تیز جہازوں کے ساتھ روانہ ہوئے اور برازیل کے ساحل پر پہونچے اور وہاں سے راپوڈی پلیٹا پر پہونچے۔ جہاں جہاں وہ جاتے صلیبیں قائم کرتے، باقاعدہ قبضہ حاصل کرتے اور اسپین واپس چلے آتے۔ اس سفر میں اُنھوں نے وسیع صوبہ یوکٹن دریافت کرلیا۔ اسی سال سیباسٹین ڈلمی اوکیمپو نے آدونڈو کے حکم سے کیوبا کے گرد چکر لگایا اور یقینی طور پر معلوم کیا کہ کولمبس نے جس سرزمین کو براعظم کا جزو سمجھا تھا وہ درحقیقت ایک بڑا جزیرہ ہے۔

سنہ ۱۵۰۹ء میں ڈان ڈیگو پسر کولمبس نے دو سال تک بیکار شاہ فرڈی ناند سے درخواست کی کہ اُس کو اُس کے باپ کے حقوق گورنری وغیرہ واپس عطا کیے جائیں۔

لیکن جب کوئی شنوائی نہ ہوئی تو اُس نے بادشاہ کے خلاف جزائر غرب الہند کی کونسل میں دعویٰ دائر کیا اور کونسل نے اُس کو حق گورنری اور دیگر حقوق کولمبس عطا کر دیے۔ چنانچہ وہ جب اوویندو کی بجائے ہسپانیولا کا گورنر بنایا گیا تو وہ اُس جزیرہ کی طرف روانہ ہوا اور اپنے ساتھ اپنے چچا، بھائی، بیوی، بچوں اور دیگر شریف عورتوں اور مردوں کو لیگیا۔ نوآبادی میں شریف آدمیوں کے آنے سے رونق ہوگئی۔ بعدازاں اُس نے بادشاہ کی ہدایات کے مطابق کیوبا گوا میں ایک نوآبادی قائم کی جہاں موتیوں کی کثرت تھی اور وہ جلد مالا مال ہو گئے۔ اُس نے جان ڈی اسکیوبل کو ستر آدمیوں کے ساتھ جمیکا روانہ کیا جس نے وہاں نوآبادی قائم کر دی۔

ایلانسو ڈی اوجیڈا تین سو سپاہیوں کو لیکر ہسپانیولا سے روانہ ہوا تاکہ براعظم میں نوآبادی قائم کر دے۔ وہ کارتھیجنا پر اُترا لیکن دیسیوں نے اُسے وہاں سے مار بھگایا۔ اُس نے سینٹ سیباسٹین پر اور ڈی گونکو سانے نومبری ڈی ڈاریس پر نوآبادیاں قائم کیں لیکن دیسیوں نے جلد اُن کو منتشر کر دیا۔ قدیم مورخین کا بیان ہے کہ اس طرف کے دیسی باشندے خونخوار اور جنگجو تھے۔ اُن کے تیروں کی سوفارز ہر آلود ہوتے تھے جس کا زخم پیغام موت ہوتا تھا۔ ہسپانویوں نے اب پہلے پہل نئی دنیا کے باشندوں سے ڈرنا سیکھا۔

جو لوگ اوجیڈا اور نکوسیا کے ہمراہ براعظم کی آبادی کے لیئے گئے تھے اُن میں سے اکثر ایک سال کے کم عرصہ میں فنا ہو گئے اور جو چند اشخاص باقی رہ گئے اُنھوں نے سینٹا میریا میں ایک کمزور نوآبادی قائم کر لی۔ ۱۵۱۱ء میں ڈان ڈیگو کولمبس نے کیوبا کے جزیرہ کو فتح کرنے اور وہاں نوآبادی قائم کرنے کی تجویز کی۔ ہسپانیولا کے بہت سے ممتاز آدمی اس مہم میں شریک ہوئے۔ ڈیگو ویلازکیز کی ماتحتی میں تین سو آدمی بھیجے گئے

لیکن انھیں آدمیوں کی مدد سے ویلاسکیز نے ایک آدمی کے بھی نقصان کے بغیر جزیرہ فتح کر لیا اور اُس کو سلطنت اسپین کا جزو قرار دیدیا۔ فاتح کو اُس جزیرہ کا گورنر اور سپہ سالار افواج مقرر کیا گیا۔

پانس ڈی لیون فلوریڈا میں
(۱۵۱۳ء)

جوان پانس ڈی لیون نے فلوریڈا دریافت کیا۔ وہ کولمبس کے دوسرے سفر میں اُس کے ساتھ تھا۔ ہسپانیولا کی لڑائیوں میں بھی وہ بہادری سے لڑا تھا اور اوویندو نے اُس کو اِس جزیرہ کے شرقی حصّہ کی حکومت بھی عطا کر دی تھی۔ اُس نے ایک پہاڑی کی چوٹی سے پورٹوریکو کی شاندار نباتات دیکھی اور اُس کے جی میں آیا کہ اُس جزیرہ کی طرف چل کر وہاں حکومت کرنی چاہیئے۔ چنانچہ وہ ۱۵۰۹ء میں وہاں پہونچا لیکن چونکہ وہ اپنے انتظام ملکت میں نہایت سخت تھا اس لیئے اُس نے دیسیوں پر بیحد مظالم برپا کیئے۔ بعدازاں کولمبس کے خاندان کے دعاوی کی بنا پر اُس کو پورٹوریکو کی حکومت سے ہٹا دیا گیا۔

پانس پورٹوریکو سے ۳۔ مارچ ۱۵۱۳ء کو تین جہاز لیکر جن کو اُس نے اپنے صرفہ پر تیار کرایا تھا روانہ ہوا۔ وہاں سے وہ گوانا ہنی پہونچا اور اہل بہاما کے درمیان سفر کرتا رہا۔ بعدازاں ۲۷۔ مارچ کو اُسے خشکی نظر آئی جس کو اُس نے ایک جزیرہ سمجھا اور جس کا نام اُس نے فلوریڈا رکھا۔ لیکن خراب موسم کی وجہ سے وہ اُس کے قریب نہ آسکا۔ آخر کار وہ ایک مقام پر اُترا جو عرض البلد کے ۳۰ درجہ اور ۸ دقیقہ پر یعنی سینٹ آگسٹن کے چند میل شمال میں تھا۔ ۸۔ اپریل کو اس اراضی پر اسپین کا قبضہ قائم کر دیا گیا۔ پانس چند ہفتے تک ساحل کی تحقیق کرتا رہا اگرچہ خلیج کی دھاروں اور جزیروں کی درمیانی نہر (چینل) سے جس کا کچھ حال معلوم نہ تھا جہاز کے غرق ہونے کا اندیشہ لگا رہتا تھا۔ وہ

پوری کامیابی سے مایوس ہوکر اور اپنے ایک قابل اطمینان ساتھی کو تحقیقات کے کام کو جاری رکھنے کے لیے چھوڑ کر وہاں سے پورٹوریکو واپس آگیا۔ اگرچہ دیسیوں نے ہر جگہ مخاصمت و مخالفت کا پہلو اختیار کر رکھا تھا تاہم اسپین کی تجارت کو خلیج فلوریڈا کی وجہ سے ایک نیا راستہ مل گیا اور اسپین کو ایک نیا صوبہ ہاتھ آگیا۔

پانس کو فلوریڈا کی حکومت کا حق، سلطنت اسپین نے عطا کر دیا لیکن یہ شرط بھی لگا دی کہ وہ اُس میں نوآبادی قائم کرے۔ جب وہ ۱۵۲۱ء میں دو جہاز لیکر اپنے صوبہ پر قبضہ کرنے کی غرض سے چلا تو ہندوستانیوں نے بڑے شد و مد سے اُن پر حملہ کیا۔ بہت سے ہسپانوی قتل کر دیے گئے اور جو کچھ باقی رہے اُنھوں نے بھاگ کر جہازوں میں پناہ لی۔ پانس ڈی لیون بھی ایک تیر سے مہلک طور پر زخمی ہوا اور کیوبا واپس جاکر فوت ہوگیا۔

بلبوا دریافت کنندۂ بحرالکاہل

تحقیق کنندگان امریکہ میں واسکونیز ڈی بلبوا بھی نہایت قابل آدمیوں میں سے تھا جو بیٹی ڈاس کے ساتھ پہلے سفر کر چکا تھا۔ اُس نے ہیٹی میں ایک نوآبادی قائم کرلی تھی لیکن اُس کو مظالم کے الزام میں پھانس دیے جانے کا حکم ہوگیا تھا کہ وہ فرار ہوگیا اور ایسی جہاز میں روٹی کے ایک پیپے میں چھپکر چلا گیا۔ جب سینٹ سیباشین پر اینیسی سوائر اتو اُسنے نونیز کو بھی دیکھا۔ وہ بیحد ناخوش ہوا لیکن جہاز کے خاص آدمیوں نے اُس کی سفارش کی اور اُسکی جان بچادی۔ سینٹ سیباشین پر وہی ایک آدمی تھا جو مایوسی کا شکار نہیں ہوا۔ اُس نے اینیسی سو کی ہمت افزائی کی اور اُسکی کوشش سے جو جہاز کنارہ پر ریت میں دھنس گئے تھے نکالے گئے جس کے بعد یہ لوگ ایک قصبہ کیطرف گئے اور دریائے ڈیرین پر جا پہونچے۔ اُنھوں نے وہاں کے باشندوں پر حملہ کیا اور انھیں مار بھگایا۔ جب یہ لوگ قصبہ میں پہونچے تو انھوں نے کثرت سے ذخائر دیکھے سونا اور روپا بھی پائی اور ضرورت کی بہت سی چیزیں دیکھیں۔ اُن کو دس ہزار پونڈ

کی سنہری اینٹیں بھی ملیں چونکہ یہہ کامیابی بلبوا کی وجہہ سے وقوع پذیر ہوئی تھی۔
اس لیے اب اُس کی شہرت بہت زیادہ ہوگئی۔ اُس نے انیسی سو کے اختیارات
چھین لیے اور اپنی جرأت سے ہسپانیوں کا اعتماد حاصل کرلیا اور سنیٹا میریا پر نئی آبادی
قائم کی تو نیز بلبوا نے ڈیریں میں بھی اپنی حکومت قائم کرلی۔

اواسط ماہ ستمبر ۱۵۱۳ء میں اُس کو خبر لگی کہ جانب جنوب و غرب وسیع زرخیز
ممالک ہیں اور کچھ دُور بھی نہیں ہیں۔ وہ سنیٹا میریا سے فرانسیس پرازو کو لیکر بعد ازاں
ایک مشہور آدمی ہوا اُدھر روانہ ہوگیا اور دلیبیوں سے لڑبھڑکر وہ ۲۵ ستمبر کو ایسے مقام پر
پہونچ گیا جہاں سے ایک وسیع سمندر نظر آتا تھا۔ اُس نے اس سمندر کا نام بحر جنوبی رکھا
جس کو میگلن نے بعد ازاں بحرالکاہل کا نام دیا۔ اس کے بعد مزید دریافتوں کے
خیال کو ملتوی کرکے اُس نے واپس آنا مناسب سمجھا اور وہ سنیٹا میریا میں آخر ماہ
جنوری ۱۵۱۴ء کو سونا اور جواہر اتنا جو اُس نے جمع کیے تھے لیکر پہونچا۔ یہہ مال غنیمت
اُس نے سپاہیوں میں تقسیم کیا اور پانچواں حصہ بادشاہ کا علیحدہ نکال کر اپنے گماشتہ کو دیا
کہ وہ شاہِ اسپین کی خدمت میں پہونچادے۔ فرنینڈس بادشاہ بلبوا کے سخت خلاف تھا
اور وہاں سے اُس نے پیڈریریس کو بھیجا کہ وہ بلبوا کو معزول کرے اور خود اُس کے
عہدہ پر قابض ہوجائے۔ پیڈریریس کے ہمراہ انیسی سو بھی تھا جو بلبوا کا دشمن تھا۔
اگرچہ پیڈریریس نے انتظام میں کوئی خرابی نہیں کی لیکن بادشاہ کے حکم کے مطابق
اُس نے بلبوا کو قید کرلیا اور اُس کے خلاف شاہ اسپین کو غلط اطلاعات تحریر کیے لیکن پیڈریریس
کے ہمراہیوں میں کچھ منصف مزاج اشخاص بھی تھے۔ انھوں نے صحیح حالات
بادشاہ کو تحریر کیے جس پر فرڈی ننڈ نے اُس کو ماتحت گورنر مقرر کردیا اور پیڈریریس
کو ہدایت کی کہ وہ بھی اُس کے مشورہ سے کام کیا کرے۔ مگر اس نے بادشاہ کے احکام کو
کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا اور دلیبیوں پر اس قدر مظالم کیے کہ آخر کار تمام دلیبی لوگ

ہسپانیہ والوں کے خلاف شورش و بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ آخر کار ایک پادری نے مداخلت کر کے بلبوا کو قید سے نجات دلائی اور اُس کی رائے اور عمدہ برتاؤ سے امن و امان قائم ہوا۔ اسکے بعد جنوب کے سمندر میں ایک شہر کی بنیاد ڈالی گئی جسکا نام پیڈریرس رکھا گیا لیکن پیڈریریس نے یہہ الزام لگا کر بلبوا کو قتل کرا دیا کہ اُس نے شہر کی تعمیر میں شاہ اسپین کے ملوکہ درخت جنگل سے کاٹے اور اس طرح اُس نے شاہ اسپین کی ملکیت پر قبضہ کر کے دغابازی اور سرکشی کی بنیاد ڈالی۔ اگرچہ پیڈریریس کے مظالم کی کوئی انتہا نہ رہی اور ایک پادری کے قول کی مطابق اسپین سے امریکہ میں ایک شخص بھی اُس سے زیادہ ظالم اور جفاشعار نہیں بھیجا گیا تاہم وہ بادشاہ کی اجازت اور خوشنودی کی بنا پر کئی سال تک لوگوں کو اپنی ناانصافی اور سنگدلی و بیرحمی کا شکار بناتا رہا۔ بلبوا قتل کے وقت (۱۵۱۷ء میں) چوالیس سال کا تھا اور اُس نے ان فاتحین اسپین میں سب سے زیادہ اسپین کی خدمت گذاری کی تھی۔ اب پیڈریریس نے نیپلما کا رُخ کیا اور وہاں ایک محل بنوایا۔ اُس نے دیسی فرقوں اور اُن کے سرداروں سے دشمنی پیدا کر کے بہت سی جانیں ضائع کرائیں اور ایک دیسی سردار اُراکا سے دشمنی مول لیکر ہسپانیہ والوں کی اتنی تعداد ضائع کرائی کہ کورٹیز نے میکسکو کی فتح میں اس قدر آدمی جنگ کی نذر نہیں کیے تھے۔ پیڈریریس کی ماتحتی میں ہرنینڈز نے نکاراگوا کے ملک کو دریافت کیا تھا اور یہی اُس کے زمانہ میں ایک کارنمایاں انجام پذیر ہوا۔ لیکن اُس نے ہرنینڈز کو بھی بغاوت کے الزام میں قتل کرا دیا اور ان مظالم کی بادشاہ اسپین نے اُس سے کبھی کوئی بازپرس نہ کی۔

ہرنینڈز دگوئرا جہاں گیر اور ناوئیز

ہرنینڈز دگوئرا نے یوکٹن کا صوبہ اور خلیج کمپیچی ۱۵۱۷ء میں دریافت کی تھی۔ ایک ایسے مقام پر جہاں وہ پانی لینے کی غرض سے اُترا اُس کی جماعت پر

یکایک حملہ ہوگیا اور خود اُس کے کاری زخم آیا۔ وہ جہاز راں جس کو ہرنینڈیز نے ملازم رکھا تھا دوسرا دستۂ فوج لیکر اُسی ساحل پر ۱۵۱۸ء میں پہونچا۔ اس طرح جو علم پہلے حاصل ہوا تھا اُس میں اور اضافہ ہوگیا اور گرمی جالوا نے جو سردار جہاز تھا یوکٹن سے پینو کو تک تمام اُمور کی تحقیق کی۔ سونے کے ڈھیر جس کو اُس نے جمع کیا، مونٹی زوما کی سلطنت کی وسعت اور دولت مندی کی افواہیں جن کی تصدیق اُن قیمتی تحائف سے ہوتی تھی جو بے پروائی کے ساتھ دیسیوں نے اُنھیں دیے تصور دولت کے لیے کافی تھیں اور کورٹیز کو اپنی مہم کے لیئے مسالہ مل گیا۔

جب گرجالوا میکسیکو کی فتح کا رستہ کھول رہا تھا تو امریکہ کے ساحل کی تحقیقات لوڑ ٹوگاز سے پینو کو تک ایک اور مہم نے بھی اگرچہ غور سے نہیں بلکہ سرسری طور پر کی اور اُس کا سردار فرانسیس گیرے، جمیکا کا گورنر تھا۔ اب خلیج میکسیکو کی عام حدود معلوم ہوگئی تھیں گیرے کو دیسیوں کی شدید مخالفت سے بھی سابقہ پڑا۔ لیکن یہ خطرہ بھی اُس دشمنی اور رقابت کے مقابلہ میں جو اُس کے ہموطنوں نے خود اُس کے ساتھ برتی کم تباہ کن ثابت ہوا۔ اسپین نو کے جاہ طلب اشخاص اپنی قربت میں کوئی آزاد ہمسایہ پسند نہیں کرتے تھے گورنر جمیکا جس نے بعد ازاں کورٹیز سے بھی ایک صوبہ کے قبضہ کی بابت جنگ کی اُن کے خلاف کمربستہ ہوکر لڑا اور آخر کار وہ مفلس ہوکر بدنامی کی موت مرا۔

غلاموں کی تلاش نے ہسپانیہ والوں کو شمال کی طرف کچھ دور اور پہونچا دیا۔ ڈیگو ایلن نے سانٹو ڈومنگو سے ۱۵۲۰ء میں دو جہاز تیار کیے تاکہ اُس کی کاشت اور معدن کے لیے مزدور بہم ہوسکیں۔ جزائر بہاما سے وہ جنوبی کیرولینا تک پہونچا وہ اِس ملک کو چکورا کہتے تھے۔ دریائے کیپاہی کا نام دریائے جوردن اور ایک راس کا نام سینٹ ہلینار کھا گیا۔ اب تک اِس نواح کے دیسی لوگ فرنگیوں سے ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں پاتے تھے۔ لہذا اُن کو جہاز دیکھنے کے لیے بُلایا گیا۔ وہ خوشی خوشی آئے

اور اُن سے جہازوں کے تختے پُر ہو گئے۔ فوراً جہازوں نے لنگر اٹھا دیا۔ بادبان کھول دیے گئے اور سانٹو ڈومنگو کی طرف چل دیے۔ شوہر بیویوں سے علیحدہ ہو گئے اور بچے اپنے والدین سے جُدا ہو گئے۔ اس جُرم سے کچھ نفع بھی نہ ہوا۔ اور اس کی سزا قدرت نے اُن کو دی۔ چنانچہ واپسی کے وقت اُن میں سے ایک جہاز غرقاب ہو گیا اور اِن مجرموں کے ساتھ بہت سے بیگناہ بھی نذر طوفاں ہو گئے اور دوسرے جہاز کے بہت سے قیدی بیمار ہو کر فوت ہو گئے۔

اِن واقعات سے یورپ کے لوگوں کی حالت بخوبی معلوم ہوتی ہے۔ ویسکیز نے اسپین کی واپسی کے وقت اپنی مہم کی بہت تعریف کی اور اپنے آپ کو انعام شاہی کا مستحق قرار دیا۔ لطف یہہ ہے کہ چارلس پنجم نے بھی اُس کے دعوے کو تسلیم کر لیا۔ اُس زمانہ میں اسپین کا فرمانروا ایک قسم کا عہدہ دیا کرتا تھا جس کو سیڈولا کہتے تھے۔ اِن لوگوں کو نہ صرف صوبجات بطور جاگیر عطا ہوتے تھے بلکہ ایسے ممالک بھی اُن کو تقسیم کر دیے جاتے تھے جو بعد ازاں مفتوح کیے جائیں اور ڈی ایلن کو اُس کی خواہش کے مطابق چکورا کی تسخیر کا کام ۱۲ جون ۱۵۲۳ء کو دیا گیا۔

یہہ نیا اور زیادہ بڑا کام اُس کے لیے تباہ کن ثابت ہوا۔ اُس نے اپنی دولت اس سفر کی تیاری میں ضائع کر دی۔ دریائے جوردن میں اُس کا سب سے بڑا جہاز کنارہ پر دھنس گیا۔ اُس کے بہت سے ساتھیوں کو دیسیوں نے قتل کر ڈالا جو اِن لوگوں کے مظالم کے مقابلہ میں سینہ سپر ہو گئے تھے۔ وہ خود وہاں سے جان بچا کر بھاگا لیکن اُس کو اُس خیال سے کہ اُس نے کوئی کام قابل یادگار نہ چھوڑا سخت رنج رہتا تھا اور وہ ۱۸ اکتوبر ۱۵۲۶ء کو موت کا شکار ہو گیا۔

جاہ طلبی سے بحری تحقیقات کی خواہش بالکل فنا نہیں ہو گئی تھی جب کورٹیز میکسیکو فتح کر چکا اور شاہ اسپین کی مرحمت خسروانہ کے حصول کی تدابیر پر غور و خوض

کرنے لگا تو اُس نے شمالی و مغربی رستہ کی دریافت کو حل کرنا چاہا۔ یہ مسئلہ اب تک نہایت دلیر اور مستقل مزاج جہاز رانوں کے لیے لاینحل تھا۔ وہ رستہ کی موجودگی کو مسلّمہ جانتا تھا اور امریکہ کے سواحل پر بحر ظلمات اور بحر الکاہل کی راہ سے اُس نے یہ توقع کی کہ وہ اس دریافت کو تکمیل تک پہونچا سکے گا جس کے رستہ کی رہنمائی سیباسٹین کیبٹ نے کی تھی لیکن اُس نے اپنے اس ارادہ کو کبھی عملی لباس نہ پہنایا۔

البتہ اسٹیفن گومز نے ۱۵۲۵ء میں اُس طرف کا رُخ کیا۔ یہ ایک تجربہ کار پرتگیزی بحری افسر تھا اور میگلن کے ہمراہ اُس کے پہلے یادگار سفر میں جو اُس نے بحر الکاہل کا رستہ معلوم کرنے کے لیے کیا تھا گیا تھا۔ ہندوستان کا شمالی رستہ دریافت کرنے کی اُمید میں گومز کو جانے کی اجازت دی گئی۔ اگرچہ اس دریافت کے لیے بیکار کوشش کی جاتی تھی لیکن اب تک عام طور پر اس قسم کے رستہ کی موجودگی کا سب کو یقین تھا۔ اُس کا جہاز نیویارک اور نیو انگلستان کی خلیجوں میں داخل ہوا لیکن جب اُس نے دیکھا کہ اُدھر کسی رستہ کا سُراغ نہیں لگتا تو اُس نے ناکامی کے خوف سے اپنے جہاز کو مضبوط ہندوستانیوں سے بھر لیا اور اُن کو غلاموں کی طرح فروخت کرنے کے لیے لے آیا۔ توقعات نہایت شاندار تھیں اور نتیجہ قابل نفرت اور مضحکہ خیز نکلا۔ اب ہسپانیہ والوں نے سرو شمال کی طرف جانے کو حقارت سے دیکھا اور صرف جنوب کی طرف اپنی بے انتہا دولت تلاش کرنے لگے۔ چنانچہ فلوریڈا کی فتح کا سوال درپیش ہوا۔ فرڈیننڈ نے فلوریڈا کی فتح کا بیڑا اٹھایا۔ یہ وہی شخص تھا جس کو کیوبا کے گورنر نے کورٹیز کی گرفتاری کے لیے بھیجا تھا اور جس کو بآسانی شکست ہو گئی تھی۔ اگرچہ اُس کی یہ مہم بھی اسی قدر ناکام رہی جس قدر کہ اُس کی کوشش کورٹیز کے خلاف رہی تھی لیکن یہ مہم اپنی تکالیف و مصائب کے لحاظ سے زیادہ قابل یادگار ہے۔ تین سو آدمیوں میں سے جن میں اسّی سوار تھے صرف

چار پانچ آدمی بمشکل تمام سالہا سال کے بعد ۱۵۳۶ء میں خشکی کی راہ سے میکسیکو پہونچے عجیب و غریب علاج، قدرتی نباتات اور مُردوں کے دوبارہ زندہ ہونے کے قصے غیر مضرت رسان جھوٹ تھے لیکن فلوریڈا کی نسبت اُن کا یہ ظاہر کرنا کہ دنیا میں سب سے زیادہ دولتمند ملک ہے نہایت خطرناک تھا کیونکہ اُن کی اِس بات کو سب نے یہاں تک کہ جو لوگ پیرو اور میکسیکو کی دولت بھی دیکھ چکے تھے یقین کر لیا۔

دریائے مسسپی کی طرف سوٹو کا کوچ

دولت کے اس مبالغہ آمیز قصے نے فرڈی ناند ڈی سوٹو پر عجیب و غریب اثر کیا۔ وہ زیرینز کا باشندہ تھا اور اب ایک جاہ طلب درباری ہو گیا تھا۔ اُس نے خود بھی نئی دنیا میں دولت اور نام پیدا کر لیا تھا۔ وہ پیرو کی فتح میں پیزارو کا دست و بازو رہا تھا اور اب اسپین میں اپنی دولت کی نمائش کی غرض سے متمکن تھا۔ ایک ممتاز امیر کی لڑکی سے اُس کی شادی بھی ہو گئی تھی اور چارلس پنجم بھی اس پر مہربان تھا۔ سوٹو کی آرزو تھی کہ وہ کورٹیز سے شان و شوکت میں اور پزارو سے دولت میں سبقت لیجائے۔ چنانچہ اُس نے بادشاہ سے اجازت طلب کی اور اُس کو جزیرہ کیوبا کا گورنر مقرر کر کے حکم دیا گیا کہ وہ فلوریڈا کے ملک کی تحقیق و دریافت کرے۔ جب اسپین میں اس مہم کی شہرت ہوئی تو بہت سے لوگ رضاکاروں کی طرح آکر شامل ہو گئے جن میں سے اکثر شریف النسل اور متمول لوگ تھے۔ جہازوں کا بیڑہ بڑی خوشی اور مسرت کے ساتھ سواحلِ اسپین سے روانہ ہوا۔ اس روانگی سے قبل کیوبا سے ایک جہاز فلوریڈا روانہ کر دیا گیا تھا تاکہ وہ کسی بندرگاہ کا پتہ لگائے۔ جب یہ مہم کیوبا پہونچی تو بہت خوشیاں منائی گئیں۔ بعد ازاں نئی بیوی کو کیوبا کی فرمانروا بنا کر سوٹو سواحل فلوریڈا کی طرف روانہ ہو گیا۔ پندرہ روز کے سفر کے بعد یہ مہم فلوریڈا کے ساحل پر اُتری۔ دو سو اور تین سو کے درمیان تو صرف گھوڑے ہی تھے۔

اب جاہ طلبوں کی وحشیانہ کوچ شروع ہوئی۔ پیدلوں کے علاوہ بہت سے سوار تھے جو سرتاپا مسلح تھے۔ پیرو اور میکسیکو کی مہموں میں بھی اس قدر فوج شریک نہیں ہوئی تھی۔ پہلے موقعوں پر جن جن چیزوں کی ضرورت محسوس ہوئی تھی اب وہ سب اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ قیدیوں کے لیے بیڑیاں اور بھٹی کے لیے ضروری سامان سب کچھ مہیا کر لیا تھا اور خونخوار کتے بھی کمزور دیسیوں کے ہلاک کرنے کے لیے موجود تھے۔ جہاں کہیں انھیں کسی سردار کی سکونت کا حال معلوم ہوتا وہ سب وہاں پہونچ جاتے۔ لیکن سونے کی بجائے انھیں خاک کا ڈھیر ملتا۔ اسی طرح سفر کا مناسب وقت ختم ہو گیا اور اُن کو کامیابی کی کوئی شکل نظر نہ آئی۔ اگلے سال ۱۵۴۰ء کے موسم بہار میں ان آوارہ گردوں نے پھر اپنا کوچ شروع کیا۔ دولت اور سونے کے بھوکے جارجیا کی وادیوں سے بھی گزر کر دریائے اوچی چی پر پہونچ گئے۔ وہاں ان لوگوں کو گوشت اور نمک کی کمی محسوس ہونے لگی۔

اب تک یہ لوگ شمالی کی طرف بڑھے چلے جا رہے تھے۔ اُس نواح کے باشندے غریب اور شریف تھے۔ ان لوگوں نے وہاں چند مہینے قیام کیا۔ یہ مقام خلیج موبائل کی وادی کہلاتا ہے۔ لیکن شمال کی طرف بڑھنا قابل گزر ثابت ہوئے اور سونے اور تانبے کی کانیں ہر چند تلاش کی گئیں مگر کچھ نہ ملا۔ آخر ماہ جولائی میں ہسپانیہ کے باشندے کوسا میں پہونچے اور ۱۸ اکتوبر کو جانب جنوب مقام لٹکالوسا میں پہونچے۔ اب ہسپانیہ والے میدانوں میں رہتے رہتے گھبرا گئے اور اس لیے انھوں نے ایک قصبہ پر قبضہ کرنا چاہا لیکن ہندوستانیوں نے اُن کا مقابلہ کیا۔ اس پر ہسپانویوں نے تمام قصبہ کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا اور دو ہزار پانسو ہندوستانیوں کو تہ تیغ کر دیا جلا دیا یا دھوئیں سے دم گھونٹ دیا۔ ہندوستانیوں نے نہایت دلیری سے مقابلہ کیا تھا اور اگر اُن کے مکانات نہ جلائے جاتے تو وہ ہسپانیوں پر غالب آجاتے، اگرچہ ہسپانیوں کا بھی

سب سامان آگ سے جل کر خاکستر ہنگیا تھا۔

اسی اثنار میں کیوبا سے آدکس پر جس کا نام اب پین سیکولا ہے جہاز آگئے۔ سوٹو نے ارادہ کیا کہ جب تک وہ کوئی مالدار ملک نہ دریافت کرلیگا اُس وقت تک اپنے متعلق کوئی اطلاع نہ بھیجیگا۔ ۱۸۔ نومبر کو سوٹو پھر شمال کی طرف بڑھا۔ اُس کی فوج کی تعداد گھٹتے گھٹتے صرف پانسو رہ گئی تھی۔ وہ ایک مہینے کے عرصہ میں چکاسا پہونچا۔ یہ قصبہ ریاست مسسپی کے بالائی حصہ میں واقع تھا۔ موسم سخت تھا اور برف باری شروع ہوگئی تھی۔ ہسپانویوں کو بمشکل غذا دستیاب ہوتی تھی۔ اور وہ ویران قریہ کے چھوٹے چھوٹے مکانات میں جاڑے کا موسم بسر کرتے تھے۔ تاہم پیرو جیسی کانیں یہاں کہاں تھیں اور وحشیوں کے بدن پر سونے کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ اُن کی دولت صرف غلہ کی پیداوار اور اُن کے شاہی مکانات اُن کے جھونپڑے تھے۔ جب موسم بہار شروع ہوا تو سوٹو نے حسب معمول باربرداری کے لیے اُن کے سردار سے دو سو آدمی طلب کیے۔

ہندوستانیوں نے پہرہ داروں کو چکمہ دے کر خود اپنے گاؤں میں آگ لگادی جس میں ہسپانیہ والے مقیم تھے۔ اگر ہندوستانی اُس وقت خاموشی کے ساتھ ہسپانیہ والوں پر حملہ کر بیٹھتے تو وہ ضرور کامیاب ہوجاتے کیونکہ ہسپانیہ والوں کے ہتھیار یا خراب ہوگئے تھے یا آگ میں پگھل گئے تھے لیکن اُن کے دل میں اسپین کے فولادی ہتھیاروں کا ایسا خوف بیٹھا ہوا تھا کہ وہ ایک ہفتہ تک خاموش رہے اور جس وقت اُنھوں نے ہسپانیہ والوں پر حملہ کیا تو یہ لوگ بالکل تیار ہوگئے تھے اور اپنے ہتھیار از سر نو بنا چکے تھے۔

اِن مصیبتوں کے باوجود سوٹو نے ہمت نہ ہاری اور کسی اور متمول ملک کی تلاش میں سرگرداں رہا۔ اب یہ قافلہ جانب غرب راہی ہوا اور ایک ہفتہ کے بعد

دریائے مسیسپی کے قرب میں پہونچا۔ سوٹو پہلا یورپین تھا جس نے دریا کا نظارہ کیا اور اس دریا نے تین سو برس کے عرصہ میں آجتک اپنا رُخ نہیں بدلا اور اسی حال سے جاری ہے جس میں سوٹو نے اُس کو پایا تھا۔ وہاں کے دیسی لوگ ان کا تماشا دیکھنے آئے لیکن وہ دریا کی دوسری جانب تھے اور اُن کی زور قیں اس قابل نہ تھیں کہ وہ اُن میں گھوڑوں کو سوار کر کے دریا پار لیجا سکتے۔ مجبوراً انھوں نے کشتیاں تیار کیں اور ایک مہینہ کے بعد ماہ مئی میں ہسپانوی لوگ دریا کے دوسرے کنارہ پر اُترے۔

سوٹو نے اُدھر پہونچ کر ایک جماعت اس سرزمین کی تحقیقات کے لیے روانہ کی جس کی بابت اُس کو یہہ معلوم ہوا کہ وہاں کی آراضی نہ قابل کاشت ہے اور نہ آباد ہے۔ بلکہ وہاں جو لوگ رہتے ہیں وہ شکار پر زندگی بسر کرتے ہیں لہذا سوٹو وہاں سے مغرب اور شمال و مغرب کی طرف بڑھا۔ غالباً وہ دو سو میل سے زائد فاصلہ تک بڑھا چلا گیا اور اُس نے اِس حصّہ ملک میں ان لوگوں کو دیگر وحشیوں کی نسبت کسی قدر تہذیب یافتہ پایا کیونکہ یہہ کاشت کرتے تھے اور مکانات میں رہتے تھے اور پیداوار پر نہ کہ شکار پر اپنی گزران کرتے تھے۔ ہسپانیہ والوں نے اُن کے ساتھ بھی وہی برتاؤ کیا جو اوروں کے ساتھ وہ کرتے آئے تھے۔ یعنے اُن کو غلام بنایا اور ذرا سے شبہہ پر بیسیوں دیسیوں کے ہاتھ کاٹ ڈالے بعض ناکام رستہ بتانے والوں کو وہ آگ میں جلا ڈالتے اور کتّوں سے پھڑوا ڈالتے۔

اگلے سال ۱۵۴۲ء کے موسم بہار میں سوٹو نے ارادہ کیا کہ دریائے وائشٹا کے سنگم کی طرف چلنا چاہیئے۔ اور اُدھر سمندر کا حال معلوم کرنا چاہیئے۔ جب وہ اُس طرف بڑھا تو دلدلوں میں پھنس گیا۔ آخرکار ۱۷ اپریل کو وہ ایسے صوبہ میں پہونچا جہاں دریائے وائشٹا دریائے مسیسپی میں گرتا ہے۔ وہاں پہونچ کر اُس نے دیسیوں کے

سردار سے دریافت کیا کہ یہاں سے سمندر کس قدر فاصلہ پر ہے۔ آخر الذکر نے اپنی لاعلمی ظاہر کی۔ اوّل الذکر نے پھر سوال کیا کہ دریا کا کنارہ آباد ہے یا نہیں تو آخر الذکر نے جواب دیا کہ دریا جانب جنوب غیر آباد ہے۔ اُس نے یقین نہ کیا اور اپنے آٹھ آدمیوں کی ایک جماعت کو بھیجا کہ وہ تحقیق کرے کہ ملک کی کیا حالت ہے۔ یہ جماعت آٹھ دن میں صرف تین میل طے کر سکی۔ اِدھر گھوڑے اور آدمی برابر مرتے جا رہے تھے۔ اور دیسی لوگ خطرناک دشمن نظر آتے تھے۔ آخر کار سوٹو انھیں تفکرات میں مبتلا ہو کر بیمار پڑ گیا اور راہِ عدم کو چل بسا۔

سوٹو کے رفقاء کی واپسی

(سنہ ۱۵۴۲ء)

دریائے مسیسپی کا دریافت کنندہ اُس کے پانی کے نیچے سو رہا ہے۔ اُس نے سونے کی تلاش میں ہر اعظم کے بہت بڑے حصّہ میں سفر کیا لیکن بجز اپنے مدفن کے وہ کوئی قابل الذکر چیز نہ پا سکا۔

سوٹو کے رفقاء نے اب بغیر تاخیر نیو اسپین پہونچنے کا ارادہ کیا۔ بعض کہتے تھے کہ دریائے مسیسپی کی راہ سے خلیج میکسیکو میں داخل ہوں اور بعض کا یہ خیال تھا کہ خشکی کی راہ سے میکسیکو پہونچنا چاہیئے۔ آخر کار دریا کی راہ سے سفر کرنا مناسب سمجھا گیا، چنانچہ چھوٹی چھوٹی کشتیاں تیار کی گئیں اور اُن میں یہ جماعت سوار ہو کر بچاس دن سے زائد عرصہ میں خلیج میکسیکو میں پہونچی۔ اب اس جماعت کے آدمیوں کی تعداد گھٹکر صرف تین سو گیارہ رہ گئی تھی جب کہ وہ دریائے پینو کو میں داخل ہوئی۔

کورونیڈو کا بڑا سفر

جس وقت سوٹو اپنا کوچ کر رہا تھا اُسی وقت اور قریب قریب اُسی حصّہ ملک میں خوب تیار شدہ اور مکمل فوج کے ساتھ فان کیزڈی کورونیڈو بھی سفر کر رہا تھا۔ اگرچہ

سوٹو کو اپنے اس ہم وطن کا کوئی علم نہ تھا لیکن کورونیڈو کو سوٹو کے کورج کی اطلاع تھی اور اُس نے قاصدوں کے ذریعہ سے باہم ملاقات بھی کرنی چاہی لیکن اتفاق سے قاصد سوٹو کو کبھی نہ ملے۔

۱۵۳۰ء میں یعنی کورٹیز کی فتح میکسیکو کے دس برس بعد ہسپانیہ والوں سے شمالی سات بڑے شہروں کے قصّے بیان کیے گئے اور یہ کہا گیا کہ ان شہروں میں سونا اور چاندی بافراط ملتا ہے۔ چنانچہ نونو ڈی گزمن چار سو ہسپانویوں اور بیس ہزار ہندوستانیوں کو لیکر میکسکو سے ان سات شہروں کی تلاش میں نکلا جن کو اُس نے اپنے نزدیک صرف چھ سو میل کے فاصلہ پر خیال کیا تھا۔ لیکن جب اُس نے اپنا سفر شروع کیا تو یہ شہر اُس سے دُور ہی ہوتے گئے یہاں تک کہ وہ مایوس ہو کر اپنا کمپاسٹیلا سے واپس آگیا جہاں اُس نے صوبہ نیو گیلیشیا قائم کر دیا تھا۔ بعد ازاں اُس کو نینڈوز نے صوبہ کی حکومت سے معزول کر دیا اور اُس کی جگہ یہ فرانسسکو ویس کیزڈی کورونیڈو کو بھیجدیا۔

ماہ فروری ۱۵۴۰ء میں کورونیڈو، فرے مارکس کو ساتھ لیکر سبولا کے سات شہروں کی تلاش میں روانہ ہوا اور اپنے ہمراہ تین سو ہسپانوی اور آٹھ سو ہندوستانی لیگیا یہ مہم بھی سخت ناکام رہی۔ بڑے شہر ہونے کی بجائے سبولا صرف ایک قریہ نکلا جس میں دو سو آدمی رہتے تھے۔ کورونیڈو نے چٹان پر واقع ہونے کی مشابہت کی وجہ سے اِس کا نام غرناطہ رکھا۔ اُس کا بیان ہے کہ سبولا کل ضلع کا نام تھا، کسی خاص مقام کا نام نہ تھا۔

کورونیڈو تین برس تک اِدھر اُدھر سرگرداں پھرتا رہا۔ اُس کے بہت سے ہمراہی موت اور بھوک کے شکار ہو گئے لیکن اُس نے ہمت نہ ہاری۔ آخر کار وہ دریائے مسوری تک پہونچا جب دریا ناقابل گزر ثابت ہوا تو مجبوراً وہ وہاں سے واپس ہوا۔

لیکن افسوس ہے کہ واپسی پر اُسکو نیو گیلیشیا کی گورنری سے بھی معزول کر دیا گیا۔

انگریزوں کی تحقیقات: فرانسیسی کے تین بحری سفر

۱۵۲۷ء میں رابرٹ تھارن جو برسٹل کا ایک متمول سوداگر تھا اور سیول میں عرصہ تک قیام پذیر رہا تھا ہسپانیہ والوں کی طرح بحری سفر کا شائق تھا۔ اُس نے ہینری ہشتم کو اس بات پر آمادہ کیا دو جہازوں کا ایک بیڑہ روانہ کیا جائے جو شمالی قطب تک کی بھی دریافت کرے۔ یہ مہم ۲۰ مئی ۱۵۲۷ء کو دریائے ٹیمس سے روانہ ہوئی۔ لیکن اس مہم کے متعلق صرف اس قدر علم ہے کہ ان جہازوں میں سے ایک جہاز نیو فاؤنڈلینڈ کے شمال میں غرق ہو گیا تھا اور دوسرا جہاز واپس نہیں آیا۔ ۱۵۳۶ء میں ایک شخص ہور نامی نے جو لندن کا باشندہ تھا، امریکہ کے شمالی و غربی حصہ کی دریافت کے لیے سفر کیا۔ ان ایک سو بیس اشخاص میں سے جو اُسکے ہمراہ گئے تھے تیس اصحاب وکلاء اور ملازمین عدالت تھے۔ یہ سفر نہایت تباہ کن ثابت ہوا۔ جب یہ لوگ نیو فاؤنڈلینڈ پہونچے تو کھانے پینے کے ذخائر ختم ہو گئے اور یہ بھوکے مرنے لگے۔ یہانتک نوبت پہونچی کہ ایک دوسرے کو مار کر کھانے لگا۔ آخر کار ایک فرانسیسی جہاز جو ساحل پر لنگر انداز تھا ایک ترکیب سے اُن کے قبضہ میں آگیا اور اُس کے ذریعہ سے وہ اپنے گھر واپس پہونچ گئے۔ ہینری ہشتم نے فرانسیسوں کے نقصان کی تلافی کر دی اور ان لوگوں کی زیادتی کو جو بدرجۂ مجبوری ان سے سرزد ہوئی تھی معاف کر دیا۔

انگلستان کی خارجی تجارت سولھویں صدی میں مشکل سے بلدان فلیمش، آئس لینڈ اور نیو فاؤنڈلینڈ کے سواحل کے سوا اور کہیں تھی۔ لیکن سیباشین کیبٹ کی موجودگی اور صلاح سے اہل انگلستان نے فائدہ اُٹھانا چاہا۔ چنانچہ ۱۵۵۳ء میں اُس کی صلاح اور ہدایت کے مطابق ایک بحری سفر کیتھے کے شمالی و مشرقی رستہ کی

دریافت کے لیے کیا گیا۔ اور اس مہم کے لیے تین جہاز مہیا کیے گئے۔

کم از کم تین مرتبہ اور غالباً صرف کیبٹ ہی نے تین مرتبہ شمالی و جنوبی رستہ کی دریافت کے لیے بے فائدہ کوشش کی تھی۔ اس مرتبہ شمالی و مشرقی رستہ کی تجویز کی گئی۔ یہ خیال کیا گیا کہ وہ لاپ لینڈ کی شمالی راس سے گذر کر کیتھے کے متمول ملک میں جا پہونچیں گے، لیکن تینوں جہاز ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے۔ ان میں سے ایک جہاز ولوبی کے ماتحت تھا جس کا انجام نہایت افسوسناک ہوا اور دوسرا جہاز چانسلر کے زیر فرمان تھا جس سے نہایت عمدہ نتیجہ برآمد ہوا۔ یہ جہاز آرچنگل کے بندرگاہ میں پہونچ گیا اور ۱۵۵۴ء میں روس کا ملک دریافت ہو گیا۔ اس عظیم الشان سلطنت سے بحری تجارت بھی شروع ہو گئی۔ روسی قوم جو نہایت قدیم اور بقیہ یورپ سے علیحدہ تھی اب سیاسی امتیاز کے ساتھ بیدار ہو گئی اور اس دریافت کے تقریباً گیارہ سال بعد ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بھی پہلا شہر تعمیر ہو گیا۔ یہ تبدیلیاں بہت جلد واقع ہوئیں۔ موجودہ زمانہ کی ایک بڑی قوم کا حال مغربی یورپ کو صرف سو طوں صدی میں معلوم ہوا اور دوسرا برابر اعظم جس میں ایک بھی فرنگی نہ تھا از سر تا پا گورے چمڑے کے لوگوں سے آباد ہو گیا۔

ملکہ ایلزبتھ کے استقلال سے اس کی رعایا میں بحری مہمات کا شوق روز افزوں ہوتا رہا۔ ملکہ نے اپنی بحری طاقت کو مستحکم کیا۔ اسلحہ اور بارود کے سامان کو مہیا کیا اور انگلستان میں جہازوں کی ساخت کی ہمت افزائی کی۔ روس اور افریقہ کے ساتھ تجارت کرنے کی ترغیب دی۔ چنانچہ نیوفاؤنڈلینڈ کے سواحل اور خلیجوں میں ہر سال انگریزی جہاز تیس سے پچاس تک آتے جاتے رہتے تھے۔

مارٹن فروبشر نے متواتر پندرہ سال تک اس بات کی کوشش کی کہ ایک

مہم اُس کی ماتحتی میں روانہ کی جائے لیکن وہ ناکام رہا۔ آخر کار آرل آف وارونک نے دو چھوٹے جہاز اس کو فراہم کر کے روانہ کر دیا۔ اور یہہ چھوٹی مہم ۱۸ جون ۱۵۷۶ء کو لندن سے روانہ ہوئی۔ فرابشر، کیپ ورڈ کے سواحل پر پہونچا۔ بعد ازاں خلیج ہڈسن کے شمالی داخلہ پر گیا۔ اب وہ امریکہ کے مجمع الجزائر میں تھا یعنی عرض البلد کے ۶۳ درجہ اور ۸ دقیقہ پر۔ لیکن اُس کو یہہ خیال ہوا کہ اُس کا مقصد حاصل ہو گیا یعنی جانب جنوب جو خشکی ہے وہ امریکہ ہے اور جانب شمال براعظم ایشیا واقع ہے اور یہہ آبنائے بحر الکاہل کے وسیع سمندر میں پہونچا دیتی ہے۔ اگرچہ فرابشر کا سفر بھی ناکام رہا تاہم فرابشر قابل تعریف شخص ہے جس نے دریافت کے اس غیر معلوم مقصد کی طرف سب کو متوجہ کر دیا۔ وہ ایک جزیرہ پر اُترا تھا، ممکن ہے براعظم کے ساحل پر اُترا ہو۔ اُس نے کچھ پتھر اور سنگریزے جمع کیے اور دیسیوں میں سے ایک شخص کو پکڑ لیا تاکہ اُسے اپنے ملک میں بطور نمونہ پیش کرے اور ان علامات سے اُس نے ملکہ ایلزبتہ کے نام پر ملک کا قبضہ حاصل کر لیا۔

اس کے بعد ۲۔ مئی ۱۵۷۷ء کو ایک اور مہم روانہ ہوئی جو باد موافق کی بدولت جلد جزیرہ آرکنیز میں پہونچ گئی چونکہ یہہ لوگ امریکہ کے شمالی و مشرقی سواحل پر ۲۔ جون کو پہونچے تھے، اس لیے ان کو قطبین کے سمندروں کے خطرات بھگتنے پڑے۔ ان کو برف کے پہاڑوں نے چاروں طرف سے گھر لیا۔ کبھی ان کو اپنی موت نظر آتی تھی اور کبھی یہہ سونا پانے کی توقعات میں خوش ہو جاتے تھے۔ اس بیڑے نے کوئی دریافت نہیں کی اور یہہ اس قدر دور بھی نہیں گیا جس قدر کہ فرابشر تنہا پہونچ گیا تھا۔

یہہ سب کو یقین تھا کہ قطبین کے ممالک کی مالا مال کانین ایک قیمتی مہم کے اخراجات کا کافی معاوضہ کر دیں گی۔ کیتھے کے رستہ کی دریافت پر تمام اُمیدیں وابستہ تھیں۔ اب نئے دریافت شدہ ممالک کی حفاظت کے لیے سپاہی اور سمجھدار آدمی

منتخب کیے گئے تاکہ وہ وہاں سکونت پذیر ہوں۔ پندرہ جہازوں کا ایک شاندار بیڑا فراہم کیا گیا جس میں ملکہ ایلزبیتھ کا بھی کچھ روپیہ لگا تھا۔ انگریز شرفاء کے لڑکے رضاکاروں کی طرح بھرتی ہوئے۔ ستو آدمی ایک نوآبادی قائم کرنے کے لیے پسند کیے گئے۔ اُن کے نزدیک، اگرچہ وہاں کوئی درخت یا جھاڑی نظر نہ آتی تھی لیکن سونا ہافراط تھا اور یہ بھی کانوں میں پوشیدہ نہ تھا بلکہ سطح زمین پر بکھرا پڑا تھا۔ اُن میں سے بارہ جہاز خام آہن لیکر فوراً واپس آنے کے لیے تھے اور تین جہاز نئی آبادی کی امداد کے لیے وہیں رہنے کے لیے مقرر کیے گئے۔ اب شمالی و مغربی رستہ کی طرف کم رجحان ہونے لگا۔ خود ایشیا بھی اس مجمع الجزائر کی دولت کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔

لیکن پالے کی وجہ سے ان متمول جزائر میں پہونچنا مشکل تھا اور فرابشر کا بیڑا جبکہ یہ سواحل امریکہ پر پہونچا (۳۱ مئی لغایت ۲۸ ستمبر ۱۵۷۸ء) بڑے بڑے برف کے پہاڑوں کے درمیان منتشر ہوگیا جو اس قدر بڑے تھے کہ جب اُن کا برف پگھلنے لگا تو اُن میں سے پانی کی دھاریں آبشاروں کی طرح سے گرنے لگیں ایک جہاز ٹکرا کر شکستہ ہوگیا اور غرق ہوگیا اگرچہ اُس کے آدمیوں کی جان بچ گئی۔ جہاز خطرناک گھر میں اپنا رستہ بھول گئے اور اُس آبنائے میں داخل ہوگئے جو آبنائے ہڈسن کہلاتی ہے۔ فرابشر نے کوشش کی کہ وہ ایسے بندرگاہ میں پہونچ جائے جہاں اُس کے جہازات مال و اسباب سے لد سکیں چنانچہ بہت سے خطرات کا مقابلہ کرکے آخرکار وہ ایک ایسے بندرگاہ میں جا پہونچا۔

اب رضاکار نوآبادوں کا جوش ٹھنڈا ہوگیا تھا اور بددل جہازراں بغاوت کے لیے آمادہ تھے۔ ایک جہاز جس میں نوآبادی کے لیے ذخائر جمع تھے ان سب کو چھوڑ کر گھر واپس چلا گیا۔ اس کے بعد ایک جزیرہ دریافت ہوا جس میں بے انتہا خام

لوہا تھا۔ نوآبادی کی تجویز ترک کردی گئی۔ اب صرف جہازوں کو معدنیات سے لادنا باقی تھا۔ بیڑے کے سامان کی نسبت رضاکار اور مورّخ دونوں خاموش ہیں کہ اُس کا کیا حشر ہوا۔ بایں ہمہ سمندروں کی واقفیت میں اس سفر سے کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ حرص وطمع کا دروازہ بھی بند ہو گیا اور یہ خیال کہ اسکیمو (اصلی باشندگان امریکہ) کے ملک میں سونا بافراط ہے مضحکہ خیز بن گیا۔ لیکن یہ کامل یقین تھا کہ شمالی امریکہ کے سواحل اور برفیلے پہاڑوں کے درمیان بحرالکاہل میں جانے کے لیئے ضرور رستہ مل سکتا ہے

جب فرانسس امریکہ کے شمالی ومشرقی ساحل پر اس طرح دولت اور شہرت حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا تو ممالک متحدہ امریکہ کی مغربی حدود بھی دریافت ہو گئیں فرانسس ڈریک (۱۵۷۷ء لغایۃ ۱۵۸۰ء) نے اسپین کے بندرگاہوں میں جو بحرالکاہل پر واقع تھے ایک لٹیرے کی حیثیت سے وافر دولت حاصل کی اور اپنے جہاز کو مال غنیمت سے لاد کر اُس نے دُنیا کا چکر لگایا اور ایک مستقل اور پائدار شہرت حاصل کرلی۔ لیکن میگلن کے جہاز کے نقش قدم پر چلنے سے پیشتر ڈریک نے امریکہ کے شمالی ومغربی ساحل کو تحقیق کرنا چاہا تاکہ وہ اُس آبنائے کو معلوم کرے جو دونوں سمندروں کو ملاتی ہے۔ اِس خیال سے وہ خطِ استوا کو عبور کرکے جزیرہ نمائے کیلیفورنیا کے اُس طرف پہونچا اور نئے نصف کرہ کی جنوبی حدود کے عرض البلد تک بحرِ اعظم کے کنارے کنارے چلا گیا۔ یہاں انگلوگوں کو جنھوں نے گرم خطّوں کو ابھی ابھی خیرباد کہا تھا ناقابل برداشت سردی معلوم ہوئی لہذا وہ کامیابی سے مایوس ہو کر ایسے بندرگاہ کی طرف چلا جو میکسیکو کی حدود میں تھا اور جہاں سردی کم تھی۔ بعدازاں اُس نے اپنے جہاز کی مرمت کرکے اِس حصّہ ملک کو نیو البیئن کا نام عطا کیا اور ایشیا کے سمندروں میں ہوتا ہوا انگلستان کو روانہ ہو گیا۔

سر ہمفرے گلبرٹ کے مصائب

جبکہ ملکہ اور اُسکے جاہ طلب اشخاص دور و دراز شمال کے برف سے ڈھکے ہوئے ممالک مین سونے کی کانون کی اُمید افزا روشنی سے چکا چوند ہو رہے تھے۔ سر ہمفرے گلبرٹ۔ زیادہ عاقبت اندیشی اور بہتر واقفیت کی بنا پر ماہی شکار گاہوں کی ترقی پر غور کر رہا تھا۔ اور نوآبادی کی تجاویز سوچ رہا تھا۔ گلبرٹ کے لیے ایک سند (۱۱ جون ۱۵۷۸ء) حاصل کرنا کچھ مشکل کام نہ تھا۔ اُن اشخاص کو جو اُسکی نوآبادی میں آباد ہوں وہی حقوق عطا کیے گئے جو انگریزوں کو انگلستان میں حاصل تھے اور گلبرٹ اور اُس کے ورثاء کو اُس آراضی کا قبضہ حاصل کرنے کا اختیار دیا گیا جو وہ دریافت کرے۔ اُسکو دیوانی اور فوجداری مقدمات کی سماعت کا اختیار بھی اُسکی نوآبادی سے دو سو فرسخ تک عطا کیا گیا اور قانون سازی اور ادو حملہ انتظامی معاملات کی باگ اُسکے ہاتھ میں چھوڑ دی گئی۔ اس سند کے ذیل میں گلبرٹ نے رضاکاروں کی ایک جماعت فراہم کرنی شروع کی اور اپنی آمدنی کا بیشتر حصہ اسکے مصارف میں خرچ کیا۔ ابھی بحری سفر شروع بھی نہین ہوا تھا کہ اختلافات پیدا ہو گئے اور بہت سے لوگوں نے جو بغیر سوچے سمجھے رضاکار بن گئے تھے علیحدگی اختیار کر لی۔ سردار مہم اور اُسکے چند قابل اعتماد دوست جن میں اُسکا سوتیلا بھائی والٹر ریلے بھی تھا اور جس کے زیر حکم جہاز فالکن تھا ۱۵۷۹ء میں سفر پر روانہ ہوئے ان جہازوں میں سے ایک تباہ و برباد ہو گیا اور شومی طالع سے یہہ سب لوگ واپس آنے کے لیے مجبور ہوئے۔

اِس مہم کے حالات سے پوری واقفیت اس وجہ سے نہین ہوئی کہ یہہ لوگ اسپین کے بیڑے سے ٹکرا گئے اور اس خارج البلد مختصر جماعت کو اس لڑائی میں سخت ناکامی ہوئی گلبرٹ نے اپنی سند کو قائم رکھنے کے لیے جاگیریں عطا کیں لیکن جس کسی کو یہہ جاگیریں دی گئیں وہ نوآبادی قائم کرنے میں کامیاب نہوا اور وہ خود اس قدر مفلس اور نادار ہو گیا کہ دوبارہ سفر کی تیاری نہ کر سکا۔

لیکن رلیے میں ایک عملی جذبہ پنہاں تھا جو خطرناک مواقع پر اور بھڑک اُٹھتا تھا۔ نئی دنیا میں دریافتیں کرنا، سلطنتوں کی بنیادیں ڈالنا اور نہایت وسیع اراضیات حاصل کرنا رلیے کی شجاعت کے لیے سب کچھ آسان تھا۔ سند کی میعاد ختم ہونے سے قبل گلبرٹ نے اپنے بھائی کی امداد سے ایک نئی مہم تیار کی۔ یہ جہازات کا بیڑا اچھے شگون کے ساتھ روانہ ہوا۔ سردار مہم کو ملکہ ایلزبیتھ نے ایک طلائی لنگر عطا کیا جس سے ملکہ کی محبت اور ہمدردی ظاہر ہوتی تھی۔ ہنگری کا ایک عالم بھی اس مہم میں شریک ہوا اور ممالک متحدہ امریکہ کا کوئی نہ کوئی حصّہ ان لوگوں سے اُس وقت ضرور آباد ہو گیا ہوتا اگر اس تجویز کا بدنصیب محرک پے در پے مصیبتوں کا شکار نہ ہوتا۔ بندرگاہ پلی متھ سے روانہ ہونے کے (۱۳ جون) دو روز بعد بیڑے کا سب سے بڑا جہاز جسکو رلیے نے مہیا کیا تھا اور جو خود انگلستان میں رہ گیا تھا ان سب سے علیحدہ ہو گیا اور متعدی مرض کا بہانہ کر کے بندرگاہ میں واپس چلا آیا۔ گلبرٹ بیحد ناراض ہوا لیکن اُسکو مطلق خوف و ہراس نہ تھا۔ وہ نیوفاؤنڈلینڈ کو روانہ ہو گیا اور سینٹ جانس میں داخل ہو کر اُسنے ہسپانویوں اور پرتگیزوں کو بلایا تاکہ وہ جاگیریں عطا کرنے کی رسم کو دیکھیں جس سے اُسنے اپنی ملکہ کے حق میں ملک پر قبضہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ایک منارہ بنایا گیا جسپر انگلستان کے اسلحہ کی نمائش کی گئی اور ماہی گیروں کو فیس ادا کرنے کے معاوضہ میں جاگیریں عطا کی گئیں۔

اس طرح بظاہر نوآبادی قائم کرنے کے بعد سر ہمفرے گلبرٹ اپنے چھوٹے جہاز میں روانہ ہوا اور اُسنے دو اور جہاز اپنے ساتھ لیکر جانب جنوب دریافت کے لیے بحری سفر اختیار کیا۔ ان جہازوں میں سے ایک جہاز جلد آب دوز چٹانوں سے ٹکرا کر غرق ہو گیا اور ایک سو سے زائد اشخاص میں سے صرف بارہ آدمی جانبر ہوئے۔ غرق شدہ اشخاص میں اس مہم کا مورخ اور ماہر معدنیات بھی تھا۔ گلبرٹ کے دل و دماغ پر اُسکے مرنے کا گہرا اثر ہوا اور اب اُسنے انگلستان واپس جانے کا قطعی ارادہ کر لیا لیکن اُسکا چھوٹا سا جہاز اتنے بڑے سفر کا متحمل نہیں ہو سکتا تھا۔ چنانچہ جزائر آزورس کے قریب ایک طوفان میں مبتلا

ہوکر گلبرٹ مع اپنے ہمراہیوں کے غرقاب ہوگیا۔ سر ہمفرے گلبرٹ جو مغربی نوآبادی کا موجد و مخترع خیال کیا جاتا ہے اور جو تاریخ انگلستان کے نہایت بہادرانہ زمانہ کے خاص جواہر مین شمار کیا جاتا ہے ایسی ناشدنی موت سے مرا۔

ڈچ تحقیق کنندگان: ہڈسن کی دریافتیں

اگرچہ خود ہالینڈ میں کوئی جنس نہیں بوئی جاتی تھی لیکن یورپ بھر میں یہی ایک ملک اناج کی منڈی بنا ہوا تھا اگرچہ وہاں کپاس بھی پیدا نہ ہوتی تھی لیکن ململ بننے والے اس ملک میں بکثرت تھے۔ اگرچہ وہاں اُن کا کوئی ذخیرہ نہ تھا لیکن یہ ملک ہی تمام ادنی صناعت کا مرکز تھا اور اگرچہ اس ملک مین جنگلات نہ تھے لیکن یورپ سے زیادہ جہاز یہاں تیار ہوتے تھے۔ اور اُن کے حوصلہ مند جہازراں اپنی جمہوری سلطنت کا علم جنوبی افریقہ سے بحر شمالی تک لیے پھرتے تھے۔ ریلے نے ایک مرتبہ کہا تھا کہ ہالینڈ کے جہاز انگلستان اور دنیا دوسری سلطنتون کے جہازوں سے زیادہ تعداد میں ہیں۔ آزادی کے لیے جنگ و جدل دولت کے حصول کی غیر متوقع طور پر ضامن بن گئی۔ چنانچہ ہالینڈ نے اپنی بحری قوت کے زور سے اسپین کی تجارت حاصل کرلی اور تجارت سے جزائر کی دولت ہاتھ آگئی۔ لسبن اور انٹورپ کی رونق جاتی رہی۔ برخلاف اسکے ایمسٹرڈم جو مشرق اور یورپ کے مال کی منڈی تھا دنیا کا سب سے بڑا تجارتی شہر مسلمہ طور پر بنگیا۔

سنہ ۱۵۸۱ء میں ایک انگریز باتھ نامی نے جو بحر ظلمات کو پانچ مرتبہ عبور کرچکا تھا یہ تجویز کی کہ امریکہ کو چار جنگی جہاز بھیجے جائیں۔ حکومت نے اس تجویز کی مخالفت کی لیکن نجی اولوالعزمیوں کے لیے کوئی رکاوٹ پیدا نہ کی۔ اس واقعہ کے دس سال بعد ایک غرب الہند کمپنی کی تجویز ہوئی لیکن اس کے خطرات بھی بہت زیادہ سمجھے گئے اور کوئی تجارتی کمپنی بروئے کار نہ آئی۔ لیکن سنہ ۱۵۹۷ء مین نئی دنیا کے لیئے سفر کرنا شروع ہوگیا اور اس وقت دو کمپنیان بھی قائم ہوگئیں۔ یہ تجارت اس کامیابی کے ساتھ جاری رہی کہ آخر کار سنہ ۱۶۰۰ء مین بڑے بحث

مباحثہ کے بعد ایک غرب الہند کمپنی بھی قائم ہوگئی۔

کچھ عرصہ کے بعد مغرب میں انگریزی تجارت کی ترقی نے اہل ہالینڈ کی توجہ کو اور برانگیختہ کیا۔ یہی دونوں ملک اسپین کے خلاف نبرد آزما ہوئے تھے۔ انہیں دونوں ملکوں نے اپنے جہازوں کو بحرالہند کی طرف روانہ کیا تھا اور یہی دونوں اسپین کے مقبوضات امریکہ کے لیے ایک دوسرے کے حریف ہوگئے تھے۔

شرق الہند کمپنی کے قیام ۲۔ مارچ سنہ ۱۶۲۰ء سے جسکو ایک طرف راس امید سے اُدھر اور دوسری طرف آبنائے میگلن سے اِدھر تجارت کرنیکا حق بلاشرکت غیرے حاصل تھا اور فتوحات و نوآبادی و حکومت کے جملہ اختیارات دیے گئے تھے ایشیا کے تمام سمندر جہازوں سے پٹ گئے تھے۔

اسی دوران میں یورپ ایشیا کے قریب رستہ کی دریافت کے لیے برابر ساعی رہا اور ابتک اس سے مایوس نہ ہوا تھا۔ ڈنمارک کے جہازوں نے بھی ایسے رستہ کی دریافت کے لیے بیکار کوشش کی تھی۔ اور ہالینڈ کی کمپنی نے بھی ہنری ہڈسن کو ایک بحری مہم کا سردار بنا کر ایسے رستہ کی تلاش میں بھیجا۔ وہ دو مرتبہ گیا اور دونوں مرتبہ ناکام واپس آیا۔ تیسری مرتبہ وہ سفر کرتا ہوا اُس آبنائے میں داخل ہوا جو اُس کے نام سے آجتک موسوم ہے اور وہ وہاں موسم سرما بسر کرنے کے لیے ٹھہر گیا لیکن اُس کے لیے موسم بہار کی آمد بیکار ثابت ہوئی کیونکہ تمام ذخائر ختم ہوگئے تھے اور خود اُسکے رفیق اُسکے دشمن بنگئے تھے۔ اُنھوں نے اُسکو اور اُسکے سات ساتھیوں کو جہاز کی ایک کوٹھری میں بند کردیا اور پھر اُن کو سمندر میں پھینک دیا۔ نہیں معلوم کہ اُن کا کیا انجام ہوا۔ لیکن ہڈسن پہلا جہازراں ہے جو امریکہ کی سرزمین میں دفن ہوا۔

اگرچہ ہڈسن کی ہر ایک کوشش ناکامی کا مرقع تھی تاہم اُسنے وہ بات حاصل کرلی جو اُس وقت اُسکے خیال میں بھی نہ تھی۔ اُسکی وجہ سے دو صنعتیں ایک اسٹیٹن برجن کی وہیل مچھلی کی شکارگاہیں اور دوسری خلیج ہڈسن کی سمور کی تجارت بروئے کار آئیں۔ علاوہ ازیں اہل ہالینڈ

اسی شخص کی بدولت جزیرہ مان ہٹن میں پہونچے اور انھوں نے وہاں اپنی نوآبادی قائم کی۔

باب سوم

ہندوستانی باشندگانِ امریکہ

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شریف سُرخ ہندوستانی رفتہ رفتہ غائب ہوگئے ہیں لیکن درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ یہ تو ناممکن ہے کہ امریکہ کی زندگی میں ہندوستانی اب آیندہ اپنا اثر و اقتدار قائم کرسکیں البتہ یہ ممکن ہے کہ باہمی مناکحت اور تعلیم سے یہ لوگ حیات قومی میں رفتہ رفتہ مدغم ہوجائیں فی الحال ہندوستانیوں کی آبادی عام طور پر ایک ہی حالت پر قائم سمجھی جاتی ہے۔ تاہم یہ یقین کرنے کے لیے بہت سی وجوہات ہیں کہ امریکہ میں اُس زمانہ سے جبکہ کولمبس پہلے پہل آیا اب زیادہ ہندوستانی ہیں۔ اُس زمانہ کے تحقیق کنندگان نے ہندوستانیوں کی تعداد مبالغہ آمیز طریقہ پر بیان کی ہے اور اُن کے بیان کو سب نے سچ سمجھا ہے حالانکہ برّاعظم کے بہت سے وسیع خطوں میں ہندوستانیوں کا گزر بھی نہ ہوا تھا شکار کی ضروریات نے گھنی آبادی کو ناممکن بنا دیا تھا لہذا وہ چھوٹے چھوٹے جرگوں میں ایک دوسرے سے علیحدہ رہتے تھے۔ قحط کے بھی وہ اکثر شکار ہوتے رہتے تھے اور اُن کی کہانیوں میں قحط کے حملوں کا بہت ذکر ہے جس سے اُن کی تعداد میں ضرور بہت کمی ہوتی گئی۔ فاقوں، وبا اور باہمی جنگ و جدل سے بھی اُن کی تعداد برابر گھٹتی رہی قبل اسکے کہ گورے آدمی کی بندوقوں نے جنگلوں کو متحیر کیا۔

لیکن تھیوڈور روزولٹ کہتے ہیں کہ "اگلے مصنفین نے ہندوستانیوں کی اصلی تعداد کے اندازہ کرنے میں نہایت مبالغہ سے کام لیا ہے۔ وہ اُن کی تعداد لکھو کھا بیان کرتے ہیں اور آجکل یہ رواج ہوگیا ہے کہ اُن کی تعداد گھٹا کر بیان کی جاتی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اُن کی تعداد میں کچھ بھی کمی نہیں ہوئی۔ حالانکہ ایسے فرقے تو انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں جن میں کسی قدر

اضافہ ہوا ہے اور ایسے فرقوں کی تعداد کو ڑیوں تک پہونچتی ہے جو ہماری آنکھوں دیکھتے فنا ہو گئے ہیں۔ فرانسیسیوں اور ہسپانویوں کے علاوہ، وہ انگریزوں سے تو بہت ہی کم خلط ملط ہوئے ہیں۔ باتو وہ خارج کر دیے گئے ہیں یا وہ فنا ہو گئے ہیں یا وہ جنگلوں میں زندگی بسر کرنے کے لیے مجبور ہوئے ہیں لیکن اکثر حالتوں میں مدغم نہیں ہوئے۔ تاہم حدود پر کچھ نہ کچھ ادغام برابر جاری ہے اور اُس سے زیادہ ہے جتنا کہ تسلیم کیا جاتا ہے اور جب کبھی کوئی فرانسیسی یا ہسپانوی فرقہ طاقتور امریکیوں میں مدغم ہو جاتا ہے تو کچھ نہ کچھ ہندوستانی خون کی آمیزش بھی اُسکے ساتھ ہو جاتی ہے۔

وسطی امریکہ، میکسکو اور پیرو میں شہر اور قصبے آباد تھے جہاں پتھر کی عمارتیں تھیں اور اُن پر نقوش کندہ تھے اور پچی کاری کا کام تھا۔ وہاں عیش و عشرت کے سامان نقیش کے درجے تک پہونچے ہوئے تھے۔ لیکن یہہ تہذیب اُس وقت موجود تھی جب کہ ہسپانوی آئے اور چونکہ یورپی تہذیب اس سے صدیوں آگے تھے۔ لہذا اُسکے مقابلہ میں یہہ نہ ٹھہر سکی۔ ادھر جنوبی امریکہ کے ہندوستانی تہذیب کے دائرہ میں قدم رکھنے والے تھے اُدھر شمالی امریکہ کے ہندوستانی وحشیانہ پن کی زندگی سے کسی قدر بلند ہونے شروع ہو گئے تھے جبکہ انھیں یورپی اقوام سے سابقہ پڑا۔ بعض ہندوستانی زراعت سے واقف تھے اور جنگ کے عادی نہ تھے اور بعض بدوی زندگی بسر کرتے تھے۔ وہ اپنے اپنے قبیلوں میں اپنے سردار قبیلہ کے ماتحت رہتے تھے لیکن شخصی آزادی کی بھی قدر کرنا جانتے تھے۔ وہ بہت سی زبانیں بولتے تھے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ یہہ لوگ زیادہ سے زیادہ چار سو اور کم از کم ایک سو چھبیس[۱۲۶] زبانیں بولتے تھے۔ یہہ لوگ مٹی کے ظروف، صلح اور جنگ کے ہتھیار رکھتے تھے اور سکہ بھی استعمال کرتے تھے۔

ایک سپاہی کی حیثیت سے فن حرب میں ہندوستانی نے بیحد انقلاب پیدا کر دیا ہے آجکل کی مطبوع خاطر جنگی چالیں وہی ہیں جنکو ہندوستانیوں نے ترقی دی تھی اور اُن کو

یورپی اقوام نے رفتہ رفتہ بہت سے نقصانات کے بعد سیکھا تھا۔ ہندوستانیوں میں ترتیب ونظم کی بیحد سختی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی انفرادی کوشش کے لیے آزادی تھی۔ وہ باہمی موالات اور جنگی اشاروں اور کناؤں کے فوائد سے خوب واقف تھے اور ایک دم حملہ کرنے کے فائدہ کو بھی جانتے تھے جو کسی خاص موقع پر کیا جائے۔ وہ تھوڑے سے نقصان اور تیز رفتاری کے ساتھ شاندار واپسی کر سکتے تھے۔ ہندوستانیوں نے بندوق اور گھوڑے کا استعمال یورپ والوں سے سیکھا اور بہت جلد ان دونوں باتوں میں اُن کے ہمسر ہو گئے۔ اُن کو چھپنے کی جگہ تلاش کرنے اور پوشیدہ ہونے میں اور دشمن کی خبریں اپنے آپ کو ظاہر کیے ہوئے بغیر معلوم کرنے میں اور اُسکے حرکات وسکنات سے واقفیت حاصل کرنے میں کمال حاصل تھا۔ یورپ والوں کو ہندوستانیوں کے طریقہ پر لڑنا پڑا ورنہ وہ سمندر کی طرف مراجعت کرنے پر مجبور ہوتے جسنے اُنھیں وہاں پہونچایا تھا۔

ریاستہائے متحدہ کی آزادی بھی زیادہ تر ہندوستانیوں کی بدولت حاصل ہوئی ہے کیونکہ ہندوستانیوں نے یورپ والوں کو بھونڈے طریقہ سے آزادی کی قدر وقیمت اور ضرورت وآرزو سکھائی۔ انفرادی ضرورت اور سربلندی بھی سکھائی اور آخر کار فنونِ حرب سے واقف کیا جس کی وجہ سے نوآبادی کی بے قاعدہ افواج رفتہ رفتہ برطانیہ کے باقاعدہ لشکر کو دق اور پریشان کر سکی یہانتک کہ اُسکو مایوس اور تیز مزاج بنا دیا اور اُسکے استقلال اور شجاعت کو بیکار کر دیا چونکہ اکثر برطانوی مورخ انقلاب امریکہ کو بادشاہ کی دست درازیوں کے خلاف پارلیمنٹ کی آزادی کے حصول سے منسوب کرتے ہیں لہذا یہ نتیجہ عجیب سہی لیکن بالکل غلط نہیں ہے کہ امریکہ کے ہندوستانیوں کی بدولت انگریزوں نے بعض اُمور میں اپنی آزادی حاصل کی۔

اگرچہ ہندوستانیوں کی بیرحمی اور سنگدلی مسلمہ ہے لیکن اُس زمانہ کا یورپ بھی مفتوح شدہ شہروں کی لوٹ مار کو جائز سمجھتا تھا اور محکمۂ احتساب عقائد سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ ہندوستانیوں

کے مظالم اُسکے مقابلہ میں کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتے۔ انگلستان اور اسکاٹ لینڈ میں بھی عام طور پر سخت سزائیں دی جاتی تھیں۔ ۱۶۴۶ء میں ایک عورت کی زبان کو لکڑی کے تختہ پر کیلوں سے جڑ دیا گیا تھا صرف اس قصور پر کہ اُسنے اُس ٹیکس کے خلاف جو پارلیمنٹ نے مقرر کیا تھا شکایت کی تھی۔ جزائر شرق الہند میں انگریز بھی اُسی قسم کی بیرحمیوں کے مرتکب تھے جو ہندوستانی جزائر غرب الہند میں اپنے حملہ آوروں کے خلاف استعمال کرتے تھے۔

ہندوستانیوں کے مختلف فرقوں کے چال چلن تقریباً اُسی قدر مختلف تھے جس قدر کہ یورپ کی مختلف قوموں اور ذاتوں کے تھے۔ ایک سے زیادہ بیویاں کرنا اور جب چاہیں اُن کو طلاق دیدینا جیسا کہ رومیوں اور یونانیوں میں عام تھا یہی حالت ہندوستانیوں کی تھی۔ انفرادی عادات ایک دوسرے سے مختلف تھیں بعض لوگ گندگی اور بیرحمی کے عادی تھے برعکس اسکے بعض ایسے بھی تھے جو خوبصورتی اور آرائش کو پسند کرتے تھے۔ صفائی کے خیالات بھی ہر جگہ مختلف تھے۔

اِس میں شک نہیں کہ امریکہ میں ہندوستانیوں اور اہل یورپ دونوں کو مساوی حق تھا کہ وہ اس برّاعظم میں آباد ہوں اور زندگی بسر کریں لیکن اہل یورپ نے ہر طریقہ سے ہندوستانیوں کو دھوکا دیا اُن سے کذب و دروغ کے ساتھ کام لیا، اُن کو لوٹا کھسوٹا اُن کو غلام بنایا اور نشہ کے ساتھ ساتھ زہریلے سفوف پلائے۔ فرانسٹی نیک نے ۱۶۹۳ء میں تمام قیدیوں کو آگ میں جلا دیا۔ ولیم پین کے پوتے نے ۱۷۶۴ء میں ہندوستانیوں کی کھال کھینچنے پر انعامات مقرر کیے۔ ہندوستانی عورت کی کھال کھینچنے کے لیے پچاس شلنگ اور ہندوستانی لڑکے کی کھال کھینچنے کے لیے جس کی عمر دس سال سے کم ہو ایکسو تیس شلنگ مقرر تھے۔ اہل یورپ کے لیے یہہ ایک معمولی بات تھی کہ وہ اپنے تمام قیدیوں کو قتل کروا ڈالتے تھے۔ یہہ امر بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خود یورپ میں بھی جب اہل یورپ کسی شہر پر قابض ہوتے تھے تو ناقابل الذکر مظالم برپا کرتے تھے مثلاً اہل اسپین جب بلجیم یا ہالینڈ کے

کسی شہر پر قابض ہوئے یا مقدس صلیبی جنگجو جب قسطنطنیہ کے عیسائی شہر پر قابض ہوئے انھوں نے ظلم وستم کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ ہندوستانیوں کے جملہ مظالم اہل اسپین کے مافوق العادت مظالم کے مقابلہ میں ہیچ ہیں۔ انھوں نے ہندوستانیوں کے تمام فرقوں کو صفحۂ روزگار سے بالکل نیست ونابود کر دیا۔ اور اس زمانہ میں بھی جبکہ سفید اقوام نے ہندوستانیوں پر ایسا قابو پالیا ہے کہ اب وہ چوں نہیں کر سکتے اُن کے ساتھ ہر گز ایسا برتاؤ نہیں کیا جاتا جس سے ظاہر ہوتا کہ دیانت، رحم اور صداقت کے صفات صرف یورپی تہذیب ہی کے ساتھ وابستہ ہیں۔

لہٰذا ہر لحاظ سے ہندوستانی قوم بھی بالکل دوسری قوموں کی طرح ہے اُسی کے ماحول کا بھی اُسپر اثر ہوا۔ وہ بتدریج تہذیب کے دائرہ میں قدم رکھ رہی تھی جبکہ کولمبس نے امریکہ دریافت کیا ایک ہندوستانی بُرے اور بھلے دونوں جذبات سے مرکب ہوتا تھا اور یہ جذبات اُسکے دائرۂ عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے مختلف شکلیں اختیار کرتے رہتے تھے۔ تاریخ میں بہت کم ایسی باتیں ہیں جو اُسی کے افعال سے زیادہ مکروہ ہوں اور ایسی بھی بہت کم ہیں جو اُن سے زیادہ خوبصورت اور دلفریب ہوں۔

باب چہارم

پہلی نوآبادیاں

امریکہ کی دریافت کا حال ابتدا سے انتہا تک بیان کرنا اور اُسکے اصلی باشندوں کا ذکر خیر کرنا جو اُس سرزمین پر پہلے سے آباد تھے قبل اس کے کہ نوآبادیوں کی نسبت کچھ لکھا جائے بلحاظ ترتیب مضامین نہایت مناسب ہے لیکن اس سے یہ نتیجہ اخذ نہ کرنا چاہیے کہ نئے بسنے والے اُس وقت تک صبر وتحمل کے ساتھ انتظار کرتے رہے جب تک کہ دریافت کنندگاں نے اپنی تفتیش وتحقیق ختم نہ کر دی اور نئی دنیا کے رازوں کو منکشف نہ کر دیا۔ بر عکس اسکے نئے بسنے والے بھی تحقیق کنندگاں کے پیچھے پیچھے آئے اور اکثر دونوں قسم کے اشخاص کسی ایک مہم

میں باہم شریک بھی ہوئے۔

جیساکہ ہم پیشتر ذکر کر چکے ہیں سب سے پہلے اہلِ شمال نے جزیرۂ گرین لینڈ میں نوآبادیاں قائم کی تھیں۔ یہ نوآبادیاں اسیطرح پورے طور پر غائب ہوگئیں جیسی کہ پچھلی کوششیں (مثلاً ریکے کی نوآبادی جزیرۂ روتک پر) ریت کے ٹیلے کی طرح ناپید ہوگئیں۔ ابتدائی نوآبادیوں کی غلطیاں بھی اتنی ہی کثیر تھیں جتنی اُن کی زیادتیاں۔ اُنھوں نے دونوں کی وجہ سے اکثر سخت تکلیف اور موت برداشت کی۔ سُونے کی، جیساکہ ہمیشہ، مانگ رہی اور نتیجہ قتل و غارت اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہ ہوا۔ زراعت سے جیساکہ ہمیشہ لوگوں کو پہلے پہل نفرت رہی، بعدازاں یہی ہمیشہ خاص فداور سونے کی کان ثابت ہوا شروع شروع میں نوآبادوں کو اصلی باشندوں اور قدرتی اسباب سے لڑنا پڑا، بعدازاں باہم وہ جنگ وجدل کرنے لگے۔ اسکے بعد وہ اپنے آبائی ممالک کے خلاف جنگ کرنے کے لیے متحد ہوگئے اور ہم دیکھتے ہیں کہ تیرہ نوآبادیاں کبھی فرانس سے برسرِپیکار ہیں اور کبھی انگلستان سے۔ جنوبی اور متوسط امریکہ اور جزائر کے باشندے، اسپین اور فرانس کی حکومت کے جوے کو کندھے سے اُتار کر پھینک رہے ہیں اور برازیل کی سلطنت عظمیٰ اپنے آبائی ملک پرتگال کو خوف زدہ بتا رہی ہے۔ بالآخر ہم دیکھیں گے کہ ان نوآبادوں کی اولاد ایک نئے اُصول کی پابند ہوگی جسکو اصولِ منرو کہتے ہیں اور وہ ممالک یورپ جنھوں نے نئی دُنیا بسائی تھی آیندہ اُسکے معاملات میں دخل دینے یا اُس تک کسی قسم کی رسائی حاصل کرنے سے باز رکھے جائیں گے۔

امریکہ کی نوآبادی میں مذہب کو ہر جگہ دخل حاصل ہے کبھی یہ بے پناہ شجاعت و استقلال اور عدل و انصاف کی روحِ رواں بنتا ہے اور کبھی قتل و غارت، لوٹ مار اور عیاری کے لیے ذریعۂ نجات ہوجاتا ہے۔ یہ بات کیتھولک مذہب کے لیے نہایت مفید تھی کہ کولمبس وغیرہ نے وحشیوں کے قتل اور غلام بنانے کی ترغیب دی اور یہ امر بھی کیتھولک مذہب کے لیے بہتر تھا کہ لاس کیاس نے آزادی اور شرافت کی ترغیب دی اور غیر عیسائیوں کی

نظر کے سامنے ایک نمونہ بننے کی ہدایت کی۔ یہ بات پروٹسٹنٹ مذہب کے لیے مناسب تھی کہ ڈچ گورنر نے اُن ہسپانویوں کو جن کو منن ڈیز نے اپنے پیچھے چھوڑا تھا قتل کر دیا۔ یہ بھی مذہب ہی کی بدولت ہوا کہ پیورٹن اصحاب نے ہالینڈ کے مقابلے میں انگلستان کو بھلا دیا اور پھر ہالینڈ کو بھی امریکہ کی خاطر دل سے محو کر دیا۔ مذہبی آزادی کے نئے مسکن میں اپنے سے اختلاف کرنے والوں کو ملک بدر کر دیا چنانچہ کوئیکرس کو سخت سزائیں دیں جنھوں نے مذہبی آزادی کے خیال سے خود اپنے ملک کو خیرباد کہا تھا۔ یہ مذہب ہی تھا جس نے اُن کو سخت سردی کے بیابان میں گرم رکھا اور وبا، قحط، چوری اور ہندوستانی دشمنی کے زمانہ میں اُن کو مستقل مزاج بنا دیا۔

دولت کی ہوس بھی اس بارہ میں اُن کے لیے سب سے زیادہ ہمت افزا ثابت ہوئی۔ ابتدائی تحقیق کنندگاں کے مذہب میں خدا اور طلا میں کوئی فرق نہ تھا۔ ایسی مشکلات کے مقابلہ میں جو کورونیڈو کے کوچ میں پیش آئیں کسی مقام زیارت کا سفر بھی اس سے بہتر کامیابی کے ساتھ طے نہ کیا گیا ہوگا لیکن اُس نے سیولا کے صرف سات سنہرے شہروں ہی کو تلاش کیا۔

امریکہ کی تفتیش میں سونا اور ہندوستانی مصالح صرف یہ دونوں چیزیں ایسی تھیں کہ جن کی جستجو میں لوگ دلدل اور جھاڑیوں کو بادل ناخواستہ عبور کر جاتے تھے۔ ہسپانویوں اور انگریزوں نے تو صرف سونے کو اپنا مطمح نظر بنا رکھا تھا لہٰذا شروع شروع میں اُن کو ناکامی سے سابقہ پڑا پہلے پہل جن لوگوں نے کامیاب نوآبادیاں قائم کیں وہ فرانسیسی تھے خواہ وہ مذہباً کیتھولک تھے یا پروٹسٹنٹ اُن کو بھی اوروں کی طرح ناکامی ہوئی لیکن اُنھوں نے فوراً زراعت اور بود و باش اختیار کر لی تھی۔ اُنھوں نے ہندوستانیوں کے ساتھ ہسپانویوں اور انگریزوں کی طرح بیرحمی اور حقارت سے برتاؤ نہیں کیا۔ ہندوستانی اور فرانسیسی دونوں محبت کے ساتھ رہتے تھے اور اُن میں اکثر باہم مناکحت بھی ہوتی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان دوستانہ تعلقات کی بنا پر ہندوستانی فرانسیسیوں کے اتحادی بنگئے اور اُن کے ساتھ ملکر انگریزوں کے خلاف لڑے لیکن تاریخ کی رفتار بدقسمتی سے

ایسی واقع ہوئی کہ فرانسیسی اداروں کا اثر نئی دُنیا میں انگریزوں یا ہسپانیوں یہانتک کہ فرج لوگوں کے مقابلہ میں بھی بہت کم ہوا۔

شمالی امریکہ قدرتی ساخت اور اسکی خصوصیات

اس برّاعظم کے سواحل بحرالکاہل خطرناک ہیں۔ کناروں کے قریب کی چٹانیں ڈھالو ہیں اور سمندر کے اندر سے ہر جگہ خشکی اوپر آجاتی ہے۔ نیز کناروں کے متصل پہاڑوں کا سلسلہ ہے جو شمال سے جنوب تک چلا گیا ہے اور سدِّ سکندری بنا ہوا ہے جسکو مہذب آدمی عہد جدید تک عبور نہ کرسکا، حالانکہ اہل یورپ کی آبادی جانبِ مشرق سے دریائے مسسپی تک پہونچ گئی تھی اور تحقیق کنندگاں کی امداد کے لیے سائنس بھی آگئی تھی۔ صرف سان ڈیگو اور سان فرانسسکو پر قدرتی بندرگاہیں موجود ہیں، اگرچہ شمال کی جانب سے پگٹ ساؤنڈ میں بھی داخل ہوسکتے ہیں اور ہمارے زمانہ میں دریائے کولمبیا کے دہانہ پر ایک عمدہ بندرگاہ تیار ہوگئی ہے۔ بحرالکاہل میں جو دریا گرتے ہیں وہ بہت دُور سے سمندر کی طرف شور کرتے ہوئے اور چٹانوں پر سے اُلٹتے پلٹتے چلے آتے ہیں لہٰذا اُن کے ذریعہ سے کوئی سفر نہیں کیا جاسکتا۔

برعکس اس کے، بحراد قیانوس کے سواحل کشادہ اور کھُلے ہوئے ہیں، سلسلۂ کوہ بھی سو میل تک خشکی کے اندر چلا گیا ہے۔ سواحل بھی آہستہ آہستہ ڈھالو ہوتے چلے گئے ہیں اور اُن میں بکثرت گھاٹیاں ہیں، بندرگاہیں اور خلیجیں ہیں جن میں بڑے بڑے دریا گرتے ہیں اور جنکے ذریعہ سے بہت دُور تک ملک کی تفتیش و تحقیق کی جاسکتی ہے۔

پس شمالی امریکہ میں داخلہ مشرق کی جانب سے نہ صرف آسان تھا بلکہ بالکل قدرتی تھا۔ سان فرانسسکو سے ایشیا تک جو فاصلہ ہے وہ بوسٹن سے یورپ تک کے فاصلے سے تقریباً دوگنا ہے لہٰذا ان حالات کے لحاظ سے نئی دنیا کو آباد کرنا اور مہذب بنانا مشرق ہی کی طرف سے ممکن تھا اور ایسا ہی عمل میں آیا۔

بحراد قیانوس کے سواحل کو اس برّاعظم کا دروازہ سمجھنا چاہیئے۔ یورپ کی قوموں نے

اس کے گھنے اور سایہ دار جنگلوں میں اپنی نوآبادیاں قائم کیں۔ یہ نوآبادیاں سلطنتیں بنگئیں اور اتحاد امریکہ کی بنیاد ہوگئیں۔ انگلستانِ نو میں جہاں بکثرت عمدہ بندرگاہیں ہیں ساحل تنگ ہوجاتا ہے دریا مختصر اور تیز ہوجاتے ہیں تاکہ اُن میں جہازرانی ہوسکے اور اُن دریاؤں میں ملک کے اندر جہاں بھی ہیں تاکہ صنعت وحرفت کی کلوں کو وہاں قائم کیا جاسکے اور اُن کو بآسانی چلایا جاسکے۔ چھوٹے چھوٹے پہاڑوں کے سلسلے بھی ہیں۔ جہاں لوہا اور کوئلہ بکثرت دستیاب ہوتا ہے۔ لوہے کو پگھلانے کے لیے ۱۶۲۰ء میں جیمس ٹاؤن میں جو ورجینا میں ہے کارخانے قائم ہوگئے تھے اور اٹھارویں صدی کے آغاز سے انگلستانِ نو، نیویارک اور نیوجرسی کے بعض حصص میں یہ صنعت ترقی پذیر اور اہم ہوگئی تھی۔ جانب شمال آب وہوا سرد ہے۔ ساحل کے برابر برابر ہر جگہ بارش بھی کافی ہوتی ہے۔

کسی بڑی قوم کی ساخت کے لیے کوئی خطۂ زمین اس سے بہتر نہیں ہے جس حصۂ زمین میں ریاستہائے متحدہ واقع ہیں وہ اس مقصد کے لیے خاص طور پر موزوں ہے۔ اسکی آب وہوا اور پیداوار بھی مختلف ہے اور اس میں ایسے دریا بھی بہتے ہیں جو شمال کو جنوب سے اور مشرق کو مغرب سے متحد کرتے ہیں۔ دریائے مسسپی وسیع میدانوں میں بہتا ہے جو صحت اور زرخیزی میں بے نظیر ہیں اور بڑی آبادی کے گزارہ کے لیے کافی ہیں۔ یہ دریا دشمن سے بھی محفوظ رکھ سکتا ہے اور اس ملک کا سلسلہ کوہ بھی ایک حملہ آور فوج کے لئے عمدہ رکاوٹ کا کام دے سکتا ہے۔ شمالی امریکہ کے قدرتی ذخائر بھی بظاہر لامحدود ہیں۔ ریاستہائے متحدہ شمالی امریکہ کے تقریباً ہر بندرگاہ پر جو دونوں سمندروں میں واقع ہیں اپنا اثر واقتدار رکھ سکتی ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ باوجود اس کے وہ اسقدر علیحدہ ہیں کہ اُن کو کوئی ضرورت بحر اوقیانوس کی دیگر سلطنتوں سے باہمی اتحاد کی بھی نہیں ہے۔ ریاستہائے متحدہ کو قدرت نے گویا اجازت دیدی ہے کہ وہ بیرونی اثر کے بغیر اپنی قسمت آزمائی میں مصروف رہیں۔ وہ بلحاظ موقع محفوظ ہیں اور پیداوار کے لحاظ سے زرخیز ہیں کوئی شک نہیں کہ اُن کی زمین آریائی نسل کیلئے

سب سے بڑا اور محفوظ مقام بننے کے لیے مقدر ہو چکی ہے۔

اہل اسپین کا انتظام مملکت

ہم پیشتر ذکر کر چکے ہیں کہ اول اول تاج اسپین کے ماتحت کولمبس کو تمام دریافت شدہ ممالک کا حکمران مقرر کر دیا گیا تھا لیکن بدانتظامی کی وجہ سے بجبین نوآبادون نے شور و شغب سے کام لیکر تاجداران اسپین کو مجبور کیا کہ وہ عنان حکومت اُس کے ہاتھوں سے لیکر اپنے پسندیدہ نائب مناب کے ہاتھ میں دیدیں چنانچہ سب سے پہلے جو آن اگاڈو کو بھیجا گیا جو محض حالات کی تحقیقات کے لیے گیا تھا اور اُسی کے ساتھ کولمبس اسپین واپس آ گیا تھا اور وہ اختیارات حکومت اپنے بھائی بارتھولومیو کے سپرد کر آیا تھا۔ کولمبس کو ایک موقع اور دیا گیا لیکن جب امیر البحر امریکہ واپس ہوا تو بے چینی اور بدامنی بغاوت کے درجہ سے گذر کر انقلاب کی شان اختیار کر چکی تھی اور جب کولمبس مناسب وقت تک امن و امان قائم کرنے میں ناکام ثابت ہوا تو اُس کی جگہ فرانسسکو ڈی بوباڈلا کو بھیجا گیا۔ وہ نہایت بے ایمان شخص تھا۔ نوآبادوں نے اُسکو کچھ عرصہ تک پسند کیا کیونکہ وہ اُنہیں جیسا تھا اور اُس نے کانوں کی آمدنی کے ایک ثلث شاہی حصے کو گھٹا کر ایک گیارھواں بنا دیا تھا اور شریر لوگوں کو کالہلی میں وقت گزارنے اور دیسیوں کے ساتھ بُرا برتاؤ کرنے کی اجازت دیدی تھی اور جن لوگوں کو امیر البحر نے قید کر دیا تھا ان کو اُس نے رہا کر دیا تھا۔

بعد ازاں اُسنے ایسے شاندار دریافت کنندہ کو بلا وجہ حراست میں لے لیا جسکی وجہ سے تمام عیسائی دنیا میں عام نفرت پھیل گئی لیکن اسپر بھی تاجداران اسپین نے اُس کو برخاست نہ کیا بلکہ کولمبس کی بار بار شکایتوں اور درخواستوں پر ۳۰ ستمبر ۱۵۰۱ء کو آخر کار یہ تبدیلی عمل میں آئی کہ نکولس ڈی اوونیڈو کو اُسکی جگہ حکمران بنایا گیا اور اُس کی روانگی سے قبل اُس کو بہت سی ہدایات تحریری اور زبانی کی گئیں دیسیوں کو اپنے مذہب میں لانا چاہیئے لیکن اُن کو نہ غلام بنانا چاہیئے اور نہ اُن کے ساتھ بُرا برتاؤ کرنا چاہیئے۔ وہ لوگ خراج ادا کریں اور سونا بھی جمع کریں لیکن آخر الذکر کام کی اُن کو مزدوری بھی دینی چاہیئے یہودیوں اور مولدین کو وہاں نہ لیجانا چاہیئے مگر ایسے

وحشی غلاموں کو۔ ..... جو عیسائیوں کی ملکیت ہوں وہاں لیجانے میں کوئی ہرج نہیں ہے۔ کولمبس کا وہاں ایک ایجنٹ رہنا چاہیئے جو اُسکے واجبات کو فراہم کرتا رہے اور اُسکا احترام بھی برقرار رہنا چاہیئے۔ کاہل اور عیاش لوگوں کو اسپین واپس بھیجدینا چاہیئے۔ اُن صوبجات کے علاوہ جو اوجیڈا اور پنزن کو دیے گئے تھے۔ اوینڈو کی حکومت جملہ جزائر غرب الہند پر تسلیم کیگئی یعنی اسپین کی نئی دنیا کی جملہ نوآبادیوں پر خواہ وہ جزائر ہوں یا براعظم کا کوئی جزو ہو اسانٹوڈومنگو دارالسلطنت قرار دیا گیا اور زیادہ اہم مقامات پر ماتحت مقامی حکومتیں قائم کرنے کا اختیار دیا گیا۔

اوونیڈو تیس جہازات اور دو ہزار پانسو اشخاص کی مہم لیکر امریکہ پہونچا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تاجدارانِ اسپین نے نئی دنیا کو آباد کرنا متانت اور جوش کے ساتھ شروع کر دیا تھا۔ اوونیڈو نے بوبادلا اور اُسکے رفیق رولڈان کو باغی قرار دیا اور اُن کو حراست میں لے لیا۔ اُس نے ہسپانیولا میں سات شہر آباد کیے اور وہاں سامان اسلحہ بھی رکھا۔ ایک شفاخانہ تعمیر کرایا اور سانٹوڈومنگو کو دریا کی دوسری جانب زیادہ عمدہ آب وہوا کے مقام پر ازسرنو آباد کیا اور ہسپانیولا کے جانب شمال ازابلا کے قریب پر ٹوڈی پالٹا۔ پر ایک نئی آبادی قائم کی

اس وقت شاہان اسپین کے لیے یہ سوال پیدا ہوا کہ سُرخ اور سفید دونوں قوموں پر کس طرح حکومت کیجائے۔ سُرخ قوم کو رعایا سمجھا جائے یا غلام۔ بعض لوگوں کی رائے میں جن میں کولمبس بھی شامل تھا غلام سمجھکر حکومت کرنی چاہیئے تھی لیکن پادریوں کی رائے میں اُن کو غلام بنانے کی بجائے عیسائی بنانا زیادہ مناسب تھا چنانچہ ملکہ ایزابلا نے یہی روش اختیار کی اور ہندوستانیوں کو اسپین میں غلام بناکر بھیجنے کی ممانعت کردی اور نہ صرف ملکہ نے بلکہ فرڈی ناند اور اُسکے جانشین چارلس اور فلپ نے بھی دو سو برس تک اسی طریق کار پر عمل کیا اور اپنی رعایا کے خلاف ہندوستانیوں کے حقوق کی حمایت کرتے رہے اور پادری بھی اس خیال کے مؤید رہے۔ بلاشبہ بعض پادری ایسے بھی تھے جو بیزار دے بھی خونخواری میں سبقت لیگئے تھے مگر پادریوں کا عام رجحان ہندوستانیوں کے ساتھ رحم وانصاف ہی کا رہا۔

لیکن سپاہی، ملاح، سوار، پیادے، گورنر اور اُن کے ماتحت اور رفاہ جوئی دُنیا میں آکر رہے نائب السلطنت سے لیکر ادنیٰ درجہ کے لوگوں تک سب کے سب ہندوستانیوں کے خلاف تھے اور اس بارہ میں شاہان اسپین یا بادریوں کی کوششیں بیکار ثابت ہوئیں اہل اسپین اپنی مرضی کے تابع رہے اور ہندوستانیوں پر ظلم و ستم کرتے رہے۔ اگر ہم عیسائی تہذیب کی خونین داستان کا ایک عشر بیان کریں تو ہم اپنی کتاب میں کچھ اور عرض کرنے کا موقع نہ پاسکینگے اہل یورپ کے مظالم کی فہرست خواہ وہ ہسپانوی ہوں، انگریز ہوں یا فرانسیسی بہت طویل اور نفرت انگیز ہے۔

اب ہم اسپین کی حکومت عملی کا ذکر کرتے ہیں۔ تاجداران اسپین نے ہندوستانیوں کو غلامی سے نجات دینے کے لیے اہل اسپین کو اجازت دیدی تھی کہ وہ اپنے اپنے حلقۂ اثر کی اراضیات کو باہم تقسیم کریں اور اُن کے باشندوں سے مزدوری کا کام لیں، اُن کی حفاظت کریں اور اُن کو اپنا باجگزار سمجھیں لیکن اُن کی آزادی میں مخل نہ ہوں اور اُن پر اتنا بوجھ نہ ڈالیں جو اُن کی طاقت سے باہر ہو۔

لیکن عملی نتیجہ یہ ہوا کہ اراضیات کی تقسیم سے انھوں نے ایک قدم اور بڑھا کر اُن کے باشندوں کو بھی تقسیم کر لیا۔ اہل اسپین اس بات کی پروا نہیں کرتے تھے کہ امریکہ کے اصلی باشندوں کو اُن کی مزدوری عطا کریں یا نہ یہ فکر تھی کہ اُن کو کچھ کھانے کے لیے ملتا ہے یا نہیں۔ اُن کی بلا سے وہ بھوکے رہیں یا کچھ کھائیں، جئیں یا مریں کیونکہ اگر وہ مرجاتے تھے تو اُن کی جگہ اُن کے اور بھائی رکھ لیے جاتے تھے۔

لاس کیسس جو ایک ہسپانوی تعلیم یافتہ شخص تھا اُن مظالم کے چشم دید حالات بیان کرتا ہے جن سے امریکہ کے دیسیوں کو صفحۂ روزگار سے نیست و نابود کیا گیا۔ اُن حالات کو پڑھکر آنکھوں میں خون اُتر آتا ہے اور بدن کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ وہ لکھتا ہے کہ دیسی لوگ قدرتی طور پر سادہ مزاج تھے۔ وہ مکاری اور چالاکی نہ جانتے تھے۔ نہایت فرمانبردار

اور مطیع تھے۔ وہ کمزور تھے اور محنت شاقہ اور مزدوری کی مصیبت برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ وہ ذرا سی بیماری میں جلد مرجاتے تھے۔ گویا وہ گوسفند کی مانند تھے اور اہل اسپین بھیڑیوں کی طرح تھے کہ اُن پر حملہ کرتے اور اُن کو تکا بوٹی کر دیتے تھے۔ اہل یورپ کی آمد سے قبل ہسپانیولا میں تیس لاکھ آدمی آباد تھے اور اب تین سو سے بھی کم رہ گئے ہیں۔ کیوبا کے جزیرہ میں ایک دیسی بھی نہیں رہا۔ سینٹ جان اور جمیکا کے جزیروں میں بھی یہی حال ہے جو پہلے زرخیز اور آباد تھے۔ سینٹ جان کے قریب تیس جزیرے غیر آباد ہو گئے ہیں۔ براعظم میں بھی یہی نوبت پہونچی ہے۔ دس سلطنتیں جو لحاظ رقبہ تمام اسپین سے زیادہ تھیں تباہ و برباد ہو گئی ہیں، اُن میں ایک آدمی بھی اہل اسپین کے ظلم و ستم سے زندہ نہیں بچا۔ بچوں، عورتوں اور مردوں سب کو اُنھوں نے موت کے گھاٹ اُتار دیا ہے۔ دیسیوں کے سرداروں کو دھیمی دھیمی آگ جلا کر اور اُن کی آہ و زاری سے لطف اُٹھا کر اُنھیں فنا کیا ہے۔ کتوں سے آدمیوں کو پھڑوایا ہے۔ دیسیوں کا گوشت کتوں کو کھلا کھلا کر اُن کے شکار پر اُن کو لگا دیا ہے۔ بعض اوقات ایک ایک شخص اپنے کتوں سے بیس دیسیوں کا اُن واحد میں شکار کر لیتا ہے۔ عورتوں کو مردوں سے علیحدہ رکھا جاتا ہے اور اُن کو سوائے گھاس پات کے کوئی غذا کھانے کے لئے نہیں دی جاتی یہانتک کہ اُن کے دودھ پیتے بچے اپنی ماؤں کی آغوش میں دودھ نہ پاکر مرجاتے ہیں۔ مردوں کو ایک من یا سوا من بوجھ سو یا دو سو فرسخ تک لیجانے کے لیے مجبور کیا جاتا ہے۔ بہت سے دیسی کانوں میں کام کرتے ہوئے غذا کے بغیر مرجاتے ہیں۔

نئی دنیا کے لئے اہل یورپ قہر خدا تھے یا آتش دوزخ تھے کہ وہاں کے اصلی باشندے تقریباً سب فنا ہو گئے۔ ان مہذب لوگوں کے مقابلے میں مردم خوار وحشی بھی ہیچ ہیں۔ اٹیلا اور چنگیز خاں ان انسانی شکل کے بھیڑیوں کے پاسنگ بھی نہیں، اول الذکر نے تو اپنے دشمنوں ہی کو قتل کیا مگر آخر الذکر نے نہتے اور مطیع اور فرمانبردار لوگوں کو

بلا امتیاز مرد و عورت جنھوں نے کبھی کوئی دشمنی ظاہر نہ کی تھی بیدریغ تہ تیغ کیا۔

فرانسیسیوں سے ہسپانویوں کی مٹھ بھیڑ فلوریڈا میں

اگرچہ ہسپانویوں کو ہر جگہ فتح حاصل ہوئی لیکن فلوریڈا کی خاک پر ان حملہ آوروں کے بھی خون بہے جہاں ابتک اُن کا کوئی قبضہ نہیں ہوا تھا۔ اِس وقت خلیج میکسیکو پر تو کوئی اور قوم دعویٰ نہیں کرتی تھی لیکن ہسپانوی فلوریڈا کے نام سے نیوفاونڈلینڈ اور اُس کے شمالی ممالک کو بھی جزو فلوریڈا سمجھتے تھے، اگرچہ وہاں نہ اُن کا کوئی قلعہ تھا، نہ کسی بندرگاہ پر اُن کا قبضہ تھا اور نہ وہاں کسی نوآبادی کی تجویز کی جارہی تھی۔

اُس سرزمین میں جہاں اب ریاستہائے متحدہ آباد ہیں پہلی نوآبادی فرانسیسی پروٹسٹنٹ لوگوں نے قائم کی جن کو ہیوجی ناٹس کہتے ہیں۔ امیر البحر ڈی کالونی نے یہ تجویز پیش کی کہ جیکس ریالٹ کو ۱۵۶۲ء میں دو جہاز دیکر فلوریڈا روانہ کیا جائے چنانچہ اُس نے دریائے سینٹ جان کو مئی ۱۵۶۲ء میں دریافت کیا جس کا نام اُس نے دریائے مئی رکھا۔ اِس کے بعد وہ آگے بڑھا اور ایک کھاڑی میں داخل ہوا اُسنے پورٹ رایل رکھا جو آجتک اِسی نام سے موسوم ہے۔ اِس بندرگاہ کے ایک جزیرہ میں اُسنے ایک قلعہ بنایا جسکا نام کیرولینا تجویز ہوا۔ رفتہ رفتہ یہاں فرانسیسی آبادی بڑھتی گئی اور ایک مرتبہ اِن لوگوں نے دو ہسپانوی جہازوں کو بھی گرفتار کرلیا اور لوٹ لیا۔ یہ بات تاج اسپین کو ناگوار گزری کیونکہ یہ لوگ پروٹسٹنٹ تھے اور اِن کی مرفہ الحال آبادی کو اسپین جو رومن کیتھولک تھا نہیں دیکھ سکتا تھا۔ چنانچہ فلپ دویم شاہ اسپین نے مینن ڈیز کو دو ہزار پانسو آدمیوں کے ساتھ اِن لوگوں کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا جسنے وہاں جاکر صرف اُن لوگوں کو جو رومن کیتھولک تھے پناہ دی اور بقیہ اشخاص کو ہلاک کردیا۔ فرانسیسیوں نے بھی مقابلہ کیا اور ہسپانویوں کے بہت سے آدمی مار ڈالے لیکن آخرکار ہسپانوی ہی

فتحیاب ہوئے۔ فرانس کے بادشاہ نے ہسپانویوں کے اِس طرزِ عمل پر اسپین کے خلاف کوئی صدائے احتجاج بلند نہ کی بلکہ اُن فرانسیسیوں کو جو قتل کیے گئے اپنی رعایا بھی تسلیم نہ کیا۔ اہلِ اسپین نے یہاں نوآبادی قائم کی اور یہ اعلان کیا کہ فلپ دویم شاہ اسپین تمام شمالی امریکہ کا بادشاہ ہے۔

اہلِ اسپین نیو میکسیکو میں

نیو میکسیکو میں دوبارہ اہلِ اسپین پہونچے اور ۱۶۰۰ء سے قبل اُس پر قبضہ کر لیا۔ پہلے ۱۵۸۱ء میں ہسپانوی وہاں گئے تھے اور چند راہبان کو چھوڑ کر چلے آئے تھے جن کو وہاں کے اصلی باشندوں نے قتل کر دیا تھا۔ ۱۵۸۲ء میں اسپینی جو ایک بڑی جماعت لیکر پہونچا اور تیتیس قصبوں کو اپنا مطیع و منقاد بنا لیا۔ اِسی طرح دوسرے ہسپانوی آئے اور رفتہ رفتہ نیو میکسیکو کو فتح کرتے رہے یہانتک کہ ۱۶۹۶ء سے قبل پورے طور پر نیو میکسیکو پر قابض و حکمراں ہو گئے۔

کارٹیر مونٹریل میں

فرانس نے اپنی نوآبادی کو اسپین کے ہاتھ سے تباہ و برباد ہوتے ہوئے خاموشی کے ساتھ دیکھا لیکن اب اُسے خیال آیا کہ اتنی عظیم الشان قوم کے لئے کسی مہم کو ترک کرنا باعثِ ذلت ہے۔ لہذا کارٹیر اور رابرول علیحدہ علیحدہ اپنے ہمراہیوں کو لیکر امریکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ مگر جو نوآبادیاں اُنھوں نے قائم کیں وہ ایک یا دو سال سے زیادہ دیرپا ثابت ہوئیں۔ البتہ ہنیری چہارم شاہ فرانس کے زمانہ میں نوآبادیاں قائم کرنے کا شوق دوبارہ پیدا ہوا اور ۱۶۰۷ء میں ڈیڑھ سو فرانسیسی جہاز نیو فاؤنڈلینڈ پہونچے اور ہندوستانیوں کی خرید و فروخت کی تجارت باقاعدہ شروع ہو گئی۔ مارکوئس ڈی لاروش کو ۱۵۹۸ء میں ایک شاہی کمیشن عطا کیا گیا لیکن اُس کی کوشش بھی ناکام رہی۔ اُسنے جزیرۂ سیبل پر صرف ایک نوآبادی قائم کی۔ کچھ دنوں کے بعد سمور کی تجارت فرانسیسیوں کے لئے

مخصوص ہوگئی اور چونکہ یہ تجارت نفع بخش تھی اس لئے یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔

چیمپ لین: نیو فرانس: اکیڈیا

۱۶۰۳ء میں حاکم ڈیہی نے ایک تجارتی کمپنی قائم کی۔ اور چیمپ لین جو اعلیٰ درجے کا جہازراں اور سائنس داں تھا اس مہم کا افسر اعلیٰ مقرر ہوا۔ چیمپ لین، کناڈا میں فرانسیسی نوآبادیوں کی بنیاد رکھنے والا شمار کیا جاتا ہے۔ وہ سمجھدار تھا اور تحقیق کرنے کا شوق رکھتا تھا۔ استقلال اور ہمت و جرات کا بادشاہ تھا۔ اُسنے کوئیبک پر ایک قلعہ تیار کیا۔ ۱۶۰۸ء میں ایک اور مہم فرانس سے روانہ ہوئی تاکہ امریکہ میں مستقل فرانسیسی آبادی قائم ہو جائے۔ یہ مہم نواکوشیا پہونچی۔ ڈی مانٹس نے تحقیق و تفتیش کی اور دریاؤں اور نیوا انگلینڈ کی خلیجوں کے ساحلوں کو اس کا ڈٹنک فرانس کی ملکیت قرار دیا پوریٹا رائل پر پہلی فرانسیسی آبادی قائم ہو چکی تھی ۱۶۱۳ء میں ریاستہائے متحدہ کے اندر ایک فرانسیسی نوآبادی قائم ہوئی۔ اور اب اِن لوگوں نے اصلی باشندوں کو عیسائی بنانا شروع کر دیا۔ ۱۶۱۴ء میں سینٹ لوئی کا قلعہ تیار ہوا۔ چیمپ لین نے باہمی تناقض اور اصلی باشندوں کی مخالفت کے باوجود فرانس کی حکومت سینٹ لارنس کے سواحل پر قائم کی اور اس طرح نیو فرانس میں فرانسیسیوں کی آبادیاں قائم ہوگئیں

انگریزی نوآبادیوں کے قیام کے لیے ریلے کی کوشش

ریلے کو نئی دنیا کے حالات معلوم ہونے پر یہ شوق دامنگیر ہوا کہ وہ انگریزوں کی نوآبادیاں امریکہ میں قائم کرے چنانچہ ملکہ ایلزبتھ سے اجازت حاصل کرکے دو جہازات فاپ امیڈاس اور آرتھر بارلو کی ماتحتی میں ۲۷ اپریل ۱۵۸۴ء کو روانہ کیے۔ یہ دونوں جہاز کیرولینا پر لنگر انداز ہوئے اور ملکہ انگلستان کے نام سے اسپر قبضہ کرلیا۔ جزیرہ رونک پر وہاں کے اصلی باشندوں نے انگریزوں کی اس جماعت کو خیر مقدم کہا اور اُن سے دوستانہ تعلقات قائم ہوگئے۔ کچھ دنوں کے بعد یہ جہازات واپس انگلستان ہوئے اور

ملکہ ایلزبیتھ نے شمالی کیرولینا کے سو جزیروں کا نام ورجینیا رکھا۔ رلے اُس وقت ممبر پارلیمنٹ تھا اُس نے نئے ممالک کو دریافت کرنے کا حق خاص اپنے لیے حاصل کر لیا اور اپنی اس جرأت و ہمت کے صلہ میں وہ سر کے خطاب سے بھی مخاطب کیا گیا۔

اب ورجینیا کی نوآبادی کا کام متانت اور استقلال کے ساتھ شروع ہوا۔ ۱۵۸۵ء میں سات جہازوں کا دوسرا بیڑہ بھیجا گیا۔ یہ بیڑہ فلوریڈا ہوتا ہوا رونک کو روانہ ہو گیا۔ یہاں ہندوستانیوں کے ایک گاؤں میں اتفاق سے ایک چاندی کا پیالہ گم ہو گیا۔ ہر چند اُس کی تلاش کی گئی کہیں پتہ نہ لگا۔ سر رچرڈ گرین ول نے جو اس انگریزی جماعت کا افسر اعلیٰ تھا تمام گاؤں کو آگ لگا دینے کا حکم دیدیا اور جو فصل کھیتوں میں کھڑی تھی اُسکو بھی جلا کر خاک سیاہ کر دیا۔ اس کے بعد گرین ول انگلستان واپس آیا اور چونکہ اُسنے رستہ میں اہلِ سپین کا ایک جہاز لوٹ لیا تھا اس لیے انگلستان میں اُس کا شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ یہ نوآبادیوں کے جہازات اُس وقت لٹیروں کے جہازات کا بھی کام دیتے تھے۔

اِس کے بعد دوسرے جہازات نئی دنیا کو روانہ ہوئے اور دریائے رونک پر جا پہونچے لیکن وہ موجودہ ولیمس ٹاؤن سے زیادہ دور نہ پہونچ سکے۔ یہاں وینجینا جو اصلی باشندوں کا سردار تھا ملاقات کے لئے طلب کیا گیا اور اُس کو اُس کے رفیقوں کے ساتھ دھوکا دیکر جبر و تعدی سے قتل کر ڈالا۔ لیکن جزیرۂ رونک میں اِن لوگوں کو بھی آرام میسر نہ آیا کیونکہ سامانِ رسد ختم ہو گیا تھا۔ اتفاق سے سر فرانسس ڈریک کا بیڑہ وہاں پہونچ گیا اور اِن لوگوں کو ذخائر سے مالا مال کرنا چاہا مگر اِن نوآبادوں کو مایوسی انتہا پر پہونچی ہوئی تھی اور یہ حالت دیکھکر آخر کار اُسنے ان کو اپنے جہازوں میں بیٹھنے کی اجازت دیدی اور اپنے انگلستان لے آیا۔ اور اس طرح انگریزوں کی پہلی نوآبادی کا خاتمہ ہو گیا۔

رلے نے دوسری مرتبہ ایک اور جماعت فراہم کی اور جان وائٹ کی ماتحتی میں اُسکو امریکہ روانہ کیا۔ کچھ دنوں تک وہ وہاں رہے اور جب ذخائر ختم ہو گئے تو انھوں نے

وہاں سے واپسی کا ارادہ کیا لیکن گورنر کے سمجھانے سے کچھ لوگ وہاں رہ پڑے جنکا انجام ہلاکت ثابت ہوا کیونکہ اُن کو انگلستان سے ذخائر خورد و نوش نہ پہونچ سکے اور اِس طرح اِس پہلی نوآبادی کا خاتمہ ہوگیا۔

گوسنالڈ اور برنگ کے بحری سفر

بارتھولومیو گوسنالڈ جو غالباً پہلے بھی معمولی رستے سے ورجینیا کا سفر کر چکا تھا اب براہِ راست عازم امریکہ ہوا اور ریلے کے ساتھ ملکر نیو انگلینڈ میں پہلی مستقل انگریزی آبادی کے قیام کا فخر حاصل کیا۔ ۲۶۔ مارچ ۱۶۰۲ء کو وہ سات ہفتے کے اندر خلیج میساچوسیٹ میں پہونچا جہاں اُسے کوئی عمدہ بندرگاہ نہ ملا پھر وہ جانب جنوب راس کوڈ پر پہونچا۔ یہاں وہ اور اُسکے چار ہمراہی خشکی پر اُترے۔ اِس کے بعد یہاں سے روانہ ہوکر وہ دوسرے جزیرہ کی طرف گئے جسکو اب نوٹمینس لینڈ کہتے ہیں۔ اُنھوں نے چند جزیروں کو اور دیکھا بھالا اور اُن کے نام رکھے اور آخرکار ایک جزیرہ میں اُنھوں نے ایک قلعہ بنایا اور گودام بھی تیار کئے۔ اِس طرح نیو انگلینڈ کی پہلی نوآبادی کی بنیاد دین رکھی گئیں لیکن یہ لوگ زیادہ قیام نہ کرسکے اور ذخائر کے ختم ہونے پر انگلستان کو روانہ ہوگئے۔

جب یہ لوگ انگلستان واپس آئے تو اُنھوں نے امریکہ کی سرزمین کی بہت تعریف کی۔ اسپر برسٹل کے تاجروں نے دو جہاز تیار کئے اور مارٹن برنگ کی ماتحتی میں ۱۰۔ اپریل ۱۶۰۳ء کو روانہ کردئے۔ یہ جہاز مین کے بندرگاہوں میں لنگر انداز ہوئے۔ برنگ نے مشرقی دریاؤں اور بندرگاہوں کو دریافت کیا جن کے نام ساکو، کینی بنک اور یارک تھے۔ بعدازاں وہ انگلستان چلا گیا اور ۱۶۰۶ء میں دوبارہ آیا اور مین کی صحیح صحیح تحقیقات شروع کی۔

المختصر یہی وہ بحری سفر تھے جنھوں نے ریاستہائے متحدہ کی نوآبادیاں قائم کرنے کی راہیں نکالیں اور انھی ابتدائی جہاز رانوں کی ہمت اور جرأت سے رفتہ رفتہ

ایسا عظیم الشان کام انجام کو پہونچا۔

ورجینیا اور میری لینڈ

جب جیمس اول انگلستان کے تخت پر متمکن ہوا تو اُسنے اسپین سے صلح کرلی اور اب انگلستان کے جہاز رانوں نے جو زیادہ تر اسپین کے جہازوں کی لوٹ کھسوٹ میں مصروف رہتے تھے امریکہ میں مستقل نوآبادیاں قائم کرنے کی طرف توجہ کی چنانچہ انگلستان میں لندن کمپنی اور پلی متھ کمپنی اس کام کے لئے قائم ہوگئی۔ بادشاہ نے نوآبادیوں کے آیندہ نظام اور قیام امن وامان کے لئے تیرہ آدمیوں کی ایک کونسل بھی بنادی۔

لندن کمپنی کے بانی مبانی سر تھامس گیٹس، سر جارج سامرس، رچرڈ ہیک لائٹ اور ایڈون میریا ونگ فیلڈ تھے۔ سر تھامس اسمتھ جو لندن کا ایک بڑا سوداگر تھا اُس کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی اور وہ اس نئی کمپنی کا خزانچی بنایا گیا۔ ہر شخص کو جو امریکہ جاکر آباد ہو سو ایکڑ اراضی دینے کا وعدہ کیا گیا اور نہ صرف یہ بلکہ اگر وہ اس اراضی کو قابل زراعت بنالے تو اُسے اور اراضی دی جاسکتی تھی۔ اس کمپنی نے تین جہاز کرسٹافر نیوپورٹ کی ماتحتی میں تیار کئے اور ان تین جہازوں میں ایک سو پانچ آدمی سوار ہوکر ۱۹۔ دسمبر ۱۶۰۶ء کو روانہ ہوئے ونگ فیلڈ جو اس کمپنی کے بانیوں میں سے تھا اسمتھ کی شہرت کی وجہ سے اُس سے حسد کرنے لگا چنانچہ اُسنے اُسپر یہ الزام لگایا کہ وہ کونسل کو قتل کرنے کی تجویز کر رہا ہے تاکہ حکومت کو غصب کرلے اور خود ورجینیا کا بادشاہ بن جائے۔ اس غیر معمولی الزام پر اسمتھ کو گرفتار کرلیا گیا اور بقیہ سفر کے اختتام تک وہ مقید رہا۔ یہ لوگ ۲۶۔ اپریل ۱۶۰۷ء کو خلیج چیسا پیک میں داخل ہوئے۔ تقریباً تین ہفتے تک ملک کی تفتیش وتحقیق جاری رہی اور دریائے پوتھان کے اندر دور تک جہاز چلے گئے۔ ان نئے آنے والوں کو دیسیوں نے چند مقامات پر مہربانی کے ساتھ خوش آمدید کہا۔ انھوں نے دریا کے شمالی کنارے پر ایک مقام اپنی آبادی کے لئے

پسند کیا جو خلیج سے پچاس میل کے فاصلہ پر تھا اس جگہ کا نام جیمس ٹاؤن اور دریا کا نام دریائے جیمس رکھا گیا۔ کچھ دنوں کے بعد بیماری سے بہت سے لوگ ضائع ہوگئے اور بعض باہمی رقابت اور حسد کے شکار بن گئے۔ اسمتھ کے مقدمہ کی سماعت کی گئی اور جوربی نے اس کو بری کر دیا بعد ازاں وہ بھی کونسل میں شریک کیا گیا اور اس کی قابلیت کی وجہ سے بقیہ نوآباد جو انگلستان کی واپسی کے لئے بیچین تھے وہاں قیام پذیر رہے۔ اس کے بعد ایک اور جہاز پہونچا اور ایکسو بیس نئے آدمی وارد ہوئے۔ ذخائر کی بھی فراوانی ہوگئی اور یہ سلسلہ جاری رہا یہانتک کہ ورجینیا خوب آباد ہوگیا اور یہاں تمباکو کی کاشت سے منافع کثیر حاصل ہوا۔ اس مجمع الجزائر میں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جو لوگ انگلستان کی عدالتوں سے سزایاب ہوتے تھے، آباد ہونے کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ بہت سے مجرم یہاں آکر آباد ہوئے لیکن پہلی نوآبادیاں ضرور شرفاء کی تھیں۔ بعد ازاں انگلستان کے زمانۂ انقلاب میں جب ورجینیا کی آبادی ۱۶۵۵ء میں صرف پندرہ ہزار تھی ۱۶۷۵ء میں چالیس ہزار ہوگئی تھی۔ یہ نئے آباد ہونے والے شاہی فریق کے طرفدار تھے اور انگلستان کی سختیاں ناقابل برداشت دیکھکر امریکہ چلے آئے تھے۔ ۱۶۱۹ء میں پہلے پہل ایک نیا عنصر نوآبادی میں داخل ہوگیا تھا یعنی افریقہ کے وحشی غلاموں کو خرید کر لوگوں نے زراعت کے کام میں لگالیا تھا اور یہ سلسلہ بھی بہت دنوں تک جاری رہا۔ رفتہ رفتہ مختلف مقامات میں یہ نوآبادیاں قائم ہوکر جزوِ سلطنت بن گئیں اور ان پر باقاعدہ حکومت ہونے لگی۔ ایک اسمبلی قائم ہوئی جس میں ہر مقام کے نمایندے شامل ہوتے تھے اور تمام ورجینیا کے لئے قوانین بناتے تھے۔ اگرچہ گورنر انگلستان ہی سے بھیجا جاتا تھا۔ ہندوستانیوں اور نوآبادوں کی تعلیم کے لئے کالج بھی جاری کئے گئے۔ کلیسا کی بھی بنیاد ڈالی گئی اور ہر جگہ اسکی شاخیں پھیلائی گئیں۔

ورجینیا کی دوسری سند میں میری لینڈ کا تمام ملک شامل تھا لیکن جیمس اول نے

۱۶۲۴ء میں لندن کمپنی کو منتشر کر دیا اور از سرِ نو میری لینڈ کی نوآبادی کے لئے سند عطا کی۔ جارج کیلورٹ جو پہلا لارڈ بالٹی مور تھا امریکہ کے آباد کرنے میں شروع ہی سے دلچسپی لیتا تھا چنانچہ اُسنے پہلے پہل نیوفاؤنڈلینڈ کے کناروں کی طرف رخ کیا اور اپنا بہت سا روپیہ اِس مہم میں لگایا اور فرانسیسیوں کے حملوں کے خلاف اپنی نوآبادی کو بچانے کے لئے اپنی جان تک کی پروا نہ کی لیکن آخرکار یہ تجویز مسترد کر دی گئی اور وہ ورجینیا ۱۶۲۹ء میں گیا تاکہ وہاں نوآبادی قائم کرے مگر وہ کیتھولک تھا اور اِس لئے اُس کو آباد ہونے کا موقع نہ ملا۔ چنانچہ وہ پوٹومیک کے شمال کی طرف بڑھا اور اُس حصۂ ملک کو جسپر ابتک کسی کا قبضہ نہ ہوا تھا آباد کرنے کی فکر کرنے لگا۔ لیکن موت نے اُسے فرصت نہ دی اور اُس کے انتقال کے بعد اُس کے بیٹے نے یہ کام انجام دیا اور اُسنے پین سلوانیا کے بڑے حصّے اور ڈیلاویر کو آباد کیا۔ بادشاہ چارلس نے اپنی ملکہ کے احترام میں اِس حصّہ ملک کا نام ٹیرا مریا یا میری لینڈ رکھا اور لارڈ بالٹی مور کو اُس کا واحد حکمراں بنا دیا۔ اور وہاں کی آبادی کے ساتھ بھی خاص رعایات کی گئیں اور تمام انگریزی آزادیاں وہاں کے نوآبادوں کے ساتھ بھی قائم رہیں۔ لیکن کبھی کبھی آپس کے تنازعات نے اِس نوآبادی میں جھگڑے اور منافشات پیدا کر دئے اور بعض اوقات ہندوستانیوں کے ساتھ جنگ و جدال نے بھی امن و امان کی زندگی کو برباد کر دیا۔

آخرکار باہمی لڑائیوں سے تنگ آکر ایک مجلسِ ملّی قائم کی گئی اور اُس کے ارکان میں نوآبادوں کے نمایندے شامل کئے گئے۔ ورجینیا کے شہریوں نے بھی ایک کونسل کا انتخاب کیا تھا اور اُس کو صوبہ کے اندر سب حکومتوں سے بالاتر قرار تھا۔ میری لینڈ کے شہریوں نے اِس کونسل کو اپنے سے اعلیٰ اور برتر حکمراں تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور جو مجلس ملیہ خود قائم کی تھی اُسکے خلاف کسی قسم کی آواز بلند کرنے کو بغاوت قرار دیا اور یہ طے کیا کہ ہماری مجلس ملّی اور شاہِ انگلستان کے سوا کسی اور کی حکومت پابندی کے

قابل نہیں ہے۔ چنانچہ اِن لوگوں نے ورجینیا کی طرح ہر شعبۂ حکومت میں اِس قدر ترقی کر لی تھی کہ جب یہ صوبے تاجِ انگلستان سے علیحدہ ہو گئے تو اِن کو آزادی اور خود مختاری کے لیے کچھ اور اضافہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آئی۔ لوگ آزادی سے خواہ وہ کیسے ہی شور و شغب سے پُر ہو محبت کرتے ہیں اور یہ نو آبادی اندرونی مناقشات کے باوجود سرسبز و آباد ہوتی گئی اور دولت سے بھی مالا مال ہو گئی ۱۶۶۰ء میں بقول فُلر اِس کی آبادی آٹھ ہزار تھی اور بقول چامرس بارہ ہزار تھی۔

نیو انگلینڈ کی نوآبادی

ہم پیشتر ذکر کر چکے ہیں کہ گو سنالڈ نے اِس قطعۂ زمین کو ۱۵ مئی ۱۶۰۲ء میں دریافت کیا اور ایک راس کا نام کیپ کاڈ رکھا۔ دوسرے سال پرنگ نے بحری سفر کیا لیکن وہ کوئی مستقل آبادی قائم نہ کر سکا۔ یہی صورت ڈے متھہ کے سفر کی ہوئی جو اُس نے ۱۶۰۵ء میں کیا تھا۔ یہ بھی ذکر کیا جا چکا ہے کہ انگلستان میں دو کمپنیاں قائم ہوئی تھیں۔ ایک کا نام لندن کمپنی تھا اور دوسری کا نام پلی متھ کمپنی۔ دراصل پہلی کمپنی نے جنوبی ورجینیا کی تحقیق و تفتیش اور اُسکی آبادی کا کام شروع کیا اور دوسری کمپنی نے شمالی ورجینیا کو آباد کرنا شروع کیا۔ اِس حصّہ زمین کو تھامس ہینہم، رَیلے گلبرٹ، ولیم پارکر، جارج پوفم اور اُن کے ہمنواؤں، دوستوں اور سوداگروں کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ اِن نو آبادیوں کی حکومت کی باگ تیرہ آدمیوں کے ہاتھ میں دیدی گئی تھی جو انگلستان کے باشندے ہوں اور جن کو بادشاہ اپنی مرضی سے جب چاہے علیحدہ کر سکتا تھا اور دو ماتحت کونسلیں بھی قائم کی گئی تھیں جن میں تیرہ تیرہ آدمی ممبر بنائے گئے تھے جو امریکہ کے باشندے ہوں اور شاہِ انگلستان اُن کو نامزد کرے اور جن کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ بادشاہ کی ہدایات کے مطابق اِن نو آبادیوں کے اندرونی معاملات کا انتظام کریں۔ ۱۹ مئی ۱۶۰۶ء کو دو جہاز سو آدمیوں سے کچھ زیادہ لیکر یہاں پہونچے اور یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ اِن لوگوں کی خوش قسمتی سے

امریکہ کے اصلی باشندوں میں باہم جنگ وجدال برپا ہوگئی جس کی وجہ سے ہزاروں ہندوستانی فنا ہوگئے اور لڑائی کے بعد اُن میں وبا پھیل گئی جس نے اِن نئے بسنے والوں کے لئے میدان صاف کردیا اور ہندوستانیوں کا خاتمہ کردیا۔

انگلستان میں اُس وقت کیتھولک اور پروٹسٹنٹ دونوں فرقوں میں سخت عناد اور دشمنی تھی۔ وہاں سے کچھ آدمی فرار ہوکر ہالینڈ میں پناہ گزیں ہوگئے تھے مگر وہاں بھی اُن کو خاطر خواہ آرام وآسائش نہ ملا۔ اِس لئے انھوں نے ارادہ کیا کہ وہ امریکہ چلے جائیں۔ چنانچہ ہالینڈ میں آٹھ سال رہ کر یہ لوگ امریکہ پہونچے اور نیو انگلینڈ کی آبادی میں ان لوگوں کا بہت بڑا حصہ ہے۔ اِن کو زائرین کہتے تھے اور یہ لوگ جہاز مے فلاور میں عازم امریکہ ہوئے تھے۔ اِنھوں نے بعض ہندوستانیوں سے دوستانہ تعلقات قائم کئے اور ہندوستانیوں کے ایک فریق سے ملکر دوسرے فریق کو تباہ وبرباد کرادیا اور جو ہندوستانی خود اِن کے ہمنوا گروہ میں ان کے خلاف تھے اُن کو بغاوت کے الزام میں چن چن کر مار ڈالا۔

نیو انگلینڈ کی پہلی نوآبادیوں میں سواحلِ مین بھی شامل ہیں جہاں مارٹن پرنگ ۱۶۰۳ء میں گیا تھا۔ پھر ۱۶۰۷ء میں کینی بیک میں آبادی شروع ہوئی ۱۶۲۲ء میں گورجینز نے لیکونیا میں نئی آبادی قائم کی ۱۶۲۳ء میں کوچیکو میں آبادی شروع کی گئی پھر نیو ہیمپشائر آباد ہوا۔ خلیج میساچوسیٹس پر بھی نوآبادیاں قائم ہوگئیں۔ جان ون تھروپ نے ۱۶۲۹ء میں آٹھ سو آدمیوں کو لیکر سفر کیا اور بوسٹن اور چارلس ٹاؤن پر نوآبادیاں قائم کرنے میں کامیاب ہوا۔ یہ لوگ پیوری ٹن تھے اور اِنھوں نے شخصی آزادی کو نہایت فروغ دیا۔ اِسکول قائم کئے اور سفت تعلیم جاری کی۔ ہارورڈ کالج بھی اُسی زمانہ کی یادگار ہے جو آجتک جاری ہے۔

ابتدائی پیوری ٹن اصحاب کی فیاضیاں اُن کے دوسرے کارناموں سے بھی ہویدا ہیں۔ اُن کے خیالات ہمیشہ آیندہ نسلوں کی فلاح وبہبود کی طرف مائل رہے۔

خانہ داری کے نظم و نسق کی وہ بہت دقت کرتے تھے اگر اُن کا قانون نافرمان بچوں کے لیے سخت تھا تو وہ بیرحم والدین کے لئے بھی ایسا ہی تھا۔ اُنھوں نے غلامی اور اُسکی تجارت کو ممنوع قرار دیا اور اس جرم کے مرتکب کے لئے سزائے موت تجویز کی ۱۶۵۰ء تک کوئی ابتدائی قانون ایسا نہیں تھا جسکی وجہ سے دائن اپنے مدیون کو قید خانہ میں بھیج سکے بجز اِس صورت کے کہ مدیون کے پاس بظاہر جائداد ہو اور وہ ادائیگی قرضہ سے گریز کرے جانوروں کے ساتھ بیرحمی کرنے کو بھی ایک جرم قرار دیدیا گیا تھا۔ اُن کے یہاں اگرچہ طلاق جائز تھی لیکن کبھی کوئی ایسا موقع پیش نہیں آیا۔ چوری اور ڈاکہ زنی کی سزائیں بھی موجودہ امریکی قانون کے مقابلہ میں ملائم تھیں۔ الغرض مذہب کے سوا دیگر معاملات میں پیوری ٹن اصحاب کی نرمی اور ملائمت قابل تعریف ہے۔

باب پنجم

ڈچ، کوئیکر اور دیگر نوآبادیاں

۱۶۰۹ء میں ایمسٹرڈم کے سوداگروں نے مختلف سامانِ تجارت کا ایک جہاز تیار کیا تاکہ امریکہ کے دیسیوں سے خرید و فروخت کا سلسلہ جاری کیا جائے۔ یہ بحری سفر کامیاب ثابت ہوا اور اِس لیے دوبارہ بھی اختیار کیا گیا۔ اِن لوگوں نے جزیرۂ مان ہٹن پر چند مکانات ڈچ ملاحوں اور سمور کے تاجروں کے لیے بنا دئے تھے۔ ۲۷۔ مارچ ۱۶۱۴ء کو سوداگروں کی ایک کمپنی قائم ہوئی اور اُسنے چند جہازوں کو امریکہ روانہ کیا۔ چنانچہ اہلِ ہالینڈ نے دریائے کنک ٹی کٹ کو دریافت کیا۔ ۱۶۱۵ء میں ایلبنی پر نوآبادی بھی شروع ہوگئی۔ بعد ازاں ڈچ غرب الہند کمپنی ۳۔ جون ۱۶۲۱ء کو عالم وجود میں آئی جسکا مقصد امریکہ میں محض تجارت کو فروغ دینا تھا۔ لیکن اُسکو اپنے مقبوضات پر کلی اختیارات دئے گئے تھے اور حکومت انیس ممبران کے سپرد کی گئی تھی۔ اِس کمپنی نے گنی، برآزیل اور نیو نیدرلینڈس کے متمول ممالک پر رفتہ رفتہ قبضہ کرلیا۔

۱۶۲۶ء میں جزیرہ مان ہٹن کو دیسیوں سے چوبیس ڈالر کے عوض میں خرید کر وہاں قلعہ ایمسٹرڈم بنایا گیا جسکے گرد ایک گاؤں آباد ہو گیا جو موجودہ دارالسلطنت نیویارک کا پیش خیمہ تھا۔ چھ کھیتوں کو بھی بطور نمونہ کاشت کیا گیا اور اُن کی پیداوار کو آراضی کی زرخیزی کے ثبوت میں ہالینڈ بھیجا گیا۔

گوڈن، فان رنسلر، بلومارٹ اور ڈی لیٹ نے ۱۶۳۰ء میں پہلی نوآبادی ڈیلاویر میں قائم کی۔ ۱۶۳۱ء میں تیس آدمیوں کی نوآبادی لیوسٹن کے قریب قائم ہوئی۔ اوسیسٹ جس کے سپرد نوآبادی کی گئی تھی دیسیوں سے یہ سر پیکار ہو گیا اور ہندوستانیوں کے ایک سردار کو مار ڈالا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستانی ڈچ لوگوں کی گھات میں لگے رہے اور موقع پا کر سب کو مار ڈالا۔ اس کے بعد اور لوگ ہالینڈ سے آنے بھی نہ پائے تھے۔ کہ یہ قطعہ آراضی لارڈ بالٹی مور کی سند کے اندر شامل ہو گیا۔ ڈچ اصحاب نے کنک ڈی کٹ کو بلاشبہہ سب سے پہلے آباد کیا اور جنوری ۱۶۳۳ء میں ہارٹ فورڈ کے اردگرد کی آراضی کو دیسیوں سے خرید کر ایک قلعہ تعمیر کیا لیکن انگریزوں کی نوآبادیاں چاروں طرف قائم ہو چکی تھیں اور یہ قلعہ اُن کی آبادیوں سے گھر گیا تھا لہذا یہ کمزور ڈچ آبادی زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی اور آخر کار انگریزوں کے قبضے میں آگئی۔

نیو سوئیڈن کی بنیاد (۱۶۳۸ء)

ڈچ اصحاب کو صرف انگریزوں ہی کی زیادتیوں کے خلاف لڑنا نہیں پڑا بلکہ شاہ گسٹافس ایڈالفس نے جو سوئیڈن کا مشہور فرمانروا تھا ۱۶۲۶ء میں ایک سوئیڈن کمپنی کو امریکہ سے تجارت کرنے کی اجازت دیدی تھی اور اس لیے اُن کو اہل سوئیڈن سے بھی مقابلہ کرنا پڑا۔ ۱۶۳۷ء میں اہل سوئیڈن تجارت کرنے اور نوآبادی قائم کرنے کے لیے آئے۔ ۱۶۳۸ء میں اُنھوں نے خلیج ڈیلاویر میں داخل ہو کر کچھ قطعات آراضی دیسیوں سے خرید لئے اور ایک قلعہ جسکا نام کرسٹینیا تھا بنالیا۔ رفتہ رفتہ وہاں آبادی بڑھتی گئی اور اسکینڈی نیویا کے کاشتکار بھی بڑی تعداد میں اپنے وطن مالوف کو بخوشی خیرباد کہکر امریکہ پہونچ گئے اور ڈیلاویر

کے دونوں ساحل سمندر کے دریاؤں کے مدخل تک نیوسوئیڈن کے نام سے موسوم ہوگئے۔

ہندوستانیوں سے لڑائیاں

ہڈسن کے مغربی ساحل پر ایک فرقہ جسکا نام ریری ٹن تھا آباد تھا۔ ڈچ لوگوں نے اِس فرقہ پر ایک کشتی کو لوٹنے کا الزام لگا کر اِن کے خلاف ایک مہم روانہ کی۔ ان کی فصلوں کو تباہ و برباد کیا اور اِن کے بعض بہادروں کو نہایت بیرحمی سے قتل کیا۔ نہ صرف یہ بلکہ بوڑھے عورتیں اور بچے بھی جنکی تعداد اسّی کے قریب تھی بیدردی کے ساتھ قتل کئے گئے۔ جو لوگ زخمی ہوگئے تھے اُن کو بھی بیرحمی سے قتل کیا گیا۔ صرف تیس آدمی گرفتار کر کے نیو ایمسٹرڈم پہونچائے گئے۔ اِس قسم کی بیرحمیوں کی اطلاع پاکر گیارہ چھوٹے فرقے جن میں سے بعض بڑا عظم پر رہتے تھے اور بعض جزیرہ لانگ میں آباد تھے۔ اہلِ ڈچ کے خلاف ہوگئے۔ چنانچہ اُنھوں نے حملہ کر کے ڈچ لوگوں کے بھی مکانات جلا دئے، مویشیوں کو ذبح کر ڈالا اور بعض عورتوں اور بچوں کو بھی قید کر لیا۔ اُس وقت یہ نو آباد خوف زدہ ہوکر نیو ایمسٹرڈم میں ہر طرف دوڑے پھرے۔ اِس طرح ہندوستانیوں نے بدلہ لیکر صلح و آشتی کی گفتگو کی طرف قدم بڑھایا اور ڈچ لوگوں نے بھی اِس کو منظور کر لیا۔ ڈی ورریز، روک اے پہونچا اور وہاں صلح کی گفتگو ہوکر باہم تصفیہ ہوگیا۔

یہ صلح کچھ دنوں تک قائم رہی۔ لیکن انگریزوں اور ڈچ لوگوں نے ملکر ہندوستانیوں کے خلاف جنگ شروع کر دی چنانچہ ۱۶۴۳ء میں اُنھوں نے اسٹیمفورڈ کے قریب ہندوستانیوں پر حملہ کیا۔ وہ لوگ پہلے ہی سے گاؤں چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ حملہ آوروں نے گاؤں کو آگ لگا دی اور کئی سو من غلہ جلا دیا اِدھر اُدھر جو ہندوستانی ہاتھ آگیا اُسکو قتل بھی کیا۔ بچے اور عورتیں بھی اُن کے ظلم سے محفوظ نہ رہیں۔ ایک موقع پر اِن لوگوں نے دو گاؤں پر یکایک حملہ کیا اور سو سے زائد ہندوستانیوں کو بیدریغ تہ تیغ کر ڈالا اور دو ہندوستانی قیدیوں کو چاقوؤں سے نیو ایمسٹرڈم میں سربازار ٹکا بوٹی کر ڈالا۔

اِس کے بعد آنڈورہل تین کشتیوں میں اکیسو بیس آدمی لیکر روانہ ہوا اور ایک گاؤں پر شبخون مارا لیکن وہاں کے باشندے جاگ رہے تھے اور اُنھوں نے ایک گھنٹہ تک خوب مقابلہ کیا آخر کار وہ مغلوب ہوئے اور گاؤں میں آگ لگا دی گئی۔ تقریباً پانسو ہندوستانی قتل ہوئے یا زندہ آگ میں جلا دئے گئے۔ اس کارروائی کے بعد یہ لوگ اسٹیمفورڈ واپس ہوئے اور انگریزوں نے اِن کو خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد یہ لوگ نیو ایمسٹرڈم چلے گئے۔

نیو سوئیڈن کا مفتوح ہونا

نیو ایمسٹرڈم کے گرد جو نو آبادیاں قائم تھیں وہ گزشتہ جنگ کی وجہ سے اسقدر کم ہو گئی تھیں کہ اب مشکل سے سو آدمی اُسکے اندر رہ سکتے تھے اور گورنر کی طرز حکومت سے بھی نو آباد سخت بددل تھے۔ چنانچہ ۱۶۴۶ء میں کیپٹ گورز واپس بلا لیا گیا اور اُسکی جگہ پیٹر اسٹوی سینٹ کو بھیجا گیا۔ ڈچ لوگوں نے ایک قلعہ کاسی میر ۱۶۵۱ء میں بنا لیا تھا۔ اہل سوئیڈن نے اِس قلعہ کی تعمیر کو اپنی مقبوضہ آراضی میں دخل انداز پایا اور ۱۶۵۴ء میں موقع پاکر انھوں نے اِس قلعہ کو اپنے گورنر کی ماتحتی میں فتح کر لیا۔ اِس واقعہ سے ڈچ جو صوبہ کے اندر تعداد میں اہل سوئیڈن سے بہت زیادہ تھے برانگیختہ ہو گئے اور اُنھوں نے چھ سو آدمیوں کی جمعیت سے نیو سوئیڈن پر حملہ کر دیا۔ مقابلہ بیکار ثابت ہوا اور ایک قلعہ دوسرے قلعہ کے بعد فتح ہوتا گیا یہانتک کہ ڈچ اصحاب نے اپنی حکومت نیو سوئیڈن میں قائم کر دی اور ہمیشہ کے لئے سوئیڈن والونکی کو نو آبادی کا خاتمہ ہو گیا اور یہ لوگ جن کی کل تعداد اس وقت سات سو کے قریب تھی دیگر یورپی اقوام کے ساتھ مِل جُل کر رہنے لگے اور اب وہ ریاستہائے متحدہ میں ایک فی دو صدی آباد ہیں۔

نیو ایمسٹرڈم کی ترقی

اہل سوئیڈن کی نو آبادیوں کی فتح سے نیو ایمسٹرڈم کی رونق روز بروز فزوں تر ہوتی گئی لیکن ایلگونکن فرقے نے ۱۶۵۵ء میں ڈچ لوگوں کی نو آبادیوں پر بڑی تعداد میں

سخت حملہ کیا مگر یہ خیریت ہوئی کہ وہ جلد واپس چلے گئے اور قیدیوں کو فدیہ لیکر رہا کر گئے۔
جزیرہ مان ہٹن کو تاجر بہت پسند کرتے تھے اور حکومت کی خوش مزاجی اور نرمی کے باعث
تجارت کو فروغ ہوتا گیا۔ ہر مذہب کو آزادی حاصل تھی۔ اظہار رائے کے لئے بھی کوئی پابندی
نہ تھی اور نہ صرف سیکسن اور کیلٹک بلکہ مصر کے غلام بھی جزیرہ مان ہٹن میں آکر جمع ہو گئے۔
خود ہالینڈ سے جو لوگ جلا وطن کئے گئے تھے وہ بھی مختلف نسلوں کے لوگ تھے کیونکہ وہ
بدنصیب لوگ جن کو کہیں آرام اور چین حاصل نہیں ہوتا تھا ہالینڈ میں پناہ گزیں ہوتے تھے
فرانس کے پروٹسٹنٹ سواحل بحیرۂ جرمن اور دریائے رہائن کے باشندے اور بوہیمیا کے
لوگ جو ہس کے متبعین تھے سب کے سب ہالینڈ میں آباد ہو گئے تھے اور وہاں سے یہ لوگ
نیو ایمسٹرڈم پہونچے اور اس طرح نیویارک میں ہمیشہ دنیا بھر کے باشندے آباد رہے۔

ہر مذہب اور ہر ملک کے باشندے جن پر مظالم ہوتے تھے نئی آبادی کی طرف متوجہ
ہوتے تھے۔ چنانچہ فرانسیسیوں کی تعداد تو اسقدر بڑھ گئی تھی کہ سرکاری دستاویزات بعض
اوقات فرانسیسی زبان میں تحریر کی جاتی تھیں اور بعض اوقات ڈچ زبان اور انگریزی میں
لکھی جاتی تھیں۔ نئی دنیا میں دستکاروں اور یتیموں کو جہاز کا کرایہ معاف تھا۔ آبادی میں
ہر سال ترقی ہوتی گئی اور اکثر اشیاء کے لئے نیو ایمسٹرڈم تجارت کی بڑی منڈی بن گیا
۱۶۶۴ء میں نیو ایمسٹرڈم میں شاندار عمارتیں تعمیر ہو گئیں اور وہاں کے باشندوں کی
زبان پر یہ الفاظ آنے لگے کہ "یہ صوبہ جو نہایت مناسب مقام پر واقع ہے ہمارے آبائی ملک
کے لئے ایک بڑے ذخیرہ کا کام دیگا۔ اگر ہمارا یندرلینڈس (ہالینڈ اور بلجیم) سخت
لڑائیوں کی وجہ سے تباہ و برباد بھی ہو جائے تو ہمارے ہموطنوں کو یہاں پناہ مل جائیگی
اور چند سال میں ہم ایک طاقتور قوم بن جائینگے۔

افریقہ کے غلام نیو نیدرلینڈس میں

افریقہ کے باشندے بھی دریائے ہڈسن پر آباد ہو گئے تھے ۱۶۲۶ء میں ویسٹ

انڈیا کمپنی نے گنی کے سواحل پر نوآبادیاں قائم کرلی تھیں اور وہاں کے دیسیوں کو جنکو سزائے قید دی جاتی تھی جزیرہ مان ہٹن میں بھیجدیا جاتا تھا اس طرح وحشی غلاموں کی خرید و فروخت جاری ہوگئی۔ ملکہ ایلزبیتھ کے زمانہ سے لیکر ملکہ این تک انگریز بھی اس تجارت میں شامل و شریک رہے لیکن جو وحشی آزاد ہوجاتے تھے وہ کاشتکاری کا کام کرنے لگتے تھے۔

آزادی کے لئے جدوجہد

ٹیکس کی بنا پر باشندوں میں بیچینی پھیل گئی جس کا علاج یہ تجویز کیا گیا کہ دیہات سے دو دو نمایندے لئے جائیں اور چھوٹے چھوٹے معاملات میں مینوسپلٹیاں مجسٹریٹوں کا کام انجام دیں اور شہروں کے نمایندوں کی حیثیت سے جہاں کہیں ضرورت ہو رائے دیں۔ ایک کمیشن بھی ہالینڈ کو روانہ کیا گیا تاکہ معاملات درستی و اصلاح پر آجائیں۔ لیکن حکومت نے کوئی شنوائی نہ کی اور معاملات کی حالت بد سے بدتر ہوگئی۔ آخر کار نیو نیدرلینڈس میں ایک مجلس ملی قائم کی گئی جس میں ہر گاؤں سے دو دو نمایندے لئے گئے اور ٹیکس ادا کرنا بند کردیا اور یہ بھی تجویز کی کہ ہم لوگ نیو انگلینڈ کی ماتحتی میں چلے جائینگے تاکہ انگریزوں جیسی آزادیاں ہم کو بھی حاصل ہوجائیں

انگریزی مداخلت اور نیو ایمسٹرڈم کا نام نیویارک

کرامویل کے ذہن میں نیو نیدرلینڈس کے فتح کرنے کی تجویز تھی، بعد ازاں اُس کے بیٹے کے زمانہ میں اس تجویز پر دوبارہ غور کیا گیا۔ چارلس دوم کی واپسی پر نیو نیدرلینڈس کو شمال و جنوب کی طرف سے اور انگلستان کی طرف سے خطرہ کی دھمکی بھی دی گئی۔ اور لارڈ بالٹی مور نے ۱۶۵۹ء میں نیو نیدرلینڈس پر اپنے حقوق کا مطالبہ کیا تھا اور ۱۶۶۰ء میں اُس کے بیٹے نے بھی اُن حقوق کا اعادہ کیا لیکن ویسٹ انڈیا کمپنی نے اپنی نوآبادی اور خریداری کی بنا پر اُس کے حقوق کو تسلیم نہیں کیا اور آخر کار ۱۶۶۳ء میں ویسٹ انڈیا کمپنی نے تمام آراضی جو ڈیلاویر پر واقع تھی شہر ایمسٹرڈم کے حوالے کردی۔ انگلستان کی نوآبادیوں نے ہر سمت سے نیو نیدرلینڈس میں مداخلت شروع کردی۔ چونکہ وہاں کے باشندوں کو بھی پوری

آزادی حاصل نہ تھی اس لیے اُس میں کوئی قومی جذبہ بھی کام نہ کرتا تھا اور انگلستان کی نوآبادیوں اور ولیسیوں کی مخالفت نے نیونیدرلینڈس کی تمام کمزوریوں کو ظاہر کر دیا۔

ضروریات وقت سے مجبور ہو کر گورنر اسٹوی سانٹ نے یکم نومبر ۱۶۶۳ء کو مجلس ملی کو تسلیم کر لیا چنانچہ اپریل ۱۶۶۴ء میں اسکا ایک باقاعدہ اجلاس ہوا لیکن انگلستان کی نوآبادیوں کے خلاف کوئی تدبیر کارگر نہ ثابت ہوئی۔ حالانکہ فوج بھی بھرتی کی گئی اور اپنے مقبوضات کو بچانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی مگر انگریزوں نے ڈچ آبادی کو فتح کر لیا اور ۱۶۶۴ء میں نیو ایمسٹرڈم کا نام بدلکر نیویارک رکھ دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ انگریزوں نے بلا سبب صرف ڈچ لوگوں کی مرفہ الحالی اور تجارت کی ترقی سے جلکر اُنکے مقبوضات کو فتح کیا ورنہ علم الاخلاق کی رو سے وہ اپنے اس فعل بجا کی کوئی مناسب توجیہ نہیں کر سکتے بہرحال اب بحر اوقیانوس کے تمام سواحل جن پر تیرہ نوآبادیاں تھیں انگریزوں کے قبضے میں آگئے اور وہ علاقہ جو ہڈسن اور ڈیلاویر کے درمیان واقع تھا صرف شمالی حد کو چھوڑ کر نیوجرسی کے نام سے موسوم ہو گیا۔

نیوجرسی کی آبادی

۱۶۶۴ء سے قبل کوئیکر کے چند خاندان نیوجرسی میں آکر پناہ گزیں ہو گئے تھے اور اُن سے ایک سال قبل نیوانگلینڈ کے پیوری ٹن اور لانگ آئی لینڈ کے باشندے بھی ریری ٹن میں آباد ہو گئے تھے۔ نیز بہت سے کاشتکار دیگر نوآبادیوں سے آکر یہاں بس گئے تھے۔ جان و مال کی حفاظت قوانین کی رو سے لازمی قرار دی گئی اور ایک مجلس ملی قائم کی گئی ٹیکس سے آزادی دی گئی۔ صرف نوآبادیوں کی مجلس ملی ضرورت کے وقت ٹیکس لگا سکتی تھی۔ ذاتی رائے، مذہب اور ضمیر کی آزادی برقرار رکھی گئی۔ مختصر یہ کہ بادشاہ، پارلیمنٹ اور مالک نوآبادی کے بیجا جبر و تعدی کے خلاف تحفظ کیا گیا۔ اور اس طرح نیوجرسی کی مرفہ الحالی روز افزوں ہوتی گئی اور مختلف نوآبادیوں کے باشندوں کے لیے ایک صلائے عام ثابت ہوئی۔

جنوبی نوآبادیاں دونوں کیرولینا

امریکہ کی نوآبادیوں کی ابتدائی تاریخ لازمی طور پر ایک غیر مسلسل داستان ہے جس کو کسی

خاص حد تک پہونچا کر ترک کر دینا پڑتا ہے لیکن بعض نوآبادیاں ایسی بھی ہیں جن کا ذکر ایک مناسب مقام تک خود بخود پہونچ جاتا ہے۔ یہ تمام چھوٹی چھوٹی ندیاں آخر کار ایک بڑے دریا میں گرتی ہیں جسکی روانی برابر جاری ہے۔ اب ہم ایسے مقام پر پہونچ گئے ہیں کہ ہم کو کیرولینا کی نوآبادیوں اور جیورجیا اور شمالی فرانسیسی نوآبادیوں کی بنیادوں کا ذکر کرنا چاہیئے جو اب کناڈا کے نام سے موسوم ہیں۔ مگر ہم کو سب سے پہلے اُن ممالک سے پوری واقفیت ہونے کی ضرورت ہے جہاں ڈی سوٹو تلاش زر میں سرگرداں رہا۔ جہاں مینک ال کالینی نے اپنے مظلوم دستم رسیدہ ہم جی ناٹس کو لاکر بسایا، جہاں کیتھولک تعصب نے زمین کو اُن کے خون سے رنگین بنادیا اور جہاں بہادر ریلے نے نوآبادیوں کی شاندار تجاویز پر غور کیا لیکن وہ صرف بربادی اور رنج والم کا نشانہ بنا

جیساکہ ہم بیان کر چکے ہیں شمالی امریکہ کا وسیع برّاعظم انگریزوں کی نوآبادیاں قائم ہونے سے پچاس برس بعد تک دو اضلاع میں منقسم رہا جن کو شمالی اور جنوبی ورجینا کہتے تھے۔ اُس صوبہ کی شمالی حدود سے جس کو اب ورجینا کہتے ہیں جو کچھ آراضی جانب دریائے سینٹ لابرنس۔ واقع تھی شمالی ضلع سے متعلق تھی اور جو آراضی جانب جنوب خلیج فلوریڈا تک تھی جنوبی ضلع سے ملحق تھی۔

فرانسیسیوں نے اپنے نکمّے بادشاہ چارلس نہم کی یادگار میں کیرولینا کا نام اُس حصّہ ملک کو دیدیا جو اب تک اسی نام سے مشہور ہے۔ سنہ ۱۶۶۳ء میں انگلستان کے بادشاہ چارلس اوّل نے خلیج چیساپیک کے جنوب کی آراضی کو سر رابرٹ ہتیہ کے حوالے کیرولانا کے نام سے کیا لیکن انگلستان کی سیاسی بے چینیوں کی وجہ سے یہ حصّہ زمین آباد نہ ہوسکا۔ جب شاہانِ اسٹوارٹ دوبارہ انگلستان میں حکمران ہوئے تو انگریزوں نے اس حصّہ امریکہ پر بھی دعویٰ کیا جس کا نام اُنھوں نے جنوبی ورجینا رکھا۔ بعدازاں شاہ انگلستان نے آراضی موسومہ کیرولینا کو اُن آٹھ مالکان کے حوالے کردیا جو اُسکے درباری تھے۔ اِس عطیہ سے وہ لوگ اِس آراضی کے نہ صرف مالکان بلکہ بادشاہ بن گئے اہلِ اسپین نے اس عطیہ شاہی کے خلاف جن کا قلعہ سینٹ آگسٹائن وہاں موجود تھا اور

سر رابرٹ ہتیہ نے جس کو پہلے اس اراضی میں حق حاصل ہو گیا تھا صدائے احتجاج بلند کی لیکن دونوں دعویداروں میں سے کسی کی حجت بھی پیش نہ گئی کیونکہ یہ مالکان اُن سے زیادہ طاقتور اشخاص تھے۔ علاوہ ازیں دوسرے لوگ بھی جو سخت مزاج اور سرکش تھے اِس اراضی کے بحری کنارہ پر آباد ہو چکے تھے۔ نیو انگلینڈ نے جس کے اندر نہ صرف اصول توسیع نوآبادی کارفرما تھا بلکہ وہ اصول بھی جو ہر زمین میں جہاں اُسنے قدم رکھا جگہ پکڑ گیا نہ صرف ایک چھوٹی سی آبادی اِس فیر پر آباد کی جو اُسکی اپنی مصیبتوں کے زمانہ میں قائم ہو گئی تھی بلکہ جمہوری آزادی کے بیجوں کو بھی وہاں بو دیا جن سے جزواً اس استقلال کا کھوج لگایا جا سکتا ہے جو شمالی کیرولینا کی نوآبادی کے لیئے اُس جنگ دراز میں باعث افتخار رہا ہے جس سے آخرکار اُس کو دوچار ہونا پڑا۔

ورجینا بھی نوآبادیوں کی ماں تھی۔ سنہ ۱۶۲۲ء میں حوصلہ مند پوری نے جنوبی دریا کے کنارہ تک براہ خشکی سفر کیا اور اپنی واپسی پر دیسیوں کی مہربانیوں، ملک کی زرخیزی اور عمدہ آب و ہوا کا نہایت عمدہ الفاظ میں ذکر کیا جہاں سال میں دو فصلیں پیدا ہوتی تھیں۔ اگلے چالیس سال تک اُسکی تحقیقات کو برابر جاری رکھا گیا اور جب ورجینا میں مذہبی تعصب نے ظلم و ستم کی بنیاد ڈالی تو بہت سے لوگ وہاں جا کر آباد ہو گئے۔ ان نوآبادیوں کو کیرولینا کے نئے مالکان نے اپنی ملک سمجھا اور اُن کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کیا چنانچہ سر ولیم برکلے کو اپنا گورنر بھی مقرر کر دیا۔

لیکن برکلے نے جو ان نوآبادیوں کی طرز معاشرت سے بخوبی واقف تھا اپنے احکام کی تعمیل سختی سے نہیں کرائی بلکہ ولیم ڈرمنڈ کو جو ان نوآبادوں میں سے تھا اُن کا گورنر مقرر کیا اور سیدھا سادہ طرز حکومت جاری رکھا۔ چھ ممبران کی ایک کونسل قائم کی اور خفیف مالگزاری لگا دی اور نوآبادی کو اپنی حفاظت آپ کرنے، اور آزادی کے ساتھ رہنے اور اپنے معاملات خود طے کرنے کا اختیار دیدیا شمالی کیرولینا میں مستقل نوآبادی کی یہ شروعات تھی۔ الغرض ان نوآبادیوں میں شمالی اور جنوبی کیرولینا کا موجودہ ملک، جیورجیا، مسیسپی، الاباما، لوزیانا، ارکنساس، فلوریڈا۔ اور مسوری کا حصہ اعظم، تقریباً تمام ٹیکساس اور میکسیکو کا بہت بڑا حصہ شامل تھے اور ان میں

بعد ازاں جزائر بھلما بھی شامل کر لیے گئے تھے۔

لاک کا مشروطہ

نوآبادیوں کے مالکان نے ارل آف شیفسبری کو نوآبادیوں کے لیے ایک مشروطہ تیار کرنے کے کام پر مامور کیا۔ اُسنے اپنے آقا اور دوست جان لاک کو یہہ کام سپرد کر دیا۔ لاک نے اس اصول پر یہہ کام شروع کیا کہ "حکومت کی اعلیٰ بنیاد رضامندی پر ہے اور مال کی حفاظت اُس کا خاص مقصد ہے" چنانچہ اُسنے ایک مشروطہ بنا لیا جو "لاک شاندار نمونہ" کے نام سے مشہور ہے لیکن اسپر زیادہ دنوں تک عمل درآمد نہ ہو سکا اور آخر کار اُس کو بالکل ترک کرنا پڑا۔ بینکرافٹ نے خوب کہا ہے کہ "ریاستہائے متحدہ میں سیاسی اداروں کی بنیاد عالی دماغ اشخاص اور نسبی شریفوں نے نہیں رکھی۔ نوآبادیوں کے حقیقی مقننین خود وہاں کے نوزائیدہ بچے تھے"۔ عدالت مالکان کے علاوہ جس کو تمام انتظامی اختیارات سپرد تھے اور جس کا صدر سب سے پرانا مالک بنایا گیا تھا بقیہ سات مالکان کی عدالتیں تھیں جن کو امیرالبحر، خواجہ سرا، چانسلر، چیف جسٹس، خزانچی اور وزیر اعظم کے عہدوں کے اختیارات حاصل تھے۔ ان عدالتوں میں سے ہر ایک میں چھ مشیر رہتے تھے جن میں سے دو تہائی زندگی بھر کے لیے مقرر کیے جاتے تھے اور وہ شرفا ہوتے تھے۔ پس ظاہر ہے کہ لوگوں کو اس طرح انتظامی، عدالتی یا قانونی اختیارات سے محروم رکھا گیا تھا۔

یہہ شاندار نمونہ مشروطہ مارچ ۱۶۶۹ء میں منظور ہوا اور انگلستان میں اس کی بیحد تعریف ہوئی۔ ۱۶۷۰ء میں جارج فاکس بھی کیرولینا کو دیکھنے آیا اور لوگوں نے جارج فاکس کی تعلیمات و نصیحتوں کو بغور سنا۔ شمالی کیرولینا کے لوگوں نے جو جارج فاکس کے مُریدان خاص تھے شیفسبری اور لاک کے مشروطہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی کچھ قوانین بحری کے نفاذ سے اور کچھ موجودہ مشروطہ سے لوگ ناراض ہو کر ورجینا سے کیرولینا میں پہونچے لیکن ۱۶۷۷ء تک یہاں پر چار ہزار آدمیوں کی آبادی تھی۔ یہاں کے نوآبادوں کا سردار جان کلیپیپر بن گیا جو انگریزی فریق کی نگاہ میں کشتنی اور قابل گردن زدنی تھا کیونکہ وہ عربیوں کو ترغیب دیتا تھا کہ وہ

امیروں کو ووٹ لیں۔ آخرکار ہولڈن اور جان کلپیپر صلح کی گفتگو کے لیے انگلستان روانہ ہوئے جن کی اصلی تمنا یہ بھی تھی کہ مالکان ملک کو واپس طلب کریں جو اُس وقت نوآبادی پر حکمران مقرر کیا گیا تھا۔ مالکان نے اُس کی بجائے ۱۶۸۳ء میں سیٹھ سوتھل کو گورنر مقرر کیا۔ یہ شخص نہایت ظالم اور جابر تھا اور آخرکار اس کے ظلم و جبر کا یہ نتیجہ ہوا کہ نوآبادی نے بغاوت اختیار کی اور مالکان کے خلاف اپنی حکومت قائم کرلی اور اس طرح اُن کے پنجے سے نجات پائی۔ نوآبادی میں امن و امان قائم ہوا اور شمالی کیرولینا کے نوآبادوں نے اب حسب خواہش فہمیر کی آزادی اور ذاتی خودمختاری حاصل کی اور اب وہ جنگل اور دریاؤں کے صحیح معنوں میں مالک بن گئے۔

جنوبی کیرولینا کی ترقی

۱۶۷۰ء میں مالکان کیرولینا نے بارہ ہزار پونڈ کے صرف سے جلاوطن اشخاص کی ایک جماعت روانہ کی۔ یہ لوگ پورٹ رائل پر اُترے۔ ان میں سے ہر ایک کو ڈیڑھ سو ایکڑ زمین عطا کی گئی اور جس ضلع پر ان لوگوں نے قبضہ کیا اُس کو کارٹیریٹ کاؤنٹی کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اُسی سال یعنی ۱۶۷۰ء میں یہ نوآبادی پورٹ رائل سے چلکر دریائے ایشلے کے کناروں کی طرف قائم کی گئی کیونکہ وہاں زراعتی سامان اور چراگاہ موجود تھے۔ اور اس طرح چارلسٹن کی بنیاد پڑی۔ چونکہ وہاں اُس زمانہ میں گرمی زیادہ ہوتی تھی اور سفید اقوام گرمی کے موسم میں کوئی کام نہیں کرسکتے تھے، اس لیے وحشیوں کو دیگر جزائر سے کام کاج کے لیے لایا گیا اور اس طرح وہاں غلاموں کی تجارت کو فروغ ہوگیا۔ گورنر سر جان یمینس کا انتظام نہ مالکان نوآبادی کو پسند آیا اور نہ نوآباد اُس کے انتظام سے خوش رہے لہٰذا اُس کو ۱۶۷۴ء میں واپس طلب کرلیا گیا اور جوزف ولیسٹ کو اُسکی جگہ گورنری کا عہدہ دیا گیا۔ مالکان نے اپنے نوآبادوں کا طرز معاشرت مناسب سمجھکر نیو انگلینڈ اور شمالی نوآبادیوں سے جلاوطنوں کو یہاں آباد ہونے کی ترغیب دی اور اُن کی ہمت افزائی کی اور وقتاً فوقتاً اُن کو رسد بھیجتے رہے۔

چارلس دوئم نے بھی بہت سے آدمیوں کو انگلستان سے یہاں بسنے کے لیے بھیجا۔ کچھ

ذخائر بھی روانہ کیے۔ مختلف قسم کے پھول اور پودے بھی بھیجے۔ جنوبی فرانس سے اہل پروٹسٹنٹ کو روانہ کیا تاکہ وہ وہاں ریشم کے کیڑوں کی پرورش کریں اور ریشم پیدا کریں۔ بہت سے ہیوجی ناٹس یہاں پہونچے اور آباد ہوگئے۔ روز بروز یہہ نئی آبادی آباد ہوتی گئی اور ترقی پذیر رہی۔

۱۶۸۳ء میں جنوبی کیرولینا کو تین اضلاع کالیٹن، برکلے جس میں چارلسٹن بھی شامل تھا اور کرون میں تقسیم کیا گیا اور جلد جلد گورنروں کو مدانتظامی کی بنا پر تبدیل کرنا پڑا۔ ۱۶۸۵ء میں جیمس دوم سند کو منسوخ کرنے کا ارادہ کیا لیکن مالکان عدالت نے بادشاہ اور انگریزی رعایا کو خوش کرنے کے لیے اپنے گورنر کو حکم دیا کہ وہ تمباکو کے ٹیکس کو وصول کرکے بھیجا کرے۔ مگر یہہ احکام بیکار تھے کیونکہ گورنر میں یہہ طاقت نہ تھی کہ نوآبادوں سے ٹیکس وصول کرسکے۔ نوآبادوں نے نہ مالکان کی کچھ پروا کی اور نہ بادشاہ کی بلکہ اپنے آپ کو خود مختار بنالیا۔ کالٹین جو ایک مالکِ نوآبادی کا بھائی تھا بڑے تزک و احتشام کے ساتھ گورنر بنا کر بھیجا گیا۔ اُسنے یہاں پہونچکر قومی فوج اِس حیلہ سے فراہم کی کہ اہل اسپین اور ہندوستانیوں کے حملے کا اندیشہ ہے۔ بعدازاں مارشل لا جاری کیا گیا لیکن نوآبادکالٹین کے خلاف ہوگئے ۱۶۸۸ء میں جب انگلستان میں انقلاب برپا ہوا تو نوآبادوں نے کالیٹن پر بغاوت کا الزام لگاکر اُسپر مقدمہ چلایا اور صوبہ سے باہر نکال دیا۔ مالکان نے فلپ لڈویل کو بھیجا کہ وہ بیچینی کے صحیح اسباب معلوم کرے چنانچہ اُس کی رپورٹ پر اپریل ۱۶۹۳ء میں عام معافی دیگئی اور عظیم الشان نمونہ کے مشروطی کی بہت سی دفعات ترک کردی گئیں بلکہ ایک طرح سے خود نوآبادوں کو اپنے اوپر آپ حکومت کرنے کا حق عطا کردیا گیا۔ اِس کے بعد ان نوآبادوں کو ہندوستانیوں سے بہت سی لڑائیاں کرنی پڑیں کیونکہ اہل اسپین نے ہندوستانیوں کو انکے خلاف بھڑکا دیا تھا۔ آخرکار یہہ نوآبادی بلحاظ پیداوار (چاول اور نیل) مشہور ہوگئی اور مویشی بھی اس میں بکثرت پیدا ہونے لگے اور دیگر جزائر اس کی پیداوار پر زندگی بسر کرنے لگے۔

جیورجیا

جنگ آزادی میں جن ریاستوں نے شرکت کی اُن میں سب سے نئی ریاست جیورجیا

تھی۔ سنہ ۱۶۳۰ء میں اس کی آبادی کے لیے سند عطا کی گئی تھی لیکن نوآبادی قائم نہ ہونے کی وجہ سے سند بیکار ہوگئی تھی۔ سنہ ۱۷۳۲ء میں سر جیمس اوگل تھارپ کو اس کی آبادی کے لئے سند دیگئی اور اُسنے بہت سے ایسے لوگوں کو جو مقروض تھے اور مفلسی کی وجہ سے زندگی سے تنگ تھے یہاں پہونچا دیا۔ یہہ آراضی سوانا اور التماہا دریاؤں کے درمیان واقع تھی اور بادشاہ کے احترام کے باعث اس کا نام جیورجیا رکھا گیا دارالعوام نے چھتیس ہزار پونڈ اس نوآبادی کے قیام کیلئے منظور کیے تھے۔ ۶۔ نومبر سنہ ۱۷۳۳ء کو اوگل تھورپ، گریوسینڈ سے روانہ ہوا اور اُسکے ساتھ ایکسو سولہ آدمی تھے۔ وہ پہلے چارلسٹن پر اُترے جہاں اُن کو صوبہ کی حکومت نے بہت سے مویشی اور دیگر ذخائر عنایت کیے۔ اس کے بعد وہ اپنے نئے مقام سکونت کو روانہ ہوگئے جہاں وہ یکم فروری سنہ ۱۷۳۴ء کو پہونچے۔ یہاں اُنھوں نے ایک قلعہ تعمیر کیا اور اُسپر نوآبادی کی حفاظت کے لیے چند توپیں لگادیں۔ اوگل تھارپ نے نئے بسنے والوں کو قومی لشکر میں داخل کردیا اور چند خاص خاص اُن کی فوجی تربیت کے لیے مقرر کردیئے۔ پھر اوگل تھارپ نے ہندوستانیوں سے صلحنامے کرلیے۔ اُس نے اُن کو تحفے دیے اور اُنھوں نے جسقدر آراضی اُسکو مطلوب تھی اُس کو دیدی۔ اوگل تھارپ انگلستان واپس چلا گیا اور ٹومو چی چی کو جو اہل کریک کا بادشاہ تھا مع اُسکی ملکہ کے اپنے ہمراہ لیگیا۔ چار ماہ وہاں رہ رہے اور اُسکے بعد اوگل تھارپ کے ساتھ واپس آئے۔

یہہ نوآبادی دیگر جلاوطنوں کے لیے بھی آغوش کشادہ تھی چنانچہ جرمنی، اسکاٹ لینڈ اور سوئٹزرلینڈ کے جلاوطن بھی سنہ ۱۷۳۵ء میں یہاں پناہ گزیں ہوئے۔ اس نوآبادی نے اہل اسپین سے کامیابی کے ساتھ جنگ کی۔ سنہ ۱۷۴۲ء میں ہونا سے اہل اسپین کی ایک مہم حملہ آور ہوئی لیکن آخرکار یہی نوآبادی فتحیاب رہی۔ سنہ ۱۷۷۶ء میں صوبہ جارجیا آزاد اور خودمختار ریاست بن گئی اور اس کی آزادی کو انگلستان نے بھی تسلیم کرلیا۔

باب ششم

فرانسیسی نوآبادیاں

شمالی امریکہ میں نوآبادیاں قائم کرنے کے لیے جو ابتدائی فرانسیسی کوششیں کارٹیر کی آمد ۱۵۳۴ء سے چیمپ لین کی بنیاد کیوبیک ۱۶۰۸ء تک کی گئیں اُن کی داستان پیشتر بیان کی جا چکی ہے۔

نیو فرانس کی یہہ بدقسمتی تھی کہ چیمپ لین نے ابتدا ہی میں فرقۂ ایروکیوس سے عداوت مول لے لی۔ فرانسیسی ورایلگونکن فرقے جن سے وہ دوستانہ تعلقات رکھتے تھے بہت عرصہ تک اُن کے دستِ ستم سے تنگ رہے۔ اگر ایروکیوس جنوب کی جانب ایک سدِ سکندری نہ ثابت ہوتے تو چیمپ لین بلاشبہہ انگریزوں سے پہلے میدان اوتیانوس پر قدم جما دیتا۔ اس مخالفت کا یہہ نتیجہ ہوا کہ نیو فرانس کا بانی فرانسیسی اقتدار کے دائرہ کو صرف شمال اور مغرب کی طرف وسیع کر سکا جہاں کچھ بھی مخالفت نہ تھی۔

۱۶۱۱ء میں مونٹریل کی نوآبادی سینٹ لارنس میں قائم ہوئی اور دریائے اوٹاوا و ریشلیو کے دہانے بھی آباد ہو گئے۔ چار سال بعد ۱۶۱۵ء میں چیمپ لین جیل ہیورن پر پہونچا۔ چیمپ لین کی رہنمائی میں اُس کی مثال سے سبق لیکر تجار اور پادری بہت دور تک مغرب کی طرف گئے۔ اول الذکر تجارت کی غرض سے اور آخر الذکر روحوں کو عذابِ الٰہی سے بچانے کے لیے۔

۱۶۳۴ء میں جین نکولیٹ جو چیمپ لین کا اور وہ تھا وسطی ونکونس تک پہونچا اور اُسنے وحشی فرقوں سے تجارتی معاہدات قائم کیے۔ سات سال بعد ۱۶۴۱ء میں فرقۂ جیسوات کے پادریوں نے دو ہزار برہنہ وحشیوں کے سامنے سالٹ سینٹ میریا کے مقام پر نماز پڑھی۔ ۱۶۵۸-۵۹ء میں دو فرانسیسی تاجر سکونسن پہونچے اور غالباً دریائے مسیسپی کو بھی دیکھا۔ ورجیل سپیر پر کی

خلیج چیکا لیکن پر ایک لکڑی کا قلعہ بھی بنایا۔ سنہ ۱۶۶۲ء میں انھوں نے خلیج جیمس دریافت کی اور خلیج ہڈسن کی سمور کی تجارتی قابلیت سے متاثر ہوئے۔ اُن کی دریافتوں کی بنا پر خلیج ہڈسن کی کمپنی سنہ ۱۶۷۰ء میں قائم ہوئی۔ سینٹ لوسن نے سنہ ۱۶۷۶ء میں شمال و مغربی قطعات اراضی کا باضابطہ قبضۂ فرانسیسی بادشاہ کے لیے سالٹ سینٹ میریا پر لے لیا۔ دو سال بعد سنہ ۱۶۷۳ء میں جولیٹ اور مارکیٹ نے دریائے مسیسپی کو دوبارہ دریافت کیا۔

فرانسیسی اور انگریزی نوآبادیوں کا موازنہ

امریکہ میں فرانسیسی اور انگریزی نوآبادیاں قائم ہو کر ایک دوسرے سے بالکل مختلف طور پر درجۂ تکمیل کو پہنچیں۔ کناڈا جو سلطنت اور کلیسا کا نوزائیدہ بچہ تھا طاقت کی گود میں پرورش پاتا رہا۔ اُسکی طاقت مصنوعی مقویات کے ذریعہ سے قائم رکھی گئی اور اُس کے حرکات و سکنات کو ضابطہ بنایا گیا۔ اُس کے اعضاء کو فوجی قواعد سکھائی گئی جو بوجہ قلت حرارت عزیزی آخر کار فنا ہو گیا۔ برخلاف اِس کے انگلستان کی نوآبادیاں جن کی طرف مطلق توجہ نہ کی گئی اپنی ذاتی طاقت اور ہمت و جرأت کی بنا پر مناقشات سے بڑھتی اور پھلتی پھولتی رہیں۔

بحرِ اوقیانوس کے سواحل پر اور سینٹ لارنس کی وادی میں متضاد اصول برتری اور فوقیت کے لیے کارفرما تھے۔ فیوڈلزم، جمہوریت کے خلاف تھا، یورپ کی طاقت اہل پروٹسٹنٹ سے نبرد آزما تھی اور تلوار اور اہل کا مقابلہ تھا۔ پادری، سپاہی اور شریف کناڈا میں حکمران تھے۔ جاہل اور آرام طلب کاشتکاران کناڈا حقوق اور سیاسی آزادی سے بیخبر تھے۔ وہ فرمانبرداری کیلئے پیدا ہوئے تھے اور حکومت خود اختیاری کی قابلیت یا خواہش اُن میں نہ تھی اِس طرزِ سیاست میں ہر جگہ طاقت کو دخل تھا اور اِس لیے عوام میٹھی نیند سوتے تھے۔ سینٹ لارنس کے کنارہ کنارہ وہ نوآبادیاں تھیں جو ایک وسیع پھاٹک کے مشابہ تھیں جہاں ایک فوج آرام میں تھی اور جو کوچ یا جنگ کے لیے تیار رہتی تھی اور جہاں جنگ یا مہم نہ کہ تجارت اور زراعت زندگی کے خاص مشاغل تھے۔ مالکان آراضی شرفاء تھے اور وہ اکثر سپاہی تھے یا اُن کے بیٹے تھے جو مغرور اور تصنع پسند تھے اور

اور فضول خرچ اور غریب تھے۔ باقی لوگ اُن کی رعایا تھے۔ ہر گلی کے موڑ پر گرجا یا خانقاہ دکھائی دیتی تھی اور شہروں اور دیہات میں پادری سیاہ چغہ پہنے ہوئے نظر آتے تھے۔

انگریزی نوآبادی جسکی پیشانی فکرمند رہتی تھی اور جسکے اعضا محنت سے مضبوط ہو گئے تھے کسی شخص کو اپنا آقا نہیں کہتا تھا لیکن اُس قانون کا جو اُسنے خود بنایا تھا پابند تھا۔ صبر و تحمل اور جفاکشی اُس کا خاص شیوہ تھا اور وہ حقیقی سکون و آرام کی تلاش کرتا تھا اور زندگی کی دلفریبیوں سے متنفر تھا۔ وہ جنگ کا شائق نہیں تھا لیکن اگر لڑائی میں پھنس جاتا تھا تو ضدی اور ناقابل تسخیر بہادری کے ساتھ لڑتا تھا اور اس کے بعد اپنی طاقت کو اپنی زراعت یا تجارت پر صرف کرتا تھا۔ ایسے ہی آدمی کو ایک جمہوری سلطنت کا مغز اور گودا کہا جا سکتا ہے۔

طاقت اور قابلیت کی صفات کے لحاظ سے اپنے رقیب کے مقابلہ میں اہل کناڈا ادنیٰ درجہ کے ثابت ہوئے لیکن اُن تمام اُمور میں جن سے آنکھوں کو ٹھنڈک اور قوت متخیلہ کو راحت پہونچتی ہے وہ اُس سے کسیں برتر اور فائق تھے۔

سمور کی تجارت نے ایک بیچین فرقہ جو جھاڑیوں کو جھاڑتا پھرتا تھا پیدا کر دیا۔ یہ لوگ سفید آدمیوں کی نسبت ہندوستانیوں سے زیادہ مشابہ تھے۔ جن اشخاص نے جنگل کی بہاریں لوٹی تھیں وہ ہمیشہ کے لیے خاموش زندگی بسر کرنے کے ناقابل ہو گئے تھے اور تمام نوآبادی اس مرض میں مبتلا تھی صرف اس وجہ سے اور نیز انگریزوں کی لڑائیوں اور آیراکیوس فرقہ کے حملوں سے ملک کی زراعت فنا ہو گئی تھی اور فیوڈل ٹیکسوں اور حکومت کی بیجا مداخلتوں سے ہر قسم کی صنعت مسدود ہو گئی تھی۔ کناڈا اگرچہ خشک اور کمزور تھا تاہم وہ پادریوں کے جوشوں اور سپاہیوں اور تحقیق کنندگان کے شجاعانہ حملوں اور تبلیغ کے کاموں کو تمام مغربی بیابان میں پھیلا سکا۔ اگرچہ زمین میں اس درخت کی جڑ گہری نہ تھی تاہم نصف امریکہ میں اُسکی شاخیں پھیلی ہوئی تھیں جو ہوا کے صرف ایک جھونکے کو بھی برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

اِس قسم کی باتیں برطانوی نوآبادیوں میں مفقود تھیں۔ اُن میں بہادرانہ چستی موجود تھی لیکن

وہ اسکو فوجی چھاؤنیوں کے قیام اور جنگل کے تبلیغی کاموں میں صرف کرنا نہیں چاہتے تھے۔ جفاکشی اور محنت سے اُن کی آبادی کی تعداد روز افزوں ہوتی گئی۔ اُن کی دولت اور بھی بڑھ گئی اور ہر سال اُن کا مستقبل زیادہ شاندار نظر آنے لگا۔ لیکن اُن کی یہ عظمت جنگ کی بجائے امن و امان کے زمانہ میں حاصل ہوئی۔ لہذا جب ان دونوں قوموں میں جنگ چھڑی تو وہ لازماً دیرپا ثابت ہوئی۔

مارکیٹی، جولیٹ اور لاسیلی

سنہ ۱۶۶۰ء میں نیو فرانس کی نوآبادی اپنی حفاظت آپ کرنے کے قابل بھی نہ رہی۔ فرقہ آیراکیوس اُس کا سخت دشمن تھا لہذا فرانس کی تجارتی کمپنی نے اس نوآبادی کو ۱۴۔ فروری سنہ ۱۶۶۳ء میں شاہِ فرانس کے حوالے کر دیا اور کالبرٹ کے عہد میں جزائر غرب الہند کی نئی کمپنی کو یہ نوآبادی عطا کی گئی۔ سنہ ۱۶۶۵ء میں نیو فرانس کی حفاظت کے لیے شاہی فوج روانہ کی گئی اور ٹریسی کو نائب السلطنت اور کورسیلیز کو گورنر مقرر کیا گیا۔ اگلے چند سال تک نامور ایکولڈ یسلین اور مارکیٹی کو یہ خدمت سپرد کی گئی کہ وہ فرانس کا اقتدار خلیج گرین سے لیکر جھیل سپیریر تک قائم کریں۔ دریائے مسسپی دریافت کرنے کا مقصد خود مارکیٹی نے اپنے آپ ظاہر کیا۔ اجون سنہ ۱۶۷۳ء کو مارکیٹی اپنے ساتھ جولیٹ کو لیکر دریائے وِس کانسن پر پہونچا اور ساٹھ فرسخ کی مسافت کے بعد دریائے مسسپی کے مغربی کنارہ پر اُن کو آدمی نظر آئے۔ اس کے بعد یہ آئی آدوا پہونچے۔ دریائے وباش کو دریافت کیا۔ فرقہ شانیز سے ملے۔ گاؤن مچیگامیا کو دیکھا جہاں ڈی سوٹو کے بعد ابتک کوئی یوروپین نہیں پہونچا تھا۔ فرقہ میاکس اور چیکاساز کے ملک میں بھی گشت لگایا۔ بعد ازاں وہ دریائے ایلینوز میں پہونچے اور ایسا ملک دیکھا جو زرخیزی کے لحاظ سے اپنا نظیر تھا۔ وہاں کے ایک سردار نے ان لوگوں کو چیکاگو کی راہ سے جھیل میچیگن تک پہونچا دیا اور یہ خلیج گرین بے کی حفاظت تمام داخل ہو گئے۔ جولیٹ اس دریافت کا حال ظاہر کرنے کے لیے کیبک واپس چلا گیا لیکن مارکیٹی وہیں رہا۔ دو برس تک اِدھر اُدھر پھرنے کے بعد اُسکو موت کا پیغام پہونچا اور وہ ۱۸ مئی سنہ ۱۶۷۵ء کو اس فانی سے عالم جاودانی کو کوچ کر گیا۔

جولیٹ نے جنوب و مغرب کی طرف نوآبادی کی تجویز اور یورپ اور دریائے مسیسپی کے درمیان تجارت کے قیام پر غور کیا۔ وہ ایک مرتبہ فرانس بھی گیا اور کابرطے کی حکمت عملی کی بنا پر اُس کو بھینسوں کی کھال کی تجارت کا اجارہ حاصل ہو گیا اور یہ کمیشن بھی مل گیا کہ وہ دریائے اعظم (مسیسپی) کی دریافت کو مکمل کرے۔

لاسیلی بھی ۱۶۷۸ء میں قلعۂ فرانٹی نیک پر واپس آیا اور اُسنے نیاگرا کی جھال پر ایک تجارتی دوکان قائم کی۔ لاسیلی جھیل ایری میں بھی اپنا چھوٹا جہاز لیکر پہونچا اور مقام مسکی ناپر ایک دوکان تعمیر کی اور قلعہ میامس بنایا۔ سخت تکالیف برداشت کرنے اور دریائے مسیسپی کی شاخیں دریافت کرنے کے بعد وہ خلیج گرین میں بہزار دقت واپس آیا۔

لاسیلی جو جہازرانوں میں سب سے اعلیٰ تھا جھیل ایری کی دریافت میں مشغول ہو گیا اور اُسنے شاندار ڈیٹرائٹ کے سبزہ زاروں میں نوآبادی کی تجویز سوچی۔ بعدازاں ۶ فروری ۱۶۸۲ء کو لاسیلی اور اُسکے ساتھی دریائے مسیسپی کی راہ سے بحر تک پہونچے اور خلیج میکسیکو کے قریب جو اراضی واقع تھی اُس کا نام وزیانا رکھکر اُسکو فرانس کے لیے خاص کر لیا۔ اس کے بعد وہ کو بیک واپس آیا تاکہ وہ فرانس کے لئے روانہ ہو جائے۔ ۱۶۸۴ء میں لوزیانا کی آبادی کے لیے تیاریاں مکمل ہو گئیں اور جہازوں کا بیڑہ روشل سے ۲۴ جولائی ۱۶۸۴ء کو روانہ ہو گیا۔ چار جہاز دریائے مسیسپی کے لیے خاص کیے گئے جن میں دو سو سپاہی مخصوص سوار ہوئے تاکہ وادی مسیسپی پر قابض ہو جائیں۔ لاسیلی نے ایک مقام پر قلعہ تعمیر کیا اور اُسکا نام سینٹ لوئی رکھا۔ اسکے بعد وہ کناڈا کو روانہ ہو گیا لیکن رستہ ہی میں اُس کے دشمنوں نے اُسکو قتل کر دیا۔ بعدازاں لوزیانا کی آبادی کے لیے فرانسیسیوں نے جان توڑ کوششیں کیں اور اُسکو نہایت مرفہ الحال اور مستحکم بنا دیا۔

باب ہفتم

چارلس دوم کی واپسی کے بعد نوآبادیاں۔

میساچوسیٹ اور چارلس دوم

۲۹ مئی ۱۶۶۰ء کو چارلس دوم انگلستان میں تخت نشیں ہوا اور دو ماہ بعد یہ خبر جہازوں کے

ذریعہ سے میساچوسیٹ میں پہونچی۔ عرصہ تک یہہ نوآبادی بادشاہ کی واپسی پر خیر مقدم کرنے سے محترز رہی لیکن آخرکار اگست ۱۶۶۱ء میں چارلس دوم کا باقاعدہ اعلان تخت نشینی بمقام بوسٹن کیا گیا۔ چونکہ اکثر اشخاص کو جو چارلس اول کے قتل میں شریک سمجھے گئے تھے۔ پھانسی دی گئی تھی۔ اس لیے بہت سے آدمی انگلستان سے فرار ہوکر نوآبادیوں میں چلے آئے اور اس طرح جلاوطنی کی تعداد میں کچھ اضافہ ہوگیا تھا۔ میساچوسیٹ کے کارکنان نارٹن اور برٹیڈ اسٹریٹ ستمبر ۱۶۶۲ء میں انگلستان سے واپس ہوئے اور ایک فرمان شاہی اپنے ہمراہ لائے جس میں بادشاہ نے نوآبادی کی سند کو تسلیم کرلیا تھا اور اُسکے تمام گذشتہ قصوروں کو معاف کردیا تھا لیکن بادشاہ نے یہہ مطالبہ کیا کہ تمام قوانین جو اُسکے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوں منسوخ کیے جائیں حلف وفاداری اُٹھایا جائے جیسا کہ پہلے قاعدہ تھا، عدالتوں کا انتظام اُسکے نام سے کیا جائے، کلیسائے انگلستان کے متقدین کو پوری آزادی دیجائے، وہ قانون منسوخ کیا جائے جس سے اراکین کلیسا کو رائے دینے کا حق نہ تھا یا کسی عہدہ کی تعیین مدت کے خلاف تھا اور اُسکی بجائے جائداد کے لحاظ سے رائے دینے کا حق تسلیم کیا جائے۔ کوئیکرس کے حق میں کوئی رعایت نہیں چاہی گئی تھی بلکہ اُن کے خلاف سخت قانون بنانے کی آزادی دی گئی تھی۔

کنکٹی کٹ اور جزیرہ رہوڈ دونوں سندیں حاصل کرتے ہیں

کنکٹی کٹ اور جزیرۂ رہوڈ جن کو مراعات حاصل کرنے کا خیال تھا میساچوسیٹ کی نسبت چارلس دوم کی حکومت تسلیم کرنے میں زیادہ پیش پیش تھے۔ ڈن تھروپ، کنکٹی کٹ کے گورنر اور کلارک نے منجانب جزیرہ رہوڈ سندیں حاصل کرنے کے لیے چارلس کے اور بادشاہی میں اپنے آپکو پیش کیا وقت بھی مناسب تھا چنانچہ ڈن تھروپ نے ایسی سند جیسی کہ وہ چاہتا تھا حاصل کرلی۔ لیکن کلارک کو سند حاصل کرنے کے لیے زر کثیر صرف کرنا پڑا۔ ان سندوں کی رو سے نوآبادیوں کو اجازت دی گئی تھی کہ وہ نئے بسنے والوں کو داخل کریں، خود اپنا گورنر منتخب کریں۔ مجسٹریٹوں اور نمایندوں کو مقرر کریں اور قانون سازی اور عدالتیں قائم کرنے کا اختیار بھی دیا گیا تھا۔ اپیل کی سماعت کا اختیار بادشاہ کو

مسترد کرنے کا حق بادشاہ کے لیے محفوظ نہ تھا اگر تھا تو صرف اُسی قدر جس قدر کہ میساچوسیٹ ، میری لینڈ اور کیرولینا کی نوآبادیوں کے سندوں میں تھا۔

مورخین متعجب ہیں کہ چارلس دوئم کی سلطنت کے زمانہ میں ایسی سندیں جو جمہوری اصول پر مبنی تھیں کیونکر عطا کی گئیں۔ لیکن جہانتک قانونی نقطۂ نظر سے دیکھا جاتا ہے یہ سندیں اُن اسناد سے جو ابتک امریکہ میں نوآبادی قائم کرنے کے لیے عطا ہوئی تھیں مختلف نہیں تھیں۔ ابتک دراصل یہہ خیال ہی نہ تھا کہ اس قسم کی آزاد حکومتیں آیندہ چلکر مخدوش ہو جائینگی۔ اس کے بیس برس بعد جب پین نے پین سلوانیا کے لیے سند حاصل کی تو درمیانی تجربہ سے متاثر ہو کر اُسکی سند میں ایسے اضافے کیے گئے جس سے دارالسلطنت لندن کی حکمرانی کا تحفظ مقصود تھا۔

اسی دوران میں بوسٹن کی روز افزوں تجارت نے حاسد انگریزی تجار کی توجہ کو اپنی طرف منعطف کر دیا۔ اگرچہ عام طور پر لکڑی کے مکانات تھے اور بازار تنگ و خمیدہ تھے جن میں نہ کوئی صفائی تھی اور نہ یکسانی تھی لیکن یہہ شہر تمام آبادیوں میں سب سے زیادہ بڑا تھا اور دارالتجارت تھا اور اسکی آبادی سات یا آٹھ ہزار کے قریب تھی جن میں بعض سوداگر بڑے مالدار اور من چلے بھی تھے۔ نیو انگلینڈ کے تجارتی جہازات جنوبی نوآبادیوں میں اکثر آتے تھے جن میں یورپ کا مال آتا تھا اور یہاں سے وہ تمباکو، شکر، شراب، اور گرم ملکوں کی دیگر پیداوار لیجاتے تھے جسکو وہ اسپین، اٹلی ہالینڈ میں مع اپنی خاص پیداوار مثلاً مچھلی وغیرہ کے فروخت کرتے تھے اور اس طرح وہ قوانین بحری کی زد سے بچ جاتے تھے اور انگریزی سوداگروں کی تجارت نوآبادی میں جسکے وہ اجارہ دار تھے مخل ہوتے تھے۔ پس پارلیمنٹ نے ۱۶۶۰ء میں ایک نیا قانون نافذ کیا جس سے وہ چنگی جو انگلستان میں مال بھیجنے پر دینی پڑتی اُس مال پر بھی لگا دی گئی جو ایک نوآبادی سے دوسری نوآبادی کو بھیجا جائے۔

اِن چنگیوں کے جمع کرنے کے لیے نوآبادیوں میں چنگیوں کے مکانات تعمیر کیے گئے جو چنگی کے انگریزی کمشنروں کے ماتحت تھے۔ اِس طرح امریکہ میں شاہی چنگی خانے پیدا ہوئے اور پارلیمنٹ کے

حکم سے بادشاہ کے ... نام پر تجارتی ٹیکس قائم کیا گیا۔

شاہِ فلپ کی جنگ

نیو انگلینڈ کے ہندوستانیوں کو عیسائی بنانے کی کوشش کچھ بار آور ضرور ثابت ہوئی لیکن بہت سے لوگ کافر ہی رہے اور عیسائیت کو قبول نہ کیا۔ بینکرافٹ کے اندازہ میں اس وقت پینتالیس یا پچاس ہزار ہندوستانیوں کی آبادی تھی بعض اُن میں سے تعلیم یافتہ بھی تھے چنانچہ ۱۶۶۵ء میں ایک ہندوستانی نے ہارورڈ کالج سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی تھی۔

زائرین باپوں نے میساسواٹ سے ایک عہدنامہ کر لیا تھا جس پر پچاس سال تک عمل درآمد رہا۔ جب وہ طاقتور سردار فوت ہو گیا تو اُسنے اپنے بیٹے سکندر نامی کو اپنا جانشین چھوڑا۔ گورے چمڑے کے لوگوں نے اُسکے ساتھ برابر تاؤ کیا یہانتک کہ وہ انہیں صدمات سے ہلاک ہو گیا۔ اور اُس کے بعد اُسکا بھائی فلپ اُسکی جگہ ہندوستانیوں کا سردار بن گیا۔ اِس سردار نے اور نیز اُن لوگوں نے جو اُسکے اتحادی تھے عیسائیت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اُسکے سینے میں نوآبادوں سے بدلہ لینے کی آگ مشتعل تھی اور اِس کے وجوہ بھی تھے۔ اوّل تو جو ملک اُسکے قبضے میں تھا اُسکے کسی نہ کسی حصّہ پر نوآباد قابض ہوتے جاتے تھے اور اب اُس کے پاس بہت تھوڑا سا حصّہ ملک رہ گیا تھا۔ نوآباد اُسکے اور اُسکے خاندان کے ساتھ گستاخی سے پیش آتے تھے اور اُسکو مجبور کیا گیا تھا کہ وہ اپنے ہتھیار اُن کے حوالے کر دے اور خراج ادا کیا کرے۔ اِن حالات کو دیکھتے ہوئے اُسنے تہیّہ کر لیا کہ جنگ ناگزیر ہے چنانچہ وہ آمادہ پیکار ہو گیا اور نوآبادوں کے ساتھ اُسنے مختلف معرکوں میں داد شجاعت دی۔ رفتہ رفتہ تمام نوآبادی کے ہندوستانی اُس کے شریکِ حال ہو گئے اور جنگ نے بہت طول کھینچا۔ ۱۹۔ دسمبر ۱۶۷۵ء کے معرکہ میں انگریزوں کا نقصان دو سو تیئیس ۲۳۳ آدمیوں کا ہوا اور ہندوستانیوں کے ایک ہزار آدمی ہلاک ہوئے چند اور معرکے بھی پیش آئے لیکن آخرکار فلپ کو خود اُسکے ایک آدمی نے جو انگریزوں سے ملا ہوا تھا مار ڈالا اور اس طرح لڑائی کا خاتمہ ہو گیا۔ ہندوستانیوں کے خلاف یہ جنگ نہایت بے رحمانہ تھی جن لوگوں کی

نسبت یہ شبہہ بھی ہوتا تھا کہ اُنھوں نے کسی انگریز کو مار ڈالا ہوگا اُن کو سزائے موت دی جاتی تھی یا غلام بنایا جاتا تھا اور جن لوگوں کا دامن اس داغ سے پاک ہوتا تھا اُن کو دس سال تک بلا اُجرت کام کرنے کے لیے نوکر رکھ لیا جاتا تھا۔ بہت سے ہندوستانیوں کو بمقام ڈوور عہدنامہ کی غرض سے جمع کیا گیا اور اُن کو دھوکے سے میجر والڈرن نے قیدی بنا لیا۔ ان میں سے تقریباً دو سو آدمیوں کو یسا چوسیٹ کی نوآبادی نے اپنا بتلایا اور یہ لوگ بوسٹن کو براہ تری روانہ کیے گئے۔ وہاں ان میں سے بعضوں کو پھانسی دیدی گئی اور بعضوں کو غلاموں کی طرح فروخت کرنے کے لیے بھیجدیا گیا۔ ماربل ہیڈ کے مچھیروں کو ہندوستانیوں نے قتل کر ڈالا تھا۔ اسپر وہاں کی عورتوں کو اس قدر غصہ آیا کہ جب ہندوستانی قیدی وہاں پہونچے تو ان میں سے دو قیدیوں کو موقع پر ہی قتل کر دیا ایک سال کے عرصہ میں یہ جنگ ختم ہوئی تھی اور دو ہزار سے زائد ہندوستانی یا ہلاک کر دیے گئے تھے یا گرفتار کر لیے گئے تھے۔

جنگ کے اثرات ہندوستانیوں اور نوآبادوں پر

ایک سال کی مختصر جنگ میں ہندوستانیوں کے دو فرقے بالکل نیست و نابود ہو گئے۔ ہندوستانیوں کو عیسائی بنانے کا کام پھر شروع کر دیا گیا اور غلبہ حاصل ہو جانے کی وجہ سے اس کام میں زیادہ کامیابی بھی ہوئی۔ ہندوستانی رعایا کے جرگے جنکے حوصلے پست ہو گئے تھے وحشیانہ آزادی اور اپنے آباؤ اجداد کی صفات کو خیرباد کہنے پر مجبور ہو گئے لیکن اُنھوں نے گورے آدمیوں کی جفاکشی اور اُن کی محنت بھی نہ سیکھی اُن میں اکثر آرکیڈیا اور جزائر غرب الہند کے خلاف جو آئندہ زمانہ میں لڑائیاں ہوئیں ان میں فنا ہو گئے کیونکہ وہ فوج میں بھرتی ہو گئے تھے ہندوستانیوں نے وحشی سیاہ فام لوگوں سے باہمی مناکحت بھی شروع کر دی اور اس طرح اُن کا درجہ پست سے پست تر ہوتا گیا اور رفتہ رفتہ وہ معدوم ہو گئے۔

نوآبادوں کو بھی اس جنگ میں نقصانات عظیم برداشت کرنے پڑے۔ بارہ یا تیرہ

شہر بالکل برباد ہوگئے اور بہت سے شہر جزوًا تباہ ہوئے چھ سو مکانات جلکر خاک سیاہ ہوگئے جو نیو انگلینڈ کے تمام مکانات کا دسواں حصہ تھے۔ بارہ کپتان اور چھ سو سے زائد آدمی عہد شباب میں جنگ کی نذر ہوگئے۔ کوئی ایسا خاندان نہ تھا جسکو اپنے کسی عزیز و اقارب کی موت کا رنج نہ ہوا۔ نقصانات اور جنگی اخراجات کا اندازہ دس لاکھ ڈالر کے قریب تھا۔ میساچوسیٹ پر بھاری قرضہ ہوگیا تھا۔ باہر سے بھی کوئی امداد نہ ملی بجز اس کے کہ آکر لینڈ نے پانسو پونڈ جنگ کے ستم رسیدوں کی اعانت کے لیے روانہ کئے تھے۔ جزیرہ رہوڈ نے بھی میساچوسیٹ کی بدقسمتی میں حصہ کیا۔ مختصر یہ کہ نوآبادیوں کی ترقی دولت و آبادی پورے پچاس سال تک پیچھے ہٹ گئی اور مشرقی ہندوستانی جنکو فرانسیسیوں نے امداد پہونچائی دو سال مزید تک برابر لڑتے رہے اور اپریل ۱۶۷۸ء تک امن و امان قائم نہ ہوا۔

مشرقی نیو جرسی کی ترقی

ابتک اس نوآبادی میں نیو انگلینڈ سے لوگ آآکر آباد ہوتے تھے لیکن کچھ دنوں بعد معلوم ہوا کہ یہہ آبادی اہل اسکاٹ لینڈ کا ملجا و ماوی بن گئی ہے کیونکہ بہت سے لوگ جن کو اسکاٹ لینڈ میں بوجہ مذہبی اختلافات پناہ نہیں ملتی تھی ادھر کو اپنا رُخ کرتے تھے اور یہاں آکر آباد ہوجاتے تھے۔ تجارت نے خوب ترقی کی اور ڈیوک آف یارک کی طمع کے سوا جو بعد ازاں جیمس ثانی کے لقب سے انگلستان کا بادشاہ ہوا اور کوئی مصیبت یہاں نہ تھی کیونکہ وہ ان لوگوں کی تجارت پر روز افزوں ٹیکس لگاتا رہتا تھا ان لوگوں کی کونسل نے ٹیکس لگانے کے طریقہ پر اور اسکی زیادتی پر صدائے احتجاج بلند کی اور آخرکار مالِ تجارت پر چنگی ادا کرنا بند کردیا اور کچھ دنوں تک آزاد تجارت کا لطف اٹھایا۔

پانچ قوموں سے صلح

نیویارک کے قرب و جوار میں چند ہندوستانی آبادیاں تھیں جو عرصۂ دراز سے چلی آتی تھیں۔ یہہ لوگ اپنی نسل کو نہایت قدیم اور اپنے آپ کو بقیہ انسانوں سے

برزاور مافوق سمجھتے تھے۔ باہم متحد تھے اور اِسی وجہ سے وہ طاقتور بھی تھے۔ علاوہ ازیں اُن کا طریقہ بھی رومیوں کی مانند تھا یعنی جس قوم کو یہہ فتح کرتے تھے اُس سے ایسے مِل جُل جاتے تھے کہ اُسکو اپنا جزو بنا لیتے تھے اور اکثر اُن کے بہادر اور جانباز اشخاص مفتوح دشمنوں میں سے ہوتے تھے۔ یہہ پانچ قومیں تھیں اور ہر قوم اپنا طرز حکومت جمہوری رکھتی تھی ہر شخص بلحاظ سِن لیاقت عہدہ حاصل کر سکتا تھا۔ اور جب تک پبلک اُس سے خوش رہتی تھی وہ اُسپر فائز رہتا تھا۔ اُن میں استقلال اور تکلیف کو برداشت کرنے کی خوبی موجود تھی اور یہہ صفات عام طور پر ہندوستانیوں میں پائی جاتی ہیں۔ وہ آزادی کے شیدا تھے۔ قرب وجوار کے تمام فرقے اُن کو خراج دیتے تھے۔ اور اُن کی مرضی کے بغیر نہ کوئی جنگ کر سکتا تھا اور نہ صلح کر سکتا تھا۔ ۱۶۷۷ء میں اِن آبادیوں میں دو ہزار ایکسو پچاس جنگجو اشخاص موجود تھے۔ ظاہر ہے کہ اتنی طاقت ہوتے ہوئے یہ سفید نوآبادوں کے لئے بھی خطرناک ثابت ہو سکتے تھے۔ یہہ پانچ قومیں طاقتور فرقہ ایڈی رُان ڈک سے برسرپیکار رہتیں اور اُس کو انہوں نے شکست دیکر بھگا دیا تھا جبکہ چیمپ لین نے اُس فرقہ کو امداد دیکر ان پانچ قوموں پر فتح حاصل کی اور ان کی تعداد کو گھٹا دیا چنانچہ اُس وقت سے ان پانچ قوموں کو فرانسیسیوں سے نفرت اور عداوت ہوگئی۔ کرنل ڈانگن نے نیویارک اور دیگر نوآبادیوں کی جانب سے ان پانچ قوموں کے ساتھ صلح دآشتی چاہی اور جولائی ۱۶۸۴ء میں اُن سے ایک باقاعدہ عہدنامہ کر لیا جو عرصہ دراز تک قائم رہا۔

شمالی نوآبادیاں اینڈروس کے ماتحت کر دی گئیں

اپنے تمام نقائص کے باوجود جیمس ثانی انگریزی قومیت کا شیدا تھا چنانچہ تمام نوآبادیوں کو ایک گورنر کے ماتحت کرنے سے اُس کا مقصد اُن کو متحد اور متفق کرنا تھا۔ گورنر اینڈروس کو اختیار دیا گیا تھا کہ وہ اپنی کونسل کے ممبران کو مقرر اور برخاست

کرسکتا ہے اور اپنی کونسل کے ذریعہ سے اُس کو قوانین بنانے، ٹیکس لگانے اور قومی افواج پر قابو رکھنے کا اختیار حاصل تھا۔ چھاپہ خانہ کے قیام کی ممانعت کردی گئی تھی اور اُس سے کہدیا گیا تھا کہ ڈنڈے کے زور سے حکومت کرو۔ اینڈروس نے سخت سے سخت قوانین بنائے اور بھاری سے بھاری ٹیکس لگائے۔ لوگوں نے بہت واویلا مچائی مگر کون سُنتا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شہروں نے اپنے ٹیکس ادا کرنے سے انکار کردیا جس پر اُن کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا گیا۔ ہر طرف بدامنی اور تباہی کے آثار ہویدا ہوگئے اور لوگوں کا خیال ہوگیا کہ ہم بالکل غلام بنادیے گئے۔ جزیرہ رہوڈ اور کنکٹی کٹ بھی اپنی آزادی سے ۱۶۸۷ء میں ہاتھ دھو بیٹھے۔ آخرکار ۱۶۸۸ء کے انقلاب نے نیو انگلینڈ میں امن وامان کی صورت پیدا کی اور اینڈروس کو قید کرلیا گیا۔ اور جو طرزِ حکومت پہلے سے قائم تھا اس کو از سرِ نو رواج دیا گیا جب ولیم اور میری تاجدارانِ انگلستان ہوگئے اُس وقت اینڈروس کو رہا کردیا گیا اور ۱۶۹۲ء میں اُنھوں نے میساچوسیٹ کو صوبہ کی سند بھی عطا کردی۔

باب ہشتم

فرانسیسی اور ہندوستانی لڑائیاں

فرانسس پارک مین کہتا ہے کہ کناڈا کی فتح تاریخ امریکہ کا نہایت اہم واقعہ ہے اس سے براعظم کی سیاسی حالت بدل گئی، برطانوی نوآبادیوں کی آزادی کے لئے رستہ تیار ہوگیا، اندرونی وسیع قطعات فوجی استبدادی حکومت سے نجات پاگئے اور آخرکار وہ ایک باضابطہ جمہوری حکومت کے ماتحت ہوگئے۔ لیکن سُرخ دیسیوں کے لیے اسکے نتائج بالکلیہ تباہ کن تھے۔ اگر فرانسیسی اپنی جگہ پر قائم رہتے تو ہندوستانی فرقوں کی تباہی

عرصہ تک ملتوی رہتی لیکن کوئبیک کی فتح اُن کی جلد تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوئی اسکے بعد انگریزی امریکی طاقت کی بڑھتی ہوئی موجوں کے سامنے وہ غرق اور فنا ہوتے گئے جواب جانب غرب کسی مقابلے کے بغیر بڑھتی چلی جارہی تھیں۔ انھوں نے خطرہ کو سمجھ لیا تھا اور ایک بڑے اور بیخوف سردار کی ماتحتی میں اُس سے بچنے کی جان توڑ کر کوشش بھی کی۔ اُس زمانہ کی تاریخ میں ایسے دردناک منظر پائے جاتے ہیں جن میں صبر و استقلال، شجاعت اور برداشت کی دلفریب تصویریں نظر آتی ہیں۔

امریکہ کے سمندروں میں فرانس اور انگلستان کی باہمی رقابت ابتداہی سے تھی اُن کی نفرت جو صدیوں سے متوارث چلی آتی تھی متواتر تصادم سے اور بھی گہری ہوگئی تھی۔ مذہب کے اختلاف نے اُن کی دشمنی کو اور بھی زیادہ کردیا تھا۔ وہ دُنیائے قدیم میں رقیب تھے اور دُنیائے جدید میں بھی، جزائر شرق الہند میں بھی اور جزائر غرب الہند میں بھی، افریقہ میں بھی اور یورپ میں بھی، سیاست، تجارت اور فنون میں بھی، تسخیر اور برتری میں بھی الغرض ہر ایک نے دوسرے کے صرفہ پر ملک گیری کی تلاش کی اور قومی شان و عظمت اور قومی طاقت میں ہر ایک اپنے آپ کو دوسرے سے برتر سمجھتا تھا۔

بلاشبہہ دریافت کے لحاظ سے انگلستان کو فرانس پر تفوق حاصل تھا۔ دونوں کیبٹوں کے بحری سفر سے آخرالذکر کے دعاوی اُن ممالک کے لیئے جہاں جہاں اُن کے جہازات گئے تھے قائم ہوگئے تھے۔ لیکن کیبٹون کے سفر ۱۴۹۷ء اور سب سے پہلے فرانسیسی مستند سفر ۱۵۰۴ء کے درمیان بہت کم عرصہ گزرا تھا اور دونوں قومیں اگر بیک وقت نہیں تو ساتھ ساتھ اس دوڑ میں ضرور شامل تھیں۔ فرانس کو انگلستان سے بھی پہلے شمال میں ایک نوآبادی قائم کرنے میں کامیابی ہوئی اور کوئبیک کی بنیاد یں زائرین کے اُترنے اور بوسٹن کو آباد کرنے سے پہلے پڑگئی تھیں۔ اگر نیو انگلینڈ کلید امریکہ تھا تو نیو فرانس قفل امریکہ تھا۔

کیونکہ کناڈا مع اپنی تازہ پانی کی جھیلوں کے دور دراز مغرب سے ملا ہوا تھا اور جیسوایٹ پادریوں مارکیٹی جولیٹ سلی اور ہینی پن نے اپنی تحقیقاتوں سے جو دریائے مسسپی پر کین اُس وسیع ملک کو فرانسیسیوں کے قبضۂ واقتدار میں دیدیا تھا اور تمام برطانوی امریکہ کے عقب میں فوجی چھاؤنیوں کا ایک جال پھیلا دیا تھا جس سے انگریزی نوآبادنہایت خوفزدہ اور پریشان تھے کیونکہ اُن کے حملوں سے وہ بہت صرفہ اور کثیر جماعت ہی کے ذریعہ سے نجات پا سکتے تھے۔

اب اِن دونوں قوموں نے جو عرصۂ دراز سے ایک دوسرے کی جانی دشمن تھیں اس نئے میدان میں بھی لڑنے کی تیاریاں کیں۔ بوسٹن کی آبادی سے قبل ۱۶۲۹ء میں اکیڈیا اور کناڈا فرانسیسیوں سے چھین لیے گئے تھے لیکن سینٹ جرمین کی صلح سے ۲۹۔ مارچ ۱۶۳۲ء میں واپس کردیے گئے۔

۱۶۳۲ء میں اکیڈیا پھر فتح کرلی گئی لیکن برمڈا کی صلح کے مطابق ۱۶۶۷ء میں بعد ازاں واپس کردی گئی۔ چارلس دویم کے زمانہ میں کناڈا کو فتح کرنے کی دوبارہ کوشش کی گئی لیکن ناکامی ہوئی۔ پھر جیمس ثانی کے عہد میں یعنی ۱۶۸۶ء میں تیسری کوشش اُسکے فتح کرنیکے لیئے کی گئی لیکن پھر بھی ناکامی ہوئی ۷۔ مئی ۱۶۸۹ء کو جب ولیم آف اورینج انگریزی تخت پر متمکن ہوا تو فرانس سے پھر لڑائی چھڑ گئی اور چوتھی مرتبہ کناڈا پر حملہ کیا گیا جس سے نہایت اہم نتائج برآمد ہوئے۔

یورپ کی لڑائیوں کا میدان کارزار نئی دنیا میں

(۱۶۸۸ء سے ۱۷۶۳ء تک)

پیلاٹی نیٹ جنگ، وراثتِ اسپین کی جنگ، وراثتِ آسٹریا کی جنگ اور ہفت سالہ جنگ یہہ ایسے نام ہیں جو کسی طرح امریکہ کی تاریخ سے بظاہر کوئی تعلق نہیں رکھتے لیکن درحقیقت یہہ وہ لڑائیاں ہیں جن سے نئی دنیا کو بہت زیادہ تعلق رہا ہے اگرچہ وہاں کے لوگ

اِن کو مختلف ناموں سے تعبیر کرتے ہیں۔ تاریخ یورپ کے مورّخ کو جنگ کی نوآبادیوں کی شاخیں دور سے محض روشنی کا عکس معلوم ہوتی ہیں اور بہت کم اہمیت رکھتی ہیں۔ وہ ان کا حال چند سطروں میں ختم کر دیتا ہے اور تاریخ امریکہ کا مورّخ اسکے جواب میں نوآبادیوں کی سرحدی لڑائیوں کا حال خوب لکھتا ہے اور براعظم یورپ کی جنگوں کا ذکر نہایت مختصر طریقہ پر کرتا ہے، باوجود اس امر کے کہ ہمیشہ یورپ کے دارالسلطنتوں میں صلح ہوتی تھی اور پیمان شکنی بھی وہیں ہوتی تھی اور مال غنیمت کی تقسیم میں بھی نوآبادیوں کی کوئی بات نہیں پوچھتا تھا۔ بعض موقع پر جیسا کہ آنوبرگ کے معاملہ میں، انگریزی حکومت نوآبادیوں کی واقعی فتوحات کو نظرانداز کر دیتی تھی اور دشمنوں کو مفتوحہ مقامات واپس کر دیتی تھی۔

۱۶۸۸ء میں فرانس دنیا کی خاص طاقتوں میں سے تھا۔ لوئی چہاردہم نے تمام حکومت اپنے قبضہ میں کر رکھی تھی اور بعدازاں سوائے نپولین کے اور کوئی شخص اپنی سلطنت پر اسقدر تسلط یافتہ بھی نہیں ہوا۔ لوئی چہاردہم بادشاہوں کے اس نظریہ کا کہ وہ ظل اللہ ہیں قائل تھا۔ لوئی رفتہ رفتہ فرانس کو دنیا کی بڑی بحری طاقت بنانے میں کامیاب ہوا اور ڈوکینی نے اسپین اور ہالینڈ کے متفقہ بیڑے کو شکست فاش دی۔

اب لوئی نے دیکھا کہ انگلستان کی پارلیمنٹ نے ولیم آف اورنج کو جو اُس کا قدیم حریف اور پروٹسٹنٹ ہونے کی وجہ سے اُس کا شدید دشمن تھا طلب کیا ہے تاکہ شاہ جیمس ثانی کی جگہ جو کیتھولک تھا تخت نشین ہو۔ ۱۶۸۶ء سے تین سال قبل ولیم نے آگسبرگ لیگ، لوئی کے خلاف قائم کی تھی اور اب اُس سے پوپ اور اسپین بھی جو اگرچہ مذہب کیتھولک کے پابند تھے پروٹسٹنٹ اصحاب سے زیادہ خائف تھے۔ لوئی نے اُن دشمنوں سے محصور ہو کر جن کو اُسنے خود پیدا کر لیا تھا ایک پیش آنے والی جنگ کی ابتدا کرنے میں فائدہ دیکھا۔ اُسنے اپنے حملہ کے لیے ہالینڈ کی بجائے جرمنی کے اُس حصہ کو جسکو پیلاٹی نیٹ کہتے ہیں مناسب مقام

خیال کیا۔ چنانچہ اُس حصہ ملک نے بہت کم مقابلہ کیا اور وہ سخت تباہی و بربادی کی آماجگاہ بنگیا۔ لیکن اس لڑائی نے ولیم آف آرینج کو انگلستان میں داخل ہونے کا موقع دیدیا اور وہ وہاں تخت نشیں ہوگیا۔ جس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ انگلستان میں بھی آگسبرگ لیگ کا رکن بن گیا۔

اگرچہ فرانس زمانۂ انقلاب اور عہد نپولین میں بھی بعد ازاں دشمنوں سے محصور رہا لیکن وہ ہمیشہ شان و وقار کے ساتھ لڑا اور اب بھی اُس نے اپنی آن کو جانے نہیں دیا۔ البتہ اس کا جو لازمی نتیجہ ہونا تھا وہ ہوا یعنی آبادی کی تعداد گھٹ گئی، دولت کم ہوگئی اور جوش جاتا رہا۔ فرانس کو چار سے لیکر چھہ بڑی فوجیں میدانِ کارزار میں رکھنی پڑیں اور جہازوں کا ایک بڑا بیڑہ بھی تیار کیا جس نے ٹارول کی ماتحتی میں بیچی ہیڈ کے قریب انگریزی اور ڈچ بیڑے کو شکست دی اور جین بارٹ نے انگریزی تجارت کو فنا کردیا۔ لوئی نے شاہ جیمس ثانی کو آئرلینڈ میں اُتار دیا لیکن بمقام بون اُس کو ولیم نے شکست دے کر ملک سے باہر کردیا۔ لوئی کے جنرل لکسیم برگ نے نیدرلینڈس میں بمقام فلورس فتح حاصل کی اور دوسرے جنرل کیٹی نیٹ نے لیگ کو اٹلی میں بمقام اسٹفارڈا شکست دی۔ خود لوئی نے مانس اور نیمور کو محاصرہ کرکے فتح کرلیا۔ لیکن ۱۶۹۲ء میں یہہ خیال کرکے کہ نصف انگریزی بیڑہ شاہ جیمس ثانی کا ساتھ دے گا اور اُس سے آملیگا، لوئی نے امیرالبحر ٹارول کو راس لاہوگ پر سخت شکست دلوائی جس سے انگلستان کی گم شدہ بحری طاقت پھر عود کر آئی۔ اس کے بعد فرانس کو نقصانات ہونے شروع ہوئے۔ کبھی کبھی مقامی فتوحات بھی ہوئیں لیکن اُسکی وہ شان و عظمت پھر واپس نہ آئی۔ آخر کار لوئی نے ایک پوشیدہ اور اپنے مفید مطلب اتحاد کے بعد اپنے آپ کو دو صلحنامۂ ورریک جو ۱۶۹۷ء میں ہوئے قبول کرنے کے لیے آمادہ پایا جن سے اگرچہ اُس کو اپنی کوششیں رائیگاں ہونے کے سوا کوئی نقصان نہ پہونچا لیکن اُسے اپنی جملہ فتوحات واپس کرنی پڑیں۔

جب یہ عظیم واقعات یورپ کی سرزمین پر نمودار ہو رہے تھے، امریکہ بھی جنگِ شاہ ولیم میں (۱۶۸۹ء سے ۱۶۹۷ء) جیسا کہ اُسکو مقامی طور پر کہا جاتا ہے مبتلا تھا۔ انگریزی اور فرانسیسی نوآبادیوں میں مذاہبی مناقشات ہمیشہ سے تلخ چلے آتے تھے یہانتک کہ ۱۶۷۶ء میں بھی بہت سے ایسے امریکیوں کے ساتھ بُرا برتاؤ کیا گیا جو فرانسیسیوں کو اپنا اتحادی تصور کرتے تھے۔ لوگ آزادی سے بھی ہاتھ دھونے کے لیے تیار تھے لیکن فرانسیسیوں کے ساتھ مِل جُل کر رہنا پسند نہیں کرتے تھے۔ پس جنگِ شاہ ولیم میں سب سے زیادہ تلخ جوش یہی کارفرما رہا کہ مذہبی فرقہ بندی قائم کی جائے۔ ہندوستانیوں نے فرانسیسیوں کا ساتھ دیا جو اُن کے زیادہ دوست تھے اور اس طرح جس شے کو "مہذب جنگ" کہا جاتا ہے اُس میں وحشیانہ پن کے مظالم بھی شامل ہو گئے۔ یہ معرکہ آرائیاں بھی صلحنامۂ رزوک سے سے یورپی جنگ کے ساتھ ساتھ ختم ہوئیں۔

اِس صلح سے لوئی نے ولیم آف آرنج کو انگلستان کا جائز بادشاہ تسلیم کر لیا۔ پانچ سال بعد ولیم ۸۔ مارچ ۱۷۰۲ء کو فوت ہو گیا۔ معزول شاہ جیمس ثانی سات ماہ پیشتر مر چکا تھا۔ اب تخت نشینی کا سوال پیدا ہوا۔ انگریزوں نے تخت پر پروٹسٹنٹ حکمراں قائم رکھنے کیلئے جیمس ثانی کی دوسری دختر این کو ملکہ بنا دیا لیکن لوئی نے شہزادہ جیمس کو جو سب سے بڑا بیٹا تھا اور جس کو انگریز "مصنوعی مدعی تخت" کہتے تھے تخت انگلستان پر بٹھانا چاہا۔ اسی دوران میں ایک اور بات یہ ہوئی کہ لوئی نے اپنے پوتے فلپ کو تخت اسپین پر بٹھا دیا۔ حالانکہ اُسنے اپنے تمام حقوق سے جو تاج اسپین کے متعلق تھے دست برداری دیدی تھی۔ لہذا یہ خیال کیا گیا کہ لوئی کی وفات پر اسپین اور فرانس ایک حکومت کے ماتحت ہو جائیں گے۔ ۱۷۰۱ء میں لوئی نے صلحنامہ رزوک کو منسوخ کر دیا۔ چونکہ جرمن اور ڈچ بھی انگلستان کے رفقاء میں سے تھے فوراً جنگ چھڑ گئی اور دوران جنگ میں ولیم کی موت نے باہمی مخالفت کو اور بھڑکا دیا۔

یہہ یازدہ سالہ جنگ (۱۷۰۲ء۔۱۷۱۳ء) جنگِ وراثتِ اسپین کے نام سے موسوم ہے۔ ہوجی نائس نے لوئی کو گھر پر دق کیا اور ڈیوک آف مارلبرو نے پرشور لڑائیاں سے غیر فانی شہرت حاصل کی۔ اسکی جنگ بلینہم ۱۷۰۴ء آجتک مشہور ہے جس نے فرانسیسی بویریا سے خارج کردئے گئے۔ رمیلیز کے مقام پر ۱۷۰۶ء میں مارلبرو کی کامیابی نے نیدرلینڈس میں فرانسیسیوں کی باقی ماندہ حکومت کو مٹادیا۔ ۱۷۰۴ء میں انگریزی جہازوں کے بیڑہ جبرالٹر پر اور ۱۷۰۶ء میں اتحادیوں کی افواج نے اٹلی پر قبضہ کرلیا۔ ۱۷۰۸ء میں اوڈی نارڈی کی فتح اور للی کی گرفتاری نے قحط کے ساتھ مل کر فرانسیسیوں کے غرور کو شکست کردیا۔ لوئی نے صلح کا دروازہ کھٹکھٹایا لیکن اتحادیوں نے ایسی سخت شرائط پیش کیں کہ فرانسیسی از سرِ نو لڑنے پر آمادہ ہوگئے اور اگرچہ ابتک اتحادیوں کی فتح ہورہی تھی لیکن انگریزی سیاست اور کمزوری نے اُن کو ضعیف بنادیا۔ مارلبرو دربارِ شاہی میں مردود ہوگیا اور اُسکو سرداری افواج سے ہٹاکر واپس بُلالیا گیا۔ شرائطِ صلح نے طول کھینچا اور انگلستان کی امداد کے بغیر اتحادیوں کے قبضہ سے ۱۷۱۲ء میں یکے بعد دیگرے مقامات نکلنے شروع ہوگئے۔ ۱۷۱۳ء میں تمام اتحادیوں نے شہنشاہ آسٹریا کے سوا صلحنامۂ اُٹریکٹ پر دستخط کردئے اور ایک سال بعد فرانسیسیوں کے حملوں نے شہنشاہ کو بھی دستخط کرنے پر مجبور کیا۔ اِس صلح سے انگلستان کا اصول تخت نشینی تسلیم کرلیا گیا اور اُسکو نیوفاؤنڈلینڈ، اکیڈیا اور خلیج ہڈسن کے معوضات دیدیئے گئے۔ فرانس کی حالت جنگ کے بعد بھی وہی تھی جو اُس سے پیشتر تھی البتہ اُسنے ۱۷۰۶ء کے شرائط سے بہت بہتر شرائط حاصل کرلیے۔ ۱۷۱۵ء میں عظیم الشان (لوئی) فوت ہوگیا اور اپنے پرپوتے کو اپنا جانشین چھوڑ گیا۔

اِس تمام پریشان کُن عرصہ میں امریکہ کی نوآبادیاں بھی اس لڑائی میں مبتلا رہیں جسکو جنگ وراثت اسپین کی بجائے وہ جنگِ ملکہ این کہتے تھے کیونکہ اِس نام سے اُن کو کوئی دلچسپی نہ تھی اور اُن کے نزدیک یہہ مسئلہ کہ تاجِ انگلستان کسی پروٹیسٹنٹ کے

میں رہے یا کسی کیتھولک کے قبضہ میں نہایت اہم تھا۔ وہ اس لڑائی کو گورنر ڈیڈے کی جنگ بھی کہتے تھے کیونکہ اس شخص نے لڑائی میں نہایت ممتاز اور نمایاں حصّہ لیا تھا۔

لوئی چہاردہم کے بعد آرام طلب لوئی پانزدہم تخت نشین ہوا جسنے سلطنت کا کاروبار اپنے وزرا کو تفویض کر دیا۔ ۱۷۴۰ء میں شہنشاہ آسٹریا چارلس ششم کسی اولاد ذکور کے بغیر مرگیا اُس کی دختر میریا ٹیری سا کو ایک عظیم الشان سلطنت ورثہ میں ملی اور حریص قوموں نے اُس کے ملک پر دندان آز تیز کرنے شروع کر دیئے۔ انگلستان میریا ٹیری سا کی وراثت کو بدستور قائم رکھنے کا آرزومند تھا اور فرانسیسی اُسکے حصّے بخرے کرنا چاہتے تھے۔ پروشیا کا فریڈرک اعظم اس بات پر راضی ہوگیا لیکن اُسنے مال غنیمت میں اپنا حصہ بھی چاہا۔ اُسنے سائی لیشیا کا صوبہ ہڑپ کر لیا اور پھر میریا ٹیری سا سے صلح کر لی اور نہ صرف یہ بلکہ انگریزوں کا ہم خیال بنگیا اور کہا کہ بہت کافی تقسیم ہو چکی ہے۔ فرانسیسی مارشل سیکسی کی ماتحتی میں انگلستان اور جرمنی کے خلاف تنہا لڑتے رہے۔ ۱۷۴۴ء میں جنگ کے شعلے بہت تیز بھڑک اُٹھے۔ فرانس نے نوجوان مصنوعی مدعی تخت "یعنی چارلس ایڈورڈ کو اسکاٹ لینڈ میں اُتار دیا اور اُسے مقام کلوڈن پر شکست فاش ہوئی۔ لیکن مارشل سیکسی نے نیڈرلینڈس میں کامیابی حاصل کی اور انگریزوں، جرمنوں اور ڈچ لوگوں کو فانٹی نوئے پر شکست دی۔ فرانس کو اٹلی میں بھی کامیابی ہو جاتی لیکن انگلستان نے جزائر شرق الہند میں اپنے مفروضات کا خاتمہ کر دیا اور آخر کار فریقین ۱۷۴۸ء میں ایکسلا شیپیل کی صلح کے لیے تیار ہو گئے۔ فرانس اور انگلستان نے جو کچھ ایک دوسرے سے چھین لیا تھا واپس کر دیا اور میریا ٹیری سا مضبوطی کے ساتھ تخت پر متمکن کر دی گئی۔

یہ چہار سالہ جنگ جس کا نام یورپ میں جنگِ وراثتِ آسٹریا یا اول دوم جنگ سائی لیشیا (۱۷۴۰ء سے ۱۷۴۲ء و ۱۷۴۴ء سے ۱۷۴۸ء) ہے امریکہ میں بعض اوقات جنگِ شاہ جارج

کہی جاتی ہے جسکی کوئی خاص وجہ معلوم نہیں ہوتی بجز اس کے کہ جارج ثانی اُس وقت تخت انگلستان پر جلوہ گر تھا۔ اِس جنگ میں نوآبادوں نے کم و بیش خود مختاری سے کام لیا۔ نوآبادیوں نے ایک بڑی فوج تیار کی اور نوربرگ کے بڑے بندرگاہ کا محاصرہ کر لیا اور انگریزی فوجیں اور جہازات بعد میں شریک ہوئے اور سنہ ۱۷۴۵ء میں یہ قلعہ حملہ آوروں کے حوالے کر دیا گیا نیو انگلستان کی فوجیں قلعہ پر سنہ ۱۷۴۸ء کے صلحنامہ تک قابض رہیں جسکی حوالگی افواج کے خلاف مزاج فرانس کو کر دی گئی۔ نوآبادوں کو چھ لاکھ پونڈ مالِ غنیمت میں سے کوئی حصہ نہیں دیا گیا تھا جو مالِ تجارت اور بندرگاہ قبضے سے حاصل ہوا تھا اور فوج کے اخراجات بھی سنہ ۱۷۴۹ء میں بھرا کیے گئے تھے لیکن ان نوآبادوں کو دو بڑے تجربے ہو گئے تھے۔ اوّل یہ کہ انگلستان درحقیقت اُن کے احساسات کی پروا نہیں کرتا دوم یہ کہ وہ یورپ کی باقاعدہ افواج اور نیز ہندوستانیوں سے لڑ سکتے ہیں۔

اہل امریکہ جس لڑائی کو "فرانسیسی اور ہندوستانی لڑائی" (سنہ ۱۷۵۴ سنہ ۱۷۶۳ء) کہتے ہیں درحقیقت ایک نوآبادیوں کی لڑائی تھی جس میں کبھی اہل کیتھولک کو اور کبھی اہل پروٹسٹنٹ کو غلبہ حاصل ہو جاتا تھا اِس لڑائی کے نتائج امریکہ کی تاریخ کے لحاظ سے نہایت اہم تھے اس سے وہ فوجی تربیت شروع ہو گئی تھی جس سے نوآبادیوں نے بہت جلد آزادی حاصل کرنے کا کام لیا یورپ میں سنہ ۱۷۵۶ء تک لڑائی نہیں چھڑی۔ رشلیو کا زمانہ تھا اور یہ سلطنتوں کا اتحاد تھا جسکو فرانسیسی "تین انگیوں کا اتحاد" کہتے تھے کیونکہ آسٹریا میں ملکہ میریا تیری ساتھی اور روس میں ملکہ ایلزبتہ حکمران تھی اور فرانس میں بادشاہ کی میڈم ڈی پامپٹے ڈور تھی رشلیو نے ایک فرانسیسی بحری فوج تیار کی اور اُسنے انگریزی بحری طاقت کو شکست فاش دی جسکے ناقابل برداشت غرور نے فرانس کو جنگ کے لیے آمادہ کیا تھا جیسا کہ بعد ازاں سنہ ۱۸۱۲ء میں اِس نے ریاست ہائے متحدہ کو آمادۂ جنگ بنا دیا تھا۔ یہ وہ وقت تھا جبکہ پروشیا کے فریڈرک اعظم کی عزت و آبرو معرضِ خطر میں تھی یہانتک کہ روسبیک کے مقام پر

سنہ ۱۷۵۷ء میں اُسکی نمایاں فتح نے انگریزی امداد حاصل کی اور اُسکو صرف آسٹریا سے لڑنے کے لیئے چھوڑ دیا گیا۔ انگلستان، ہنیوور اور پرنزوک نے فرانس پر حملہ کیا۔ اب فرانس کو ہر سمت سے شکست ہونی شروع ہوئی بلکہ تینوں اتحادی سلطنتیں مصیبتوں میں گھر گئیں سنہ ۱۷۶۳ء میں صلحنامۂ پیرس سے جنگ کا خاتمہ ہوا اور فرانس انگریزی طمع و آز کے رحم پر چھوڑ دیا گیا۔ فرانس کی مصیبتیں صرف بادشاہ اور ناقابل امرا کی مصیبتیں تھیں عوام الناس کو نہ اُن کی فتوحات سے دلچسپی تھی اور نہ اُن کی مصیبتوں سے ہمدردی تھی۔ جب فرانس میں سخت تباہیوں کا اعلان کیا گیا تو ملک کے اس حصّہ سے دوسرے حصّہ تک قہقہوں کی آوازیں سُنائی دیں۔ دراصل اسی مسخرہ پن میں اُس سخت نفرت کا اظہار نہاں تھا جس کے شعلے انقلاب فرانس میں بھڑک اُٹھے جبکہ سیکڑوں امرا کو پھانسیوں پر لٹکا دیا گیا جو اُن لاکھوں فرانسیسیوں کے خون کا کفّارہ تھے جو شاہی غرور اور اور خاندانی نزاع کے لیے دنیا اور یورپ کی خاک پر ہر جگہ بیدریغ بہایا گیا تھا۔ انگلستان نے اپنا حصّہ فرانس سے سنہ ۱۷۶۳ء میں نواکوشیا، کناڈا، کیمپ برٹن، خطہ جاتِ سسپی اور بہت سے جزائر کو لیکر پورا کیا۔ اب انگلستان کی شان و عظمت کا آفتاب نصف النہار پر تھا لہذا کیا تعجب ہے اگر اس مال غنیمت سے اُس کا دماغ چکرا گیا۔ انگریزوں نے اپنی کامیابی سے سرمست ہو کر نوآبادوں کا مُنہ چڑانا شروع کیا اور اُن کے دعاوی کا مضحکہ اڑایا جسکے نتائج تباہ کن برآمد ہوئے۔

باب نہم

نوآبادیوں میں انقلاب

میلن جیمبرلین کا قول ہے کہ انقلاب امریکہ کوئی غیر متعلق واقعہ نہ تھا بلکہ دونوں

براعظموں پر اہل برطانیہ کی تاریخ کا ایک جزو تھا اور نوع انسان کی تاریخ پر اسنا اثر ڈالے ہوئے بغیر نہ رہا تاریخ برطانیہ کا ایک واقعہ ہوتے ہوئے اسنے دوسری باتوں کے ساتھ مل کر برطانیہ کی آئینی حکومت میں وہ تبدیلی پیدا کردی جس سے تاج برطانیہ کے اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل ہوگئے یہہ دو قوموں کی لڑائی نہ تھی بلکہ اُن تمام واقعات کی طرح جن سے قوم برطانیہ کی ترقی کا نشان ملتا ہے یہہ بھی دو فریقوں یعنی دونوں ممالک میں قدامت پرست طبقے اور آزاد خیال طبقے کا جھگڑا تھا اور اس کی نہایت خونخوار لڑائیوں میں سے بعض لڑائیاں برطانیہ کی پارلیمنٹ میں لڑی گئیں اسکے ساتھ ساتھ ہی برطانیہ میں انقلاب واقع ہوا لیکن انقلاب برطانیہ آزادی کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیئے عمل میں آیا اور انقلاب امریکہ کا مقصد آزادی کو برقرار رکھنا تھا۔

جو لڑائی فرانسیسیوں سے ہوئی اور جس کی وجہہ سے شمالی امریکہ تاج انگلستان کے قبضہ میں آگیا تو آبادوں کی جاں نثاری اور کوشش کے بغیر کامیابی کے ساتھ نہیں لڑی جاسکتی تھی۔ اس لڑائی میں نوآبادیوں کے تین ہزار سپاہی بیماری یا تلوار کی نذر ہوئے ایک کروڑ ساٹھ لاکھ ڈالر صرف ہوئے جن میں سے صرف پچاس لاکھ ڈالر پارلیمنٹ نے مجرا دیئے زر کثیر کا صرفہ جس کو قومی مجالس نے منظور کیا تھا زیادہ تر خود اُن ہی کے ہاتوں میں رہا یا اُن لوگوں کے انتظام سے ہوا جن کو اُنھوں نے اپنا نائب مقرر کیا۔ منتظمین مملکت کا اثر جنگ کی وجہہ سے زیادہ ہونے کی بجائے اور کم ہوگیا یا یوں کہیئے کہ گورنروں سے منتقل ہوکر نوآبادیوں کی قومی مجالس کے اختیارات وسیع تر ہوگئے۔ مخاصمتوں کے زمانہ میں سخت سے سخت اور نہایت خطرناک خدمتیں نوآبادیوں کے اُن سپاہیوں کو کرنی پڑیں جن کو خاص طور پر جاسوسی اور سفرینا کا کام دیا گیا تھا۔

نوآبادیان جن کو اپنی طاقت اور اپنے ذرائع کا علم ہوگیا تھا اور جو ایسے تربیت یافتہ سپاہیوں سے پر تھیں جو غیر معمولی کوششوں اور جزوی امداد کے عادی تھے حذارت

برطانیہ نے اُن سے نیا جھگڑا شروع کیا۔ چار بڑی لڑائیوں نے جو ستر سال کے عرصہ میں ہوئیں برطانیہ عظمیٰ کو نہایت مقروض کر دیا اور اُسنے لازماً نہایت بھاری ٹیکس لگا دیا تھا۔ اُسکی حال کی فتوحات نے اُسکی پریشانیوں کو دور کرنے کی بجائے اُسکے قرضہ کو اور گرانبار بنا دیا جو چودہ کروڑ پونڈ ہو گیا تھا۔ لہٰذا یہ ضروری معلوم ہوا کہ نوآبادیوں سے ایک باقاعدہ اور واقعی مالگذاری بذریعہ ٹیکس حاصل کی جائے۔

انگلستان کے ارباب حل و عقد نے اپنا مقصد حاصل کرنے کے ذرائع پر غور کیا۔ اُنکو ٹیکس لگانے کے سوا اور کوئی ذریعہ نظر نہ آیا۔ نوآبادیوں کے لیے ایک قسم کا ٹیکس کوئی نئی بات نہ تھی۔ وہ عرصہ سے تجارتی ٹیکسوں کے ادا کرنے کے عادی تھے۔ لیکن وزارت اور اُسکے ہواخواہان پرانے ٹیکسوں سے مطمئن نہ تھے اور نئے ٹیکس جاری کرنا چاہتے تھے، مالگذاری کے لیے بھی اور تجارتی اغراض کے لیے بھی۔ ٹیکس تاہم ٹیکس تھے خواہ مال کی درآمد پر لگائے جاتے تھے یا کسی اور شے پر لیکن نوآبادیوں کو اُس وقت اور اُسکے بعد بھی کچھ عرصہ تک یہ بھلا دیا گیا کہ اِن ٹیکسوں میں فرق ہے اور بہت بڑا فرق ہے۔ لہٰذا جب پارلیمنٹ نے شروع سال ۱۷۶۴ء میں یہ رائے دی کہ اُسکو نوآبادیوں پر ٹیکس قائم کرنے کا حق حاصل ہے تو اِس سے نوآبادیاں خوفزدہ ہو گئیں۔ میساچوسیٹس کی نوآبادی نے ایک کمیٹی اس غرض سے بنائی کہ وہ دیگر نوآبادیوں سے خط و کتابت کرے۔ جیمس اوٹس نے ایک چھوٹا سا رسالہ لکھا جسکا نام برطانیہ کی نوآبادیوں کے حقوق کا ادعا تھا۔ اُس میں اُس نے ثابت کیا کہ "برطانیہ کے مشروطہ کی رو سے ہر شخص نوآبادیوں میں بھی آزاد ہے اور نوآبادیوں پر اُن کی مرضی کے بغیر ٹیکس نہیں لگایا جا سکتا۔" اُس کتاب کو لارڈ مینسفیلڈ چیف جسٹس نے فضولیات سے پُر بتلایا اور شاید چیف جسٹس کی رائے میں یہ اور بھی فضول تھا کہ اُنھوں نے اپنی آزادی کے حقوق کا ادعا کیا۔ بہت جلد پارلیمنٹ کے حق دربارۂ قائمی ٹیکس پر مباحثہ ہوا اور ایسے حق سے انکار کیا گیا۔ میساچوسیٹس کی مخالفت کی صدا میں سلوانیا میں بھی گونج اٹھی اور

اور فرینکلن کو ٹیکس کی جملہ تجویز کی مخالفت کے لیے ہدایات دے کر بطور ایجنٹ انگلستان روانہ کیا گیا۔

قانونِ اسٹامپ وضع کر دیا گیا

وزرائے برطانیہ کے پیشتر سے طے شدہ ارادوں پر اس قسم کی خفیف صدائے احتجاج نے کوئی اثر مرتب نہ کیا۔ ان اعتراضات کے باوجود جو فروری ۱۷۶۵ء میں فرینکلن اور دیگر اشخاص نے جو نوآبادیوں سے دلچسپی رکھتے تھے گرینویل کے سامنے پیش کیے، امریکہ کے قانونِ اسٹامپ کا ریزولیوشن پارلیمنٹ میں رکھا گیا۔ لندن کے تاجروں نے جو امریکہ کی تجارت سے تعلق رکھتے تھے اس کے خلاف درخواست دی لیکن اس آرام دہ قاعدہ نے کہ مالگذاری کے خلاف درخواستیں نہیں لی جا سکتیں اس درخواست کو اور نیز ان درخواستوں کو جو نوآبادیوں سے موصول ہوئیں مسترد کر دیا۔ گرنویل بار کے جواب میں جس نے امریکہ میں خدمات انجام دی تھیں اور جس نے ٹیکس کے خلاف تقریر کی، ٹاؤن شینڈ بحیثیت وزیر نے نوآبادیوں کی نسبت کہا کہ "وہ ہماری اولاد ہیں جن کی تربیت اور پرورش ہماری مالی نے کی ہے اور جن کی حفاظت ہمارے اٹھانے کی ہے" پٹ کے غضب آلود جواب نے دارالعوام میں سنسنی پیدا کر دی۔ اس نے کہا "کیا تمہاری خونگیری نے ان کو وہاں برقرار رکھنا چاہا؟ نہیں تمہارے ظلم نے ان کو امریکہ میں آباد کیا۔ کیا تمہاری قیافہ شناسی نے ان کو پہچانا؟ نہیں تمہاری بے پروائی نے ان کو پہچان پڑھایا۔ کیا تمہارے اسلحہ نے ان کی حفاظت کی؟ نہیں بلکہ آزادی کے ان والدگان نے شریفانہ طور پر تمہاری حفاظت کے لیے ہتھیار اٹھائے۔ مجھے یقین ہے یہ لوگ ایسی ہی وفادار رعایا ہیں جیسا کہ بادشاہ کی اور رعایا ہے لیکن یہ لوگ اپنی آزادی کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں اور اگر ان کی آزادی پر دست درازی کی جائے گی تو ان کے سوا اور کون اسکے لیے جد و جہد کرے گا" مسودہ قانون دارالعوام میں پانچ کے مقابلہ میں ایک کی نسبت سے ۲۷ فروری کو پاس ہو گیا۔ دارالامراء میں رائے لینے کی بھی

ضرورت محسوس نہیں ہوئی کیونکہ وہاں خفیف سے خفیف مخالفت بھی نہ تھی۔ سالانہ قانونِ بغاوت میں ایک چھوٹی سی ترمیم اور کردی گئی جسکی بنا پر امریکہ کو اتنی فوج روانہ کی جاسکتی تھی جتنی کہ فرمانروا مناسب خیال کریں۔ ان افواج کے لیے ایک اور قانون پاس کیا گیا جس سے نوآبادیوں پر جہاں وہ قیام کریں لازم کردیا گیا کہ وہ اُن کی بود و باش، سوختہ، بستر، پانی، صابن اور روشنی کا انتظام کریں۔

ان قوانین کے پاس ہونے کی خبر ورجینا میں اُس وقت پہونچی جبکہ قومی مجلس کا اجلاس ہو رہا تھا۔ پیٹرک ہنری نے ایک سلسلہ ریزولیوشن پیش کرنے کی ذمہ داری اپنے سر پر لی جس سے اُسنے باشندگان ورجینا کے لیے تمام اُن حقوق کا ادعا کیا جو برطانیہ کے پیدا شدہ باشندوں کو حاصل تھے اور صوبہ کی مجلس ملی کے اختیارات کے سوا اور ہر کسی کے اختیارات سے انکار کیا جن سے اُن پر ٹیکس لگایا جاسکتا تھا اور اُس کوشش پر نفرین کی جو ان اختیارات کو غصب کرکے کسی اور جگہ منتقل کرے کیونکہ یہہ بات برطانوی اور اور نیز امریکی آزادی کے قدیم مشروطہ کے خلاف تھی۔ ان ریزولیوشنوں کے پیش ہونے پر ایک سرگرم مباحثہ ہوا۔ ہنری نے کہا "ہنری ہفتم نے رامونی قیصر کے لیے بروٹس، چارلس اول کے لیے کرامویل اور جارج سوم" صدر مجلس نے کہا "بغاوت، بغاوت" اور اس آواز کو اور ممبران نے بھی دہرایا۔ ہنری نے مستقل مزاجی سے کہا کہ "جارج سوم اُن کی مثال سے عبرت حاصل کرے۔ اگر یہہ بغاوت ہے تو اُس سے عمدگی کے ساتھ نپٹ لو۔" تمام پرانے رہنماؤں کی مخالفت کے باوجود ریزولیوشن پاس ہوگئے اور پانچواں ریزولیوشن جو نہایت زوردار تھا صرف ایک رائے کی زیادتی سے پاس ہوگیا۔"

قبل اس کے ورجینا کے یہہ ریزولیوشن میساچوسٹیس پہونچے، سالانہ مجلس ملی کا اجلاس ختم ہوچکا تھا۔ مندوبین نے نو اشخاص کی ایک کمیٹی مقرر کردی تھی تاکہ ضرورت کے موافق کارروائی کرنے کی تجویز پر غور کرے۔ اُس کمیٹی نے ایک کانگریس طلب کرنے کی سفارش کی

جس میں جملہ مندوبین اور بعض نوآبادیوں کے شہریوں کو مدعو کیا جائے تاکہ بمقام نیویارک اکتوبر آیندہ کی پہلی منگل کو مجتمع ہوں۔ جنوبی کیرولینا نے سب سے پہلے پیش قدمی کی اور اپنے ڈیلیگیٹ ۲۵۔ جولائی کو مقرر کیئے۔

قبل اس کے کہ اسٹامپ امریکہ پہونچے، شور و فساد کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ بوسٹن میں ایک بڑا درخت شاہ بلوط ہے جو موجودہ کوچہ واشنگٹن اور کوچہ ای سیکس کے موڑ پر واقع ہے جسکے نیچے قانون اسٹامپ کے مخالفین جمع ہونے کے عادی تھے وہ بہت جلد شجر آزادی کے نام سے مشہور ہو گیا۔ وہ اشخاص جن کی نسبت خیال تھا کہ وزارت کا ساتھ دینگے، اس شاہ بلوط کی شاخوں پر اُن کی مورتوں کو ۱۵ اگست کو پھانسی دی گئی ایک مجمع نے اولی ور کے مکان پر حملہ کیا جو نوآبادی کا سکرٹری تھا اور جسکو چوسیٹس کیلئے قاسم اسٹامپ مقرر کیا گیا تھا۔ ایک چھوٹی عمارت کو جو دفتر اسٹامپ خیال کی گئی تھی جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکا اور اولی ور کو مخوف کر کے اُس سے استعفا دلا دیا۔ بعد ازاں شراب اور جوش سے سرمست ہو کر یہہ لوگ ہچنسن کے مکان پر پہونچے جو شمالی میدان میں واقع تھا۔ لفٹنٹ گورنر اور اُسکا خاندان اپنی جان بچانے کے لیئے فرار ہو گیا۔ مکان کی پورے طور پر تلاشی لی گئی اور اُسکے اسباب کو میدان میں جلا کر خاک سیاہ کر دیا۔ بوسٹن کے باشندوں نے ایک جلسہ میں متفقہ طور پر اُن کارروائیوں کو نفرت کی نظر سے دیکھا اور ایک حفاظتی پہرہ بٹھا دیا تاکہ دوبارہ ایسی کارروائی عمل میں نہ آئے۔ لیکن مفسدوں کو اگرچہ اُن کو سب جانتے تھے کوئی سزا نہیں دی گئی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمام فرقہ اُن سے خفیہ سازباز رکھتا تھا اور اُن کی حرکات سے خوش تھا۔

شمالی نوآبادیوں میں قانون اسٹامپ کے مقابلے کے لیے اولاد آزادی کے نام سے بہت سی جماعتیں پیدا ہو گئیں۔ یہہ نام کرنل بار کی مشہور تقریر سے جس کا ذکر کیا جا چکا ہے مستعار لیا گیا تھا۔

یہ جماعتیں سرعت کے ساتھ کنکٹی کٹ اور نیویارک سے میساچوسیٹس، پین سلوانیا اور نیوجرسی میں منتشر ہوگئیں اور افسران اسٹامپ کو خوف دلانے کا خاص کام اپنے ذمے لے لیا۔ تمام نوآبادیوں میں یہ افسران استعفاء دینے کے لیے مجبور کیے گئے یا اُن کو ایسا کرنے کی ترغیب دی گئی اور جو اسٹامپ وہاں پہونچے یا تو بند پڑے رہے یا اُن پر قبضہ کرکے اُن کو جلا دیا گیا۔ ۲۱ ستمبر کو پین سلوانیا کی مجلس ملی نے بالاتفاق ایک سلسلہ ریزولیوشن منظور کیا جس سے قانون اسٹامپ سے نفرت کا اظہار کیا اور اُس کو اُن کے نہایت عزیز حقوق کے خلاف اور غیر آئین قرار دیا۔ تمام نوآبادیوں میں اس قانون کے خلاف عام جلسے منعقد کیے گئے۔ ایسے جلسوں کا انعقاد بالکل ایک نئی خبر تھی اور اس سے نوآبادیوں کی تاریخ میں ایک نیا عہد شروع ہوا۔

قانون اسٹامپ کی کانگریس کا انعقاد (۱۷۶۵ء)۔

اس عام بے چینی کے دوران میں ۷ اکتوبر ۱۷۶۵ء کو یعنی وہ دن جو میساچوسیٹس نے مقرر کیا تھا نوآبادیوں کی کمیٹیاں نیویارک میں جمع ہوئیں۔ ورجینیا اور شمالی کیرولینا کا چونکہ اس درمیان میں کوئی اجلاس نہیں ہوا تھا لہٰذا اُن کو کمیٹیاں مقرر کرنے کا کوئی موقع نہ ملا۔ نیویارک بھی اسی پریشانی میں تھا لیکن مراسلت کی کمیٹی جو اس بارہ میں مقرر ہوگئی تھی نیویارک نے اُسی کو کانگریس میں بھیج دیا۔ رچرڈ جیانے جو ایک ہزار میل کے فاصلہ پر واقع تھی اپنا ایک قاصد بھیجا کہ وہ کارروائی کانگریس کی ایک نقل لیکر آئے۔ اس کانگریس کا صدر رگلس کو مقرر کیا گیا اور یہ قاعدہ بنایا گیا کہ ہر نوآبادی کو جو شریک جلسہ ہو ایک رائے کا حق عطا کیا جائے۔

تین ہفتہ کے اجلاس میں نوآبادیوں کی شکایات اور اعلان حقوق منظور کیے گئے اس اعلان حق سے انگریزوں کے تمام حقوق مطالبہ نوآبادیوں کے پیدائشی حق کی طور پر کیا گیا منجملہ اُن کے ٹیکس قائم کرنے کا بھی حق تھا جو اُن کی منظوری سے عمل میں آسکتا تھا۔

چونکہ فاصلہ اور مقامی حالات اس بات کے منافی تھے کہ برطانیہ کی پارلیمنٹ میں نیابت ہو سکے لہٰذا اسکی قائم مقام یہی مجلس ملی ہو سکتی تھیں جو نوآبادیوں میں قائم تھیں اس ترکیب سے اُس تجویز کا ازالہ کر دیا گیا جو حال ہی میں پون وِل وغیرہ نے انگلستان میں پارلیمنٹ کے اندر نوآبادیوں کی نیابت کے لیے سوچی تھی اور یہہ وہ تجویز تھی کہ اوٹس اور فرینکلن بھی جو نوآبادیوں کے نمائندے تھے اُس کی طرف جھک چلے تھے۔

بعض نوآبادیوں کی مجلس ملی نے سب سے پہلے اِن کارروائیوں کی ناپسندیدگی کا اظہار مقدم سمجھا۔ نومبر کا پہلا دن جو قانونِ اسٹامپ کے نفاذ کا تھا آیا اور چلا گیا لیکن کہیں کوئی اسٹامپ نظر نہ آیا۔ بکوائیوں کی ڈوجماعتیں اُس روز نیویارک کی گلیوں میں چکر لگاتی رہیں اور اسٹامپ کی حوالگی پر زور دیتی رہیں جن کو کالڈن نے قاسم اسٹامپ کے استعفاء دینے پر اور اُن کے لینے سے انکار کرنے پر قلعہ میں رکھدیا تھا۔ کالڈن کی مورت بنا کر اُسکو پھانسی دی گئی اور اُسکی گاڑی کو زبردستی آگ لگا دی۔

نیویارک کے سوداگروں نے برطانیہ کے مالِ تجارت کو منگانے سے اپنے گماشتوں کی معرفت جو انگلستان میں تھے انکار کر دیا جب تک قانونِ اسٹامپ منسوخ نہ ہوا اور فلے ڈلفیا کے ایک عام جلسے میں یہہ طے کر دیا کہ جب تک یہہ قانون منسوخ نہ ہو کوئی وکیل کسی انگریزی دائن کا مقدمہ امریکہ کے مدیوں کے خلاف نہ لے اور نہ کسی امریکہ والے کو اپنے قرضہ کی ادائیگی میں انگلستان روپیہ بھیجنا چاہیئے۔ برطانیہ کا بُنا ہوا کپڑا جو پہلے فیشن اور شرافت کی دلیل سمجھا جاتا تھا امیر سے امیر نوآبادوں نے اُس کی جگہ اب اپنے گھر کا موٹا جھوٹا کپڑا پہننا شروع کر دیا (عدالتی کارروائیوں میں اسٹامپ کی ضرورت تھی لیکن ججوں نے کھلم کھلا اُن کے استعمال کو حذف کر دیا)۔ جنگی کے افسران بھی اسٹامپ کے کاغذ کے بغیر ہر جہاز کا مال دے دیتے تھے جو وہاں پہونچتا تھا۔

قانونِ اسٹامپ کی منسوخی (سنہ ۱۷۶۶ء) اور نئی شکایات

نیویارک کے فتنہ و فساد سے ایک کارآمد نتیجہ ضرور برآمد ہوا۔ برطانیہ عظمیٰ سے چیزیں نہ منگانے کے عہد و پیمان کو اس ریزولیوشن سے بھی تقویت پہونچی کہ ملکی مصنوعات کو ترقی دیجائے یہانتک کہ بھیڑوں یا بکریوں کا گوشت بھی ترک کردیا تاکہ ملک میں اون بکثرت ہو۔ مراسلت کی کمیٹی نے دوسری نوآبادیوں کو بھی اس امر کی اطلاع دیدی اور برطانوی مال کے استعمال سے عام طور پر لوگ محترز ہوگئے۔

اِس اثناء میں افسرانِ اسٹامپ کی کمی اور قانون اسٹامپ کو نافذ کرنے سے نوآبادی کے افسران کی عدم توجہی نے اس قانون کو بیجان کردیا تھا۔ نوآبادیوں ہی کا یہہ مطالبہ نہ تھا کہ اس قانون کو بالکل منسوخ کردیا جائے بلکہ انگلستان کے کثیر التعداد سوداگروں نے بھی یہی درخواست کی۔ کانوے، پٹ اور برک جو اُس زمانہ کے بڑے انگریزی مدبّر تھے سب اِس قانون کے مخالف تھے۔ اس قانون سے خرچ میں تو اضافہ ہوگیا تھا لیکن مالگذاری بدستور رہی۔ خزانہ عامرہ کو بارہ ہزار پونڈ صرف کرنا پڑا جس میں سے صرف ایک بٹا بارہ (۱/۱۲) حصہ واپس آیا جو نیو فاونڈ لینڈ، نواسکوشیا، کوئی بیک فلوریڈا اور جزائر غرب الہند سے بطور جنگی وصول ہوا۔ آخرکار ۱۸ مارچ سنہ ۱۷۶۶ء کو قانون اسٹامپ منسوخ کردیا گیا اور ایک استقراری قانون پاس کیا گیا جس سے ٹیکس لگانے کا اختیار ہر حال میں پارلیمنٹ کو دیا گیا۔ سنہ ۱۷۶۷ء کی پارلیمنٹ نے امریکہ کے لیئے مالگذاری کے کمشنروں کا ایک بورڈ بنایا، چاء کا قانون پاس کیا جس سے نوآبادیوں میں چاء اور دیگر مال درآمد پر ٹیکس قائم کیا گیا تاکہ نہ صرف فوجوں کا خرچہ نکل سکے جیسا کہ پیشتر سے چلا آتا تھا بلکہ شاہی گورنروں اور شاہی ججوں کی تنخواہیں بھی برآمد ہوسکیں۔ اس کے بعد نیویارک کی مجلس ملی کو کسی قانون کے وضع کرنے کے ناقابل قرار دیا تاوقتیکہ وہ قانون سنہ ۱۷۶۵ء کی تعمیل نہ کرے جس میں فوجوں کی بود و باش اور سامانِ رسد کو نوآبادیوں پر لازم کردیا گیا تھا۔ اب یہہ

تین قانون کسی پہلے قانون سے بھی زیادہ سخت اور زیادہ جامع تھے جو پارلیمنٹ نے وضع کیے تھے۔

سال آیندہ یعنی ۱۷۶۹ء کے آغاز سے میساچوسیٹس نے اپنے نمایندوں کے ذریعے سے نہایت سخت لہجے میں پارلیمنٹ کے جملہ قوانین کے خلاف آواز بلند کی اور نوآبادیوں کو مقابلے میں شرکت کی دعوت دی یہی روح تمام لوگوں میں دوڑ گئی۔ مالگذاری کے کمشنروں کو بلوائیوں کے سامنے فرار ہونا پڑا۔ ایسی حالت میں افواج برطانیہ شہروں کو ۱۷۶۸ء میں روانہ کی گئیں۔ بوسٹن کے لیے یہہ امر ناقابل برداشت تھا۔ ایک عام جلسہ نے گورنر سے درخواست کی کہ وہ مجلس ملی طلب کرے۔ اُسکے انکار کرنے پر جلسہ نے لوگوں سے کہا کہ اسلحہ تیار رکھو کیونکہ فرانس سے جنگ ہونے والی ہے اور اسکے بعد تمام میساچوسیٹس سے ایک جلسہ کے لیئے آدمیوں کو طلب کیا۔ اس جلسہ نے گورنر سے پھر کہا کہ وہ مجلس ملی طلب کرے اُسکے دوبارہ انکار پر جلسہ نے بادشاہ کو ایک درخواست بھیجی۔ جب یہہ جلسہ منعقد ہو رہا تھا تو جنرل گیج کی ماتحتی میں ایک فوج پہونچی جسنے بوسٹن سے جو بہت سخت شہر تھا۔ بود و باش کے لئے مکانات طلب کیے۔

سال نو (۱۷۶۹ء) میں پارلیمنٹ نے ایک اور قانون پاس کیا جس سے بغاوت کے جملہ مقدمات کی سماعت انگلستان میں لازمی قرار دی گئی خواہ نوآبادیوں میں ہوئے ہوں یا انکی جائے وقوع نوآبادیوں سے باہر ہو۔ یہہ قانون ابتک جتنے قوانین نوآبادیوں کے خلاف پاس کیے گئے تھے سب سے بدترین تھا۔ اس سے رعایا کی آزادی اور جان خطرہ میں پڑ گئی۔ کوہ ورنن کا بھی کاشتکار جو ابتک خاموش تھا چلا اُٹھا کہ "ہمارے آقایان نامدار جو برطانیہ عظمیٰ میں ہیں امریکہ کی آزادی کو سلب کیے بغیر کسی اور گھٹیا چیز سے مطمئن نہ ہونگے" وہ لکھتا ہے کہ "کسی شخص کو بھی ایسی نعمت عظمیٰ کے مقابلے میں تلوار اُٹھانے سے ایک لمحہ کے لیئے دریغ نہ کرنا چاہیئے لیکن تلوار کا استعمال آخری صورت میں ہونا چاہیئے" ورجینیا کی قومی مجلس نے جسکا دارالسلطنت اب بھی رچمنڈ تھا اسی قسم کے ریزولیوشن پاس کیے

میساچوسیٹس تو عمل کرنے کے لیئے آمادہ ہی تھا۔ الغرض ہر نئی اور تازہ سختی کے ساتھ تازہ مخالفت بھی ہوتی گئی جس قدر پارلیمنٹ کی طرف سے نوآبادیوں کی آزادی پر رکاوٹیں عائد کی گئیں اُسی قدر تیزی اور سرگرمی سے نوآبادوں نے بھی اُنکا جواب دیا۔

میساچوسیٹس کے دارالمندوبین نے اپنے پہلے جلسے منعقدہ ۳۱ مئی کو یہ ریزولیوشن پاس کیا کہ یہ بات اُن کی شان و وقار اور آزادی کے منافی ہے کہ وہ ایک مسلح فوج کی نگرانی میں معاملات پر غور کریں۔ اُنھوں نے سامانِ رسد اور ہر چیز کے متعلق شکایات کے انسداد کے سوا، غور کرنے سے انکار کر دیا۔ اُنھوں نے امن و امان کی حالت میں ایک مستقل فوج کے قیام پر لعنت ملامت کی جو اُن کی قومی مجلس کی منظوری کے بغیر مقرر کی گئی تھی اور اُنھوں نے اس کو پیدائشی حقوق پر حملہ اور اُن حقوق کے منافی سمجھا جو اُنھیں انگریز ہونے کی حیثیت سے حاصل تھے۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ باتیں لوگوں کے لیئے سخت خطرناک ہیں جن کی کوئی نظیر نہیں اور جو خلاف مشروطہ ہیں جب اُن سے فوج کے مسکونہ مکانات کا صرفہ طلب کیا گیا اور آیندہ کے لیے کہا گیا کہ وہ سامانِ رسد ہم پہونچائیں تو اُن کے بدن میں آگ لگ گئی اور وہ بیحد ناخوش ہوئے۔

ان خیالات کا اظہار ورجینیا میں ہوا کیونکہ روح تقریباً تمام براعظم میں اس سرے سے اُس سرے تک پھیل گئی جنوبی کیرولینا کی قومی مجلس نے اُس فوج کے لیئے مکانات مہیا کرنے سے انکار کر دیا جو اُس صوبہ میں بھیجی گئی تھی اور اُنھوں نے بھی ورجینیا کے ریزولیوشنوں کو منظور کر لیا اور ایسا ہی نیویارک اور ڈیلاویر کی قومی مجلسوں نے کیا۔ شمالی کیرولینا کی قومی مجلس نے بھی ایسا ہی کیا جس کو اس بات پر برخاست میں متفرق کر دیا گیا۔ لیکن ارکین نے اپنی نجی حیثیت سے دوبارہ جمع ہو کے جیسا کہ ورجینیا میں ہوا تھا اور انگلستان سے کسی چیز کو بھی نہ منگانے کا عہد و پیمان کیا۔

بوسٹن کا قتل عام (۱۷۷۰ء)

سترہ ماہ تک جب تک کہ برطانیہ کی فوجیں بوسٹن میں قیام پذیر رہیں (یہانتک کہ اُن کے کمانڈر نے صرف اتوار کے دن باجے کے ساتھ نکلنے پر رضامندی دیدی تھی) کسی طرح بھی اُن کی موجودگی وہاں کے لوگوں کو پسند نہ تھی۔ لڑکوں اور آدمیوں کے ایک مجمع نے تمام باشندوں کی ہمدردی سے شہ پاکر اپنا یہ معمول کرلیا تھا کہ وہ اُن کی توہین کرتے اور اُن کو بھڑکاتے تھے۔ اِکّے دُکّے سپاہیوں سے بہت سی لڑائیاں ہونے کے بعد آخرکار ایک خوفناک تصادم ہوا۔ آٹھ آدمیوں کے ایک پہرے نے جو سخت الفاظ اور بکّے دھکّوں سے ناقابلِ برداشت طریقے پر بھڑک اُٹھا تھا لوگوں کے مجمع پر گولی چلائی۔ تین آدمیوں کو مار ڈالا اور دوسرے پانچ آدمیوں کو مہلک طریقہ پر زخمی کردیا۔ گھنٹے بجائے گئے اور یہہ وحشتناک خبر ہر جگہ پھیل گئی کہ "سپاہی قتل کر رہے ہیں"۔ یہہ وقت پچھلی رات کا تھا لیکن لوگ گلیوں اور بازاروں میں جمع ہوگئے اور بڑی مشکل سے اُن کو ایک عام لڑائی سے باز رکھا گیا۔ دوسرے روز علی الصباح فینول ہال میں غضب آلود اور جوشیلی مجلسِ ملّی کے جلسے کا انعقاد ہوا۔ آخرکار کونسل کے متفقہ مشورہ پر یہہ طے ہوگیا کہ تمام فوجیں ہٹادی جائیں۔ مقتولین کا جنازہ جسکے ہمراہ بے شمار آدمی تھے، نہایت شان و عظمت کے ساتھ اُٹھایا گیا۔ بوسٹن کے قتل عام کا قصّہ چونکہ اُس کو اسی نام سے موسوم کیا گیا تھا حیوان سپاہیوں کے بلا وجہ اور خونخوار حملے سے تعبیر کیا گیا جو اُنھوں نے غیر مسلح لوگوں پر کیا تھا اور ہر جگہ کے لوگ اس قصّہ سے بیحد غضبناک ہوگئے۔ پہرے کے افسر اور سپاہیوں کا چالان کیا گیا اور اُنپر قتل کا مقدمہ چلایا گیا۔ لیکن دو نوجوان وکلا نے جو نہایت جوشیلے رہنما تھے اس مقدمہ کی ملزمان کی طرف سے پیروی کی جس کا نتیجہ ہوا کہ دو شخصوں کے سوا باقی اشخاص کو الزام سے بری کردیا گیا۔ اور اُن دو کو بھی جو قتل کے مرتکب ثابت ہوئے خفیف سزا دی گئی۔

اِسی دوران میں برطانیہ کی وزارت کابینہ میں بہت تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ لارڈ شیلبرن

مرچکا تھا اور چیتھم کا اثر بالکل مفقود ہوگیا تھا۔ لارڈ نارتھ وزیر اعظم مقرر ہوگیا۔ جیسا کہ بعد میں ظاہر ہوا جس روز بوسٹن میں قتل عام ہوا اُسی روز اُسنے ٹاؤن شنیڈ کے تمام قانون کو چائے کی چنگی کے سوا منسوخ کرنے کی تحریک کی۔ وہ اس بات کے لیے بھی آمادہ تھا کہ کل قانون منسوخ کر دیا جائے بشرطیکہ نوآبادیوں پر ٹیکس لگانے کا حق پارلیمنٹ کو حاصل رہے اور اس حق کے لئے وہ آخری دم تک لڑنے کے لیے تیار تھا اپریل ۱۷۷۰ء میں لارڈ نارتھ کا مسودۂ قانون دربارۂ تنسیخ پاس ہوگیا اور فوجوں کے لیے سامانِ رسد اور مکانات بہم پہونچانے کے قانون کو خاموشی کے ساتھ تین سال کی میعاد مقررہ تک بلا عمل رہنے دیا۔ لیکن قانونِ شکر اور خصوصاً چا کا ٹیکس چونکہ ان میں پارلیمنٹ کے حق دربارۂ ٹیکس کا سوال پنہاں تھا نوآبادیوں میں ہیجان پیدا کرنے کے لیے بالکل کافی تھے

جہاز گیسپی کا جلایا جانا

جہاز گیسپی جو مالگذاری کے محکمہ کا مسلح چھوٹا جہاز تھا، مال تجارت کے جہازوں کو غیر ضروری اور سخت وقت میں مبتلا کرتا رہتا تھا جو خلیج نراگین سیٹ میں مال تجارت لیجاتے تھے۔ لہذا اُس کی تباہی کی ایک تجویز سوچی گئی۔ ۱۰- جون کو ایک چھوٹے جہاز نے جس کا وہ تعاقب کر رہا تھا اُسے ترغیب دی کہ وہ اُتھلے پانی میں چلا آیا اور زمین سے جا لگا۔ اور پیراوی ڈینس کی ایک جماعت نے اُسپر سوار ہو کر اُسے جلا دیا۔ اس گستاخانہ حملے کے جواب میں پارلیمنٹ نے ایک قانون پاس کیا کہ نوآبادیوں میں جو لوگ بادشاہ کے جہازوں کو جلانے یا بندرگاہوں کو برباد کرنے یا فوجی ذخائر کو خراب کرنے کے مرتکب ہوں یا جن کا ان افعال سے کچھ تعلق ہو بغرض سماعت مقدمہ انگلستان روانہ کیے جائیں۔ چھ سو پونڈ کا انعام اور معافی اُس شخص کے لیے تجویز کی گئی جو جہاز گیسپی کے برباد کرنے والوں کا پتہ بتائے۔ اگرچہ جہاز کے تباہ کرنے والوں کا حال سب کو معلوم تھا لیکن کوئی قانونی ثبوت اُن کے خلاف نہ مل سکا۔

نوآبادیاں غلاموں کی تجارت کے بالکل خلاف تھیں اور اس وقت میں اور بھی زیادہ ہوگئیں جبکہ یہ کوشش کی گئی کہ غلاموں کو نوآبادیوں میں داخل کیا جائے چنانچہ فیرفیکس کے ضلع نے یہ ریزولیوشن پاس کیا جس کا صدر جارج واشنگٹن تھا "اس جلسہ کی رائے میں ہمارے موجودہ مصائب و تکالیف میں کوئی غلام کسی نوآبادی میں جو اس براعظم پر واقع ہیں نہ اتارا جائے اور ہم اپنی نہایت سنجیدہ خواہشات کا اعلان کرتے ہیں کہ ہمیشہ کے لیے ایسی بیرحم، آزاردہ اور غیر فطری تجارت کا سدباب کیا جائے" یہی حالت دوسرے مقامات اور دوسری نوآبادیوں کی تھی۔

بوسٹن میں چاء کی جماعت

جب حکومت برطانیہ نے دیکھا کہ جبر سے کام نہیں چلتا تو حکمت عملی سے مقصد برآری کی کوشش کی نوآبادیوں کی تجاویز نے برطانیہ کے مال کی برآمد کو اس قدر کم کر دیا تھا کہ شرق الہند کمپنی کے گودام ایک کروڑ ستر لاکھ پونڈ چاء سے پُر تھے جسکی فروخت کے لیے کوئی بازار نہ تھا۔ کمپنی اپنا نفع نہیں کھونا چاہتی تھی اور وزارت اپنی مالگذاری سے دست بردار ہونا پسند نہیں کرتی تھی لہذا دونوں میں ایک باہمی تصفیہ ہوگیا۔ شرق الہند کمپنی کو اختیار دیا گیا کہ وہ اپنی چاء کو جہاں کہیں چاہے چنگی کے بغیر روانہ کردے۔ اس طرح امریکہ کے خریدار کو اُس زمانہ سے بہت سستی چاء ملتی جبکہ اُسپر ٹیکس لگایا گیا تھا۔ اب یہ دیکھنا باقی تھا کہ نوآبادیاں عملی طور پر اپنے اُصول کی حمایت کرتی ہیں اور اُسکے نتائج بھگتتی ہیں یا ٹیکس لگائے جانے پر راضی ہوتی ہیں۔ نوآبادیاں سب کی سب ایک آدمی کی طرح متفق تھیں نئی وزارتی تجویز کو عام طور پر لوگوں کی آزادی پر براہ راست حملہ تصور کیا گیا۔ لہذا یہ سب کا فرض ہوگیا کہ اس تجویز کی مخالفت کریں۔ نیویارک، فلے ڈلفیا، چارلسٹن (جنوبی کیرولینا) اور بوسٹن کو مال روانہ کیا گیا۔ نیویارک اور فلے ڈلفیا کے باشندوں نے جہازوں کو لندن واپس بھیجدیا جسپر جان ایڈمس نے کہا "وہ دریائے ٹیمس میں تمام قوم کو یہ اعلان

کرتے ہوئے داخل ہوئے کہ نیویارک اور فلاڈلفیا سلوانیا غلام نہیں بنائے جا سکتے۔ چارلسٹن کے باشندوں نے چاء کو اتار لیا اور اس کو نم آلودہ کوٹھریوں میں بند کر دیا جہاں سے وہ استعمال نہیں کی جا سکتی تھی اور جہاں وہ آخر کار پڑے پڑے سڑ گئی۔

وہ جہازات جن میں بوسٹن کے لیے چاء بھری ہوئی تھی کچھ دنوں تک بندرگاہ میں رہے جنکی نگرانی شہریوں کا ایک مضبوط پہرہ کرتا رہا جنھوں نے ایک بڑے جلسے میں مالکان جہاز کے نام یہہ فوری احکام بھیجے کہ وہ اپنے مال کو خشکی پر نہ اتاریں۔ آخر کار یہہ جوش و غضب اور زیادہ نہ رُک سکا اور جن لوگوں نے مال منگایا تھا انھوں نے سختی سے خوفزدہ ہو کر قلعۂ ولیم میں پناہ لی جبکہ ۱۶۔ دسمبر کو آدمیوں کی ایک جماعت ہندوستانی فرقے موہاک کی طرح اپنے آپ کو ملبوس کر کے اور اپنے جسموں پر نقش و نگار بنا کر جہازوں پر سوار ہو گئی اور چاء کو سمندر میں پھینک دیا۔ تقریباً دو گھنٹے کے عرصہ میں ۳۴۲ چاء کے صندوقوں کا مال جسکی قیمت اٹھارہ ہزار پونڈ تھی اس طرح برباد کر دیا گیا۔ مؤرخ گارڈن کا خیال ہے کہ اگر چاء اتار لی جاتی تو نوآبادیوں کا اتحاد جو وزارت کی تجاویز کی مخالفت میں تھا فنا ہو جاتا اور پھر تقریباً ناممکن تھا کہ دوبارہ اتحاد بروئے کار آتا وہ بوسٹن کے آدمیوں کے اس بیخوف اخلاقی مقصد کو اس روح سے تشبیہ دیتا ہے جو یونان اور روما کے شریف ترین سورماؤں میں پائی جاتی تھی۔

پانچ قوانین، بندرگاہ بوسٹن کا بند ہونا اور پہلی کانگریس (۱۷۷۴ء)

جب چاء کی قسمت کا حال انگلستان میں معلوم ہوا تو وزارت کے غصہ کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اُس وقت پارلیمنٹ کا اجلاس ہو رہا تھا چنانچہ لارڈ ناتھ سے اجازت لیکر پانچ قوانین وضع کیے جائیں جن میں سے ایک یہہ قانون تھا جو بندرگاہ بوسٹن کے مسودۂ قانون کے نام سے جلد مشہور ہو گیا کہ اس کو جہازوں کے لیے بند کر دیا جائے اور حکومت کی جگہ سالم کو منتقل کر دی جائے۔ نوآبادیوں کے دوست بھی اہل بوسٹن کی

گستاخیوں کی وجہ سے خاموش ہو گئے اور ان قوانین کی بہت کم مخالفت ہوئی اس کے بعد دوسرا قانون خلیج میساچوسیٹس کی حکومت کی بہتری کے لیئے وضع کیا گیا جو دراصل پہلی سند عطا کردہ کے بھی خلاف تھا۔ اس سے تاج انگلستان کو عدالت العالیہ کے ججوں اور کونسل کے ممبران کی تقرری کا حق دیدیا گیا۔ دیگر افسران، فوجی، انتظامی اور عدالتی کا تقرر گورنر کو عطا کیا گیا۔ تمام جلسے بجز انتخابات کے ہر کام کے لیے ممنوع قرار دیے گئے تیسرے قانون سے ایسے واقعات کا انتظام مقصود تھا جیسا کہ بوسٹن کے قتل عام میں پیش آئے اور تاج انگلستان کے ملازمین کی حفاظت کی گئی اور قتل کے ایسے مقدمات کی سماعت انگلستان میں قرار دی گئی جو حمایت حکومت میں کیئے جائیں۔ یہ مسودہ جات قوانین چار کے مقابلہ میں ایک کی نسبت سے پارلیمنٹ میں پاس ہو گئے۔ چوتھا قانون امریکہ کی افواج کے لیے بود و باش اور سامان رسد کے انتظام کے متعلق تھا جو پہلے قانون کا گویا دوسرا ایڈیشن تھا۔ پانچوان قانون جس کو قانون کوئی بیک کہتے تھے اس بارہ میں تھا کہ نیا حاصل شدہ صوبہ دیگر صوبجات سے کوئی تعلق نہ رکھے۔ اس میں پرانا فرانسیسی قانون رائج رہے۔ کیتھولک کلیسا کو اپنا مال و متاع رکھنے کا اختیار دیا گیا اور پرستش کی آزادی دی گئی مجلس ملی کی طلبی کو بلا تعین مدت ملتوی کر دیا گیا اور قانون سازی کا کام سوائے ٹیکس کے ایک کونسل کو دیدیا گیا جس کے ممبران تاج انگلستان نامزد کریگا۔ اس صوبہ کی حدود جانب مغرب دریائے مسیسپی تک اور جانب جنوب دریائے اوہیو تک وسیع کر دی گئیں تاکہ موجودہ کناڈا کے علاوہ وہ مملکت بھی اس میں شامل ہو جائے جو دریائے اوہیو کے شمال و مغرب میں آجکل پانچ ریاستوں کے نام سے موسوم ہے۔ دارالعوام میں برکسانے چار کے ٹیکس کے قانون کو منسوخ کرنے کی تجویز پیش کی لیکن وزراء نوآبادیوں کو ڈرا دھمکا کر محکوم کرنا چاہتے تھے لہذا چار جنگی جہاز بوسٹن کو بھیجے گئے۔ جنرل گیج جو امریکہ کا کمانڈر ان چیف (سپہ سالار) تھا۔

خلیج میساچوسیٹس کا گورنر مقرر کیا گیا۔ جب بندرگاہ کا قانون نوآبادیوں کے مختلف حصص میں پہونچا تو عام طور پر اظہار ناراضی کیا گیا فلے ڈلفیا اور دیگر مقامات میں بوسٹن کے مصیبت زدگان کے لیئے چندہ جمع کیا گیا۔ ورجینا کی مجلس ملی نے پٹیرک ہینری کی فصاحت سے متاثر ہوکر میساچوسیٹس کے معاملہ کو اپنا بنالیا اور قانون کے نفاذ کے پہلے دن کو روزہ رکھکر ماتمی منانے کا تہیہ کرلیا۔ ہیچ گورنر ڈرمور نے مجلس ملی کو برخاست کردیا لیکن ممبران نے منتشر ہونے سے پہلے ایک عام کانگریس کی تجویز منظور کی جو اُن معاملات پر غور کرے جن میں امریکہ کا عام فائدہ مدنظر ہو۔ قانون بندرگاہ کے نفاذ کے دن یکم جون کو بوسٹن میں دوپہر کے وقت ہڑتال کی گئی اور بندرگاہ کو تمام جہازوں کے لیئے بند کردیا گیا اُس وقت سے پہلے میساچوسیٹس کے لوگوں کو ہمدردی اور امداد کے پیغامات تقریباً تمام دوسری نوآبادیوں سے وصول ہوچکے تھے۔ اس قسم کی امداد سے تقویت پاکر اُنھوں نے مصمم ارادہ کرلیا کہ وہ حتی الامکان برابر مخالفت کرتے رہیں گے اور جب وہ سلم پر جمع ہوئے تو اُنھوں نے یہہ تجویز منظور کی کہ وہ یکم ستمبر کو بمقام فلے ڈلفیا ایک عام کانگریس میں ضرور شریک ہونگے۔ اُنھوں نے اپنی جانب سے پانچ ممبران بھی نامزد کیے جو اُن کے قائمقام کی حیثیت سے کانگریس میں شرکت کریں اور پانچسو پونڈ اخراجات کے لیے منظور کیئے۔ صوبہ کے بعض شہروں اور اضلاع سے بھی اُنھوں نے سفارش کی کہ وہ اِس چندہ میں امداد دیں۔ جب گورنر کو اس کارروائی کا علم ہوا تو اُسنے مجلس ملی کو برخاست کردیا

ایک عام کانگریس کی ضرورت یوں فیوں محسوس ہونے لگی اور ہر ایک نوآبادی نے نیو ہیمشائر سے لیکر جنوبی کیرولینا تک اس تجویز کو منظور کیا۔ ۴۔ ستمبر کو بمقام فلے ڈلفیا اطراف وجوانب سے ڈیلیگیٹ پہونچے۔ اور دوسرے دن براعظم کی پہلی کانگریس چیسٹنٹ بازار کے کارپنٹر ہال میں منعقد ہوئی۔ یہہ ریزولیوشن پاس کیا گیا۔ کہ ہر ایک نوآبادی کو خواہ اُس کے قائم مقاموں کی کچھ ہی تعداد ہو ایک لائے دینے کا حق حاصل ہے۔ اُنھوں نے

اعلانِ حقوق تیار کیا اور یہ ریزولیوشن پاس کیا گیا کہ بادشاہ کی خدمت میں ایک عرضداشت بھیجی جائے، ایک نوٹ برطانیہ امریکہ کے لوگوں کو روانہ کیا جائے اور ایک درخواست برطانیہ عظمیٰ کے باشندوں کو بھیجی جائے۔ ان کاغذات کا اثر امریکہ اور انگلستان دونوں پر بہت اچھا ہوا۔ اس سے لوگوں میں اپنے نمایندوں پر اعتماد قائم ہوا اور اُن کی فہم و فراست، استقلال اور دانشمندی نے کانگریس کے لیے احترام کا عام احساس پیدا کر دیا جس سے انگلستان بھی محفوظ نہ رہا چنانچہ لارڈ چیتھم نے دارالامرا میں اُن کے بارہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "دلائل کی خوبی، قوت بیان اور نتیجہ کی گرفت میں کوئی قوم یا جماعت ایسے پیچیدہ حالات میں عام کانگریس مقام فلے ڈلفیا سے سبقت نہیں لے جا سکتی"۔

میساچوسیٹس کی ظاہری حالت بہتر نہ تھی۔ جنرل گیج کی آمد کے فوراً بعد فوجیں آئرلینڈ، نیویارک، ہیلی فیکس اور کوئی بیک سے پہونچیں۔ جنرل گیج نے بعض افواج کو قلعہ کی دیواروں کی مرمت اور مسلح کرنے کے کام میں لگا دینے سے شہر کے لوگوں میں یہ خیال پیدا کر دیا کہ اس سے یہ مقصد ہے کہ بوسٹن کا سلسلہ تعلقات باقی ماندہ ملک سے منقطع کر دیا جائے۔

گیج نے فرمان جاری کیے تھے کہ ایک مجلس بمقام سیلم ۵۔ اکتوبر کو جمع ہو لیکن لوگوں میں زیادہ بیچینی کے آثار دیکھکر اُسنے فرمان کو منسوخ کرنا مناسب سمجھا اور یہ اعلان کیا کہ کوئی جلسہ نہیں ہوگا۔ اس اعلان کو لوگوں نے خلاف ضابطہ قرار دیا اور نوّے آدمی جمع ہو گئے اور جب گورنر یا اُس کا قائم مقام کوئی نہ آیا تو اُنھوں نے ایک صوبہ کی کانگریس بنالی اور مقام کنکارڈ پر متفق ہونے کے لیے اُسے ملتوی کر دیا۔ یہاں جمع ہو کر اُنھوں نے جنرل گیج سے درخواست کی کہ وہ بوسٹن کے داخلے کو مسلح کرنے سے باز رہے اور اُس مقام کو ویسا ہی رہنے دے جیسا کہ وہ پہلے سے تھا۔ گورنر نے اس خیال پر بیحد ناراضی کا اظہار کیا اور کہا کہ انگریزی فوج سے بجز دشمنان انگلستان اور کسی کو کوئی خطرہ نہیں ہے اور کانگریس کو متنبہ کیا کہ وہ ناجائز

کارروائی کرنے سے باز رہے۔ صوبہ کی کانگریس نے کیمبرج جاکر اپنا جلسہ کیا اور وہاں انھوں نے ایک کمیٹی بناکر صوبہ کی فوری حفاظت کے لیئے ایک تجویز سوچی۔ باشندگان کی کچھ مقررہ تعداد کی بھرتی کے لیے احکام صادر کیے کہ وہ ایک منٹ کی اطلاع پر مسلح ہوکر تیار رہیں تین افسر بریگیڈ، وارڈ اور پوم رائے مقرر کیے اور ۲۳۔ نومبر تک جلسہ ملتوی کردیا۔ دوبارہ مجتمع ہونے پر انھوں نے ایک وقتی قانون پاس کیا کہ بارہ ہزار آدمی بھرتی کیے جائیں تاکہ وقت ضرورت کام آسکیں اور ڈوار افسر پریسکاٹ اور ہتیہ مقرر کیے۔ انھوں نے نیو ہیمپشائر، جزیرہ رہوڈ اور کنکٹی کٹ کی بھی امداد حاصل کی اور بیس ہزار آدمی بھرتی کیے گئے۔

نئی پارلیمنٹ ۳۔ نومبر ۱۷۷۴ء کو منعقد ہوئی جس میں بادشاہ نے سخت الفاظ میں میساچوسیٹس اور دیگر نوآبادیوں کے باغیانہ طرز عمل کا ذکر کیا۔ دارالعوام اور دارالامرا میں شاہی جذبات کی تائید کی گئی اگرچہ کچھ لوگوں نے مخالفت بھی کی۔ اس کے بعد فوراً میساچوسیٹس کو باغی قرار دیا گیا اور پارلیمنٹ نے نوآبادی کی تجارت اور ماہی شکارگاہوں پر رکاوٹیں عائد کرنے کا قانون پاس کردیا۔

انقلاب کا وہ حصہ جو کونسلوں میں درجۂ تکمیل کو پہونچ سکتا تھا، اس موقع پر سمجھنا چاہیئے کہ ختم ہوگیا۔ نوآبادوں نے مقابلہ کی تیاری شروع کردی تھی۔ انھوں نے بار بار اپنی شکایات کا اظہار کیا اور صلح آشتی سے اُن کے رفع ہونے کی درخواستیں کیں لیکن اُن کو اس کا جواب مزید سخت قوانین بنانے سے دیا گیا۔ مقابلے کی غرض وغائت نے لوگوں میں استقلال اور استقامت پیدا کردی تھی۔ اور صرف جبر و تعدی کا انتظار تھا تاکہ وہ بھی اپنی قوت ظاہر کریں۔ یہ موقع جلد آنے والا تھا جبکہ قلم کو علیحدہ رکھکر تلوار کو میان سے نکالا گیا۔

کنکارڈ پر جو اندرون ملک بوسٹن سے ۸ میل کے فاصلہ پر ایک شہر تھا فوجی ذخائر کی کثیر تعداد جمع ہوجانے کے بعد، جنرل گیج نے اُسکو تباہ کرنے اور نیز ہیموئل ایڈمس اور جان ہنکاک کو گرفتار کرنے کا ارادہ کیا جو باوجود ممانعت بوسٹن سے فرار ہوگئے تھے۔ ۱۹۔ اپریل کی شب کو

اُسنے اِس ارادہ کی تکمیل کے لیے لفٹنٹ کرنل اسمتھ اور میجر پٹکیرن کو مع آٹھ سو سوار اور پیدل روک لیا جنھوں نے کنکارڈ کی طرف خاموشی کے ساتھ گیارہ بجے کوچ کر دیا۔ ڈاکٹر جوزف وارن نے کچھ قاصد اسی غرض سے بھیجے تھے۔ جب اُنھیں یہہ پتا چلا تو سب کو وقت اطلاع دیدی اور یہہ اطلاع گرجا کے گھنٹوں، بندوقوں اور باڑ کے ذریعہ سے تمام مقامات میں پھیلا دی۔ مقام لیگزنگٹن پر برطانیہ کی فوج جب کنکارڈ سے چھ میل کے فاصلہ پر تھی تو وہ ستر آدمیوں سے دوچار ہوئی جو اُس شہر کی فوج کے آدمی تھے اور جو مسلّح ہو کر پریڈ کر رہے تھے۔ میجر پٹکیرن جو آگے آگے تھا گھوڑا دوڑا کر اُن کے پاس گیا اور کہا "منتشر ہو جاؤ تم باغی منتشر ہو جاؤ تم پر لعنت ہو تم کیوں منتشر نہیں ہوتے"! اُن لوگوں نے اس حکم کی تعمیل نہ کی تو وہ اور قریب پہونچا، اپنا پستول چلایا، تلوار برہنہ کی اور اپنے سپاہیوں کو حملہ کرنے کا حکم کر دیا۔ فوج خوش ہوئی اور فوراً بندوقیں سر کیں۔ صوبہ کے سپاہیوں میں سے چند آدمی مقتول ہوئے اور باقی لوگ منتشر ہو گئے۔ چونکہ برطانوی فوج اُن کے منتشر ہونے کے باوجود گولیاں چلاتی رہی اسلیئے پناہ گزینوں میں سے کچھ لوگ ٹھہر گئے اور جواب میں گولیاں چلانے لگے۔ امریکہ کے آٹھ آدمی مقتول ہوئے۔ تین یا چار تو پہلے برطانوی حملے میں باقی پریڈ چھوڑنے کے بعد۔ اور بہت سے آدمی زخمی ہوئے۔

یہہ برطانوی رسالہ اب کنکارڈ کو روانہ ہوا۔ پیدلوں کی ایک جماعت نے پُل پر قبضہ کر لیا۔ باقی فوج شہر میں داخل ہو گئی اور اپنا کام شروع کر دیا۔ اُنھوں نے گولے اور دو توپیں دریا میں پھینک دیں۔ ساٹھ بوری میدہ کھول کر ڈالدیا۔ اس عرصہ میں صوبہ کی قومی فوج کو مزید امداد پہونچ گئی اور کنکارڈ کا میجر بٹرک اُن کی سرداری قبول کر کے اُن کو پُل کی طرف لیگیا۔ چونکہ اُس کو لیگزنگٹن کے معاملہ کا حال معلوم نہیں تھا اور وہ یہہ چاہتا تھا کہ پہلے برطانوی فوج حملہ کرے اُسنے اپنی فوج کو حکم دیدیا کہ حملہ میں سبقت نہ کرے جب وہ بڑھا تو پیدل سپاہی دریا کے اُس طرف جدھر کنکارڈ تھا مراجعت کرنے لگے اور پل کو اُکھاڑنا شروع کر دیا جب وہ

قریب پہونچا تو اُنھوں نے گولیاں بھی چلانی شروع کردیں جن سے ایک کپتان اور ایک سپاہی مارا گیا۔ صوبہ کی فوج نے بھی حملہ کیا اور سخت مقابلہ ہوا۔ باقاعدہ فوج کو کچھ نقصان کے ساتھ پسپا ہونا پڑا۔ وہ جلد اصل فوج سے جا ملے اور تمام رسالہ سرعت کے ساتھ واپس چلا گیا۔ اب قرب وجوار کے سب لوگ مسلح ہو گئے تھے اور اُنھوں نے واپس ہوتی ہوئی فوج پر ہر طرف سے حملہ کیا۔ اِس طرح اُن کے حملوں سے مجبور ہو کر وہ بمشکل تمام لیگزنگٹن پہونچے جہاں لارڈ پرسی اپنے نو سو آدمیوں کی جماعت اور دو توپیں لیکر بروقت پہونچ گیا تھا۔ یہاں بھی برطانوی فوج پر حملہ کیا گیا لیکن وہ حملہ کرتی ہوئی واپس ہوتی رہی۔ اُس روز امریکہ والوں میں سے صرف ۵۰ آدمی قتل ہوئے اور اسّی زخمی ہوئے اور برطانوی نقصان کی تعداد پینسٹھ[65] مقتولین، ایکسو اسّی زخمی اور اٹھائیس قیدیوں کی تھی۔ قیدیوں کے ساتھ اہل امریکہ نے نہایت عمدہ اور شریفانہ برتاؤ کیا اور گیج کو خبر کردی کہ وہ اپنے ڈاکٹروں کو اُن کے علاج کے لیئے بھیج سکتا ہے۔ لیگزنگٹن کا واقعہ جنگ کا اعلان تھا۔ لڑائی کے دوسرے دن میساچوسیٹس کے صوبہ کی کانگریس کا اجلاس ہوا اور فوج کی تعداد مقرر کی گئی۔ فوج کی تنخواہ کا معاملہ طے کیا گیا۔ کاغذ کے روپیہ کی اشاعت کی رائے پاس کی گئی۔ فوج کے لیے قواعد بنائے گئے اور یہ سب باتیں کاروباری طریقہ سے کی گئیں۔

انگلستان نو کے لوگ سب ہمخیال تھے اور متفقہ طور پر اُنھوں نے ہتھیار اُٹھائے۔ برعکس اِس کے اہل انگلستان متحیر اور غمگین تھے اور اپنے ہموطنوں کے خلاف آمادۂ جنگ تھے۔ اُن سے یہ بھی کہا گیا تھا کہ جنگ کی نوبت نہیں آئے گی۔ وہ کاہلی اور غیر ارادی حالت میں تھے۔ نیز آزادی کے حصول کے لیے اُن میں اہل امریکہ کے لیے ہمدردی موجود تھی۔ وہ کہتے تھے کہ بادشاہ آزاد وحشیوں یا ہندوستانیوں یا اہل کناڈا یا روسیوں اور جرمنوں کو مقابلہ پر بھیجے، انگریز تو اس جھگڑے میں شریک نہیں ہو سکتے۔ بادشاہ کے مشیروں کی نظر

بھی انگلستان سے باہر کی امداد پر تھی۔ اُن کو یقین تھا کہ اہل کناڈا ضرور اُن کے شریک حال ہوں گے۔ اُنھوں نے آئرلینڈ میں بھی بھرتی کرنے کی ترکیب سوچی اور وہ ہینوور، ہیسی اور روس سے بھی فوجوں کی آمد کے منتظر رہے۔

ٹکن ڈروگا اور کراؤن پوائنٹ پر قبضہ اور بنکر ہل کا ہاتھ سے نکلجانا

کنکٹی کٹ کے بعض شریف اور بہادر لوگوں نے ٹکن ڈروگا اور کراؤن پوائنٹ پر قبضہ کرنے کی تدبیریں کیں کیونکہ یہ دونوں قلعے آخر کار اہل امریکہ کے لیئے نہایت کارآمد ثابت ہوئے۔ چنانچہ کنکٹی کٹ سے بیتک ٹن کو چالیس رضا کار روانہ ہوئے۔ کرنل ایتھن ایلن مع دو سو تیس آدمیوں کے اُن کا شریک ہو گیا۔ اس کے بعد بالکل غیر متوقع طور پر کرنل بنی ڈکٹ آرنلڈ بھی آملا جس نے اس قسم کی تجویز سوچی تھی۔ وہ ایلن کا نائب بنا دیا گیا اور سپہ سالار ایلن ہی رہا۔ ایلن اور آرنلڈ علی الصباح قلعہ میں ۱۰ مئی کو داخل ہو گئے۔ تمام فوج ایک پہرہ دار کے سوا پڑی سو رہی تھی اُسنے گولی چلائی لیکن نشانہ خطا ہو گیا اور اُسنے قلعہ میں بھاگنے کی کوشش کی لیکن اہل امریکہ نے اُس کا تعاقب کیا اور ایک مربع شکل میں کھڑے ہو کر تین مرتبہ زور سے تالیاں بجائیں جس سے قلعہ کی فوج جاگ اُٹھی۔ تلوار اور سنگینوں سے کچھ لڑائی ہوئی۔ ڈی لاپلیس جو افسر تھا رات کے کپڑے پہنے ہوئے اور برجس ہاتھ میں لیے ہوئے آیا۔ اُس سے کہا گیا کہ قلعہ ہمارے حوالے کرو۔ اُسنے تعجب سے کہا "کس کے حکم سے؟" ایلن نے جواب دیا "میں خدا کے نام پر اور نیز برّاعظم کی کانگریس کی طرف سے تم سے یہہ مطالبہ کرتا ہوں"۔ اس نے مجبوراً اس حکم کی تعمیل کی۔

اِس طرح ٹکن ڈروگا پر ۱۰ مئی کی صبح کو قبضہ کر لیا گیا۔ قوم برطانیہ کو جس کے لیئے اسّی لاکھ پونڈ صرف کرنا پڑا اور بہت سی لڑائیاں لڑنی پڑیں اور جس کے لیے بہت سی جانیں ضائع کیں وہ دس منٹ میں چند بے قاعدہ سپاہیوں نے لے لیا اور نہ کوئی آدمی

قتل ہوا اور نہ کسی کے کوئی چوٹ آئی۔ اس قبضہ سے اہل امریکہ کو پچاس قیدی اور ستو سے زائد توپیں ہاتھ لگیں۔ اس کے بعد کرنل سیٹھ وارنر کو کراؤن پوائنٹ پر بھیجا گیا اور اُسنے آسانی کے ساتھ اس مقام پر قبضہ کر لیا۔ جہاں ایک سارجنٹ اور کل بارہ سپاہی تھے۔ آرنلڈ نے ایک چھوٹا جنگی جہاز بھی گرفتار کر لیا جو سینٹ جانس یعنی جھیل چمپ لین کے شمالی سرے پر کھڑا تھا۔ اس طرح اہل امریکہ نے دو اہم مقامات، توپوں اور میگزین کے بڑے ذخیرے اور جھیل جارج اور جھیل چمپ لین پر بغیر لڑے مرے قبضہ کر لیا۔

آخر مئی میں انگلستان سے ایک نئی فوج بوسٹن میں اُتری۔ جنرل گیج نے یہ اعانت پاکر سوچ سمجھکر کام شروع کیا چنانچہ بنکر ہل پر لڑائی ہوئی۔ انگریزوں کے ایک ہزار چون آدمی مارے گئے یا زخمی ہوئے اور بڑی تعداد افسروں کی ضائع ہوئی۔ اہل امریکہ کا نقصان ایک سو پچاس مقتولین اور تین سو زخمیوں اور گم شدگان کا ہوا۔ بنکر ہل کی لڑائی میں اگرچہ امریکیوں کو شکست ہوئی لیکن یہ ایک اخلاقی فتح تھی کیونکہ اس سے ظاہر ہو گیا کہ وہ باقاعدہ برطانوی فوج کے مقابلہ میں لڑ سکتے ہیں۔

دوسری کانگریس واشنگٹن انگریزوں کو بوسٹن سے نکال باہر کرتا ہے

ظاہر ہے کہ اب دوسری کانگریس کی سخت ضرورت تھی۔ لیگزنگٹن کی لڑائی سے قبل تمام نوآبادیوں نے ڈیلیگیٹ مقرر کر دیے تھے۔ چنانچہ اُس کا اجلاس بمقام فلاڈلفیا ۱۰ مئی کو ہوا اور پیٹن رینڈولف کو دوبارہ صدر بنایا گیا۔ کانگریس نے فوراً یہ ریزولیوشن پاس کیا کہ نوآبادیوں کی حفاظت کیجائے۔ اس کے بعد اُسنے یہ رائے منظور کی کہ بادشاہ باشندگان برطانیہ عظمیٰ، باشندگان کناڈا اور جمیکا کی مجلس ملّی کو عرضداشتیں روانہ کی جائیں۔ یہ کاغذات نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ تحریر کیے گئے تاکہ سب اُن کے ساتھ ہمدردی ہو۔ اس کے بعد کانگریس نے یہ ریزولیوشن منظور کیا کہ بیس ہزار

آدمی فوراً مسلح ہوجائیں۔ جارج واشنگٹن جو ورجینا کا باشندہ اور کانگریس کا ممبر تھا متحدہ نوآبادیوں کی تمام فوج کا سپہ سالار منتخب کیا گیا جو اب موجود تھی یا آئندہ بھرتی کی جائے۔ کانگریس نے فوج کے تمام بڑے محکمہ جات قائم کیے اور نوٹ جاری کردیئے جن کی ادائیگی کی ذمہ وار بارہ متحدہ نوآبادیاں قرار پائیں۔ ۱۵ جولائی کو ایک اشتہار شائع کیا گیا۔

اسی دوران میں بنکر ہل کی لڑائی کا حال تمام ملک میں اس سرے سے اُس سرے تک پھیل گیا اور تمام انگلستان نو مسلح ہوگیا۔ فوج کی کمپنیاں بہت تیزی کے ساتھ قائم کی گئیں اور تصفیہ کی کوئی اُمید نہ رہی۔ مسلح آدمیوں کے جتھے تمام اطراف سے اور دُور دراز سے آکر مقام کیمبرج پر جمع ہوگئے۔ انگلستان نو میں برطانوی افواج کو سمندر اور خشکی دونوں جگہوں پر لڑنا پڑا۔ کانگریس نے چند چھوٹے جہاز بنائے تھے جو ذخائر اور میگزین سے بھرے ہوئے جہازوں کو گرفتار کرلیتے تھے برطانیہ کے جنگی جہاز اُنکے تعاقب کیلئے روانہ کیے گئے لیکن اُنکو ناکامی ہوئی اس غصہ میں اُنھوں نے غیر محفوظ شہروں پر جو سمندر کے سواحل پر آباد تھے حملہ کردیا اور ۱۸ اکتوبر فلمتھ پر جسکو اب پورٹ لینڈ کہتے ہیں بکیتان موٹ اُترا اور شہر میں آگ لگادی لیکن اُسکے باشندے رات ہی کو جان بچاکر بھاگ گئے تھے۔

۳ جولائی کو جنرل واشنگٹن بوسٹن کی اور چند بڑے افسروں کو ہمراہ لیکر کیمبرج پہونچا جو صوبہ کی فوج کا صدر مقام تھا۔

واشنگٹن نے بوسٹن کے فوری محاصرہ کا ارادہ کیا۔ شروع میں اُسکا صرف یہ مقصد تھا کہ انگریزوں کو شہر کے اندر بند کردے۔ اگست میں اُسنے کوشش کی کہ دشمن اُس کی فوج پر حملہ کرنے کے لیے باہر آئے لیکن جب اس مقصد میں ناکامی ہوئی تو اُسنے ستمبر میں برطانوی افواج پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اُسکے افسروں نے اس تجویز پر اعتراضات کیے تو اُس نے حملہ کو ملتوی کردیا لیکن اپنے ارادہ کو بالکل ترک نہ کیا۔ اس عرصہ میں کانگریس کی طرف سے نہ اُسی کے پاس ہتھیار پہونچے، نہ بارود وغیرہ پہونچی اور نہ اُسی کے سپاہیوں کی تنخواہ آئی۔ اُسی کے افسران اور سپاہی بھی اُسکی امداد کے لیے تیار نہ تھے یہانتک کہ تعمیل احکام بھی نہ کرتے تھے اور یہ وہ بحری سپاہیوں کی امداد کے لیے جہازوں پر متعین تھے اُسی کے حکم کی پروا

کرتے تھے۔ وہ کانگریس کے صدر کو لکھتا ہے کہ "اپنے وطن کی محبت کے علاوہ بھی کوئی اور شے ہونی چاہیئے جو اُن کے جذبات کو مشتعل کرے اور وہ فوجی خدمت کے شائق ہو جائیں"۔ اُسنے اپنے ایک دوست سے کہا کہ "افسوس ہے کہ پبلک کاموں میں دلچسپی کا یہ فقدان اور عمدہ صفات کی کمی اور ایسی طمع کہ چھوٹے چھوٹے فائدہ پر نظر ہو مجھے پہلی کبھی نہ دکھائی دی اور میں دعا کرتا ہوں کہ یہ صورت حال پھر کبھی نہ دکھائی دے۔ میں انجام سے کانپتا ہوں۔ اگر میں اس حالت کا اندازہ جسکا تجربہ اب مجھے ہوا ہے یا آیندہ ہوگا پہلے سے کر لیتا تو دُنیا کی کوئی چیز مجھے سپہ سالار بننے کے لیے ترغیب نہ دے سکتی"۔ یہ حالات تھے اور یہ احساسات جبکہ سپہ سالار نے اس سال کی بڑی لڑائیاں لڑیں۔

اب امریکہ نے نہ صرف فوج ملازم رکھ لی تھی بلکہ اپنی حکومت بھی قائم کر لی تھی۔ برِ اعظم کی کانگریس نے تمام باتیں اختیار کیں فوجی، مالی اور سیاسی ضرورتیں جو کچھ پیش آتی رہیں وہ ان سب کی کارروائی کرتے رہے۔ فوج کی تنظیم برابر جاری رہی۔ بلا تنخواہ کی فوج بھی رکھنے کی کوشش کی گئی۔ ایک بحری کمیٹی بنائی گئی اور بحری طاقت اگرچہ لفظ بہت چھوٹی جماعت کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے وجود میں آگئی۔ ہسپتال بنائے گئے۔ چند کروڑ روپیہ کے نوٹ جاری کیے گئے اور ایک خزانہ کا محکمہ قائم کیا گیا۔ ڈاکخانہ کی تنظیم کی گئی۔ بعض نوآبادیوں نے اس بارہ میں مشورہ طلب کیا تھا تو اُن کو یہ صلاح دی گئی کہ وہ اپنی اپنی حکومتیں قائم کر لیں۔ ہندوستانیوں کے تعلقات کو بھی باقاعدہ بنا دیا گیا۔ ان سب اُمور سے بڑھکر یہ بات ہوئی کہ ایک کمیٹی بنائی گئی جسکو یہ کام دیا گیا کہ وہ یورپ سے خفیہ مراسلت کرے۔ مختصر یہ کہ حکومت کی جملہ خدمات کانگریس نے اپنے سر لے لیں اور تمام نوآبادیوں نے اس امر کو تسلیم کر لیا۔ اگست کے شروع میں جیو جیا نے بھی دوسری نوآبادیوں کے ساتھ ملنے کی خواہش ظاہر کی اور ان سب کی تعداد تیرہ نوآبادیوں تک پہونچ گئی۔ چودھویں نوآبادی نے بھی جو ٹرانسلوانیا میں تھی اور جس کو اب کینٹکی کہتے ہیں اس شمولی کی درخواست کی لیکن

کانگریس ایسی مملکت کے ڈیلیگیٹ کو نہیں دے سکتی تھی جس پر وہ جینا اپنا اقتدار ظاہر کرتی تھی۔ لہذا قوم اور حکومت صرف تیرہ متحدہ نوآبادیوں ہی کی رہی۔

فوجی مہمات محاصرۂ بوسٹن بکثرت واقع ہوئیں اگرچہ زیادہ وسیع نہ تھیں۔ برطانوی جماعت جو گلوسیسٹر پر اترنا چاہتی تھی اس فعل سے باز رکھی گئی۔ امریکیوں نے اس قلعہ کو جو چارلسٹن کے قریب تھا قبضہ کر لیا اور برطانیہ کے جہازات کو بندرگاہ سے باہر نکال دیا۔ نارفاک جو کچھ عرصہ تک برطانیہ کے قبضہ میں رہا بہادرانہ لڑائی کے بعد واپس لے لیا گیا۔ لیکن اسٹونگٹن، برسٹل اور فلمتھ کو جس کو اب پورٹ لینڈ کہتے ہیں گولہ باری سے نہ بچا سکے۔ امریکیوں نے اس کے جواب میں اپنے سپاہی بھیجے اور انھوں نے خلیج میساچوسٹیس میں کارنمایاں انجام دیئے اور نیز خشکی پر بھی ہر جگہ حملے کیے گئے۔ ایک مہم کناڈا کے خلاف روانہ کی گئی لیکن آنلڈ کی دغابازی سے اہل امریکہ پھر اپنی حدود کے اندر واپس آ گئے۔ امریکیوں نے جنرل مونٹگمری کی ماتحتی میں جو کوئی بیک کے حملہ میں قتل ہوا سینٹ جان اور مانٹریل پر قبضہ کر لیا۔ آخر موسم سرما میں نہایت کامیاب مہم واقع ہوئی جبکہ پندرہ سو سپاہیوں کی باقاعدہ شاہی فوج شمالی کیرولینا میں امریکیوں کی دوتہائی تعداد سے کرنل مور کی ماتحتی میں شکست کھا کر فرار ہو گئی۔ اس مہم سے یہ صوبہ ملک کے لیے محفوظ ہو گیا۔

اس تمام عرصہ تک واشنگٹن، بوسٹن کے سامنے پڑا رہا لیکن اس کی توجہ صرف وہیں تک محدود نہ تھی۔ اس کی آواز ہر طرف سنائی دیتی تھی۔ کناڈا کو روانہ کرتے ہوئے بھی، نیویارک کی گلیوں میں بھی، قومی جنگی جہازوں کے تختوں پر بھی، کمیٹیوں اور مجلسوں کے جلسوں میں بھی، صوبہ کی قانون ساز جماعتوں میں بھی اور خود کانگریس میں بھی ہر جگہ یہ بتلاتے ہوئے کہ کیا کرنا چاہیئے اور کس طرح کرنا چاہیئے۔

محاصرہ کی دقتوں میں اس امر سے اور بھی اضافہ ہو گیا کہ فوج کے بعض سپاہیوں کو علیحدہ کیا گیا کیونکہ وہ غیر معین مدت تک خدمت کرنا نہیں چاہتے تھے اور بعض کو نئے سرے

سے بھرتی کیا گیا۔ آدمیوں اور سامانِ اسلحہ کے بغیر واشنگٹن اپنی جگہ پر متانت کے ساتھ قائم رہا یہانتک کہ مہینوں کی مایوسی کے بعد ڈورشیسٹر ہائیٹس پر قبضہ کرنے کے ذرائع حاصل ہوگئے جہاں سے شہر پر حکومت کی جاسکتی تھی۔ جنرل ہو (جسکی ماتحتی میں برطانیہ افواج تھیں کیونکہ جنرل گیج کو واپس بُلایا گیا تھا) اپنی جگہ کو چھوڑنے کا عرصہ سے خیال کر رہا تھا اور اب وہ اِس مقام کو چھوڑنے کے لیے اس شرط پر آمادہ ہوگیا کہ اُسکی فوج کو دق اور تنگ نہ کیا جائیگا۔ ۱۷۔ مارچ ۱۷۷۶ء کو محاصرہ کے ساڑھے آٹھ ماہ بعد اُس کے استقلال کی فتح ہوئی۔ حقیقتاً یہ تعجب خیز کامیابی تھی جنرل واشنگٹن کی بہت شہرت ہوئی اور اُسپر سب کو اعتماد ہوگیا۔ لیکن ملک ابھی خطرہ میں تھا۔ نیویارک پر بھی حملہ کا خوف تھا اور چارلسٹن پر بھی اور تمام ساحل کھلا ہوا اور کسی حفاظت کے بغیر تھا۔

بغاوت انقلاب کی شکل میں تبدیل ہوتی ہے

۱۷۷۵ء ۱۷۷۶ء کے موسم سرما میں بہت سے قابل مصنفین امریکہ میں ملازم رکھے گئے تاکہ انگلستان سے علیحدہ کی گئی ضرورت اور عمدگی پر اور نیز نوآبادیوں میں آئینی حکومت کے قیام پر لکھیں چنانچہ ایک شخص تھامس پین نے جو ان سب میں نہایت ممتاز تھا اور انگلستان سے حال ہی میں وارد ہوا تھا ایک رسالہ عقلِ مشترک کے نام سے گمنام شائع کیا جس کا بہت بڑا اثر ہوا۔ اس رسالہ کی ایک لاکھ جلدیں بہت ہی کم عرصے میں فروخت ہوگئیں اِس مضمون پر خوب بحث ہوئی اور تقریباً ہر ممبر کانگریس کو اُسکے حلقہ انتخاب سے ہدایات دی گئیں ماہ مئی میں کانگریس نے حکم دیا کہ انگلستان کے جہازات اور مال کو بطور غنیمت (اگر موقع ملے) گرفتار کریں اور اپنے بندرگاہوں کو برطانیہ عظمیٰ کے جہازات کے خلاف بند کردیا۔ اِسکے بعد یہ خبر مشہور ہوئی کہ بیالیس ہزار سپاہی امریکہ کو مطیع و منقاد کرنے کے لیے امریکہ کو روانہ ہونگے جن میں پچیس ہزار انگریز اور سترہ ہزار اہل ہیسیا ہونگے جن کو بادشاہ کی طرف سے لڑنے کے لیے کرایہ پر لیا گیا ہے۔ ان غیر ملکی بھاڑے کے ٹٹوؤں کی تقرری سے اہلِ امریکہ کے

تن بدن میں آگ لگ گئی اور آزادی کے اعلان کی طرف طبیعت زیادہ مائل ہوگئی۔

۷ رجون ۱۷۷۶ء کو رچرڈ ہنیری لی نے جو ورجینیا کا ڈیلیگیٹ تھا یہ ریزولیوشن پیش کیا کہ نوآبادیاں آزاد اور خود مختار ہیں نہایت پرجوش اور فصیح بحث و مباحثہ ہوا۔ میساچوسٹس کا جان ایڈمس آزادی کی موافقت میں اور پین سلوانیا کا جان ڈکنسن مخالفین میں تھا۔ ڈکنسن نے اصولاً آزادی کے اعلان کی مخالفت کی اور اس لیے اس کو ممبری سے علٰحدہ کر دیا گیا۔ بعد ازاں یہ دیکھکر کہ اسکے اہل وطن گرمجوشی کے ساتھ آزادی کیلیے کوشاں ہیں، ڈکنسن ان میں شامل ہوگیا اور ۱۷۸۰ء کی کانگریس میں ایسا ہی پرجوش ممبر ثابت ہوا جیسے کہ اور ممبران تھے۔ کمیٹی میں ۸ رجون کو اس ریزولیوشن پر بحث ہوئی اور ۱۰ رجون کو یہ ریزولیوشن خفیف کثرت رائے سے منظور کیا گیا لیکن کانگریس میں اس ریزولیوشن کو یکم جولائی تک ملتوی کر دیا گیا کیونکہ بعض ممبران کو اسکی مخالفت کی ہدایت تھی اور بعض ممبران کو کوئی ہدایت ہی نہ تھی۔ اس عرصے میں کوشش کی گئی کہ تمام نوآبادیوں کی منظوری حاصل کی جائے چنانچہ مقررہ دن کو پین سلوانیا اور ڈیلاویر کے سوا تمام لوگ اس تجویز سے متفق ہوگئے۔

جس کمیٹی کو آزادی کا اعلان مرتب کرنیکے لیے ہدایت کی گئی تھی اُسنے ایک اور ماتحت کمیٹی بنائی جس میں جان ایڈمس، تھامس جیفرسن، بنجمن فرینکلن، راجر شرمان اور رابرٹ آر لونگسٹن شامل تھے۔ تھامس جیفرسن نے ایک مسودہ بنایا جسکو کمیٹی نے کانگریس کے سامنے پیش کر دیا اور وہاں کچھ ترمیمات کے بعد منظور ہوگیا۔ اس دستاویز پر کانگریس کے ہر ممبر کے دستخط ہوئے اور اس طرح تیرہ ریاستہائے متحدہ نے برطانیہ عظمٰی سے اپنا تعلق علٰحدہ کر لیا اور ایک نئی اور بڑی قوم دنیا میں پیدا ہوگئی۔ اعلان آزادی فوراً صوبجات کو روانہ کیا گیا اور فوج میں پڑھا گیا اور ہر جگہ خوشی کے نعروں سے اس کا خیر مقدم کیا گیا۔

ملکی حکومتوں کی تنظیم

جس روز اعلان آزادی تیار کرنیکے لیے کمیٹی مقرر کی گئی اسی دن دوسری اور ایک بڑی کمیٹی مقرر ہوئی کہ وہ اتحاد کی تجویز (۱۲ رجون) مرتب کرے۔ یہ تجویز اعلان آزادی کے منظور ہوجانیکے ایک ہفتہ بعد

پیش ہوی لیکن ۱۲ر جولائی تک اسپر کوئی عملدرآمد نہ کیا گیا۔ حالات بھی مساعد نہ تھے اور دفعات اتحاد و مستقل اتفاق جیسا کہ بعد ازاں اسکو کہا گیا کانگریس نے ایسا اسکے بعد ۱۵ر۔ ۱۷ر نومبر ۱۷۷۷ء کو اختیار کیں۔ تمام ریاستوں نے بہت عرصے کے بعد عمل کیا اس دوران میں کانگریس کو مرکزی طاقت حاصل رہی اور ریاستیں ہر جگہ اپنی اپنی حکومتیں قائم کرتی رہیں۔ میساچوسیٹس نے ۱۷۷۵ء کے موسم گرما میں جیسا کہ ہم ذکر کر چکے ہیں پیشقدمی کی۔ ہر ایک نے عام طور پر ایک گورنر مقرر کیا اور کسی نے اسکے ساتھ کونسل بھی رکھی اور کسی نے بغیر کونسل جملہ اختیارات انتظامیہ اسکو دیدیے قانون سازی کیلیے ایک دارالمندوبین اور ایک کونسل بنائی گئی اور عدل و انصاف کیلیے ایک جماعت ججاں مقرر کی۔ فی الواقع تمام قوم کی نسبت ریاستیں علیحدہ علیحدہ زیادہ تکمیل کے ساتھ منظم ہو گئی تھیں۔

اہل ہیسی کی آمد

اپنے آپکو آزاد کہنا ایک بات ہے اور آزاد ہو جانا بالکل دوسری بات ہے۔ اہل برطانیہ نے اعلان آزادی کو مضحکہ انگیز سمجھا۔ بہرحال ان لوگوں کی سرکوبی کیلیے بادشاہ جارج کو اس سے زیادہ فوج کی ضرورت تھی جو اب تک بھیجی گئی۔ اُسنے روس کی ملکہ کیتھرائن سے امداد طلب کی لیکن وہاں سے صاف جواب مل گیا بعد ازاں بادشاہ جارج نے ہیسی کے ڈیوک سے فوجی امداد کی خواہش کی اور اسکی اعانت سے چند ہزار آدمی کرایے پر مل گئے ان لوگوں نے اہل امریکہ پر بہت مظالم کیے لیکن انکو بھی نہایت حقارت سے دیکھا گیا اور بہت دق اور پریشان کیا گیا تیس ہزار جرمن سپاہی ہیسی اور دیگر چھوٹی چھوٹی ریاستوں سے بھیجے گئے تھے جن میں سے سات ہزار سات سو چون ۷۷۵۴ مر گئے اور چار ہزار آٹھ سو ۴۸۰۰ امریکہ میں جنگ کے بعد بس گئے

برطانویوں کو چارلسٹن سے نکال دیا گیا لیکن انھوں نے نیویارک فتح کر لیا

جنگ آزادی قدرتاً تین زمانوں پر تقسیم کی جاسکتی ہے۔ ان میں سے پہلے عہد کا حال درج ہو چکا ہے جو میساچوسیٹس کے مسلح ہونے پر اکتوبر ۱۷۷۴ء میں شروع ہوا اور بوسٹن کو حاصل کرنے پر مارچ ۱۷۷۶ء میں ختم ہوا اٹھارہ مہینے کے عرصے میں کچھ کم ایک سال تک برابر لڑائی رہی دوسرا عہد دو سال سے کچھ زائد عرصے کا تھا جو اپریل ۱۷۷۶ء سے شروع ہو کر جولائی ۱۷۷۸ء تک ختم ہوا۔ اس زمانہ کی

خصوصیات یہ تھیں کہ زیادہ تر شمال میں لڑائیاں ہوئیں اور اہل امریکہ نے اپنی لڑائیاں اتحادیوں کے بغیر لڑیں

ایک برطانوی فوج خشکی اور تری دونوں سمت سے چارلسٹن پر حملہ آور ہوئی جو جنرل کلنٹن اور امیر البحر ہارکر کی ماتحتی میں تھی۔ اہل امریکہ جو زیادہ تر رضا کار تھے جنرل لی کی ماتحتی میں لڑے۔ قلعۂ سلی وان پر حملہ کیا گیا جو بعد ازاں قلعۂ موٹلٹری کے نام سے موسوم ہوا اور جو چارلسٹن سے چند میل کے فاصلے پر تھا۔ اس قلعہ کو اس بہادری سے بچایا گیا کہ ۲۸ جون کو برطانوی فوج نے آخر کار اس مہم کو ترک کر دیا بہت دنوں تک دشمن نے اس طرف رُخ نہ کیا۔ اس عرصے میں واشنگٹن نے بوسٹن سے نیویارک کو اپنا صدر مقام منتقل کیا اور وہ متوقع دشمن کے خلاف اُسکی حفاظت کرتا رہا۔ جنرل ہو کے پاس اب چوبیس ہزار یورپ کی کارآزما فوج تھی اور روزانہ اُسے اُمید تھی کہ اور فوج آئیگی جس سے کل تعداد پچپن ہزار ہو جائیگی جیسا واشنگٹن کا خیال تھا اہل برطانیہ کا ارادہ نیویارک پر قبضہ کرنیکا تھا تاکہ وہ دریائے ہڈسن پر بھی قابو رکھ سکیں اور کناڈا سے بھی مراسلت کر سکیں۔ اور اس طرح متحدہ ریاستوں کو درمیانی ریاستوں سے علیحدہ کر دیں اور اندرون ملک جنگ کر سکیں۔ لانگ آئی لینڈ جو نیویارک کے قریب تھا اور جس میں پیشی اور غلہ بکثرت تھا فوج کیلئے سامان رسد بہم پہنچا سکتا تھا۔ موسم گرما کے خاتمے تک اہل امریکہ کی فوجیں کناڈا سے نکال دی گئی تھیں اور شمالی حد حملہ کیلئے کھلی ہوئی تھی

برطانیہ کی فوج کے ساحل پر اترنے کے بعد فوراً امیر البحر نے ایک چٹھی جارج واشنگٹن کے نام روانہ کی جس میں اُن سب کے نام معافی درج تھی جو اطاعت اختیار کریں۔ واشنگٹن نے کہا کہ میں کوئی چٹھی اپنے ملک کے دشمنوں سے نجی طور پر نہیں لے سکتا۔ اسپر چٹھی کے مکتوب الیہ کے نام کی جگہ جارج واشنگٹن وغیرہ وغیرہ وغیرہ لکھکر چٹھی روانہ کی گئی اور درخواست کی گئی کہ اس معافی کا اعلان مقامات پر کر دیا جائے۔ کانگریس نے حکم دیا کہ "ملک کے ہر اخبار میں یہ خبر مشتہر کیجائے تاکہ ہر شخص خود دیکھ لے کہ برطانیہ عظمیٰ کس قدر شرارت کے تھا انکو دھوکا دینا چاہتی ہے اور اس طرح انکو غیر مسلح بنانا منظور ہے"۔ اور یہ جواب دیا کہ "چونکہ برطانیہ کے ظلم کی مخالفت جرم نہیں ہے لہذا ہم کسی معافی کے خواستگار نہیں ہیں"۔ جب اس طرح صلح کرنیکی کوشش ناکام رہی تو اہل برطانیہ نے جنگ کو جاری رکھنے کی طرف توجہ کی۔ واشنگٹن نے یہ سمجھکر کہ دشمن نیویارک پر لانگ آئی لینڈ کی راہ سے آئیگا ایک خندق کھدوا کر نو ہزار امریکی بمقام بروک لن چھپا دیے۔ ۲۲ اگست کو انگریز لانگ آئی لینڈ کے جنوبی ساحل پر اترے اور امریکہ کے لشکر سے

صرف چار میل کے فاصلے تک بڑھے چلے گئے، ۲۰ اگست کو اہل برطانیہ خاموشی کیساتھ رات کیوقت تین مختلف سڑکوں سے امریکہ کی فوج کی طرف بڑھے کلنٹن مشرقی سڑک سے چلکر ایک اہم مقام پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہوا جو غفلت سے غیر محفوظ چھوڑ دیا گیا تھا اور صبح کی روشنی میں امریکہ کے لشکر کے سامنے آن موجود ہوا جنرل سلی وان جو اُنسے مقابلہ کیلیے ایک بڑی فوج لیکر چلا تھا اُسکی ڈویژن بھیڑ جنرل گرانٹ اور جنرل ہیسٹر سے ہوگئی اور کلنٹن جو میدان میں اسوقت تک تماشا دیکھ رہا تھا آگے بڑھا اور سلی واں کے دستہ افواج اور امریکی لشکر کے درمیان حائل ہوگیا۔ اہل امریکہ نے واپسی کی کوشش کی مگر اب ہاتھ سے موقع جاتا رہا تھا۔ انگریزوں نے ان کو ہیسٹر کے سپاہیوں کی طرف ہنکایا اور اس طرح وہ دو دشمن افواج میں گھر گئے کچھ لوگ بھاگ کر جان بچا سکے لیکن بڑا تعداد یا قتل ہوئی یا قیدی بنالی گئی یہ دن نہایت مصیبت کا تھا۔ امریکی مقتولین کی صحیح تعداد آجتک معلوم نہ ہوسکی لیکن ایک ہزار کے قریب قید کر لیے گئے انگریزوں کا نقصان صرف چار سو آدمیوں کا ہوا۔ فاتحین جنکی تعداد پندرہ ہزار تھی اہل امریکہ کی لائن کے روبرو خیمہ زن ہوے۔ قیدیوں میں جنرل سلی واں اور جنرل لارڈ اسٹرلنگ بھی تھے۔

اس شکست سے جسقدر جانوں کا نقصان ہوا اس سے بھی زیادہ اُس اثر سے ہوا جو امریکی دماغ پر مرتب ہوا۔ تذبذب اور مایوسی دامنگیر ہوگئی اور ان رسالوں نے جو مختصر زمانیکے لیے فوجی خدمت کو بلائے گئے تھے میعاد ختم ہونے پر ترک خدمت شروع کردی اور بعض صورتوں میں میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی فوج سے علیحدگی اختیار کرلی۔

بیشک یہ واقعہ ہے کہ واشنگٹن نے جسنے نپولین کی طرح برطانویوں کو ایک محصور بندرگاہ سے تشریف ہی میں نکالدیا تھا نپولین کیطرح اپنی پہلی معرکہ آرائی میں ایسی شکست کھائی کہ وہ بالکل تباہ ہونیسے اور غالباً گرفتار یا قتل ہونے سے صرف کمر کے تعجب خیز نمود ہونیسے بچگیا جسنے سست رفتار دشمن کو ڈھانا دیا اور وہ تیز رفتار اور چوڑے چکلے دریا کو عبور کر گیا اہل امریکہ فوج کی صرف ناتجربہ کاری سے اپنے کو تشفی دیسکتے ہیں جبکہ وہ دیکھتے ہیں کہ وہ کسقدر جلد انکے آبا و اجداد نے اکثر اس مقصد کو فراموش کردیا کہ "آزادی یا موت" اور آخر الذکر سے بچنے کو جو آگے تھی اول الذکر کی تلاش پر ترجیح دی جو پیچھے تھی۔ جسقدر ناتجربہ کار بیقاعدہ اور بے ترتیب اور کمزور فوج کا خیال کیا جاتا ہے جو واشنگٹن کی ماتحتی میں تھی اُسیقدر ہمکو یہ احساس ہوتا جاتا ہے کہ وہ کس قدر اول درجے کا فوجی دماغ رکھتا تھا۔

نیویارک میں سپاہیوں کی ایک خاصی تعداد چھوڑکر واشنگٹن نے ۱۲ ستمبر کو اپنا صدر مقام ہارلم کی چوٹیوں پر منتقل کردیا

جو شہر سے سات میل اور پر تھیں برطانیہ کا بیڑہ نیو یارک کے ہر طرف گھومنے لگا جسکے اندر نیو یارک واقع ہے تو یہیں نصب کیگئیں اور جبکہ امریکیوں کی توجہ جہاز رکنی کی طرف بٹ گئی تو ایک فوج مقام لونگ ڈیلینڈ پر جو شہر سے پانچ میل کے فاصلہ پر تھا اور امریکی لشکر صرف دو میل پر تھا اُتار دیگئی اگرچہ اس موقع پر امریکی فوج متعین کیگئی تھی تاکہ برطانوی فوج ساحل پر نہ اتر سکے لیکن انگریزوں کی سرعت اور تیزی دیکھ کر وہ اسقدر خوفزدہ ہوئی کہ اُسنے ایک گولی بھی نہ چلائی اور راہ فرار اختیار کی۔ اور ایسا ہی انگلستان نیو کے دو رسالوں نے کیا جو واشنگٹن کیساتھ تھے اور وہ وہاں موقع کو دیکھنے کیلیے گیا تھا۔ واشنگٹن کو اسکے چند نوکروں کے سوا اس طرح غیر محفوظ چھوڑ کر جو دشمن سے اسّی قدم کے فاصلے پر تھا یہ لوگ بھاگ گئے تو وہ ان کے اس کمینہ اور بزدلانہ فعل سے اسقدر متاثر ہوا کہ وہ چلا اٹھا "کیا یہی لوگ ہیں جنکے بھروسے پر مجھے امریکہ کی حفاظت کرنی ہے!" اسکے نوکروں نے گھوڑے کی باگ پھیر دی اور میدان سے اُسے جلد نکال لائے۔ دوسرے دن ایک مختصر سی لڑائی ہارلم پر ہوئی امریکیوں نے ایک حد تک اپنے اس گذشتہ فعل کی تلافی کی اگرچہ اس معرکہ میں دو قابل ذکر افسروں کی جان جاتی رہی۔

نیو یارک کے فادار لوگوں نے فوج برطانیہ کا بیحد خوشی کیساتھ خیر مقدم کیا۔ چند نوں کے بعد شہر میں ایک شب کو آگ لگ گئی جس سے سب سے بڑی گرجا اور شہر کا تقریباً ایک تہائی حصہ جلکر خاک سیاہ ہوگیا۔ اس مصیبت کو آزادی کے بچوں کے سر تھوپا گیا جن میں سے چند اشخاص کو برطانوی سپاہیوں نے شہر میں گرفتار کرکے آگ کے شعلوں کی نذر کر دیا لیکن واقعہ یہ ہے کہ آگ اتفاق سے لگ گئی تھی۔ ہارلم پر امریکہ کے لشکر میں سخت مردنی اور مایوسی چھائی ہوئی تھی۔ وہاں مناسب شفاخانے نہ تھے بیمار کھلیان اور چھپروں کے نیچے پڑے ہوئے تھے بلکہ کھلے میدان میں دیواروں اور احاطوں کے اندر ڈال دیے گئے تھے۔ فوج کی تعداد خدمت کی مقررہ میعاد کے ختم ہونے اور بلا میعاد بھی فرار ہونے سے روز بروز کم ہوتی جارہی تھی بھرتی کیلیے میسڈوا اور جارجیا کے انعام کا وعدہ کیا گیا لیکن نتائج دلشکن ثابت ہوے۔ ۲۸ اکتوبر کو ایک مختصر لڑائی سفید میدانوں پر واقع ہوئی جسکا نتیجہ امریکیوں کے خلاف ہوا۔ اسکے بعد واشنگٹن نے ناردھ کاسل کی بلندیوں پر جو زیادہ مستحکم مقام تھا جاکر پناہ لی۔

واشنگٹن جرسی کو عبور کرنے کے لیے مجبور کیا گیا

واشنگٹن کا تعاقب چھوڑ کر ہونے اپنی توجہ دریائے ہڈسن کے ان مقامات کیطرف مبذول کی جہاں امریکی فوجیں مقیم تھیں تاکہ وہ نیو جرسی میں داخل ہو۔ اس ارادہ کی خبر پاکر واشنگٹن نے اپنی فوج کیساتھ دریائے ہڈسن کو عبور کیا اور جرسی کے قلعہ آلی پر

جا بلا۔ قلعہ واشنگٹن پر ایک مضبوط برطانوی فوج نے سخت حملہ کیا۔ کرنل میگانے نو سو بلکہ کیا اور حملہ آوروں کے چار سو آدمی مارے گئے لیکن انھوں نے بیرونی حفاظتی سامان پر قبضہ کرلیا اور جو ہی برطانوی قلعے کے اندر داخل ہوے تو قلعہ کی فوج جس کی تعداد دو ہزار تھی خوفزدہ ہو کر کسی مقابلہ کے بغیر مع بڑے سامان توپ و تفنگ کے برطانویوں کے قبضے میں آگئی اسکے دو روز بعد لارڈ کارنوالس نے چھ سو آدمیوں کو لیکر دریائے ہڈسن کو قلعہ لی کے سامنے سے عبور کیا جو برطانوی قبضے میں فوجی ذخائر اور سامان کے ساتھ آگیا تھا شومی قسمت نوزائد اپنا منہ دکھاتی رہی خوف اور بے اطمینانی پھیل گئی۔ واشنگٹن اور اسکی ہر روز کم ہونیوالی فوج ایک جگہ سے دوسری جگہ فرار ہوتی چلی گئی۔ نیویارک کی مجلس اپنی نشست ایک مقام سے دوسرے مقام کو بدلتی رہی۔ ممبران اکثر ہتھیار لیکر بیٹھتے تھے تاکہ شمن کے چھاپہ مارنیسے محفوظ رہیں۔ اور لطف یہ ہوا کہ قدامت پرست لوگ برطانویوں کی امداد کیلیے کھڑے ہو گئے۔ لہذا بہت سے مشتبہ قدامت پرست اشخاص گرفتار کر لیے گئے، انکی جایدادیں ضبط کیگئیں اور انکو کٹ میں انھیں بند کر دیا گیا۔ جیلخانے پُر ہو گئے اور گرجائیں بھی جن سے جیلخانوں کا کام لیا جاتا تھا بھر گئیں۔ بہت سے لوگ پہرے پر لگا دیے گئے۔ ان پنجہ تجاویز سے اصل مقصد حاصل ہو گیا۔ قدامت پرست لوگ اس طاقت کے سامنے جسکی مخالفت کے لیے وہ پورے طور پر تیار نہ تھے سر تسلیم خم کرنیکے لیے مجبور ہو گئے اور برطانویوں سے عملی موالات کو کسی آئندہ مناسب وقت کیلیے ملتوی کر دیا۔

نومبر کے آخری دن امریکہ کی فوج کی تعداد کل تین ہزار تھی اور موسم سرما کے شروع ہو جانے پر سپاہیوں کی طرف واپس ہو رہی تھی۔ اُسکے پاس خیمے تھے نہ کمبل تھے نہ خندق کھودنیکے اوزار تھے اور کپڑے بھی کافی نہ تھے۔ مستقبل نہایت یاس کن تھا نیوارک، نیو برنزوک، پرسٹن اور ٹرینٹن یہ تمام شہر جو نیو جرسی میں تھے برطانویوں کے قبضہ میں تھے۔ آخر کار واشنگٹن نے ۸ دسمبر کو دریائے ڈیلاویر سے عبور کیا اور اب یہی صرف ایک رکنے تھی جو انگریزوں اور فلڈلفیا کے درمیان حائل تھی۔

اس دوران میں امریکیوں کی مصیبت کا خاتمہ نہیں ہوا تھا۔ جنرل لی جو حوصلہ مند اور متکبر تھا اور جو اپنے فوجی تجربہ کو سپہ سالار سے زائد سمجھتا تھا بجاے اسکے کہ دریائے ہڈسن کو جلد پار کر کے اصل فوج سے جا کر ملتا جیسا کہ واشنگٹن نے اس سے نہایت عاجزی کیساتھ التجا کی تھی اس چکر میں رہا کہ کوئی شاندار اور خود مختارانہ کامیابی حاصل کرے جس سے انگریز اور امریکی دونوں متحیر ہو جائیں اور اُسکی شہرت غیر فانی ہو جائے۔ لہذا وہ نیو جرسی کی پہاڑیوں میں اِدھر اُدھر وقت گزارتا رہا اور جبکہ وہ ایک رات کو ایک مکان میں اپنی فوج سے کچھ فاصلہ پر چند آدمیوں کی حفاظت میں پڑا سو رہا تھا تو ایک برطانوی سالہ کے چند آدمیوں نے یکایک حملہ کیا اور اسکو گرفتار کر کے نیویارک بھیجدیا۔ اُسکی فوج کی سرداری جنرل سٹی وال کو ملگئی اور وہ کسی تاخیر کے بغیر

فوراً واشنگٹن سے جا ملا جس کی طاقت اب سات ہزار آدمیوں کی ہوگئی تھی۔

اسی روز جس روز کہ واشنگٹن نے دریائے ڈیلاویر کو عبور کیا ایک برطانوی سالار نیویارک سے سر پیٹر پارکر کی ماتحتی میں نیوپورٹ پر پہنچا اور رہوڈ آئی لینڈ پر اس طرح قابض ہوگیا۔ یہ مقام انگلستانِ نو میں دوسرا بڑا شہر تھا۔ امریکہ کا ارسالہ کمودور ہاپکنس کی ماتحتی میں دریائے پروویڈنس میں گھر گیا جہاں یہ بہت عرصے تک بیکار پڑا رہا۔

واشنگٹن کو مختار جرنل بنا دیا گیا۔ ٹرینٹن اور پرنسٹن پر فتح

کانگریس جو اس وقت فلاڈلفیا میں تھی ہالی فیکس کو منتقل ہوگئی اور واشنگٹن کو چھ ماہ کیواسطے لامحدود اختیارات دیدیے اسکو یہ بھی اختیار دیا گیا کہ اسکو اپنی فوج کیلیے جس چیز کی ضرورت ہو وہ اپنے نام سے لیلے اور ایسے سب لوگوں کو گرفتار کرکے قید خانہ میں بھیجدے جو اعظم کے روپے لینے سے انکار کریں۔ کاغذ کے روپے کے بکثرت اجرا سے یہ اور نئی مصیبت پیدا ہوگئی تھی۔ اس طرح واشنگٹن کے ہاتھ میں تمام طاقت دیدیگئی تھی اور وہ اسکا اہل ثابت ہوا۔ بڑا دن قریب تھا اور امریکیوں کے دماغ پر مایوسی اور تاریکی مستولی تھی جبکہ واشنگٹن نے مستعد ہوکر اپنا کارنامہ شروع کیا وہ اس بات سے آگاہ تھا کہ لشکر طانیہ میں موسمی خیال ضرور منائی جائیگی پس اُسنے اس وقت سے فائدہ اٹھاکر غیر متوقع حملہ کرنیکا ارادہ کیا۔ اور ہاں ہیسیا کو جو ٹرینٹن میں تھے اپنا ہدف بنایا۔ بڑے دن کی شام کو وہ دو ہزار چار سو چیدہ اشخاص اور چھ توپیں لیکر دریائے ڈیلاویر کو ٹرینٹن کے نیچے نو میل کے فاصلہ پر عبور کرکے روانہ ہو۔ اور دونو جیں جنرل کاڈوالاڈر اور جنرل آرونگ کی ماتحتی میں اُسی وقت دوسرے مقامات پر دریا کو پار کرنیکے لیے چھوڑ گیا۔ دریا برف کے تیرتے ہوئے ٹکڑوں سے پُر تھا اور بڑی دقت اور دشواری سے چار بجے صبح کو دریا کو پار کیا گیا (یہاں اور وادی فوج میں تقریباً برہنہ پا افواج امریکہ نے برف پر قدموں کے رنگین نشانات چھوڑے) سخت برف باری میں واشنگٹن کی فوج ٹرینٹن کیطرف بڑھی لیکن دوسری فوجیں جو جنرل کاڈوالاڈر اور جنرل آرونگ کی ماتحتی میں تھیں دریا کو بالکل عبور نہ کرسکیں جب واشنگٹن ٹرینٹن پر پہنچا تو آٹھ بجے تھے۔ وہاں جیسکی اُسکو توقع تھی ہاں ہیسی جو رات کی عیاشی کے بعد پڑے سو رہے تھے آسانی کیساتھ فوری حملہ کے شکار ہوگئے۔ انکا کمانڈر کرنل رال قتل ہوا اور انکا توپخانہ انکے ہاتھ آگیا اور نو سو اٹھارہ قیدی گرفتار ہوئے۔ کل فوج میں سے تیس آدمیوں کے سوا جو مر گئے تھے گرفتار ہوگئی اور امریکیوں میں سے صرف دو آدمی مارے گئے۔ ایک آدمی برف باری سے مر گیا اور چند اشخاص زخمی ہوئے جن میں لفٹننٹ جیمس مرسر بھی تھا جو بعد ازاں ریاستہائے متحدہ کا صدر بنا یا گیا۔ طانیوں کی کسی حرکت کا انتظار کیے بغیر جنکی فوج کی تعداد امریکیوں سے بہت زیادہ تھی واشنگٹن فلاڈلفیا میں فاتحانہ شان سے اپنے قیدیوں کو لے کر داخل ہوا۔

اس غیر متوقع اور شاندار کامیابی نے ایک فوری ردعمل پیدا کر دیا۔ بہت سے رسالے جنکی میعاد معینہ ختم ہونیوالی تھی مزید چھ ہفتے تک فوجی خدمت کے لیے راضی ہوگئے اور رضاکاروں کی فوج قریب قریب جوار کے صوبوں سے کوچ کر کے آن پہنچی۔ برطانویوں پر بھی اسکا اثر کم تعجب خیز نہوا۔ جنرل ہو ایسی سردی میں اُس دشمن سے جسکو وہ تقریباً مردہ سمجھتا تھا کسی ایسے کارنمایاں کے انجام پانے پر سخت متعجب ہوا اور اُسنے لارڈ کارنوالس کو روک لیا جو اُسیوقت انگلستان روانہ ہونیوالا تھا۔ اور اُسے نئی فوج دیکر نیویارک بھیجا تاکہ اُس مقام کو جو ہاتھ سے جاتا رہا تھا دوبارہ حاصل کرے۔ واشنگٹن اس اثنا میں یہ جانکر کہ جو فائدہ اُسنے حاصل کیا تھا اُسکو قایم رکھنے کی کسقدر اہمیت ہے ٹرینٹن پر اپنے آپکو مضبوط بنالیا۔ ۲۰ جنوری ۱۷۷۷ء کو لارڈ کارنوالس آٹھ ہزار آدمیوں کے ساتھ جو فوج برطانیہ کے نقیب تھے اُسکے قریب پہنچا واشنگٹن جانتا تھا کہ اُسکی اپنی جگہ بہت خطرناک ہے۔ لڑائی کیلیے انتظار کرنے میں سخت خطرہ تھا کیونکہ اُسکے پاس صرف پانچ ہزار آدمی تھے جن میں سے زیادہ تر رضاکار تھے اور لڑائی کیلیے بالکل نئے تھے، اُنکا مقابلہ ان لوگوں سے جو منظم اور تعداد میں بھی زیادہ تھے کیا ہو سکتا تھا دریائے ڈیلاور کو جو برف کے اور زیادہ مکڑوں سے پر ہوگئی تھی دو بار عبور کرنا بھی سادہ خطرناک تھا جبکہ دشمن تعاقب میں ہو۔ لہذا اُسنے بڑی دانشمندی اور شجاعت سے ایک بہادرانہ تجویز سوچی جسپر اُسنے سادی جرأت اور فراست کے ساتھ عمل کیا۔ اُسنے سوچا کہ دشمن کے عقب بمقام پرنسٹن حملہ کیا جائے اور اگر موقع ہو تو اُسکے توپخانے اور ساز و سامان پر قبضہ کر لیا جائے۔ پس اُسنے اپنے لشکر کے الاؤ کو خوب روشن کیا اور اپنے بھاری سامان کو خاموشی کیساتھ برلنگٹن روانہ کر دیا اور ان لوگوں کو وہیں چھوڑ دیا جو خندقیں کھودنے کے کام میں مصروف تھے اور جنکی آوازیں دشمن کے کانوں میں پہنچ رہی تھیں اور خود اپنی فوج لیکر نصف شب کے وقت پرنسٹن کیطرف روانہ ہوگیا جہاں تین رجمنٹیں برطانیوں نے راتگزاری تھی جن میں سے دو جو کارنوالس سے ملنے کیلیے کوچ کر رہے تھے امریکیوں سے دوچار ہوے اور سورج نکلنے کے وقت انپر حملہ ہوگیا۔ برطانویوں کا ایک رسالہ نیو برنزوک کو فرار ہوگیا۔ باقی لوگ مجتمع ہو کر ٹرینٹن کی طرف روانہ ہوگئے۔ چار سو برطانوی قتل اور زخمی ہوے۔ البتہ امریکیوں کا نقصان کسی قدر کم ہوا۔

علی الصباح لارڈ کارنوالس امریکیوں کا ویران پڑاؤ دیکھا اور پرنسٹن پر توپوں کے گولوں کی آواز سُنی تو واشنگٹن کی عیاری کا پتہ چل گیا اور وہ پرنسٹن پر اُسوقت پہنچا جبکہ امریکی وہانسے چلنے والے تھے۔ واشنگٹن پھر بڑے خطرہ میں تھا۔ ہلڈریتھ لکھتا ہے کہ اُسکی فوج تھکی ماندی تھی۔ سب کے سب ایکے اوپر ایکے جاگے ہوے تھے اور بعض نے اس سے بھی زیادہ عرصہ بیداری میں صرف کیا تھا بعضوں کے پاس کمبل تھا بعض برہنہ پا تھے اور سب کے سب باریک کپڑے پہنے ہوے تھے"۔ ان حالات میں نیو برنزوک پر حملہ کا خیال ترک کر دیا گیا اور واشنگٹن مارسٹاؤن جو موسم سرما کی خطوط بھی تھی روانہ ہوگیا۔ وہ وہاں موسم بہار تک رہا اور پھر جس راستہ سے آیا تھا عمدہ طریقے سے دوبارہ قابض ہوگیا

انگریزی مورخ ہنٹکن لکھتا ہے کہ "نیو جرسی کے کاشتکاروں پر دوسرے اسباب کا قوی اثر پڑا۔ برطانیہ کے انسروں نے بڑا نہ کی یا کم از کم اُن عیاشوں کو نہ روکا جو انکی فوج میں پیدا ہوگئی۔ اُس بات کے باشندے جو فخر کرتے تھے کہ وہ انگلستان سے بنگلیر ہوے۔ انکے ساتھ دوستوں کی طرح برتاؤ نہیں کیا گیا بلکہ انکو مفتوح دشمن سمجھا گیا۔ سپاہی ہر قسم کی زیادتی کے مرتکب ہوے اور یہ بدعنوانی صرف مال ہی لوٹ تک محدود نہ رہی۔ باشندوں کی ہر طرح سے تحقیر کیگئی اور اسمیں وہ حملے بھی شامل ہیں جو عورتوں کی عصمت دری کیلیے کیے گئے اور جنکو پاکباز لوگوں نے نہایت تکلیف کیساتھ برداشت کیا اور شریف لوگوں کو جان جوکھوں میں ڈالکر مقابلے کیلیے آمادہ کردیا ان حملوں سے متجاوز بدعنوانیوں نے نیو جرسی کے باشندوں کو اُس فوج کے اخراج کیلیے کھڑا کردیا جسکی اطاعت انھوں نے اس توقع پر کہ انکے جان و مال کی حفاظت کیجائیگی بخوشی کی تھی۔ امریکی فوج کی کامیابی کی صبح صادق پر انھوں نے بھی چھوٹے چھوٹے جرگے بنائے اور اپنے حملہ آوروں کی مخالفت پر آمادہ ہوگئے۔ اُنھوں نے ملک کے ہر حصے میں پھرنا شروع کیا اور جہاں کہیں کوئی سپاہی فوج سے علحدہ ملا اُسے قتل کردیا اور اکثر صورتوں میں دشمن کی سامان رسد بہم کرنے والی جماعتوں کو مار کر پیچھے ہٹا دیا"۔

بلڈریتھ کہتا ہے کہ "جرسی کی دوبارہ واپسی شکست خوردہ فوج کے ٹکڑوں سے جو ابھی ابھی تباہی کے قریب تھی واشنگٹن کیلیے ایک بڑی شہرت کا باعث ہوئی نہ صرف اُسکے وطن ہی میں بلکہ یورپ میں بھی جہاں لڑائی کی رفتار بہت دلچسپی کیساتھ مطالعہ کیجارہی تھی اور جہاں نیو آرک کے مصیبت زدہ نقصان اور جرسی کی پناہ گزینی سے یہ خیال ہوگیا تھا کہ امریکہ اپنی آزادی برقرار نہ رکھ سکیگا۔ جرسی کی واپسی نے ردعمل کا کام کیا۔ امریکی جنرل کو فیبس سے تشبیہ دیگئی جسکی دوبارہ شجاعت نے اپنے ملک کے بہت کام آئی اگرچہ ہاکنس اور اسکا رسالہ پر دوسری مہمیں میں قید پڑا تھا لیکن جہازوں کی لوٹ خصوصاً انگلستان نو کے جہازوں سے ایک بڑی حد تک برابر جاری رہی۔ برطانیہ کے جہازات سے جو غرب الہند سے انگلستان کو روانہ ہوتے تھے بہت مال غنیمت ہاتھ آتا تھا اور جو سال بھی ختم ہوا تھا اس میں کم از کم تین سو برطانوی جہازات گرفتار ہوچکے تھے فرانس اسپین اور ہالینڈ سے خصوصاً جو اُن غرب الہند کی بندرگاہوں سے تجارت کھلگئی تھی اور اگرچہ اسمیں بہت خطرہ تھا تاہم یہ امریکہ کی بڑی تجارت کی کامیاب ابتدا تھی اور تیرہ ستاروں اور لائنوں کا قومی جھنڈا جیسا کہ کانگریس نے مقرر کردیا تھا اب اس بحری خدمت میں پہلی ہی مرتبہ نصب ہوا۔ یورپ کی کوئی قوم اس جنگ کی رفتار کو فرانس سے زیادہ بغور ملاحظہ نہیں کررہی تھی جو اب تک اپنے امریکہ کے متعلقات کی گشتدگی پر ماتم کررہی تھی لہذا اس مال غنیمت کی فرانس کے بندرگاہوں میں بہت جلد قیمت اُٹھ جاتی تھی اور مسلح فرانسیسی جہازات جو امریکہ کے زیر فرانس تھے بڑی شدت کیساتھ تیار کیے جاتے تھے بہت سے فرانسیسی رضاکار جن میں سے ڈیلافیٹ نہایت ممتاز ہے اپنی مال و دولت کو خطرہ میں ڈالکر امریکہ کی آزادی کیلیے

لڑنے کو چلے گئے۔ لافیٹی نے اپنے صرفے سے ایک جہاز تیار کیا اور ۱۷۷۷ء کے موسم بہار میں امریکہ پہنچ گیا۔ وہ فوراً واشنگٹن کی فوج میں ایک رضاکار کی حیثیت سے داخل ہو گیا اور اُسنے اپنی خدمات کیلئے کسی قسم کا معاوضہ لینے سے انکار کر دیا لیکن کانگریس نے جلد اسے میجر جنرل بنا دیا

جب ۱۷۷۸ء کا موسم بہار شروع ہوا تو اسوقت تک متعدد چھوٹے حملے اور جوابی حملے وقوع پذیر ہو چکے تھے اگرچہ اصل لشکر اسوقت تک بیکار ہی پڑا تھا۔ ٹرائین جو نیویارک کا سابق گورنر تھا دو ہزار آدمی لیکر کنکٹی کٹ میں اترا اور ڈینبری جو اندرون ملک ایک شہر ہے وہاں پہنچا۔ شہر کو آگ لگا دی اور بہت سے ظالمانہ افعال کیے وہ اسی تیزی سے واپس ہوا جس سرعت سے وہ آیا تھا لیکن آرنلڈ اور وڈسٹر نے رضاکاروں کی ایک جماعت کے سردار بنکر جو فوراً جمع کی گئی تھی اسکا تعاقب کیا۔ ٹرائن تقریباً تین سو آدمی قتل، زخمی اور گرفتار چھوڑ کر فرار ہو گیا اور کانگریس نے آرنلڈ کی شجاعت کے معاوضہ میں ایک مکمل آراستہ گھوڑا اسکی نذر کیا اور اسے میجر جنرل بنا دیا۔ امریکہ کی ایک مختصر جماعت کرنل میگس کی ماتحتی میں لانگ آئی لینڈ پر اتری جسنے بارہ تجارتی جہازوں کو تباہ کر دیا اور ملحاد رجارہ کی بہت مقدار جو بندرگاہ ساگ پر جمع کیگئی تھی اپنے تبضہ میں کر لی اور نوے آدمی قید کر کے کسی نقصان کے بغیر واپس چلی گئی۔ اہل امریکہ کی ایک اور چھوٹی کامیابی بھی قابل تحریر ہے۔ جنرل پرسکاٹ نیو پورٹ میں متعین تھا جو جزیرہ رہوڈ میں ہے اس نے آرنلڈ کی گرفتاری کیلئے انعام کا اعلان کیا جسپر آرنلڈ نے بھی اُسکے جواب میں پرسکاٹ کی گرفتاری کیلئے اس سے نصف انعام دینے کا وعدہ کیا۔ چالیس آدمیوں کی ایک جماعت کرنل بارٹن کی ماتحتی میں اُسکو غائب کرنیکے ارادہ سے روانہ ہوئی جزیرے پر راستہ کیوقت اتری۔ اسکے مکان میں داخل ہوئی اور جنرل کو بستر سے اٹھا کر چمپت ہو گئی اتنک امریکیوں نے اپنے جنرل کی کافی نہیں ادا کیا تھا جو قریب قریب اسی طریقے سے غائب کر دیا گیا تھا لہذا دونوں افسروں کو فوراً بدل لیا گیا۔

جنگ سیرالیوگا

بعض لوگ جنگ سیرالیوگا کو دنیا کی پندرہ فیصلہ کن لڑائیوں میں شمار کرتے ہیں جنرل شوار کو اب عام طور پر اس جنگ کا فاتح سمجھا جاتا ہے اگرچہ وہ اسکے خاتمہ پر وہاں موجود نہ تھا لیکن یہ شوار ہی تھا جسنے ایک دستہ فوج سے سخت مخالفتوں کے باوجود لڑائی سے باز رہنے کی صحیح حکمت عملی کو برقرار رکھا اور برطانویوں کو اس سڑک پر لاڈالا جسپر اُسنے داحمی اور ابدی دشواریاں پیدا کر دیں اور انکے ذخائر ختم کرا دیے فوج کی اخلاقی حالت گر گئی اور جب انکو مدد ملسکتی تھی تو اُسوقت انکو گھیر لیا۔ اس مہم کا تمام نقشہ اسکے ذہن میں تھا اور بعد کی نسلیں اس کو ضرور تعریف کا مستحق سمجھتی ہیں۔

اگرچہ گیٹس نے شولر کے کام کو خاتمے پر پہونچا دینے سے عارضی شہرت حاصل کرلی لیکن بعد ازاں اُسنے دنیا پر ظاہر کردیا کہ وہ بڑی مہم کے سرانجام دینے کیلئے کسقدر ناموزوں تھا البتہ پہلے پہل شولر کو پبلک کی بیجا نکتہ چینیوں اور نامہربانیوں کو برداشت کرنا پڑا جبکہ برگیان کی ناقابل تسخیر فوج کی پہلی کامیابیوں سے اسکو سابقہ پڑا۔ وہ اور اُسکے افسران سخت بزدلی کے ملزم قرار دیے گئے۔ اور جان ایڈمس نے کہا کہ "تا وقتیکہ ہم کسی جنرل کو گولی نہ مار دیں ہم ہرگز ایک قلعہ کی بھی حفاظت نہیں کرسکتے"۔ پس گیٹس کو اُسکی جگہ مقرر کیا گیا جہاں وہ اسقدر تاخیر کیساتھ پہنچا کہ اب شولر کی ترکیب کا کوئی جزو باقی ہی نہ رہا تھا۔ اس جنگ کے واقعات حسب ذیل ہیں۔

برگیان نے اپنی فوج اور اپنے اتحادیوں کو دریاے بوکٹ کے قریب جو جھیل چیمپلین کے جانب غرب ہے جمع کیا پھر اُسنے ۱۴ جون ۱۷۷۷ء کو اپنے سُرخ اتحادیوں کو ایک جنگ میں شریک ہونیکی دعوت دی ٹکن ڈروگا جھیلوں کے سِتے میں واقع تھا اور اس مورچہ کی گویا کنجی تھا جو برگیان اختیار کرنا چاہتا تھا۔ برگیان نے نہایت ہوشیاری سے اُسکا محاصرہ کیا اور امریکہ کے جنرل سینٹ کلیر نے جسکے پاس صرف تین ہزار آدمیوں کی خراب و خستہ فوج تھی اُسکو وہ رجولائی کو خالی کردیا یہ ظاہر ہے کہ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو اُسکی تمام فوج یا تباہ ہوجاتی یا گرفتار ہوجاتی۔ جب اُسکے ہموطنوں نے ٹکن ڈروگا کو چھوڑنیکا الزام اُسپر عائد کیا تو سینٹ کلیر نے کیا خوب جواب دیا کہ "اُسنے ضرور ایک مقام کو کھویا لیکن ایک صوبہ کو بچالیا" برگیان کی فوج نے بھاگتے ہوے امریکیوں کا تعاقب کیا اور انکی توپوں اور فوجی ذخائر کے بڑے حصّے کو چھین لیا۔

برطانوی جنوب کی طرف بڑی دقت کیساتھ بڑھے۔ یہ حصۂ ملک نالوں اور دلدلوں سے پر تھا اور دشمن نے درخت گراکر اور دوسری رکاوٹیں پیدا کرکے قلعۂ ایڈورڈ کا رستہ جو دریاے ہڈسن پر تھا اور تخت گاہ تھا ہر قسم کی خوبیں انکے سامنے برابر پیچھے ہٹتی چلی گئیں۔ ان واقعات نے اہل امریکہ میں قدرتاً نہایت تعجب اور خوف پیدا کیا۔ انگلستان نو کی مقامی حکومتوں اور نیز کانگریس نے استقلال اور قوت کیساتھ دشمن کو ہٹانیکی تدبیریں کیں چنانچہ جنرل گیٹس کو سپہ سالار بنکر سر اُنکو بھیجا گیا اور وانشنگٹن نے آرنلڈ کو اُسکی ماتحتی میں بھیجا اور اصل امریکی لشکر سے کچھ افواج بھی بطور امداد بھیجیں۔

جب برگیان نے کناڈا کو خیرباد کہا تو جنرل سینٹ لیجر کو جھیل اونٹریو کے پاس اسٹین وِکس کے خلاف جسپر اہل امریکہ قابض تھے متعین کیا۔ سینٹ لیجر آرسکینی کی لڑائی موقوعہ ۶ اگست ۱۷۷۷ء کے بعد جس میں امریکی سردار ہرکیمر مہلک طور پر زخمی ہوا، واپسی کیلئے مجبور ہوا اور اپنے خیموں اور ذخائر کی بڑی تعداد قلعہ کی افواج کے قبضہ میں چھوڑ چلدیا

اُسیوقت جبکہ برگیان کو اس ناکامی کی اطلاع ملی اُسنے اس سے زیادہ وحشت ناک کرنل بام کی شکست کی خبر بمقام بینگٹن سُنی جہاں برگیاں نے انکو بارود وغیرہ لانیکے لیے بھیجا تھا اور جسکی اُسکو ضرورت تھی اہل امریکہ نے جان اسٹارک کی ماتحتی میں بہت سے حملونکے بعد اس فوج کو شکست دی جو جنگلوں میں اپنے سردار کو مہلک طور پر زخمی چھوڑ کر بھاگ گئی۔ اسکے بعد انھوں نے لفٹنٹ کرنل برمین کے پانسو آدمیوں کے خلاف کوچ کیا جو بہادرانہ مقابلہ کرنیکے بعد آخر کار اصل فوج کی طرف کوچ کرنیکے لیے مجبور ہوا۔ برطانیہ کا نقصان ان دونوں لڑائیوں میں تقریباً چھ سو جانوں کا ہوا اور امریکہ کے شاہی وفاداروں کی ایک جماعت جو برطانوی فوج میں شامل ہونیکے لیے جارہی تھی اور کرنل بام سے جا ملی تھی اسکے ساتھ فنا ہوگئی۔ ان شکستوں کے باوجود برگیان اپنے ارادہ سے باز نہ آیا حالانکہ ان سے امریکہ کی افواج کی تعداد میں اضافہ ہوگیا تھا اور وہ حوصلہ مند ہنگئے تھے۔ اُسنے تیس روز تک سخت جانفشانی سے ذخائر جمع کیے اور دریائے ہڈسن کو شہتیروں کے پل سے پار کیا۔ اور اُسکے مغربی کنارہ پر تھوڑی دور چلکر ۱۳ ستمبر کو وہ سیراٹوگا کی بلندیوں پر خیمہ زن ہوا۔ یہ مقام البنی سے سولہ میل کے فاصلہ پر تھا۔ اہل امریکہ اور پیچھے ہٹ گئے تھے اور اب مضبوط مقام یعنی ہیس کی چوٹیوں پر سٹل واٹر کے قریب سیراٹوگا اور البنی کے تقریباً وسط میں تھے۔ یہاں انھوں نے اور پیچھے نہ ہٹنے کا مصمم ارادہ ظاہر کیا۔

۱۹ ستمبر کو ایک سخت لڑائی ہوئی جس میں انگریزوں کا میسر خود برگیان کی ماتحتی میں تھا اور دشمن کی قوی جماعت گیٹس اور آرنلڈ کے ماتحت تھی۔ اہل برطانیہ میدان کے مالک بنے رہے لیکن نقصان دونوں طرف تقریباً برابر رہا (پانسو سے لیکر چھ سو تک) مگر برگیان نے اپنے ذخائر کا غلط اندازہ کیا تھا اور اکتوبر کے شروع میں اُسکو سخت مصیبت کا سامنا ہوا ہندوستانیوں اور اہل کناڈا نے اُسکو چھوڑ کر بھاگنا شروع کر دیا۔ اسکے برعکس گیٹس کی فوج رضاکار ونکی نئی جماعتوں سے روز افزوں ہوتی گئی۔

۷ اکتوبر کو کلنٹن نے کامیابی کے ساتھ دو امریکی قلعونکے خلاف ایک مہم سر کی۔ جو دریائے ہڈسن تک پہنچنے میں اسکے سدِ راہ تھی۔ اُسنے امریکیوں کے سخت مقابلہ کرنے اور نقصان اٹھانیکے باوجود قلعوں پر قبضہ کر لیا۔ اُسنے اُن بیڑہ کو بھی تباہ کر دیا جو اہل امریکہ دریائے ہڈسن پر تعمیر کر رہے تھے۔ اب سب کچھ اس بات پر منحصر تھا کہ برگیان کی ماتحتی میں جو فوج ۷ اکتوبر ۱۷۷۷ء کے قابلِ یادگار دن کو امریکیوں کے خلاف میدان میں بڑھی تھی اُسکا کیا انجام ہوتا ہے لیکن جونہی برطانیہ کی فوج نے قدم بڑھایا امریکہ کے جنرل نے قابلِ تعریف فرست سے جنرل پوٹنام اور جنرل لینوارڈ کو حکم دیا کہ میسرہ پر

فوری اور سخت حملہ کرو اور اسیوقت کرنل مارگن کو اُنکے اہل والوں اور دوسری فوجوں کے ساتھ جنکی تعداد پندرہ سو تھی انگریزوں کے میمنہ پر حملہ کرنیکے لیے بھیجا۔ انگریزی توپیں کبھی لے لگیں اور کبھی چھن گئیں آرنلڈ نے خود نہایت خطرناک شجاعت کا اظہار کیا اور انگریزی صفوں میں ایکدفعہ سے زائد دست بدست لڑا۔ برطانیہ کی جانب جنرل فریزر مہلک طریقے پر زخمی ہو کر گر پڑا۔ اب برگیان کی تمام فوج مجبور ہو کر اپنے خیموں کی طرف ہٹی اہل امریکہ نے اپنی کامیابی کو جاری رکھتے ہوئے چند مقامات پر نہایت چابکدستی کیساتھ حملہ کر دیا اور سامان خیمے توپیں اور بارود وغیرہ کا ذخیرہ چھین لیا جسکی انکو بیحد ضرورت تھی۔ اب برگیان نے سیراٹوگا کے قریب قیام کیا اور ہر طرف دشمن سے محصور ہو کر جس نے اب مقابلہ کرنا چھوڑ دیا تھا اور صرف اسی کے راہ فرار تلاش کرنیکی کوشش کو بیکار کر رہا تھا وہ وہاں بند پڑا رہا یہاں تک کہ خورد و نوش کے سامان کی کمی نے اُسے صلح کیلیے مجبور کیا۔ ۷ اکتوبر کو سیراٹوگا کی صلح پر عملدرآمد ہوا پانچ ہزار سات سو نوے آدمی قیدی ہوئے برطانوی جرمنی، اہل کناڈا کی تعداد چار ہزار نو سو اسی تھی جو مارے گئے یا زخمی ہوئے یا گرفتار ہوئے یا ہم کو چھوڑ کر بھاگ گئے جبکہ برطانوی سیراٹوگا واپس آئے۔

واشنگٹن کو دو لڑائیوں اور دارالسلطنت کا نقصان ہوتا ہے

کانوے سازش

اہل امریکہ خصوصاً شمالی ریاستوں کی مسرت قریب قریب حد و د سے متجاوز ہو گئی تھی اور جیسی کی توقع کیجا سکتی ہے گیٹس کی فوجی شہرت بہت ہو گئی تھی بلکہ کچھ عرصے تک واشنگٹن کی درخشانی شہرت بھی ماند پڑ گئی تھی کیونکہ جب اُسی کے ہاتھ سے فلے ڈلفیا نکل گیا جسکا ذکر ہم آیندہ کرینگے تو اسکا تمام برطانوی لشکر کی اطاعت سے مقابلہ کیا جانے لگا۔ جب برگیان کے لشکر کی اطاعت کا حال معلوم ہو گیا تو برطانوی فوج نے جو کمن ڈرو گا میں تھی قلعہ کو مسمار کر دیا اور کناڈا کو واپس چلی گئی کلنٹن نے ٹرایان اور اسکی فوج کو یہ خبر پاتے ہی دریائے ہڈسن کے قلعوں کو برباد کر دیا۔ اور ہرکان کو جہاں تک اُس کی رسائی ہوئی جلا دیا اور ہر ممکن نقصان پہنچایا۔ اِس کے بعد وہ نیویارک واپس چلا گیا؛

برطانیہ عظمیٰ کی اصل فوج وہی تھی جس سے واشنگٹن کو نیو جرسی اور اسکے قرب و جوار میں سابقہ پڑا۔ برطانوی جنرل اپنے ارادوں کے بہت تشکک کے بعد آخرکار نورًا خلیج چیسا پیک میں ظاہر ہوا اور وہاں اتر کر فلیڈلفیا کے خلاف (۲۵ اگست) اُسنے قدم بڑھایا۔ واشنگٹن نے فورًا اپنی کل فوج سے جو تقریباً گیارہ ہزار تھی دشمن کی رفتار کو روکنا چاہا

زیادہ تعداد کے مقابلے کے باوجود (کیونکہ دشمن سترہ ہزار تھے) واشنگٹن نے فلے ڈلفیا کی وجہ سے لڑنا پسند کیا۔ بہت سی چھوٹی چھوٹی لڑائیوں کے بعد ایک عام لڑائی دریائے برینڈوائن پر ہوئی جسمیں برگوئن کو شکست ہوئی (۱۱ ستمبر) اور ایک ہزار آدمیوں کا نقصان ہوا لیکن وہ اسقدر جوش سے بھرے ہوئے تھے کہ اسکے بعد ہی فوراً دوسری لڑائی کیلیے تیار ہو گئے مگر ایک بڑے طوفان کے آجانیسے یہ لڑائی نہو سکی۔ اسکے بعد واشنگٹن اندرون ملک کی طرف چلا گیا اور ہونے فلے ڈلفیا پر ۲۶ ستمبر کو قبضہ کر لیا۔ واشنگٹن ابتک شہر سے دست بردار ہونا نہیں چاہتا تھا لہذا اُسنے جرمن ٹاؤن کے مقام پر برطانیہ کی اصل فوج پر حملہ کیا جبکہ وہ وہاں خیمہ انداز تھی منتج ہونے ہی کو تھی کہ سخت کُہر کی وجہ سے امریکیوں میں خوف پیدا ہو گیا اور وہ ایکہزار آدمیوں کے نقصان سے پیچھے ہٹ گئے۔ اب فلے ڈلفیا کو واپس لینے کی کوئی اُمید باقی نہ رہی تھی۔ برگیان کی شکست اور فلے ڈلفیا کے نقصان کے مقابلہ نے پیسالار کی ملامت کے لیے اب سامان بہم پہونچا دیا

اس سال کی ایک اور مہم کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ کپتان ویکنز جو جہاز ریپرزل کا تھا جزائر غرب الہند میں امتیاز حاصل کرکے ۱۷۷۷ء کے موسم سرما میں فرانس پہنچا۔ خلیج بسکے میں جہاز ذکی لوٹ مار سے ہمت افزائی حاصل کرکے ویکنز آئرلینڈ کے گرد چکر لگانے کیلیے تیار ہو گیا۔ جہاز لیگر نگٹن اور جہاز ڈالفن کو ہمراہ لیکر جہاز ریپرزل نے آئرلینڈ اور انگلستان کے سمندروں کو انکے تجارتی جہازوں سے خالی کر دیا۔ لیکن امریکہ کی مراجعت پر جہاز لیگر نگٹن گرفتار ہو گیا اور جہاز ریپرزل بہادر ویکنز اور اُسکے ہمراہیوں کو لیکر نیوفاؤنڈلینڈ کے ساحل پر غرقاب ہو گیا۔

لافیٹی نے واشنگٹن کو سال کے آخر میں لکھا کہ میں یہ واضح طور پر دیکھتا ہوں کہ امریکہ اپنی مدافعت کر سکتا ہے اگر صحیح تجاویز پر عمل پیرا ہو لیکن مجھکو خوف ہے کہ یہ خود اپنے ہاتھوں اور اپنے باشندوں کی وجہ سے ہلاک ہو جائے گا جب میں یورپ میں تھا تو مجھے یہ خیال تھا کہ ہر شخص آزادی کا دلدادہ ہے اور موت کو غلام ہونے پر ترجیح دیتا ہے آپ میرے اس تعجب کا اندازہ کر سکتے ہیں جبکہ میں نے یہ دیکھا کہ قدامت پرستی اور روشن خیالی دونوں ساتھ ساتھ موجود ہیں"۔ واشنگٹن نے جواب میں لکھا "مجھکو ایسی بڑی جنگ میں یہ توقع نہ رکھنی چاہیے کہ ہمیشہ کامیابیاں ہمارے ہی لیے ہیں" یہ غمگین شکایات اور یہ خوش کن جواب ایک سازش کے متعلق ہے جو واشنگٹن کے خلاف اسکو سپہ سالاری سے معزول کرنیکے بارے میں تھی۔ جنرل گیٹس اور جنرل مفلن جو جنگ کی کمیٹی کے ممبر تھے مع کانوے کے جو آئرلینڈ کا باشندہ تھا اور یہاں جنرل تھا کہ سازش کے سرگروہ تھے جسکو پوشیدہ طور پر کانگریس کے بعض ممبران بھی امداد دے رہے تھے اگر انکی یہ واہیات

سازش کامیاب ہوجاتی اگر انکی گمنام چٹھیاں جو انتظامی افسروں کو بھیجی گئی تھیں اور انکی خفیہ اپیلیں جو فوجی آدمیوں سے کیگئی تھیں برآور ہوجاتیں تو واشنگٹن کی جگہ گیٹس یا لی کو مقرر کیا جاتا۔ یہ معلوم نہیں کسکو؟ کیونکہ دونوں برطانوی پیدائش تھے جن میں خود غرضی شرافت سے بہت زیادہ تھی اور تصنع طاقت سے بہت زیادہ تھا گیٹس کو جسکا حال ہم آیندہ پڑھینگے تمام شکستوں سے بڑھکر شکست ہوئی۔ لی نے نہایت شرمناک واپسی اختیار کی۔ خدا کا شکر ہے کہ خوش قسمتی سے اس قوم کے وہ سردار نہ بنائے گئے انکی سازش کھلگئی لیکن افسوس ہے کہ انکو کوئی سزا نہ دیگئی وہ واشنگٹن کی طرح اپنے خطابات پر بدستور قائم رہے

وادی فورج اور فرانسیسی اتحاد

گزشتہ بارہ ماہ کے تجربے سے واشنگٹن اپنے سپاہیوں پر زیادہ اعتماد کرنے لگا تھا۔ وہ انکی عمدہ صفات، انکے جوش انکے استقلال اور انکی وفاداری سے آگاہ ہوگیا تھا۔ فلے ڈلفیا کے نقصان کے بعد جو موسم سرما آیا وہ اپنے ساتھ نہایت سیر حاصل مصیبتیں لایا اور جس طریقے سے ان تکالیف کو برداشت کیا گیا اُسنے سپہ سالار اور اُسکی فوج میں ایک نیا تعلق پیدا کردیا کانگریس کے حسد و رقابت کے خلاف اسنے اپنی فوج کی تکالیف کو ایکمرتبہ بہطرح پیش کیا۔ "اصلیت سے ذرا بھی نہ ہٹکر اور کسی مبالغہ کے بغیر یہ کہا جاسکتا ہے کہ موجودہ تاریخ میں کسی فوج نے مصیبت کو اسطرح برداشت نہیں کیا جسطرح کہ ہماری فوج نے سختیوں کو جھیلا ہے اور اپنے صبر و استقلال کو برقرار رکھا ہے۔ آدمیوں کو کپڑوں کے بغیر اپنی ہتھیار چھپاتے ہوئے کمبل کے بغیر بستر جاتے ہوئے جوتوں کے بغیر چلتے ہوئے اور اکثر قریب قریب بھوکوں مرتے ہوئے اور بڑے دن کو اپنے موسم سرما کی چھاؤنی میں کسی مکان یا جھونپڑی کے بغیر رہتے ہوئے اور دشمن سے صرف ایکدن کے فاصلے پر اور شکایت کئے بغیر حکم کی تعمیل کرتے ہوئے دیکھنا اس صبر اور اطاعت کا ثبوت ہے جسکی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ہے"۔ یہ حال جو بہت شجاعانہ اور دردناک ہے وادی فورج سے لکھکر بھیجا گیا تھا

بہرحال امکا فیل کیسا ہی خود غرضانہ کیوں نہو اگر فرانسیسی امریکیوں کی مدد کرتے انکو روپیہ نہ دیتے اور سپاہی اور جہازات بہم نہ پہنچاتے تو یہ مشکل تھا کہ امریکہ اپنی اس عظیم جدوجہد میں کامیاب ہوجاتے جس میں سات سال صرف ہوئے جب نواباد دنیا کی نظریں پست ہو رہی تھیں تو ایسی ہی خوشی و بہجت کی خبر آئی جیسی برگیان کی شکست سے مسرت ہوئی تھی کہ تمام نوآبادیان از سر نو زندگی کے آثار محسوس کرنے لگیں۔ بہت گفت و شنید کے بعد فرانس اور ریاستہائے متحدہ کے درمیان (۳۰ جنوری نہایت فروری ۱۷۷۸ء) ایک صلحنامہ ہوا جس کی تصدیق ۵ مئی کو ہوگئی۔ اس خبر سے انگلستان میں امریکہ کی خوشی کی نسبت زیادہ خوف اور مایوسی طاری ہوئی۔

برطانیہ فلے ڈلفیا خالی کرتا ہے، جنگ منتما تعداد فرانسیسی امداد

تین برس تک برطانیہ کی افواج نے باغیوں کا مقابلہ کیا تھا۔ انکے قبضہ میں نیویارک نیوپورٹ، فلے ڈلفیا خلیج ڈیلاویر اور خلیج چیسپیک کے جنوبی کنارے تھے اسکے سوا کچھ نہ تھا۔ اور یہ بھی ظاہر ہوتا تھا کہ اسکے سوا کچھ اور ہو بھی نہیں سکتا اندرون ملک اگر ناقابل تسخیر نہ تھا تو اُسکا فتح کرنا دشوار ضرور تھا۔ اب تصان کو دیکھیے بیس ہزار سپاہی سیکڑوں جہازات کروڑوں روپیہ اور اس نوآبادی کی تجارت کا ذکر ہی کیا جو کبھی قیمتی تھی اور اب بیکار تھی وزارت کو یہ خیال ہوا ہوگا کہ اپنی نوآبادیوں کو جنگ کے علاوہ کسی اور ذریعہ سے دوبارہ حاصل کیا جائے خصوصاً جبکہ فرانسیسی اس میں حصہ لینے والے ہیں لہذا لارڈ نارتھ نے پارلیمنٹ کے روبرو ایک مسودہ قانون پیش کیا جس میں امریکہ پر ٹیکس لگانیکے مقصد سے دست برداری دیگئی اور دوسرا مسودہ قانون یہ پیش کیا کہ کمشنر مقرر کیے جائیں جو آپس میں صلح کرادیں (۱۷ فروری) یہ قوانین پاس ہوگئے اور تین کمشنر مقرر کیے گئے جو فوجی اور بحری افسروں سے مشورہ لیکر ریاستہائے متحدہ کی اطاعت حاصل کریں۔ انکی تجاویز پر کانگریس نے یہ جواب دیا کہ جب تک ہماری قوم کی آزادی تسلیم نہیں کی جائے گی ہم کسی قسم کی صلح نہیں کرسکتے۔

سر ہنری کلنٹن نے جواب برطانوی سپہ سالار افواج تھا فرانسیسوں کے میدان میں ظاہر ہونیسے پیشتر اپنی فوج کو ایک مرکز پر جمع کرنا چاہا لہذا اُسنے فلے ڈلفیا کو بتاریخ ۱۸ جون خالی کردیا۔ واشنگٹن فوراً اُسکے تعاقب میں روانہ ہوا اور چند دنوں میں اُسکو جالیا۔ اُسنے جنرل لی کو حکم دیا جو مقدمۃ الجیش کا افسر تھا کہ صبح کو حملہ کرے۔ لی نے بجائے اس کے واپسی شروع کردی حالانکہ لافیٹی نے بہت کچھ مخالفت کی لیکن واشنگٹن وقت پر آپہونچا اور اُسنے اُس فوج کے پیچھے ہٹنے کو روکدیا جو لی کی ماتحتی میں تھی اور اپنی فوج کی پیشقدمی کو جاری رکھا ورنہ تمام فوج برباد ہوجاتی اُسنے صف آرائی کی اور منمتھ کے میدان میں ۲۸ جون کو برطانویوں کو شکست دی۔ وہ رات کو غائب ہوگئے اور نیویارک پہنچے۔ جہاں معلوم ہوا کہ انکو اتنا نقصان لڑائی سے نہیں پہنچا تھا جتنا کہ اس بات سے کہ سپاہی ساتھ چھوڑکر بھاگ گئے۔ واشنگٹن نے لی کو بزدلی پر سخت ملامت کی۔ اس پر لی نے واشنگٹن کو ایک خفگی آمیز چٹھی بھیجی چنانچہ فوجی عدالت نے اُس کو بارہ ماہ کیلئے معطل کردیا بعدازاں اس نے ایک گستاخانہ چٹھی کانگریس کو بھیجی اور اسپر اس کو موقوف کردیا گیا

مغرب کی جانب ۱۷۷۸ء تک چھوٹی چھوٹی لڑائیاں ہوتی رہیں اسکے بعد سر جارج راجرس کلارک نے باقاعدہ مہمات شروع کردیں۔ ۴ جولائی کو اُسنے کاس کیسیا پر قبضہ کرلیا۔ پھر چرچ کیا گاؤں جو دریا سے ساٹھ میل پر تھا اُنکے قبضہ میں آگیا

دن سینیر جہاں انگریزوں کی بڑی چھاؤنی تھی وہ بھی فتح ہوگئی لیکن جنوری ۱۷۷۹ء میں ایک انگریزی افسر نے اسے دوبارہ فتح کرلیا۔ کلارک اُس طرف روانہ ہوا اور ۱۸ فروری ۱۷۷۹ء کو وہاں پہنچا اور ۲۰ فروری دن سینیر پر پھر قابض ہوگیا

تیسرا اور آخری زمانہ جنگ جولائی ۱۷۷۸ء سے جنوری ۱۷۸۱ء تک ساڑھے پانچ برس کا تھا اسکی خصوصیات

فرانسیسیوں اور امریکیوں کا اتحاد اور جنوبی ریاستوں کا زیادہ اہم مہمات کا مرکز بننا تھا۔ فرانس کا پہلا سفیر جو ریاستہائے متحدہ میں موسیو گرارڈ آیا تو اپنے ساتھ جہازات کا بیڑہ اور جہازات بھی لایا لیکن جہاز بڑے تھے اور وہ چھوٹے دریاؤں کے اندر جاکر امریکیوں کو مدد نہیں دیسکتے تھے اور فرانسیسی فوج اُسوقت پہنچی جبکہ برطانوی فوج نیویارک میں سب طرف سے آنکر جمع ہوچکی تھی

واشنگٹن کی ہمت پست کی جاتی ہے

واشنگٹن ۱۷۷۸ء کے آخر میں لکھتا ہے کہ "امریکہ کے مفاد عامہ راکھ کے ڈھیر کے تلے دبے ہوے ہیں اور ناقابل تلافی طریقے پر برباد ہونیوالے ہیں اگر مجھسے کہا جاتا کہ موجودہ حالت کا نقشہ کھینچدو تو میں مختصر طور پر اسطرح بیان کرتا کہ سستی، عدم توجہی اور ظلم و زیادتی نے ہم سب پر قابو پالیا ہے اور قمار بازی، خیالی پلاؤ اور دولت کی ہوس نے ہر ایک دوسرے خیال پر قبضہ کرلیا ہے اور ہر قسم کے آدمی ان باتوں میں مبتلا ہیں فرقہ بندی اور ذاتی مناقشات نے رواج پالیا ہے اور ایک سلطنت کے اہم معاملات ایک بڑا قرضہ جو روز بروز بڑھتا جارہا ہے اور آمدنی کی حالت خراب ہورہی اور ساکھ جاتی رہی ہے جسکی وجہ سے ہر چیز کی کمی محسوس ہوتی ہے ان باتوں کو دوسرے درجے پر رکھا جاتا ہے اور ایک دن سے دوسرے دن کو اور ایک ہفتے سے دوسرے ہفتے کو ملتوی کیا جاتا ہے گویا ہمارے معاملات نہایت عمدہ حالت میں ہیں یہ ظاہر کرنیکے بعد اسکے کہنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ یہ بالکل صحیح نقشہ ہے اور مجھکو بیحد فکر دامنگیر ہے اور میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ میرے ہموطن جلد اس موقع کے لیے تیار ہوجائیں"

بحری طاقت

اہل برطانیہ کو جانب جنوب اور جانب شمال کچھ کامیابیاں ضرور حاصل ہوئیں جنکا تفصیل سے ذکر کرنا ضروری نہیں ہے البتہ یہ کہنا مناسب ہے کہ فرانسیسی بیڑے کی امداد سے اہل امریکہ نے برطانوی جہازات کو سخت نقصانات پہنچائے یہ واقعہ ہے کہ ستر ہزار آدمیوں سے زائد اہل امریکہ اپنے دشمن سے سمندر پر لڑے برخلاف اسکے جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں ایکوقت میں کبھی امریکہ کے ستر ہزار آدمی بری فوج میں شامل نہوے۔ انگریزی تجارت کو جو نقصان ان جہازوں نے پہونچایا

اُسکا اندازہ کسی طرح نہیں کیا جاسکتا ۱۷۷۸ء میں انگریزوں کی بحری طاقت یعنی افسروں اور سپاہیوں کی تعداد ستاسی ہزار تھی امریکہ کے آدمیوں کی بھی اسقدر تعداد تھی بلکہ بحر ظلمات میں اہل امریکہ انگریزوں سے زائد معلوم ہوتے تھے ۱۷۷۸ء کے بحری معرکہ میں جو فرانسیسیوں سے ہوا انگریزوں کے بیس جہاز غارت ہوگئے تھے دسمبر ۱۷۷۵ء میں کانگریس نے ایزیکیل ہاپکینس کو پہلا امیر البحر مقرر کیا تھا۔ اُسکے ماتحت افسران نے اور خود اُسنے بہت سے بحری معرکوں میں جوہر مردانگی دکھائے۔ انھوں نے انگلستان کے شمالی مغربی کنارہ کو اور اسکاٹلینڈ کے جنوبی کنارہ کو متواتر خوفزدہ رکھا۔ اور بہت سے جنگی جہازات سے لڑکر اُن کو ڈبو دیا۔

مالی مشکلات

کاغذ کے روپیے کی بیوقعتی ایک اور فکر اور مصیبت کا سبب ہوگئی ۱۷۷۸ء کے آخر میں ایک نقد ڈالر چالیس ڈالر کے نوٹ کے معاوضہ میں مشکل سے ملسکتا تھا۔ لیکن نوٹ کی قیمت گھٹتی بڑھتی رہتی تھی۔ لہذا کچھ ایسے آدمیوں کی جماعت پیدا ہوگئی جنھوں نے اس کاغذ کے روپیے پر سٹا کھیلنا شروع کیا اور بیحد دولت جمع کرلی۔ قوم اور ایماندار آدمی مفلس ہوگئے لیکن یہ حالت اور بھی بدتر ہوجاتی اگر فلپ ڈینیا کا رابرٹ مارس نہوتا۔ مثلاً اُسنے انیکنزر بانسو پیپر ڈالر روزانہ بچائے اور انسے تین ہزار دو سو ستر سپاہیوں کی خوراک مہیا کی۔ اگرچہ وہ دنیا کی تاریخ میں بہترین افسران مال میں سے تھا لیکن واشنگٹن کیطرح اُسکی بھی مخالفت کیگئی جسکا نتیجہ ہوا کہ جنگ کے بعد وہ اپنے ذاتی معاملات کو درست نہ کرسکا اور دیوالیہ ہوگیا افسوس ہے کہ وہ بہت غریب ہوکر مرا۔

جنوب میں ناکامیاں، گیٹس کیمڈن پر

جون ۱۷۷۹ء میں سپین بھی جنگ میں شامل ہوگیا۔ اُسنے فرانس اور انگلستان میں مصالحت کرانی چاہی لیکن جب اُسمے ناکامی ہوئی تو وہ بھی فرانس کے شامل حال ہوگیا۔ اگرچہ اُسکو ریاستہائے متحدہ سے کوئی ہمدردی نہ تھی لیکن برطانیہ کے خلاف اُسکا کھڑا ہوجانا ہی ریاستہائے متحدہ کیلیے ایک بڑی مدد تھی ۱۷۸۰ء میں کلنٹن نے جو سپہ سالار افواج برطانیہ تھا چارلسٹن پر حملہ کیا حالانکہ پہلے دو مرتبہ وہاں ناکامی ہوچکی تھی لیکن ۱۲ مئی کو یہ قلعہ فتح ہوگیا اور تین مہمات لارڈ کارنوالس کی ماتحتی میں بقیہ حصۂ ملک کو محکوم و منقسح بنانیکے لیے روانہ کیگئیں۔ جنوبی کیرولینا اسس قدر تباہ حال ہوگیا تھا کہ اب کلنٹن خود نیویارک واپس آگیا اور لارڈ کارنوالس کو فتوحات جاری رکھنے کیلیے چھوڑ آیا۔ لیکن جنوبی کیرولینا کی باقاعدہ فوج کبھی کبھی انگریزی چھاؤنی پر چھاپے مارتی رہتی تھی گیٹس اس امید پر جنوبی کیرولینا میں داخل ہوا کہ شاید وہ اسکو دشمن سے دوبارہ حاصل کرلے اور اتفاق سے کیمڈن کے مقام پر لارڈ کارنوالس سے

اسکی مڈھ بھیڑ ہوگئی اور اگرچہ اُسکے آدمیوں کی تعداد زیادہ تھی لیکن اسکو شکست ہوئی۔ گیٹس کی شہرت جو شوار کے عمدہ کام سے فائدہ اٹھا کر حاصل ہوئی تھی اب ہمیشہ کیلئے کھڈن کے مقام پر شکست کھا کر فنا ہوگئی۔ اُسپر بزدلی اور نالائقی کا الزام لگایا گیا لیکن اسکے جانشین نتھنیل گرین نے اس کی حمایت کی اور اس کی کوئی مزید تحقیقات نہیں کی گئی۔

آرنلڈ کی دغابازی ویسٹ پوائنٹ پر (سنہ ۱۷۸۰ء)

جانب شمال امریکہ کے معاملات پر نہایت مایوسی چھائی ہوئی تھی دغابازی کی ایک تجویز جو خود امریکی لشکر میں نشو و نما پا رہی تھی ظاہر ہوگئی اور ملک پر یہ بجلی کی طرح گری۔ ستمبر میں ایک سازش کیگئی تھی کہ ویسٹ پوائنٹ کا اہم قلعہ اور ہائی لینڈس کے دیگر مقامات دشمن کے قبضہ میں دیدیے جائیں۔ دغاباز بھی آرنلڈ کے سوا اور کوئی نہ تھا۔ وہ نہایت شاندار افسر اور امریکہ کی فوج میں نہایت معزز تھا۔ آرنلڈ اگرچہ سپاہیانہ حیثیت سے عمدہ صفات کا حصہ دار تھا لیکن اُس نے اکثر موقعوں پر دیانت کی کمی اور دوسروں کے حقوق سے بے پروائی ظاہر کی تھی۔ باوجود اس کے اُسکی شجاعت اور اس کی شاندار کامیابیاں اُسکے عیوب پر پردہ ڈالتی رہتی تھیں اور وہ فلڈلفیا میں فوج کا بڑا افسر ہوگیا تھا وہاں اس کے طرز عمل سے بہت کچھ بے اطمینانی پیدا ہوگئی تھی وہ فضول خرچی کا عادی تھا اور اسی وجہ سے کانگریس نے بھی مداخلت کی۔ اور واشنگٹن سے کہا کہ وہ اُسکو ہدایت کردے۔ اُسکے قرضوں اور مالی مشکلات نے اسے ہمیشہ آمادہ کیا کہ فرانس کے سفیر سے قرضہ حاصل کرے لیکن وہ ناکام رہا۔ انہیں وجوہات سے اُسنے سر ہنری کلنٹن سے خط و کتابت شروع کی۔ ویسٹ پوائنٹ کی نہایت اہم اور مضبوط چھاؤنی مع اپنی قریبی جوار کی چھاؤنیوں کے اب جنرل آرنلڈ کے قبضہ میں تھی اور امریکہ کے کل لشکر کا ایک بازو اُسکے ہمراہ تھا۔ کسی برطانوی معتمد کا اُسنے سے ملاقات ضروری تھی پس میجر آنڈری اس کام کیلئے مقرر ہوا۔ اس تجویز کا تھا کہ یہ تھا کہ آرنلڈ اپنی فوج کو اس طرح تقسیم کردے کہ سر ہنری کلنٹن چھاپہ مار کر مضبوط مقامات اور توپوں پر قبضہ کرلے اور آرنلڈ اپنی فوج کو اسطرح اُسکے ہاتھ میں دیدے کہ یا تو وہ ہتھیار ڈالدیں یا وہ قتل کردیے جائیں۔ چنانچہ یہ خیال کیا گیا تھا کہ فیصل ناقابل علاج ثابت ہوگا۔ برطانیہ کا چھوٹا جنگی جہاز ورچر نامی میجر آنڈری کو لیکر دریائے ہڈسن پر پہنچا۔ آرنلڈ نے شام ہوتے ہی ایک کشتی بھیجی جو آنڈری کو کنارے پر لے آئی اور دریا کے مغربی کنارے پر اُسکو اتار دیا جو امریکہ کی فوج کے قریب تھا اور جہاں آرنلڈ اُسکا منتظر تھا اس دوران میں ورچر پر امریکہ کے گولہ انداز دنکی نظر پڑگئی لہذا اُسنے اپنی جگہ کو بدل دیا۔ دوسرے دن آنڈری معمولی لباس پہنکر اور آرنلڈ سے جان آنڈرسن کے نام سے پاس لیکر گھوڑے پر سوار ہوگیا اور اسمتھ کو رہنما بنا کر ساتھ لیگیا بہت سے محافظوں

اور چوکیوں کے باوجود وہ لشکر سمیت بخیر گزر گیا۔ وہ اب ایک ضلع سے جو جزیرہ یارک سے تیس میل کے فاصلے پر تھا گذر نیوالا تھا جب وہ ڈیری ٹاؤن میں پہنچا تو اُسکو تین نوجوانوں نے روک لیا جو مویشی اور مسافروں کی دیکھ بھال کر رہے تھے۔ اینڈری اس قسم کی روک ٹوک کیلئے تیار نہ تھا اور اُسنے اپنے گرفتار کرنیوالوں کو بہت سے روپے کا لالچ دیا، ایک قیمتی گھڑی دینے کا وعدہ کیا یا جو چیز وہ طلب کریں بشرطیکہ وہ اُسے نیویارک جانے دیں انھوں نے اِن بات کو نامنظور کیا اور اُسکی تلاشی لی۔ اُسکے جوتوں میں مشتبہ کاغذات پائے گئے لہذا اُسکو کرنل جیمی سن کے روبرو لیگئے جو اُسوقت وہانکا فوجی افسر تھا۔ اگرچہ یہ کاغذات آرنلڈ کے لکھے ہوئے تھے تاہم جیمی سن نے باور نہ کیا کہ اُسکا افسر غبار ہے بس اُسنے ڈاک کے ذریعہ سے ان کاغذات کو واشنگٹن کے پاس بھیجدیا جو ہارٹ فورڈ میں تھا اور آرنلڈ کو اطلاع دیدی کہ اس طرح ایک شخص قید کیا گیا اور اُسکے پروانہ راہداری اور دیگر کاغذات کو جو نہایت مشتبہ ہیں اور اُسکے قبضہ میں پائے گئے حاصل کر لیا گیا۔ واشنگٹن کے ایڈیکانگ آرنلڈ کیساتھ کھانا کھا رہے تھے جب جیمی سن کی چٹھی پہنچی آرنلڈ یہ بہانہ کرکے کہ دریا کے دوسری جانب قلعہ کو دیکھنے کی فوری ضرورت ہو دسترخوان سے اُٹھا اپنی بیوی کو بالاخانے پر بلایا اور اس سے اتنا کافی حال کہدیا کہ وہ غش کھاکر گر پڑی اور وہ ایک ین کسے ہوئے گھوڑے پر سوار ہوکر دریا کی جانب چلا گیا۔ وہاں ایک کشتی پر سوار ہوا اور قلعونسے رومال ہلاتا ہوا گویا یہ جھنڈی کا اشارہ تھا گذر گیا اور اپنے کشتیبان سے کہا کہ وہ کشتی کو دوسرے جہاز کی طرف لیچلے۔ اینڈری سن سے افسر فوج کی ایک جماعت نے سوالات کیے اور اُسکے خود اظہار پر اُسکو جاسوس قرار دیا گیا اور اُسکو فوری موت کی سزا دیگئی۔ سر ہنری کلینٹن نے بے انتہا کوشش کی کہ اُسکو موت کے پنجے سے چھڑا لیا جائے لیکن ناکامی ہوئی۔ اُسکو ۲ اکتوبر کو پھانسی دیگئی۔ آرنلڈ کو دس ہزار پونڈ انعام ملا اور برطانیہ کی فوج میں بریگیڈیر جنرل مقرر کیا گیا۔

جنرل گرین کی طبّاعی

امریکہ کی تاریخ میں گیٹس بے وقار اور آرنلڈ ہمیشہ کیلئے بدنام ہو چکا تھا اس لیے یہ ضروری تھا کہ کوئی نیا ذہین شخص واشنگٹن کی امداد کیلئے کھڑا ہو، اگر سب سے اہم کام جو واشنگٹن نے اپنے سر پر لے رکھا تھا درجہ تکمیل کو پہنچانا تھا۔ ضرورت اور آدمی دونوں ساتھ ساتھ پیدا ہوئے۔ جنرل نتھنیل گرین جو گیٹس سے کام لینے کیلئے بھیجا گیا تھا وہ شخص تھا جسکی ملک کو ضرورت تھی۔ اُسنے دیکھا کہ ملک اور لوگوں کے حالات پر نظر کرکے کیا کام ہونا ضروری ہے، اُسنے محسوس کیا کہ تنظیم ہونی چاہیے اور فوج کو بھی طریقے سے رکھنا چاہیے کہ وہ برطانیہ کی فوج کو محض مشغول رکھے بجز اسکے کہ موقع نہایت مناسب

اور مفید ہو اور واپسی نقصان کے بغیر ہو سکے حملہ کرنا گویا دوسرے کمیٹڈن کے خطرے کو مول لینا تھا۔ پس جنرل گرین کو واشنگٹن کی طرح تاریخ میں فیبیس ثانی کہا جاتا ہے۔ اُس کی واپسیاں آجکل کے مغرور امریکی کیلئے غیر دلچسپ معلوم ہوتی ہیں لیکن اسوقت کے محب وطن کے لیے یہ سخت آزمایش کی جگہ تھی۔ اور اسی نے برطانیہ کی افواج کو آخر کار بیکار کر دیا

یارک ٹاؤن کی حوالگی اور خاتمۂ جنگ

(یکم اگست لغایت ۲۲ اگست ۱۷۸۱ء) برطانوی فوج کارنوالس کی ماتحتی میں یارک ٹاؤن اور گلوسیسٹر کی محفوظ چھاؤنیوں تھی وہ لوگ نیویارک کے سپہ سالار کے حکم سے وہاں واپس چلے گئے تھے خیال یہ تھا کہ وہ مقام اور وجینیا کی فتوحات امریکیوں اور خصوصاً فرانسیسیوں کی روز افزوں جرأت، چالاکی کی وجہ سے خطرے میں ہے۔ کارنوالس نے میدان میں کوئی کام انجام نہیں دیا تھا لافیٹی نہایت بہادری سے اُسکے حرکات وسکنات کو دیکھتا رہا تھا بلکہ کبھی کبھی اُسکا تعاقب بھی کرتا تھا۔ واشنگٹن اور فرانسیسی جنرل روشمبیو لافیٹی سے لیمبرگ پر ملے (۱۴ ستمبر) ایک بڑا بیڑہ کاؤنٹ ڈی گراسی کی ماتحتی میں پہلے ہی سے خلیج چیسا پیک میں موجود تھا جب بری فوجیں پہنچگئیں، یارک ٹاؤن کا محاصرہ شروع کیا گیا (۲۸ ستمبر) نتیجہ یقینی تھا۔ واشنگٹن نے یہ چال چلی کہ سر ہینری کلنٹن کو اس خیال میں رکھا کہ نیویارک پر اب بھی حملہ کرنا مقصود ہے۔ پس سر ہینری نے کارنوالس کو مدد پہنچانیکا خیال بھی نہ کیا۔ یہانتک کہ پھر اُسکو مدد دینا نہایت مشکل ہوگیا۔ دراصل کلنٹن کا یہ خیال تھا کہ وہ ایک مہم سے کنکٹی کٹ کے مشرقی حصے کو تباہ و برباد کرے۔ اُسنے وفاداروں اور اہل ہیسیا کو اس مقصد کیلیے دغا باز آرنلڈ کی ماتحتی میں رکھ چھوڑا تھا جسنے نیولندن کو ستمبر میں تباہ و برباد بھی کر دیا تھا لہذا سات ہزار پانسو برطانوی یارک ٹاؤن میں تھے جنکے مقابلے میں نو ہزار امریکی اور سات ہزار فرانسیسی تھے۔ اسکے علاوہ جہازات کا بیڑہ تھا تین ہفتوں کے اندر کارنوالس نے ۱۷ اکتوبر کو شرائط صلح طلب کیں اور دو روز بعد اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دیا۔

یہ حملہ فیصلہ کن تھا۔ ریاستہائے متحدہ کی حالت بدل گئی حکومت، فوج اور سب لوگ متحد ہوگئے اور انمیں وہ شریفانہ جذبات پیدا ہوگئے جنھوں نے واشنگٹن کی طرح قوم کو فتح کی صورت دکھلائی۔ لافیٹی نے لکھا کہ "تماشہ ختم ہوگیا اور پانچواں پردہ بھی اُٹھ گیا"۔ لارڈ نارتھ جو برطانوی وزیر اعظم تھا یہ خبر سُنکر چلا اُٹھا "خدایا! سب ختم ہوگیا، سب ختم"۔

۲۷ فروری ۱۷۸۲ء کو پارلیمنٹ نے یہ رائے دی کہ بادشاہ سے درخواست کیجائے کہ لڑائی کو ختم کر دیا جائے اس سے وزارت تبدیل ہوگئی۔ ریاستہائے متحدہ کی آزادی کو تسلیم کرتے ہوئے اور یورپی طاقتوں کے خلاف

نبرد آزما ہوتے ہوئے نئی وزارت نے سر گی کلنٹن کو بحیثیت سپہ سالار افواج روانہ کیا اور یہ ہدایت کی کہ نیویارک چارلسٹن اور سوانا مختصر یہ کہ تمام سواحل کو خالی کر دیا جائے۔ ابتدائی صلح کے شرائط پہلے پہل امریکہ سے ۳۰ نومبر ۱۷۸۲ء کو اور بعد ازاں یورپ کی طاقتوں سے ۲۰ جنوری ۱۷۸۳ء کو برطانیہ عظمیٰ یورپ اور امریکہ کے عام اطمینان کے مطابق طے ہو گئے جو صلح برطانیہ عظمیٰ اور ریاستہائے متحدہ میں ہوئی تھی اسکی تصدیق باضابطہ کانگریس نے کی جسکا اجلاس ۱۴ جنوری ۱۷۸۴ء کو ہوا کچھ عرصے تک انگریز ڈنکی فوجیں امریکہ میں رہیں اور رفتہ رفتہ وہ وہاں سے واپس چلی آئیں اور چند مغربی مقامات کو چھوڑ کر ریاستہائے متحدہ کا ملک آزاد ہو گیا:

امریکہ کی فوج میں بغاوتیں

امریکہ کی فوج کو برخاست کرنا ایک اہم سوال تھا۔ ایک سال پہلے فوج نے کانگریس کو تنخواہ کے بارے میں (دسمبر ۱۷۸۲ء) عرضداشت بھیجی تھی جسکی مہینوں یہانتک کہ برسوں کی تنخواہیں واجب الادا تھیں۔ کانگریس لاچار اور مجبور تھی اسپر فوج بگڑ گئی لیکن واشنگٹن ہی صرف ایسا شخص تھا جس نے اس نازک معاملہ کو سنبھالا۔ اسنے ایک سال پیشتر (مئی ۱۷۸۲ء) کچھ افراد کے اس ہدیہ کو کہ وہ تاج پہن لے حقارت سے رد کر دیا تھا۔ اسنے اس قسم کے جوش کی برائی کی اور جو لوگ اس کے گرد تھے انکے بھڑکتے ہوئے جذبات کو ٹھنڈا کیا۔ اور اسکے ساتھ ہی فوج کے حقوق کی بھی نگہداشت کی چونکہ اُسنے ازابتدا تا انتہا اپنی ملکی خدمات کا کوئی معاوضہ نہیں لیا تھا لہذا اسکی وقعت کانگریس اور فوج میں بے حد تھی۔ اُسکی بات کو لوگوں نے کان دھر کر سنا۔ فوج سے وعدہ کیا گیا کہ تنخواہ ضرور دیجائیگی۔ ۳ نومبر کو اعلان کیا گیا کہ تھوڑی سی فوج رکھکر باقیماندہ کو علٰحدہ کر دیا جائے۔ چنانچہ رفتہ رفتہ یہ کارروائی عمل میں آئی ۴ دسمبر کو سپہ سالار افواج نے اپنے افسروں سے رخصت لی اسکے بعد وہ انیاپولیس پہنچا جہاں کانگریس اپنا اجلاس کر رہی تھی اور ۲۳ دسمبر کو اپنا استعفا پیش کیا۔ اُسنے سلطنت کے گورنروں کو اپنی فوج علٰحدہ کرتے ہوئے تحریر کیا تھا:۔

اگر ریاستہائے متحدہ کو آزادی برقرار رکھنا ہے تو چار باتوں کا لحاظ رکھنا چاہیے:۔

(۱) جملہ ریاستوں کا ایک سردار کے ماتحت ناقابل شکست اتحاد ہونا چاہیے۔

(۲) عدل و انصاف کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیے۔

(۳) صلح کے زمانے میں مناسب طور پر لازم رکھنے چاہییں۔

اور (۴) ریاستہائے متحدہ کے لوگوں میں وہ دوستانہ تعلقات ہونے چاہییں جن سے وہ مقامی حکمت عملیوں اور تعصبات کو نظر انداز کر دیں اور عام مرفہ الحالی کیلیے جن باہمی مراعات کی ضرورت ہے اُس پر عمل کریں اور جہاں ضرورت ہو اپنے انفرادی فوائد کو قومی مفاد پر قربان کر دیں

باب دہم

قیامِ اتحاد

مسٹر بارٹ لکھتے ہیں کہ انقلاب کی کامیابی سے ایک بڑے سیاسی اصول کو تقویت پہنچی جمہوری سلطنت ایسے طریقہ پر عمل پیرا ہو گئی جو قدیم زمانے سے مفقود تھا۔ برطانیہ عظمیٰ سے زیادہ وسیع تھی۔ ریاستہائے متحدہ کا رقبہ فرانس کے رقبے سے چوگنا تھا۔ ابتک صرف املاک والے اراضی کو رائے دینے کا حق حاصل تھا لیکن انقلاب کی روح نے تمام قانونی امتیازات مٹا دیے جو انسان اور انسان کے درمیان تھے اور اس طرح آیندہ جمہوریت کی بنیاد رکھدی جو تمام باشندوں کو رائے دینے کے حق پر مبنی تھی۔ جمہوریت کی روح کا اثر بقیہ دنیا پر ابتک کچھ ظاہر نہیں ہوا تھا لیکن ریاستہائے متحدہ نے اپنے دو اصول قائم کر لیے تھے جنکا اثر دوسری قوموں پر بھی بہت ہوا۔ چالیس برس بعد آئرلینڈ کی نو آبادیاں بھی اپنے آبائی ملک سے آزاد ہو گئیں۔ دوسرا اصول انسانی حقوق کا تھا۔ انقلاب کی کامیابی اُن فوائد اور مستثنیات کیلیے مہلک ثابت ہوئی جو عام لوگوں کے خلاف ممتاز درجے کے لوگ حاصل کر لیا کرتے تھے اور یہ رواج نوول زمانے تک چلا آتا تھا۔ فرانسیسی انقلاب ۱۷۸۹ء بھی انقلاب امریکہ کے اصول کو ایک غیر ملک میں استعمال کرنے کی کوشش کے علاوہ اور کچھ نہ تھا۔

جان فسکی لکھتا ہے کہ ۱۷۸۳ء کی صلح کے بعد جو پانچ برس گذرے وہ اہل امریکہ کی تمام تاریخ میں نہایت نازک تھے۔ جو خطرات ۱۷۸۳ء میں رونما ہوے وہ اُن خطرات سے کہیں بڑھکر تھے جن سے امریکیوں کو ۱۷۶۵ء میں نجات ملی ۱۷۸۳ء میں اتحاد کی محبت کا بندہ جسکے لیے آدمی اپنی جان پر کھیل جاتے پیدا ہی نہوا تھا اگر کوئی ایسی حکومت ہوتی جو تیرہ نو آبادیوں کی نہ تھی ایک آبادی کی طرح فرمانگی اور قوت کیساتھ کرتی تو اہل برطانیہ جس نقصان کیساتھ لڑ رہے تھے ایک سال کے اندر اندر اپنے جہازوں پر واپس آنے کیلیے مجبور ہوتے۔ جنگ کی طویل مدت اور اسکی نہایت سخت تباہیاں عدم تنظیم کا نتیجہ تھیں۔ کانگریس کی عزت اور طاقت بتدریج گھٹتی چلی گئی چنانچہ جنگ کے آخر میں اپنی ابتدا کی نسبت یہ بہت کمزور ہو گئی تھی اور یہ خوف کرنیکی وجہ تھی کہ مشترک دباؤ کم ہوتے ہی اجتماع کی ضرورت بالکل محسوس نہوگی اور جو اتحاد مشکل سے پیدا کیا گیا تھا وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیگا۔

تاوقتیکہ نہایت فرزانہ اور عاجلانہ تدبّر سے کام نہ لیا جائے اس امر کا بیحد خوف تھا کہ برطانیہ عظمیٰ کی مشترک فاداری سے

نجات پانے ہی کہیں تیرہ چھوٹی چھوٹی جمہوری سلطنتیں قائم ہوجائیں اور انکا انجام یونان یا زمانۂ وسطیٰ کی اٹلی کی جمہوری ریاستوں کا سا نہ ہو۔

نوآبادیوں میں اعلان آزادی کے وقت تین قسم کی حکومتیں تھیں کنکٹی کٹ اور جزیرۂ رہوڈ ہمیشہ سے صحیح معنوں میں جمہوری سلطنتیں تھیں۔ پین سلوانیا، ڈیلاویر اور میری لینڈ متوارث محدود شاہی حکومتیں تھیں باقی آٹھ نوآبادیاں صوبجات تھیں جن کے صوبیدار بادشاہ کی طرف سے مقرر ہوتے تھے لیکن قانون ساز مجلسوں کا انتخاب لوگوں کے ہاتھ میں تھا۔

کسی ایک حکومت کی تنظیم کا خیال اصولاً برا نا تھا اور اسکو ہر شخص خوب سمجھتا تھا۔ برعکس اسکے وہ اصول جنپر ریاستونکے باہمی مختلف تعلقات طے پائیں ابھی طرح ذہن نشین نہ تھے۔ اس مضمون پر بیحد اختلاف تھا اور اختلافی مسائل کا تصفیہ اول اول نہو سکا پس ہم آئندہ دیکھینگے کہ مرکزی حکومت آسانی اور خاموشی کیساتھ اُن معاملات کا انتظام کر سکی جنکا تعلق ریاستہائے متحدہ سے بحیثیت ایک قوم تھا۔

انقلاب کے بعد گڑبڑ (۱۷۸۳ء)

کوئی سیاسی اصول ایسا نہ تھا جسپر تمام ملک متفق ہوجاتا۔ کوئی سیاسی طاقت ایسی نہ تھی جو سب پر حکمراں ہوتی مقاصد تو مقاصد کے خلاف تھے فرقے فرقونکے مخالف تھے بلکہ آدمیونکی ایک جماعت دوسری جماعت سے اختلاف رکھتی تھی۔ ریاستیں اپنی اپنی مشکلات میں مبتلا تھیں اتحادی قرضوں کا بار اپنے ذاتی قرضوں کے علاوہ اور بھی گراں تھا شہری بھوکے ننگے تھے۔ ان اختلاف کے علاوہ جو شمال اور جنوب میں اور چھوٹی بڑی ریاستوں میں تھے ہر ریاست کی سرحد کے مسائل بھی رونما ہوگئے تھے۔

لافیٹی لکھتا ہے کہ "پورے پکے خیال امریکہ کی نسبت روز بروز بہت کم ہوتا جارہا ہے جو درحقیقت تکلیف دہ ہے اور انقلاب سے جو کچھ حاصل ہوگیا ہے رفتہ رفتہ اسکے ضائع ہوجانیکا احتمال ہے"۔ لیکن ان سب بربادیونکے باوجود پرانی بنیادیں قایم رہیں۔ وہ قوانین جنھوں نے گذشتہ زمانے میں سیاسی اور معاشی اداروں کی بنیاد رکھی تھی موجودہ مشکلات کو آسان کرنے میں مدد دیتی رہیں اس جدوجہد کرنیوالی قوم کی ترقی اور اطاعت کا باعث اُسکے آبائی ملک کا مضبوط اصول اور نوآبادیونکی ہر ایک سیع اصلاح ہوئی سب سے بڑے لڑکے کا یہ دعویٰ کہ وہ اپنے باپکے متروکہ میں دُگنا حصہ پانیکا مستحق ہے بتدریج ممنوع قرار دیا گیا۔ اول اول جیورجیا نے ایسا کیا۔ بعض ریاستوں میں رائے دینے کا حق بھی ذاتی اور ناقابل انتقال جائداد کے مالکان سے لیکر آزاد ٹیکس ادا کرنیوالے تک وسیع کر دیا گیا۔ ذاتی آزادی کو وسعت اور تحفظ حاصل ہوا۔ میعادِ معینہ تک خدمت کرنیوالے ملازم کا فرقہ کم ہوگیا۔ بعض ریاستوں میں غلاموں کا وجود بالکل ناپید ہوگیا۔ میساچوسیٹس نے آدمیوں کو آزاد اور ان کے حقوق کو مساوی کرنے سے غلامی کا سدباب کر دیا۔ (۱۷۸۰ء) پین سلوانیا، نیوہمپشائر، جزیرۂ رہوڈ اور کنکٹی کٹ نے غلامونکے داخلہ کو

ممنوع کردیا۔ بعض ریاستوں نے ایک ریاست سے دوسری ریاست کو غلاموں کا لیجانا بند کردیا اور بعض ریاستوں نے بیرونی ممالک کیساتھ غلاموں کی تجارت کو موقوف کردیا۔ ان کوششوں کے ہوتے ہوئے اور ایسے اصول قائم رکھتے ہوئے قوم اپنی آزادی برقرار رکھنے کی ضرور مستحق تھی۔

سب سے بڑھکر مذہبی فوائد تھے جن پر ریاستیں متفق ہوگئیں۔ جزیرہ رہوڈ نے رومن کیتھولک اصحاب کے خلاف قانون کو منسوخ کردیا (۱۷۸۳ء) لیکن اس بارے میں جزیرہ رہوڈ ہی مفتخر نہ رہا۔ اکثر ریاستوں نے اپنے اپنے شروط میں بھی مذہبی آزادی دے دی۔ البتہ بعض بعض ریاستوں میں ممبر بٹوں سے ان کے مذہب کی تفتیش کی جاتی تھی اور رومن کیتھولک اصحاب کو ان عہدوں سے محروم رکھا جاتا تھا۔

ایک جلسہ مشروطہ تیار کرتا ہے (۱۷۸۷ء)

فروری ۱۷۸۷ء میں جبکہ اکثر ریاستوں نے ایک ایسے جلسہ کی ضرورت کو اپنی اپنی قانون ساز مجلسوں میں ظاہر کردیا تھا جو شروطہ تیار کرے۔ کانگریس نے بھی بڑے تذبذب کے بعد ایسے جلسہ کو طلب کیا جو اتحاد کی دفعات پر صرف نظر ثانی کرے۔ فلاڈلفیا کی سرکاری عمارت اس کام کیلیے پسند کیگئی۔ اول اول صرف دو ریاستیں شریک ہوئیں لیکن تاریخ مقررہ کے گیارہ روز بعد سات ریاستیں شامل ہوگئی تھیں اور اس طرح ریاستوں کی تعیینی کثرت کیساتھ کام شروع کیا گیا۔ ۲۵ مئی کو جارج واشنگٹن صدر منتخب ہوا۔ ریاستہائے متحدہ کا یہ جلسہ نہایت شاندار تھا۔ رفتہ رفتہ تمام ریاستوں کے ڈیلیگیٹ بجز جزیرہ رہوڈ شامل ہوگئے۔ ہر بات پر بحث و مباحثہ ہوا اور اکثر اوقات جلسہ کے منتشر ہوجانیکا بھی اندیشہ ہوا۔ بعض لوگوں نے التوا بھی چاہا لیکن آخر کار تقریباً چار ماہ کے استقلال کے بعد اس جلسہ نے ۱۷ ستمبر کو ایک شروطہ پر رضامندی دیدی۔ میساچوسیٹس کے سٹرگیری کے سوا تمام ڈیلیگیٹوں نے اپنے اپنے دستخط کردیے۔ جسوقت آخری ممبران دستخط کررہے تھے تو فرینکلن نے اس سورج کی طرف اشارہ کیا جو صدر کی کرسی کے پیچھے ایک تصویر پر منقش تھا اور کہا "میں نے بارہا اجلاس کے درمیان میں نتیجہ کے متعلق بیم و رجا کی حالت میں اس خورشید پر جو صدر کی پشت پر ہے نگاہ ڈالی ہے اور مجھے یہ نہ معلوم ہوا کہ آفتاب طلوع ہورہا ہے یا غروب ہورہا ہے لیکن اب مجھے اس بات کے ظاہر کرنے میں مسرت ہے کہ یہ سورج طلوع ہونیوالا ہے غروب ہونیوالا نہیں"۔

یہ سعی جو مردانہ کیگئی تھی بیکار نہ رہی۔ ایک ریاست نے دوسری ریاست کے بعد شروطہ کو منظور کرلیا۔ ڈیلاویر نے ابتدا کی تھی (۷ دسمبر ۱۷۸۷ء) کسی ریاست نے بہت کثرت کیساتھ اور کسی نے معمولی کثرت سے اس کا خیر مقدم کیا صرف شمالی

کیرولینا اور جزیرۂ رہوڈ علٰحدہ رہے۔ اول الذکر ریاست تو جزواً علٰحدہ رہی جو کام ہو گیا وہ صرف قوم ہی نے نہیں انجام دیا بلکہ چند ایسی فیاض طبیعتیں بھی تھیں جنکی بدولت یہ ظہور پذیر ہوا اور جنھوں نے اس کام پر محض اپنے ملک ہی کے اغراض پیش نظر رکھکر نگاہ نہیں ڈالی بلکہ انکی نظر نہایت وسیع تھی۔ واشنگٹن کہتا ہے "ایک طاقتور حکومت کی ماتحتی میں ایسے قواعد بنائے جا سکتے ہیں اور ایسی تجاویز پر عمل کیا جا سکتا ہے جو اس ملک کو جفاکش اور صلح پسند لوگوں کیلیے خواہ وہ یورپ سے آئیں یا کہیں اور سے، ان کا ملجا و ماوٰی بنا دے"۔

واشنگٹن کا پہلا انتظام اور ہیملٹن کی مالیات

واشنگٹن کا نام تقریباً جزو شروطہ تھا۔ ایڈمنڈ رینڈولف نے اسکو ایک مرتبہ لکھا کہ "شروطہ کبھی نہ منظور کیا جاتا لیکن محض اس واقفیت کی بنا پر کہ آپ اسکو پسند کرتے ہیں اور اس توقع پر کہ آپ اسپر عملدرآمد کرینگے"۔ صدر کے انتخاب کنندگان نے کسی ایک استثنا کے بغیر واشنگٹن کی موافقت میں رائے دی اور وہ اس کام کیلیے جسکو وہ آخری بڑی قربانی کہتا تھا رضامند ہو گیا۔ نیویارک میں کانگریس کے دونوں درجوں (بالا و زیریں) کی تنظیم ۶ اپریل ۱۷۸۹ء تک ہو گئی۔ واشنگٹن کی آمد سے ایک یا دو روز قبل جان ایڈمس نے بحیثیت نائب صدر کام کیا۔ بعدازاں ۳۰ اپریل ۱۷۸۹ء کو کانگریس کا افتتاح ہوا۔ شروطہ بنانے میں جو دشواری پیش آئی اُس سے کہیں زیادہ دقت شروطہ کو عملی جامہ پہنانے میں محسوس ہوئی۔ اُسوقت امریکیوں کی تعداد تقریباً چالیس لاکھ تھی۔ ۱۷۹۰ء میں جو مردم شماری ہوئی اُس کے اعداد حسب ذیل ہیں۔

گورے آدمی ۳۱۷۲۴۶۴ + آزاد و کالے آدمی ۵۹۴۶۶ + غلام ۶۹۷۸۹۷

میزان ۳۹۲۹۸۲۷ (یہ آبادی جملہ تیرہ ریاستوں کی تھی)

واشنگٹن کی حکومت کے پہلے برسوں کا کام درحقیقت کانگریس کا کام تھا۔ یعنی وہ جماعت جسکے قوانین پر حکومت کا انحصار تھا۔ محکموں کی تنظیم کیگئی۔ ایک محکمہ انتظامی قائم ہوا دوسرا مالیات کا اور تیسرا جنگ کا اور یہ سب ایک ایک سکرٹری کے تحت کیے گئے تین سکرٹری مع ایک اٹارنی جنرل صدر کی کابینہ میں شامل تھے۔ پوسٹ ماسٹر جنرل کو عرصے تک کابینہ میں شامل نہیں کیا گیا۔ واشنگٹن نے ٹامس جیفرسن کو پہلا سکرٹری صیغہ حکومت (انتظامیہ) الیگزانڈر ہیملٹن کو پہلا سکرٹری صیغہ مال ہینری ناکس کو پہلا سکرٹری صیغہ جنگ ایڈمنڈ رینڈولف کو پہلا اٹارنی جنرل اور سیموئل آس گڈ کو پہلا پوسٹ ماسٹر جنرل (ستمبر ۱۷۸۹ء) مقرر کیا۔ اُسیوقت اُسنے عدالتی عہدہ کو بھی پُر کر دیا۔ کانگریس نے عدالت العالیہ ضلع اور حلقہ کی عدالتوں کے ساتھ

مقرر کی تھی۔ جان جے ریاستہائے متحدہ کا پہلا چیف جسٹس تھا۔

سب سے زیادہ اہم معاملہ مالگذاری کا تھا۔ کانگریس نے سب سے پہلے اس طرف توجہ کی اور بہت بحث و مباحثہ کے بعد مال تجارت پر شرح محاصل کی فہرست تیار کی جس سے مالگذاری کے علاوہ ملکی مفاد کی حفاظت بھی مقصود تھی جہازوں کے وزن کے لحاظ سے بھی محصول لگایا گیا جس سے امریکہ کے تجارتی جہازوں کو فائدہ پہنچا۔ محصول آبکاری بھی کچھ عرصے کے بعد خانہ ساز شراب پر لگایا گیا۔ ان محاصل میں وقتاً فوقتاً تبدیلی بھی ہوتی رہی لیکن ان سب میں یہ اصول کارفرما تھا کہ محصول درآمد سے مالگذاری کی شکل میں حکومت کو نفع پہنچے۔ اور عوام کو تحفظ کی شکل میں فائدہ ہو

یہ کام بھی پہلی کانگریس کے ذمہ تھا کہ وہ حکومت کی ساکھ قائم کرے۔ اتحادی قرضہ کی تعداد پانچ کروڑ چالیس لاکھ تھی یا آٹھ کروڑ ڈالر تھی۔ اگر ریاستوں کے قرضہ جات جو عام فوائد کی غرض سے لیے گئے تھے شامل کر لیے جائیں۔

ہیملٹن صیغۂ مال کی یہ تجویز تھی کہ یہ تمام قرضہ جات ایک قرضے کی شکل میں تبدیل کر دیے جائیں جن کی ادائگی نئی حکومت کے ذمے ہو۔ یہ سوال بھی معرض بحث میں رہا کہ کس شہر کو دارالسلطنت قرار دیا جائے آخر کار فلیڈلفیا کو ۱۸۰۰ء تک دارالسلطنت بنانا قرار پایا ۱۷۹۱ء میں ایک قومی بینک کی بنا ڈالی گئی جس سے حکومت کے مالی کاموں کو مدد ملسکے چنانچہ چندہ کی کتابیں کھلنے پر اس اعتماد کا پتہ چلتا ہے کہ جو حکومت پر لوگوں کو تھا کہ تمام حصص صرف دو گھنٹے میں فروخت ہو گئے۔

واشنگٹن کا دوسری بار تقرر۔ شراب کی بغاوت

اب دیگر نئی ریاستیں بھی ان تیرہ ریاستوں کے شریک حال ہونا چاہتی تھیں۔ نیویارک کی منظوری سے ورمانٹ کو بھی داخل کر لیا گیا (۴ مارچ ۱۷۹۱ء) کینٹکی کو بھی یکم جون ۱۷۹۲ء کو داخلہ کا فخر حاصل ہوا۔ دریائے اوہو کے جنوب کی مملکت بھی ریاست ٹینیسی کے نام سے یکم جون ۱۷۹۶ء کو شامل کر لیگئی۔ تمام حکومت واشنگٹن میں مجتمع تھی۔ جیفرسن نے جو ایک فرقہ کا سرگروہ تھا ایکر تبہ اسے لکھا "تمام اتحاد کا اعتماد آپ کی ذات پر ہے۔ جب تک آپ معاملات کو اپنے ہاتھ میں لیے ہوئے ہیں آپکی موجودگی اس بات کی کافی دلیل ہے کہ کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ شمال اور جنوب گلے میں پھانسی ڈال لیں گے بشرطیکہ آپ انہیں پھانسی دیں" ہیملٹن نے بھی جو دوسرے فرقے کا سرگروہ تھا اسی قسم کے خیالات ظاہر کیے۔ ان حالات میں واشنگٹن کو دوبارہ عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لینی پڑی۔ ایڈمس بھی دوبارہ نائب صدر منتخب کیا گیا (۱۷۹۲ء تا ۱۷۹۳ء)

لیکن ایک امر نے واشنگٹن کے اثر کو مطلق قبول نہ کیا فرقہ دارانہ مخاصمت نے اگرچہ اُسے اپنے سے علیحدہ رکھا مگر وہ

اس سے رک نہ سکی۔ اُس نے آپس میں صلح رکھنے کی بیکار کوشش کی یہانتک کہ خود اُسکی کابینہ میں بھی صلح و آشتی نہ رہی جیفرسن اور ہیملٹن دونوں برابر لڑتے رہے اور جبتک جیفرسن نے ۱۷۹۳ء میں علحدگی نہ اختیار کی یہ جنگ و جدل برابر جاری رہی۔ کانگریس میں بھی برابر شور و شغب رہا۔ ذرا سا معاملہ بھی اہل شمال کو اہل جنوب سے اور مرکزی حکومت کے موافقین کو ریاستی حکومت کے موافقین سے لڑنیکے لیے کافی ہوتا تھا۔ کانگریس کے باہر یہ مجادلہ اور بھی تیز ہوتا تھا۔ زیادہ تر ریاستی طرفداروں کے زمرے میں سے ایک نیا گروہ جمہوریت پسند اشخاص کا پیدا ہوگیا اور انھوں نے ایسی سوسائٹیاں بیرونی ممالک کی تقلید میں بنالیں جن سے واشنگٹن کو بھی حکومت کی بنیاد ہل جانیکا اندیشہ ہوچلا تھا۔ اُسوقت کا خوفناک حادثہ آخرکار ایک بغاوت میں پھوٹ نکلا۔ محکمۂ آبکاری سے جو ملک کی ساختہ شراب کیلیے قائم کیا گیا تھا اور نیز ملک میں جہاں جہاں گدام بنائے گئے تھے اُنسے وہانکے لوگ بیحد غیر مطمئن تھے۔ شمالی کیرولینا اور پین سلوانیا بلکہ ان ریاستوں کے اندرونی اضلاع اسقدر برافروختہ ہوگئے کہ صدر کو یہ اعلان شائع کرنیکی ضرورت محسوس ہوئی کہ شہریوں کو چاہیے کہ وہ قوانین کی حمایت کریں (۱۷۹۲ء)۔ رفتہ رفتہ یہ بیچینی کم ہوتی گئی لیکن پین سلوانیا میں سات ہزار آدمی میدان بریڈک میں اگست ۱۷۹۴ء کو جمع ہوے۔ اس مجمع کا صدر کرنل کوک تھا۔ سکرٹری البرٹ گیلاٹن اور فوج کا افسر ایک وکیل بریڈفورڈ تھا صدر نے فوراً اعلان کیا کہ وہ پندرہ ہزار فوج لیکر روانہ ہونیوالا ہے۔ چنانچہ صدر نے چند روز تک خود میدان میں فوج کی سپہ سالاری کی لیکن یہ معلوم کرکے کہ باغی اشخاص اُسکی فوج کی آمد سے قبل ہی غائب ہوگئے تھے اُنسے اپنے انسران کو وہاں چھوڑ دیا اور خود چلا آیا۔ قیدیوں کی ایک کثیر تعداد نومبر میں گرفتار ہوئی لیکن کسی کو کوئی سزا نہیں دی گئی۔

واشنگٹن کا کوئی انتظام اس سے بہتر نہ تھا جو اس نے ریاستہائے متحدہ کے ہندوستانیوں کی بہتری کو مدنظر رکھ کر کیا انکو سوداگروں کے فریب سے بچانیکے لیے اُسنے تجارت کا ایک قومی طریقہ اختیار کیا۔ سرحدیوں کی دست درازیوں سے محفوظ رکھنے اور جو حقوق انکو صلحناموں کے ذریعے دیے گئے تھے انکو بحال رکھنے کیلیے اُسنے بہت سے قوانین مرتب کیے اسکے بعد الجیریا کے لٹیرے ریاستہائے متحدہ کے تجارتی جہازوں کو گرفتار کرلینے اور لوٹ کھسوٹ لیتے تھے۔ واشنگٹن نے اُنسے بھی صلح کرلی اور جس طرح یورپ کی سلطنتیں اُن کو خراج دیتی تھیں ریاستہائے متحدہ بھی اپنے جہازوں کی حفاظت کے لیے خراج دینے لگیں۔ طرابلس اور ٹیونس سے بھی اسی قسم کے معاہدات ہوگئے۔

فرانس اب جمہوری سلطنت بن چکا تھا۔ اُسکا ایک سفیر جینیٹ جو نہایت پرجوش تھا امریکہ میں آیا۔ اہل امریکہ نے

اُس کی خوب خاطر اور مدارات کی۔ اُسنے لوگوں کو انگلستان کے خلاف بھڑکایا چنانچہ لوگ اُسکے بڑے حامی اور طرفدار ہوگئے یہانتک نوبت پہنچی کہ ایکمرتبہ لوگوں کے کثیر مجمع نے واشنگٹن کے مکان کو جا گھیرا اور اس سے کہا کہ انگلستان سے خلاف جنگ کا اعلان کرو۔ واشنگٹن کو اس قدر پریشان کیا گیا کہ وہ موت کو اپنے عہدے پر ترجیح دینے لگا۔

اسکے بعد انگلستان نے تمام جہازوں کو دیکھنے بھالنے کا کام شروع کر دیا اور امریکہ کے جہازات کی بھی تلاشی لی اہل امریکہ اس فعل سے بیحد ناراض ہوے۔ اب یہ طے پایا کہ برطانیہ عظمیٰ کو ایک خاص سفارت روانہ کیجاے چنانچہ اپریل ۱۷۹۴ء کو واشنگٹن نے اس کام کیلیے چیف جسٹس جے کو منتخب کیا۔ وہ اس کام کیلیے نہایت موزوں تھا۔ پس وہ انگلستان گیا اور چند ماہ کی گفتگو کے بعد نومبر میں ایک صلحنامہ ہوگیا۔ اگرچہ صلح پہلی حالت سے بہتر تھی لیکن قابل اطمینان نہیں تھی۔ یہی خیال واشنگٹن کا تھا اور یہی جے کا تھا لیکن جنگ سے بہرحال بہتر تھی اور انھیں دلائل پر سینیٹ نے جون ۱۷۹۵ء میں اسکی تصدیق کر دی مگر قوم اس سے مطمئن نہوئی۔ ہر جگہ جلسے کیے گئے، الزامات لگاے گئے جے کی مورت کو پھانسی دیگئی۔ اخبارات میں واشنگٹن کے خلاف سخت الفاظ لکھے گئے۔ ان حملوں سے متاثر ہوکر واشنگٹن نے ۱۷ ستمبر ۱۷۹۶ء کو اپنا رخصتی خطبہ پڑھا اور رخصت ہوگیا واشنگٹن جس نے فوجی خدمات سے زیادہ انتظامی امور انجام دیے تھے ۱۴ دسمبر ۱۷۹۹ء کو فوت ہوگیا۔

واشنگٹن کی نسبت مختلف آراء

واشنگٹن کے متعلق اہل امریکہ کی راے بیان کرنا غیر ضروری ہے کیونکہ وہ اسکو اپنے ملک کا باپ سمجھتے ہیں اور اُسکو ایک معیار بنا رکھا ہے جس سے وہ تمام مدبرین اور محبان وطن کو جانچتے ہیں اور سب میں نقص پاتے ہیں۔ ہم یہاں صرف غیر ملکی اشخاص کی رائے ظاہر کرتے ہیں۔ وہ محب وطن، سپاہی، مدبر اور انسان کی حیثیت سے تاریخ کی اگلی صف میں نظر آتا ہے اور اپنی عمر بھر کی حب الوطنی میں وہ غالباً عدیم المثال ہے۔

لارڈ برو گم اُسکو اپنے زمانے کا سب سے بڑا آدمی کہتا ہے بلکہ یہانتک سمجھتا ہے کہ وہ ہر زمانے کا سب سے بڑا آدمی تھا ارل اسٹین ہوپ لکھتا ہے کہ واشنگٹن کے دماغ میں وقت کی پابندی تھی اور کسی کام کو بالکل ٹھیک طور پر کرنا کبھی خود غرضی کیلیے نہیں تھا۔ اسکی عادات کی متواتر باقاعدگی کسی بیجا تصنع کے ساتھ نہیں تھی۔ صورت و شکل میں واشنگٹن نہایت مضبوط اور قدآور آدمی تھا۔ وہ چھ فیٹ سے زائد طویل تھا۔ اُسکا چہرہ متین اور جوش کے بغیر فیصر سا تھا۔ اُسکے برتاؤ سے دوست و دشمن سب خوش تھے اور کبھی اسکی تحقیر کیلیے آمادہ نہ تھے۔ اُس میں تصنع اور چالاکی قطعاً نہ تھی طلیطلہ کے قدیم

باشندے اپنی تلوار پر یہ الفاظ کندہ کراتے تھے۔ "بلا وجہ مجھے نہ نکالو اور کارنمایاں کے بغیر میان میں نہ رکھو"۔ سچ یہ ہے کہ واشنگٹن کی تلوار اس مقولہ کی مصداق تھی۔ ڈاکٹر جانسن نے جو ایکمرتبہ امریکیوں کی نسبت کہا تھا کہ "وحشیوں کے نکالنے والے کس طرح آزادی کے مستحق ہیں" کم از کم اسکا یہ قول واشنگٹن پر چسپاں نہیں ہے کیونکہ اُسنے ایک ریاست اسی بنا پر خریدی تھی کہ وہ وہانکے غلاموں کو آزاد کردے۔ اس میں اپنے اوپر قابو رکھنے کا بھی خاص ملکہ تھا۔ صداقت اور دیانت کے صفات ہمیشہ اسکے ساتھ رہے جان رجر ڈگرین کی راے میں اسکی خاموش مزاجی سے اسکی مکمل نفس کشی کا پتہ چلتا ہے۔ اگرچہ وہ اسکی ظاہری وضع سے اسکی روحانی عظمت کا قائل نہیں تاہم یہ بالکل صحیح ہے کہ نوآبادوں نے اپنے بڑے سردار کی عظمت کا اُسوقت پتہ لگایا جب وہ خطروں اور شکستوں میں سالہا سال تک اس کی آزمائش کر چکے۔ بے شک انھوں نے پھر اس سے وہ عقیدت ظاہر کی اور اس کو ایسا معتمد سمجھا کہ دوسرے لوگوں کو یہ بات کبھی حاصل نہ ہوئی۔

سر آرچی بالڈ الیسن کا قول ہے کہ عہد حاضر میں کوئی شخص بے داغ چال چلن کا نہیں گذرا۔ وہ مضبوط ارادہ پختہ دستور العمل، ناقابل شکست دیانت رکھتا تھا۔ وہ دیہاتی زندگی کی پاکیزگی اور سادگی کو لیکر ایک فاتح جمہوریت کا سردار بنا۔ اسکو واقعات نے مجبور کیا کہ وہ بڑے درجے پر پہنچے، یہ نہیں کہ اُسکا خود ایسا رجحان تھا۔ اُسنے اپنے دشمنوں پر اپنی ترکیبوں کی فراست اور اپنے ذاتی استقلال سے فتح حاصل کی نہ کہ فن جنگ میں اُسکو کسی غیر معمولی ذہانت سے یہ بات حاصل ہوئی۔ وہ کرامویل تھا لیکن اسکی مہمات کے شوق کے بغیر، وہ سلا تھا لیکن اس کے عیوب کے بغیر؛

فریڈرک فان رومرونیا کی تاریخ میں واشنگٹن کو ایسے صفات کا مجموعہ سمجھتا ہے جو اور لوگوں میں نہیں پائے جاتے اُسکی روح فرقہ بندی، تعصب، خود غرضی اور چھوٹے چھوٹے مقاصد سے بالاتھی۔ اُسنے ایک پاک قلب کی ہدایات اور اس فہم و فراست کے مطابق کام کیا جو ہر معاملہ پر غیر جانبدارانہ غور و تعمق کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ واشنگٹن نے جو امریکی جمہوری سلطنت کا بانی ہے یہ صاف طور پر ظاہر کر دیا کہ جو شہرت اُسنے تلوار کے ذریعے سے مظالم برپا کیے بغیر اور مہمات کا شوق ظاہر کیے بغیر حاصل کی وہ نجی زندگی میں طاقت یا ظاہری شان و شوکت بغیر قائم رکھی جا سکتی ہے۔

ایڈمس کی صدارت، فرانس وغیرہ سے جنگ

واشنگٹن کے بعد مرکزی حکومت کے موافقین اور ریاستی حکومت کے طرفدار دونمیں سخت ہنگامہ برپا ہوا۔ اول الذکر نے جان ایڈمس کو نامزد کیا اور آخر الذکر نے ٹامس جیفرسن کو۔ ایڈمس صدر منتخب کیا گیا اور جیفرسن نائب صدر۔ واشنگٹن

اور دوسرے لوگوں کے انتظام مملکت میں یہ بڑا فرق ہے کہ وہ محض قوم کا سردار تھا اور یہ لوگ صرف ایک فریق کے اور بعد ازاں قوم کے سردار ہوے۔ واشنگٹن کے پندرہ سال بعد تک (۱۷۹۷ء سے ۱۸۱۲ء) یہ حکمت عملی رہی کہ دیگر سلطنتیں کیا کر رہی ہیں نہ یہ کہ ریاستہائے متحدہ کو کیا کرنا چاہیے یورپ میں امریکہ کے خلاف دو سلطنتیں تھیں ایک انگلستان اور دوسری فرانس۔ اس موقع پر فرانس سے تعلقات کشیدہ ہو گئے تھے چارلس پنکنے جو فرانس میں سفیر تھا اسے وہاں سے چلے جانیکا حکم دیا گیا حالانکہ امریکی جہازات اور انکے مسافروں کے خلاف سخت احکام صادر ہو رہے تھے تاہم فرانس کو ایک سفارت بھیجی گئی لیکن بیکار ثابت ہوئی اور جنگ چھڑ گئی۔ بجز اسکے کہ سمندروں پر جہازات کی لوٹ کھسوٹ ہوئی اور کوئی لڑائی نہوئی۔ اس جنگ کا یہ نتیجہ بھی اچھا ہوا جسنے مغرور فرانس کو خاکسار بنا دیا اور ۱۸۰۰ء میں صلح ہو گئی اس عرصہ میں کچھ غیر ملکی اور بغاوت کے قوانین بھی پاس کیے گئے۔ غلامی کے سوال پر بھی مباحثہ ہوا لیکن کانگریس نے جہاں کہیں غلامی موقوف ہو گئی تھی اُسکے دوبارہ رواج کو قطعاً ممنوع قرار دیا۔

جیفرسن کی صدارت

دوبارہ انتخاب کے موقع پر جیفرسن صدر بنایا گیا۔ اسنے حکومت کے تمام عہدے اپنے فریق سے بھر دیے ۱۸۰۰ء میں دوبارہ مردم شماری ہوئی کل تعداد ۵۳۱۹۷۶۲ تھی یعنی دس سال میں چودہ لاکھ کا اضافہ ہوا۔ طرابلس سے جنگ ہوئی جو اس طرح واقع ہوئی کہ ایک جہاز ۱۸۰۳ء میں بحیرۂ روم پہنچا جس نے سلطان مراکو کو دق کیا۔ بعد ازاں وہ جہاز طرابلس کے کنارے پر غرق ہو گیا اور اہل جہاز گرفتار کر لیے گئے انکو غلام بنایا گیا لیکن پھر امریکہ کا ایک جنگی جہاز پہنچا کچھ لڑائی کے بعد صلح ہو گئی اور امریکیوں کو فدیہ دیکر آزاد کرا دیا اور اس طرح لڑائی کا خاتمہ ہو گیا۔ جیفرسن کے زمانے میں فارغ البالی روز افزوں ہوتی گئی۔ قومی قرضہ بھی بہت کم ہو گیا۔ ریاستہائے متحدہ کا رقبہ بھی تقریباً دوگنا ہو گیا جیفرسن دوبارہ بھی منتخب ہوا لیکن ۱۸۰۹ء میں اُس نے صدارت اپنے جانشین میڈی سن کے حوالے کی۔

میڈی سن کی صدارت

میڈی سن کی صدارت کے زمانے میں آخر کار انگلستان سے جنگ چھڑ گئی جسکو امریکی دوسری جنگ آزادی کہتے ہیں اور انگریز اس جنگ کو نپولین کی موافقت کا نتیجہ بتاتے ہیں امریکیوں نے انگریزوں کے جنگی جہازات کے ایک بیڑہ کو سخت نقصان پہنچایا اور ریاستہائے متحدہ اور کناڈا کی سرحدوں پر جو لڑائیاں ہوئیں اس میں اگرچہ امریکیوں کو شکستیں ہوئیں

لیکن نتیجہ ریاستہائے متحدہ کے موافق نکلا۔ یہ جنگ ۱۸۱۲ء کے نام سے موسوم ہے اور یہ جہاز دنکی تلاشی کی بنا پر ہوئی تھی ۱۸۱۴ء میں اس جنگ کا خاتمہ ہوا اور انگلستان نے اپنے حق دربارہ تلاشی جہازات سے دست برداری دیدی۔

باب یازدہم

جمہوریت کی ترقی (۱۸۱۴ء - ۱۸۴۸ء)

جان بیک میک ماسٹر لکھتا ہے کہ آخر کار پچیس برس کے بعد باشندگان ریاستہائے متحدہ اپنے معاملات کو اپنی مرضی کے مطابق غیر اقوام کے دق کیے بغیر طے کرنیکے لیے آزاد ہوگئے ۱۸۱۵ء سے ۱۸۹۳ء تک جن سوالات نے پبلک کے دماغ کو مشغول رکھا وہ ذیل میں درج ہیں، غیر جانبدارانہ حقوق کونسل کے احکامات، فرانسیسی فرمان، تلاشی جہازات، مال تجارت پر بندشیں، صلحنامے، عدم ارتباط کے قوانین، بحری فیصلہ جات، بندرگاہوں کا بند کر دینا، انگلستان کا طرز عمل، فرانس کی روش، فرانسیسی ڈائرکٹری کی گستاخی، نپولین کی فتوحات، حوصلہ مندی اور دغابازی، پس آئندہ بہت عرصے تک مسائل حاضرہ حسب ذیل رہے۔ روپے کی قیمت، قومی بنکیا مصنوعات، مالی تجارت پر حاصل، اندرونی ترقیاں۔ بین الاقوامی تجارت، ارادی زوال، مغربی کی حیرت انگیز نشو و نما، ریاستوں کے حقوق، غلامی کی وسعت اور طرز حکومت میں عدالت العالیہ کی صحیح جگہ۔

منرو کی صدارت

روپے کی قیمت تمام رکھنے کیلیے اور عام طور پر مالی حالت درست کرنے کیلیے مارچ ۱۸۱۶ء میں ریاستہائے متحدہ کے نئے بنک کو سند عطا کی گئی۔ یہ تمام امور ایک دن میں انجام کو نہیں پہنچے اور نہ تجارت و صنعت فوراً پیدا ہوگئیں اسکے برعکس ناکامی اور مایوسی کا طویل زمانہ گذرا جس میں انفرادی ثروت غائب ہوگئی اور قومی ذخائر ناکام رہے۔ لیکن گذشتہ جنگ سے ملک میں جو بدامنی ہوگئی تھی عام رجحان اس سے جلد نجات پانے کی طرف تھا۔ میڈی سن کا پُر مصائب زمانہ ختم ہوگیا اور جیمس منرو آئندہ آٹھ سال تک (۱۸۱۷ء - ۱۸۲۵ء) تک صدر رہا۔ منرو ابتدا میں غیر معتدل خیالات کا آدمی تھا لیکن بعد ازاں وہ معتدل خیالات کو پسند کرنے لگا اور تمام فرقے اُس سے اس قدر خوش ہوگئے کہ انتخاب کے موقع پر صرف ایک شخص نے اُسکے خلاف رائے دی تھی۔ پرانی فرقہ بندیاں ختم ہوگئی تھیں۔

جنگ سیمینول اور فلوریڈا کا حاصل ہونا

نیا عہد شروع بھی نہ ہونے پایا تھا کہ جورجیا اور فلوریڈا کے اہل کریک سے جنگ سیمینول شروع ہوگئی سرحدیوں اور ہندوستانیوں میں جو اب تک کہیں کہیں اس مملکت میں پائے جاتے تھے کئی سال تک جھگڑے رہے اور آخر کار نومبر ۱۸۱۷ء میں ریاستہائے متحدہ نے اپنے فیصلہ سے ہندوستانیوں کو مملکت باہر کر دیا۔ دونوں میں لڑائی چھڑ گئی۔ ابتدا میں دونوں جانب سے قتل عام کیے گئے، لوٹ مار، آگ لگانا اور قتل کرنیکی مہمات کی گئیں، پھر اس بہانے سے کہ اہل اسپین نے ہندوستانیوں کو امریکیوں کے خلاف بھڑکا دیا ہے انھوں نے جنرل اینڈریو جیکسن کی ماتحتی میں جو اہل کریک کے فاتح کے نام سے موسوم تھا اہل اسپین کے خلاف کوچ کیا۔ اگرچہ اس جنگ کا نام سیمینول ہے مگر اس کو جنگ فلوریڈا بھی کہہ سکتے ہیں سفیر اسپین نے مملکت فلوریڈا کے حملے کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی لہذا فوراً فلوریڈا کو واپس کر دیا گیا۔

فلوریڈا کئی لحاظ سے امریکیوں کی نگاہ میں کھٹک رہا تھا۔ سرحدوں کے جھگڑے تو چلے ہی جا رہے تھے لیکن بہدازاں یہ اور مصیبتیں نازل ہوئیں کہ مجرمین وہاں جاکر پناہ گزین ہو جاتے تھے۔ غلام بھی وہاں بھاگ جاتے تھے۔ ممنوع مال تجارت فروخت کرنیوالے وہاں چلے جاتے تھے جہازی لٹیرے وہاں رہتے تھے اور ہندوستانی وہاں تھے جنکو فلوریڈا نے نہ صرف جائے پناہ دے رکھی تھی بلکہ جیسا کہ گذشتہ لڑائی میں ظاہر ہوا انکو لڑنے کے لیے شہ بھی دی تھی۔

اسپین کے حکام جو ریاستہائے متحدہ کے لوگوں کی دوستی کرنیکی طرف مائل نہ تھے دوسرے لوگوں پر بھی کوئی قابو نہ رکھتے تھے تاکہ وہ انسے اہل امریکہ کا لحاظ یا پاس کرائیں۔ لہذا ریاستہائے متحدہ نے اپنا پہلا خیال کر فلوریڈا کو خرید لیا جائے از سر نو ظاہر کیا۔ چنانچہ ایک صلحنامہ تحریر ہوا پچاس لاکھ ڈالر کی ادائگی پر جو اسپین کو وہاں کے شہریوں کو ادا کرنا تھا اس طاقت نے مشرقی اور مغربی دونوں فلوریڈا سے ۲۲ فروری ۱۸۱۹ء کو دست برداری دے دی۔ لیکن تقریباً دو برس کے بعد اسپین نے اس عہدنامہ کی تصدیق کی اور پورے دو برس کے بعد ۱۸۲۱ء میں مملکت فلوریڈا ریاستہائے متحدہ کا جزو بن گئی۔

غلامی کا سوال | اس سوال پر بیحد مباحثہ ہوا۔ بعض لوگ اسکی مخالفت میں تھے اور بعض لوگ اسکی موافقت میں

عرصے تک یہ سوال اہل امریکہ کو پریشان کرتا رہا آخر کار یہ ظاہر ہوا کہ اہل امریکہ بحیثیت ایک قوم غلامونکی خرابیوں سے ناواقف نہ تھے اندرون ملک غلامی کی تجارت کی اجازت دیگئی اور اسکی توسیع کی گئی لیکن بیرونی تجارت غلاماں مسدود کردی گئی اور ۱۸۱۸ء میں چودہ ہزار غلام جو باہر سے آگئے تھے انکی واپسی کیلیے بھی سلطنت نے کچھ ذرائع بہم پہنچاے لیکن بہت عرصے تک وہ لوگ اپنے اپنے وطن کو واپس نہ جاسکے جبکہ قوم اس سوال پر بیحد لڑ جھگڑ رہی تھی تو لافیٹی فرانس سے آیا اسکا ضرورت سے زیادہ عزت کیساتھ استقبال کیا گیا اور وہ ایک سال تک ریاستہائے متحدہ میں رہا۔ اسکی بیحد خاطر تواضع کی گئی اور اسکو ریاستہائے متحدہ کا شہری قرار دیا گیا۔ نیز اُس کو دو لاکھ ڈالر بھی اسکی گذشتہ خدمات کے صلہ میں عطا کیے گئے۔ اس میں شک نہیں کہ اس کو جو کچھ بھی دے دیا جاتا وہ سب کا اہل تھا۔

اصول منرو

اب ریاستہائے متحدہ خود مختار ریاستوں کی ایک مجموعہ تھیں جو کناڈا سے لیکر پٹیا گونیا تک پھیلی ہوئی تھیں دوسری ریاستیں وسطی اور جنوبی امریکہ کی نوآبادیاں تھیں جنکو اسپین نے قائم کیا تھا ان ریاستوں نے عرصہ تک بغاوتیں کیں اور یہ بہت دنوں تک لڑتی رہیں قبل اسکے کہ انکے شمالی ہمسایہ نے ۱۸۲۲ء میں انکی خود مختاری کو تسلیم کیا شرائط صلح کے ذریعہ ایک ہی وقت میں میکسیکو، کولمبیا، بینوز آئرس اور چلی کیلیے مقرر کیے گئے۔ ریاستہائے متحدہ نے جنوبی ریاستوں اور یورپ کی خطرناک طاقتوں کے درمیان ایک حفاظتی اور مدافعتی پہلو اختیار کیا، یورپ کے اتحادیوں، فرانس، آسٹریا، پرشیا اور روس کا مقصد ظاہر تھا کہ وہ اسپین کی امداد اس بارے میں کرنا چاہتے تھے کہ اسکی نئی دنیا کی باغی ریاستیں اُسکے ماتحت رہیں لیکن منرو نے ۲ر دسمبر ۱۸۲۳ء کو اپنے ساتویں سالانہ پیغام میں یہ اعلان کیا کہ اسکی حکومت نے روس سے گفتگوے صلح کے ذریعے بطور ایک اصول یہ طے کر لیا ہے (جس میں ریاستہائے متحدہ کے مفاد بھی پنہاں ہیں) کہ امریکہ کا براعظم اس آزادانہ اور خود مختارانہ حیثیت کی بنا پر جو اُسنے اختیار کر لی ہے اور جسکو وہ برقرار رکھے ہوے ہے آیندہ نوآبادی کیلیے کوئی یورپی طاقت استعمال نکریگی"۔ صدر نے یہ بھی کہا کہ "ہم ان سلطنتوں سے چونکہ دوستانہ تعلقات رکھتے ہیں لہذا صاف صاف ہم کہے دیتے ہیں کہ اگر وہ اس نصف کرے میں اس طریقے کو کہیں وسعت دینگے تو یہ بات ہمارے تحفظ اور امن وامان کے سخت منافی ہوگی کسی یورپی طاقت کی موجودہ نوآبادیوں اور محکوم صوبوں سے ہمیں کوئی تعرض نہیں ہے اور نہ آئندہ ہوگا لیکن جن ریاستوں نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا ہے اور اُسے

برقرار رکھا ہے اور جنکی خود مختاری بہت غور وخوض کے بعد ہم نے عمدہ اصول کی بنا پر تسلیم کر لی ہے ہم کسی ایسی مداخلت کو جو اُنپر مظالم کرنیکے لیے ہو یا کسی دوسرے طریقے سے انکی قسمت پر دسترس رکھنے والی ہو خواہ کوئی یورپی طاقت کسی طریقے کے ساتھ اختیار کرے وہ ریاستہائے متحدہ سے دشمنی کا اظہار سمجھی جائیگی" لیکن کانگریس نے اس اصول کو جو مونرو کے نام سے موسوم ہے ضابطہ میں لانا پسند نہیں کیا۔ اسکا اصل مقصد صرف یہی تھا کہ دیگر ہمسایہ ریاستوں کی خود مختاری کی حمایت کی جائے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ یہ ایک قابل قدر کارنامہ تھا۔

جے۔ کیو۔ ایڈمس کی صدارت

جان کوانسی ایڈمس جو دوسرے صدر کا خلف الرشید تھا ۱۸۲۵ء میں منرو کے بعد صدر منتخب کیا گیا تجارتی محاصل کا سوال جنوبی باشندگان کو سخت ناگوار تھا۔ انھوں نے اسکو ظالمانہ اور خلاف آئین قرار دیا ۱۸۲۸ء میں صدر کا انتخاب ہوا جس میں مسٹر ایڈمس کو شکست ہوئی اور جنرل جیکسن منتخب کیا گیا۔ ایڈمس ۴ مارچ ۱۸۲۹ء کو صدارت سے علیحدہ ہو گیا۔ اُس نے اپنے جانشین کیلیے بے نظیر قومی مرفہ الحالی چھوڑی تمام دنیا سے عمدہ تعلقات برقرار رکھے قومی قرضہ بہت کم ہو گیا اور پچاس لاکھ ڈالر خزانہ عامرہ میں جمع ہو گئے۔

جیکسن کی صدارت

اینڈرو جیکسن نے صدر ہوتے ہی سیکڑوں آدمیوں کو جو حکومت کے انتظام میں ملازم تھے برطرف کر دیے۔ پچھلے چالیس سال کے اندر صرف ساٹھ آدمی علیحدہ کیے گئے تھے جیکسن کے اس فعل کے خلاف کثرت سے لوگ تھے اور وہ فرقہ بندی کی حکومت پسند نہیں کرتے تھے۔ مگر بعض لوگ یہ رائے بھی رکھتے تھے کہ ماتحتوں کی بھی وہی رائے ہونی چاہیے جو اُنکے افسران کی ہے ورنہ انتظام مملکت ناممکن ہے اور اس بنا پر جیکسن کے فعل کی تائید کرتے تھے جیکسن نے بینک اور مالی گڑبڑ کو بھی درست کیا۔ اسکے دوران حکومت میں ہندوستانیوں سے بھی اکثر جھگڑے ہوتے رہے۔ ہندوستانیوں کو دریائے مسسپی کے مغرب میں آباد کرنیکی کارروائی جاری رہی اور اس سے بدامنی پھیلتی تھی۔ اہل کریک اور دیگر ہندوستانی فرقوں کو ریاستہائے متحدہ کی فوجوں نے آخر کار مطیع بنالیا۔ بیرونی ممالک سے بھی تعلقات کشیدہ رہے لیکن آخر کار ان سے بھی معاملات دوستانہ طریقے پر طے پا گئے۔ ارکناس اور مچیگن دو نئی ریاستیں اتحاد میں داخل ہو گئیں۔ ۴ مارچ ۱۸۳۷ء کو وہ اپنے عہدے سے یکسانی کیساتھ رخصت ہوا

فان برن کی صدارت

مارٹن فارن برن ریاستہائے متحدہ کا آٹھواں صدر تھا۔ اسکے زمانے سے یعنی ۴ مارچ ۱۸۳۷ء سے ایک نئے عہد کا آغاز ہوا۔ اس سے پہلے جسقدر صدر منتخب کیے گئے وہ سب برطانوی اصل تھے اور یہ ڈچ نسل سے تھا یہ اُسوقت پیدا ہوا تھا جب آزادی کی عظیم جد وجہد ختم ہوگئی تھی اور قوم کی پیدائش عمل میں آگئی تھی۔

جسوقت ایک رُبع صدی پیشتر میکسیکو کے جھگڑے میں ۱۸۱۳ء میں اسپین کے خلاف ریاستہائے متحدہ نے شرکت کی تھی تو اسوقت یہ طے نہیں تھا کہ ٹیکساس کی مملکت لوزیانہ کا جزو تھی یا میکسیکو کا۔ اور اسکی سرحد بھی صاف طور پر ۱۸۱۹ء کے وقت (۱۸۱۹ء۔ ۱۸۲۱ء) تک طے نہ ہوئی تھی۔ اُسوقت ٹیکساس کو صاف طور پر اسپین کے حوالے کر دیا گیا تھا اور اسکے قبضے سے یہ باغی میکسیکو کے اختیار میں چلا گیا تھا۔ بعد ازاں اُس نے اپنی خود مختاری کا مطالبہ میکسیکو سے کیا لیکن میکسیکو نے اُسکی التجا پر کوئی توجہ نہ کی۔ بلکہ اسکی کلی اطاعت فرمانبرداری کے لیے ایک فوج روانہ کی اہل ٹیکساس نے اُسکا مقابلہ کیا اور ۲ مارچ ۱۸۳۶ء کو وہ خود مختار ریاست قرار دیدگئی۔ اُس کا صدر بھی جُداگانہ منتخب کیا گیا لیکن کچھ عرصے کے بعد اُسنے ریاستہائے متحدہ میں شامل ہونیکی درخواست کی جو اس وقت منظور نہ ہو سکی۔

ہیری سن اور جان ٹائلر کی صدارت

جسوقت ہیری سن کا انتخاب ہوا تو جمہوری سلطنت کو پچاس برس گذر چکے تھے جو منتقل لاکھ آبادی سے ایک کروڑ ستر لاکھ آبادی ہوگئی تھی لیکن صدر کی عمر اڑسٹھ سال ایک ماہ کی تھی چنانچہ اپنی صدارت کے ایک ماہ بعد وہ ۴ اپریل ۱۸۴۱ء کو انتقال کر گیا۔ جان ٹائلر جو نائب صدر تھا مشروطہ کے قاعدے کے مطابق صدر ہو گیا۔ اُس کے عہد میں خزانے کا قانون منسوخ کیا گیا۔ اور عام قانون دیوالیے کا نفاذ کیا گیا۔ بہت سے ایماندار آدمی جو قرضہ کے بار کے نیچے دبے ہوئے تھے اور کچھ نہیں کر سکتے تھے اس قانون سے مستفید ہوئے معاہدہ واشنگٹن سے جسکی تصدیق ۲۰ اگست ۱۸۴۲ء کو ہوئی تمام معاملات جو حکومت برطانیہ سے غیر معین چلے آتے تھے طے پا گئے اور یہ صلح اہل امریکہ کے تمام موافق ثابت ہوئی

ریاست ارکنساس کے شمول کے بعد مچیگن ۲۶ جنوری ۱۸۳۷ء کو داخل ہوئی تھی ریاست آئی وا ۳ مارچ ۱۸۴۶ء کو اور فلوریڈا ۱۸۴۵ء میں اتحاد کی ارکان بنگئیں۔ کیم مارچ ۱۸۴۵ء کو ریاست ٹیکساس کو بھی اتحاد میں سخت اختلاف کے باوجود داخل کر لیا گیا۔

جنگ میکسیکو میکسیکو اس ریاست ٹیکساس کے داخلے پر ناخوش ہوا اور اُسنے ۲۳ مئی ۱۸۴۶ء کو جنگ کا اعلان کر دیا

تین ہزار فوج ریاستہائے متحدہ نے میکسیکو کے خلاف روانہ کی اور میکسیکو نے خود پچاس ہزار رضاکار فراہم کیے۔ ریاستہائے متحدہ نے بھی اور نوجیں بھیجیں۔ ٹائلر صدر خود بھی ہر دلعزیز ہوا۔ سخت معرکے اور لڑائیاں ہوئیں، آخر کار ۲ جنوری ۱۸۴۸ء کو ایک صلح کی رو سے میکسیکو نے تمام صوبہ ٹیکساس نیو میکسیکو اور بالائے کیلیفورنیا سے دست برداری دے دی۔

باہمی نااتفاقی سنہ ۱۸۴۸ء سنہ ۱۸۶۵ء

ہم ذکر کر چکے ہیں کہ امریکیوں میں دو فرقے ہو گئے تھے، اس زمانے میں (یعنی سنہ ۱۸۴۸ء لغایۃ سنہ ۱۸۶۵ء) ان دونوں فرقوں کی باہمی عناد و مخاصمت کا بہت زور رہا۔ زیادہ تر غلامی کے سوال کو نہایت اہمیت حاصل ہوئی اور یہی دونوں فرقوں کی جنگ و جدل کا باعث ہوا۔ شمال کی ریاستیں غلامی کے رواج کی سخت مخالف تھیں اور جنوب کی ریاستیں اسکی بدستور موافق تھیں۔ جب معاملہ اسقدر خطرناک ہو گیا کہ اتحاد کے علیحدہ ہو جانیکا اندیشہ ہو گیا تو ہنری کلے نے ۲۹ جنوری سنہ ۱۸۵۰ء کو ایسی مصالحت آمیز تجاویز پیش کیں کہ دونوں فریق راضی ہو جائیں۔ ڈینیل ویبسٹر صدر تھا اسکے عہد میں ان تجاویز پر خوب مباحثہ ہوا۔ بعد ازاں ٹیلر صدر نے خود ان تجاویز کے خلاف تھا کسی طرح اپنی رضامندی نہیں دی مگر حسن اتفاق سے ٹیلر کا انتقال ہو گیا اور دونوں فریقوں نے تصفیہ تسلیم کر لیا، کچھ دنوں تک ملک میں خاموشی اور امن و امان رہا۔ اس کے بعد ردعمل شروع ہوا، چچا ٹام کی کوٹھری کے نام سے مسز اسٹو نے ایک ناول لکھا جس میں غلاموں کی حالت زار دکھلائی، یہ ناول اسقدر مقبول ہوا کہ نہایت قلیل عرصے میں اسکی تین لاکھ کاپیاں فروخت ہو گئیں اسکا تماشہ بھی دکھایا گیا اور بیشمار تماشائی اسکو دیکھنے کیلیے آئے ابتک ایسا کامیاب تماشا کوئی نہیں ہوا تھا۔ لطف یہ ہے کہ جنوب کی ریاستیں بھی جو غلامی کی حامی تھیں اس کتاب کو پسند کرتی تھیں اور وہاں بھی اسکی خوب بکری ہوئی۔ اس مقبولیت کی یہ وجہ تھی کہ زمانہ زمانہ میں جو غلاموں کی حالت تھی وہی بجنسہ دکھائی گئی تھی اور چونکہ ہر شخص اسکو اپنی آنکھوں سے دیکھتا تھا کتاب میں وہی پڑھکر متاثر ہوتا تھا اسکے بعد پناہ گزیں غلام کے قانون سے لوگوں میں بیچینی کے آثار ظاہر ہونے لگے بڑے بڑے آدمیوں اور حکومت نے سخت کوشش کی کہ بدامنی پھیلنے نہ پائے مگر سب کچھ بیکار ثابت ہوا ہر طرف مخالفت اور غلط فہمی پھیل گئی کوئی حد اس بڑھتی ہوئی آگ کو دبا نہ سکا جان براؤن نے غلاموں کی حمایت میں حکومت کے خلاف بغاوت شروع کر دی اسکے کچھ ساتھی مارے گئے اور کچھ گرفتار کر لیے گئے خود اسکو پھانسی کی سزا دیگئی۔ اب اسکو اسکی بیغرضی کی وجہ سے ایک قومی سورما خیال کیا جاتا ہے۔ چونکہ شمالی اور جنوبی ریاستوں کی آبادی میں بھی روز بروز فرق ہوتا جا رہا تھا دولت اور ذرائع بھی

روز افزوں تھے۔ شمالی ریاستوں کا سیاسی غلبہ بھی بڑھتا جارہا تھا کہ جوچانن صدر منتخب کیا گیا۔ اسکے انتخاب کے بعد جنوبی کیرولینا نے اتحاد سے علیحدگی اختیار کی کیونکہ اور ریاستوں نے بھی وعدہ کرلیا تھا کہ وہ اسکے شریک حال ہوجائینگی اس ریاست نے ہتھیار اور بارود وغیرہ خریدنے شروع کردیے اور چار اور ریاستیں اس سے جالیں ۴ مارچ ۱۸۶۱ء کو نامور صدر ابراہیم لنکن کا انتخاب ہوا۔ اُسوقت تک سات ریاستیں اتحاد سے علیحدہ ہوگئی تھیں حکومت نے بحری و بری فوج درست کرکے پہلے ریاست سوری میں اپنی مہمات شروع کیں اور سخت جدال و قتال ہوا، شیلاہ کی لڑائی، جزیرہ نما کی مہم اور چانڈ کے سامنے سات دن کی لڑائی پوپ کی مہم ورجینیا، کینٹکی اور ٹینی سی کی مہم ۱۸۶۲ء، گیٹس برگ کی لڑائی وکربرگ کی مہم، اٹلانٹا کی مہم، بیابان کی مہم وغیرہ وغیرہ مشہور ہیں، آخر کار یہ طے پاگیا کہ کوئی ریاست اتحاد سے علیحدہ نہیں ہوسکتی اور اسکو کثرت آرا کا پابند ہونا پڑیگا۔ ان لڑائیوں کا ایک نتیجہ یہ بھی ہوا کہ پرانی فریق بندی کا سوال جاتا رہا لنکن دوبارہ صدر منتخب کیا گیا لیکن ۱۴ اپریل ۱۸۶۵ء کو ایک قاتل نے اسے اپنی گولی کا نشانہ بنادیا، اُسکے مرنیکا تمام قوم کو سخت رنج ہوا اور سچ یہ ہے کہ اُسوقت تک قوم نے کسی کے مرنے پر اسقدر رنج نہ کیا تھا۔ اسکو واشنگٹن کے ساتھ ساتھ قوم کا باپ کہا جاتا ہے۔ کیونکہ واشنگٹن نے آزادی حاصل کی اور لنکن نے آزادی کو برقرار رکھا۔

اپنے پہلے ابتدائی خطبے میں لنکن صدر نے حسب ذیل بیان دیا تھا:

"اِن خیالات سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ کوئی ریاست صرف اپنی مرضی سے اتحاد سے علیحدہ نہیں ہوسکتی نیز ریزولیوشن اور احکام جو اس بارے میں صادر کیے جائیں وہ قانوناً کالعدم اور بے اثر ہیں ریاستہائے متحدہ کے خلاف خواہ کسی ریاست کے اندر زیادتی کیجائے ایک ریاست دوسری ریاست کے خلاف جبر و تعدی سے کام لے تو یہ بات اسوقت کے حالات کی بنا پر بغاوت یا انقلاب پر محمول کیجائیگی پس شروطہ اور قوانین کے نقطۂ نظر سے میرے نزدیک اتحاد ناقابل شکست ہے۔" اس فقرے سے لنکن صدر کے خیالات ظاہر ہیں یہ بات نہیں کہ وہ شروع ہی میں ایسے خیالات رکھتا تھا نہیں زندگی کی آخری سانس تک وہ ان خیالات پر عمل پیرا رہا جب کانگریس اور صدر کے خیالات بھی بیحد متباین تھے اور جب ملک جنگ و جدل میں مصروف تھا لنکن صدر اپنے اصول سے ایک انچ نہ ہٹا ۱۸۶۵ء کا آغاز ایسے واقعات سے ہوا جن سے جنگ کے خاتمے کا نشان ملتا تھا۔ شروطہ کی تیرھویں ترمیم جو ہمیشہ کیلیے غلامی کے انسداد کی نسبت تھی کانگریس نے منظور کرلی تھی اور ریاستوں میں سے تین چوتھائی اسکے موافق ہوگئی تھیں ۴ مارچ ۱۸۶۵ء کو لنکن نے اپنے دوسرے

خطبۂ صدارت میں واقعی نہایت عمدہ بات کہی "بلا کسی حسد کے سب سے خوشی کیساتھ ملتے جلتے ہوئے صراطِ مستقیم کو جیسا کچھ خدا نے ہمیں سمجھنے کی توفیق عطا کی ہے مضبوطی کیساتھ پکڑتے ہوئے ہمکو جد وجہد کرنی چاہیے تاکہ جو کام درپیش ہے اُسے ختم کر دیں، قوم کے زخموں پر مرہم پٹی باندھیں، اسکی خبر گیری کریں جو لڑائی میں ہمارے لیے جان دیتا ہے اور اسکی بیوہ اور یتیم بچے کی پرورش کریں مختصر یہ کہ ہم وہ سب کچھ کریں جس سے آپس میں اور تمام دوسری قوموں سے ابدی صلح قائم رہے"

صدر لنکن کے بعد اینڈرو جان سن صدارت کی کرسی پر جلوہ افروز ہوا، اسکا زمانہ نہایت شور وشغب کا تھا کانگریس اور صدر میں بیحد اختلاف رہا، کانگریس کے ریزولیوشن کو صدر اکثر مسترد کرتا رہا آخر کار صدر پر بغاوت کا مقدمہ چلایا گیا لیکن دو تہائی آرا میں صرف ایک رائے کی کمی رہی اور اسلیے اُسکو الزام سے بری کیا گیا، اسکے زمانہ کا اہم واقعہ یہ ہے کہ جزیرہ نما الاسکا روس سے خرید لیا گیا، اسکے بعد گرانٹ صدر منتخب کیا گیا، اسکے زمانہ میں برطانیہ سے ۸ رمئی کو صلحنامہ واشنگٹن کے نام سے ایک صلح ہوئی جسکی رو سے شمال ومغرب کی حدود قائم ہوگئیں، کناڈا کی ماہی گیری کا جھگڑا کا تصفیہ ہوگیا اور جہاز الاباما کے نقصانات کا معاوضہ برطانیہ نے دینا تسلیم کرلیا، ۱۸۷۶ء میں ایک صد سالہ نمائش فلے ڈلفیا میں ہوئی اب مرکزی حکومت بہت زیادہ طاقتور ہوگئی تھی، جن ریاستوں نے بغاوت کی تھی وہ سب مرکزی حکومت کے تابع فرمان ہوگئیں، ریاستہائے متحدہ میں اور بھی نئی ریاستیں شامل ہوتی رہیں یہاں تک کہ ان کی تعداد پینتالیس ۴۵ ہوگئی ؛

گرانٹ کے بعد ہیز، گارفیلڈ، آرتھر، کلیولینڈ، ہیری سن، میک کلنی اور روزولٹ وغیرہ صدر ہوئے ان کے زمانے میں ریاست ہائے متحدہ دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرتی رہیں ؛

باب (۱۲) دوازدہم

ریاستہائے متحدہ ۱۸۶۵ء کے بعد

خانہ جنگی مابین شمال وجنوب، ریاستوں کے اتحاد کو فاتح بنا کر ختم ہوئی لیکن اکثر مسائل لاینحل رہے جنکے حل پر نمیری کام کے اختتام کا انحصار تھا۔ جنوب کے باشندوں کی حالت زار جنھوں نے جنگ میں سب کچھ لگا دیا تھا اور کھو دیا تھا چالیس لاکھ حبشیوں کا مستقبل جو حال ہی میں آزاد ہوئے تھے، مرکزی حکومت کا باقاعدہ طور وطریق یہ اہم سوالات تھے مرکزی حکومت کے شیرازہ میں کوئی دفعہ کسی ریاست کے علیحدہ ہونے یا دوبارہ شمول کی نہ تھی اور مفتوحہ فرقوں کے اوپر

مرکزی حکومت کو کیا کیا اختیارات ہیں یہ بھی تحریر نہ تھا، یہ اختیارات بلحاظ ضرورت وسیع ترین ہونے چاہیے تھے صرف چند دُھندلی دفعات ایسی تھیں جن سے یہ باتیں اخذ کی جاسکتی تھیں لیکن انکے مختلف معانی بھی ہو سکتے تھے علاوہ ازیں مالی مشکلات کا سامنا تھا جو جنگ کے تباہ کن صرفہ اور اسکو پورا کرنے کے لیے ٹیکس لگانیکی وجہ سے رونما تھیں، پہلے صدر لنکن اور اُسکے جانشین جانسن کو شمال کے متقدر سیاسی رہنماؤں سے اختلاف رہا اور چھ برس تک اسی حیص وبیص میں یہ معاملہ لٹکا رہا۔ چنانچہ جنوب کی دوبارہ تعمیر کے کام پر عمل درآمد نہو سکا۔ لنکن اور جانسن جنوب کی ریاستوں سے ملائمت اور ملاطفت کا برتاؤ کرنا چاہتے تھے تاکہ جنوب اپنے زخموں اور صدموں کو جلد بھول جائے اُنکا یہ خیال تھا کہ جنوبی ریاستوں نے اپنی علیحدگی سے لازماً اپنا آئینی درجہ نہیں کھو دیا ہے اور اسلیے عام معافی اور فیاضی کا برتاؤ انکو انکے حقوق واپس دلا دیگا۔ برخلاف اسکے شمال کے غیر معتدل الصحاب جیسے کہ سمنر اور اسٹیونس تھے یہ رائے رکھتے تھے کہ انھوں نے اپنے افعال سے شمر وطہ کو توڑ ڈالا ہے اور ریاستوں کے اتحاد کی حکومت جس طرح اُنسے چاہے برتاؤ کرسکتی ہے۔ جانسن میں لنکن جیسا نہ سلیقہ تھا اور نہ رحم، اگرچہ جانسن کا صدارتی خطبہ اشتعال انگیز تھا لیکن اُسنے لنکن کی فرزانہ حکمت عملی کو اختیار کیا اور جن ریاستوں کے شہریوں نے حلف وفاداری اُٹھا لیا تھا ان میں باقاعدہ حکومتیں قائم کرنیکا کام شروع کر دیا۔ ان تدابیر سے لنکن کی وفات سے قبل ہی درجینیا، ٹینی سی، لوزیانا اور ٹکساس میں حکومتیں قائم ہوگئیں، لہٰذا جانسن نے اس کام کو جاری رکھتے ہوئے تمام اتحادی ریاستوں میں بجز ٹیکساس آئینی حکومت قائم کردی، اور دسمبر ۱۸۶۵ء کی منعقدہ کانگریس سے قبل یہ کام اختتام کو پہونچگیا، دوبارہ تعمیر کا کام شروع ہو چکا تھا، جنوب کی حکومتیں اپنی تمام گڑبڑ خصوصاً وحشیوں کے سوال کو درست کرنیکی کوشش کر رہی تھیں بدقسمتی سے جانسن صدر کے دوبارہ تعمیری کام دربارہ حکومت کو اہل شمال نے شبہ کی بلکہ مخاصمت کی نظر سے دیکھا گورے اور کالے آدمیوں میں جو امتیازات تھے اور جنکی وجہ سے صرف گورے رضاکاروں کی فوج بھرتی کیجاتی تھی اُسنے اتحادی رہنماؤں کے خوف کو اور بڑھا دیا، انکو اندیشہ ہوا کہ شاید جنوبی ریاستیں بھی غیر مطمئن رہیں اور وحشیوں کو مزید مکالیف پہنچیں، چنانچہ کانگریس میں دوبارہ تعمیری کام کے متعلق صدر سے سوالات کیے گئے صدر نے سائلوں کو باغی کہا۔ کانگریس نے آزاد شدہ آدمیوں کا ایک محکمہ بنانیکا قانون پاس کیا لیکن صدر نے اُسے مسترد کر دیا۔ اسپر کانگریس نے انسانی حقوق کا مسودہ پاس کیا جس سے آزاد شدہ آدمی (خواہ وحشی ہوں یا پہلے غلام رہچکے ہوں)

کو وہی حقوق دیے گئے جو گورے آدمیوں کو حاصل تھے کانگریس نے جون ۱۸۶۶ء میں تعمیری کام کی کمیٹی مقرر کی۔ جسنے اپنی رپورٹ اور ترمیمات پیش کیں اور اعلان کیا کہ جنوبی ریاستوں کے حقوق زائل ہوگئے ہیں اور جانسن نے جو حکومتیں قائم کی ہیں وہ خلاف قانون ہیں۔ لیکن ایک اور سودۂ قانون پاس کیا گیا جس سے ہر ریاست کو نیابت کا حق اس شرط پر عطا کیا گیا کہ وہ ترمیمات کی تصدیق کرے۔

کانگریس کے انتخابات بڑی جد وجہد کیساتھ عمل میں آئے لیکن فتح اسی فریق کی رہی جو کانگریس کی طرفدار تھی۔ جنوبی ریاستوں نے اسکے جواب میں چودھویں ترمیم اور کانگریس کے عطیہ کو رد کردیا، تمام کارروائی بند ہوگئی۔ غیر معتدل احرار نے فوراً دوبارہ تعمیر کے قوانین کانگریس میں پاس کردیے جن سے جنوبی ریاستوں کے پانچ اضلاع کو فوجی حکومت کے تابع بنا دیا اور دیگر موجودہ حکومتوں کو صرف عارضی ظاہر کیا، اور رعیتوں کو رائے دینے کا حق عطا کردیا، اسکے بعد کانگریس نے ایک قانون بنایا جس سے صدر کے انتظامی اختیارات محدود کردیے کانگریس کی تقریریں اب عالمانہ ہونیکے بجائے غضب آمیز ہونے لگیں، مارچ ۱۸۶۸ء میں جانسن صدر کو خلاف قانون جنرل اسٹینٹن کے علیحدہ کردینے پر ملزم قرار دیا گیا لیکن صرف ایک رائے کی کمی سے اُسکو سزا نہ دیگئی، جنوبی ریاستوں کا دوبارہ تعمیری کام فوجی نگرانی میں جاری رہا، ۱۸۶۸ء میں صدر کا انتخاب ہوا اور گرانٹ منتخب ہوگیا، ۴ مارچ ۱۸۶۹ء کو بڑی دقت سے پندرھویں ترمیم بھی جو رعیتوں کی حفاظت کیلیے تھی منظور ہوگئی اور دوبارہ تعمیری کام ختم ہوگیا، اسکے بعد کاغذ کے روپے کا سوال پیدا ہوا اور وہ بھی ریاستہائے متحدہ کے اس اقرار پر کہ جلد سے جلد زر پیہ ادا کیا جائیگا طے ہوگیا، اسکے بعد اندرون ملک کے ٹیکس کو کم کیا گیا اور جنوبی ریاستوں کے سرکاری قرضہ کو قائم رکھا گیا، ۱۸۷۱ء میں سرکاری ملازمتوں کے دروازے کو مقابلہ کے امتحان سے سب لوگوں کے لیے کھول دیا گیا۔ بہت سے اہم بیرونی معاملات جو اب تک غیر منفصل چلے آتے تھے طے ہوگئے۔ جرمنی اور چین سے صلحنامے ہوگئے لیکن زیادہ اہم سوالات فرانس اور برطانیہ عظمیٰ سے طے ہونے باقی تھے، میکسیکو کے معاملات میں نپولین سوم کی مداخلت سے جس سے ان کے اصول منرو پر ضرب پڑتی تھی ریاستہائے متحدہ میں بہت بےچینی پھیل گئی کیونکہ یہ خیال کیا گیا کہ خانہ جنگی سے اتحاد کی بیرونی حکمت عملی کمزور ہوگئی تھی لہذا نپولین کا یہ فعل اشتعال انگیز ہے لیکن بیرونی معاملات کے وزیر نے اپنے ہوش وحواس قائم رکھے اور فرانسیسی افواج کو یورپ واپس بلانیکی ضرورت نے جو پروشیا کی فتح

مقام سیڈوا پر ہونے سے پیدا ہوگئی تھی اس واقعہ کو ہر نہج سے ختم کر دیا جیسا کہ ہم پیشتر ذکر کر چکے ہیں برطانیہ سے بھی صلح ہوگئی اور تمام معاملات طے ہوگئے۔

ہیسر صدر کے زمانے میں ملازمت کی خرابیوں کی اصلاح کیگئی اور جنوبی کے سفید رہنماؤں کو خوش کرنے کیلیے وہاں سے فوجیں ہٹائی گئیں جو خانہ جنگی کے زمانے سے ابتک چلی آتی تھیں آرتھر صدر کے زمانے میں دو بیویوں کو حدود مملکت سے باہر رکھنے کا قانون بھی پاس ہوا ۱۸۸۲ء میں شرح محاصل کا مسودہ قانون بھی پاس ہوا جس نے بعض اشیاء پر کم محصول کر دیا اور بعض اشیاء پر بڑھا دیا اور اس طرح مصنوعات ملکی کی حفاظت کی گئی۔

کلیولینڈ صدر کے زمانے میں کارخانوں کا قانون پاس ہوا جسکی وجہ سے چند اشیاء پر محصول معاف کیا گیا جب وہ دوبارہ صدر منتخب ہوا تو برطانیہ عظمیٰ سے وینیزویلا کی سرحد کے سوال کا تصفیہ ہوا اور جزیرہ ہوائی کو ریاستہائے متحدہ میں شامل کر لیا گیا، میک کنلے صدر کے زمانے میں چاندی کے سکے کی بجائے سونے کا سکہ تسلیم کیا گیا اور ڈالر کو جاری کیا گیا، نیز اسکے زمانے میں بیرونی حکمت عملی کا رجحان توسیع کی طرف رہا، اسپین سے جزیرہ کیوبا کے معاملہ میں جنگ شروع ہوئی اور صلحنامہ پیرس سے ۱۰ دسمبر ۱۸۹۸ء کو ختم ہوئی، اسپین نے اپنے امریکی مقبوضات سے دست برداری دیدی اور کیوبا عارضی طور پر ریاستہائے متحدہ کے قبضے میں آگیا تاکہ بعد ازاں وہ بالکل آزاد ہو جائے۔ اور پورٹو ریکو، گام اور جزیرہ فلپائن تاوان جنگ کی ادائیگی میں ریاستہائے متحدہ کے حوالے کیے گئے۔ اب امریکہ دنیا کی طاقت شمار ہونے لگا اور شہنشاہیت کی حکمت عملی شروع ہوئی چنانچہ بہت جلد امریکہ نے چین میں مکسر کی بغاوت کے معاملے میں دخل دینا شروع کیا، جزیرہ فلپائن میں امریکی حکومت کے خلاف ایگی نالڈو نے بغاوت کی جو ۱۹۰۲ء میں جاکر فرو ہوئی، میک کنلے دوبارہ صدر منتخب ہوا لیکن اسکے دوبارہ صدر ہونیکے کچھ دنوں بعد جبکہ وہ ۱۴ ستمبر ۱۹۰۱ء کو نمائش بفلو دیکھنے گیا تھا ایک شخص نے اسے گولی سے مار ڈالا، تھیوڈور روزولٹ جو نائب صدر تھا امریکہ کے رواج کے مطابق صدر بنا دیا گیا یہ شخص نہایت مدبر اور زبردست حکمراں تھا، اسنے بغاوت مکسر کے معاملے میں روسیوں کے دعاوی کے خلاف اعتراضات کیے، جنگ روس و جاپان کے خاتمے پر صلحنامہ پورٹسمتھ اسی کی تحریک سے ہوا ۱۹۰۳ء میں نہر نہاما کے بنانیکا حق امریکہ کو عطا ہوا، اسکو ۱۹۰۴ء میں دوبارہ منتخب کیا گیا ۱۹۰۷ء میں قانون جلاوطنی پاس کیا گیا جس سے امریکہ میں آباد ہونیوالے کیلیے انگریزی زبان کا علم ضروری اور مناسب حالات لازمی قرار دیگئی

۱۹۰۹ء میں مسٹر ولیم۔ ایچ ٹیفٹ صدر بنایا گیا اُسنے ڈالر کے سینوگسن بینک کا طریقہ رائج کیا۔ ۱۹۱۲ء میں ڈاکٹر وڈرو ولسن کا انتخاب ہوا ۱۹۱۷ء کی مشہور جنگ یورپ میں جرمنی کے خلاف اور انگریزوں کی موافقت میں امریکہ بھی لڑائی میں شریک ہوا۔ جب ۱۹۱۸ء میں ابتدائی صلح ہوگئی تو ولسن کے چودہ اصول تمام دنیا میں مشتہر کیے گئے اگرچہ اُنپر عملدرآمد نہوا یعنی کسی نہ کسی بہانے سے دوسری چھوٹی اور کمزور قوموں کو آزادی نہیں دی گئی ڈاکٹر ولسن کے بعد مسٹر ہارڈنج اور ان کے بعد مسٹر ہوور صدر منتخب کیے گئے۔ مسٹر ہوور موجودہ صدر ہیں۔

نقشہ صدور امریکہ ذیل میں درج ہے

(۱) جارج واشنگٹن	۱۷۸۹ء سے ۱۷۹۶ء	(۱۱) جیمس کے۔ پولک	۱۸۴۵ء سے ۱۸۴۹ء		
(دوبار)		(۱۲) زیچری ٹیلر	۱۸۴۹ء سے ۱۸۵۰ء		
(۲) جان ایڈمس	۱۷۹۷ء سے ۱۸۰۰ء	(جولائی ۱۸۵۰ء میں وفات پائی)			
(۳) تھامس جیفرسن	۱۸۰۱ء سے ۱۸۰۸ء	(۱۳) مارٹن فلمور	۱۸۵۰ء سے ۱۸۵۲ء		
(دوبار)		(۱۴) فرینکلن پیرس	۱۸۵۳ء سے ۱۸۵۶ء		
(۴) جیمس میڈی سن	۱۸۰۹ء سے ۱۸۱۶ء	(۱۵) جیمس بوچانن	۱۸۵۷ء سے ۱۸۶۰ء		
(دوبار)		(۱۶) ابراہیم لنکن	۱۸۶۱ء سے ۱۸۶۵ء		
(۵) جیمس منرو	۱۸۱۷ء سے ۱۸۲۴ء	(دوبار) (۱۴ اپریل ۱۸۶۵ء کو قتل کیا گیا)			
(دوبار)		(۱۷) اینڈرو جان سن	۱۸۶۵ء سے ۱۸۶۸ء		
(۶) جان کوانسی ایڈمس	۱۸۲۵ء سے ۱۸۲۸ء	(۱۸) یولیسیس ایس گرانٹ	۱۸۶۹ سے ۱۸۷۶ء		
(۷) اینڈرو جیکسن	۱۸۲۹ء سے ۱۸۳۶ء	(۱۹) رتھر فوڈ بی۔ ہیز	۱۸۷۷ء سے ۱۸۸۰ء		
(۸) مارٹن فان برن	۱۸۳۷ء سے ۱۸۴۰ء	(۲۰) جیمس اے۔ گارفیلڈ	۱۸۸۱ء		
(۹) ولیم ہنری ہیری سن	۱۸۴۱ء	(قتل کیا گیا)			
(۴ اپریل ۱۸۴۱ء کو وفات پائی)		(۲۱) چیسٹر۔ اے۔ آرتھر	۱۸۸۱ء سے ۱۸۸۴ء		
(۱۰) جان ٹائی لر	۱۸۴۱ء سے ۱۸۴۴ء	(۲۲) گروور کلولینڈ	۱۸۸۵ء سے ۱۸۸۸ء		

(۲۳) بینجمن ہیری سن ۱۸۸۹ء سے ۱۸۹۲ء (۲۶) تھیوڈور روزولٹ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۰۸ء

(۲۴) گروور کلیولینڈ ۱۸۹۳ء سے ۱۸۹۶ء (دوبار)

(دوبارہ) (۲۷) ولیم ایچ ٹیفٹ ۱۹۰۹ء سے ۱۹۱۲ء

(۲۵) ولیم میک کنلے ۱۸۹۷ء سے ۱۹۰۰ء (۲۸) ڈاکٹر وڈرو ولسن ۱۹۱۲ء سے ۱۹۲۱ء

(دوبار منتخب ہوا مگر ۱۹۰۱ء میں قتل ہوگیا) (۲۹) ہارڈنج ۱۹۲۱ء سے ۱۹۲۳ء

(۳۰) سٹرکالون کوٹج ۱۹۲۳ء سے ۱۹۲۸ء (۳۱) ہوور (موجودہ صدر ہیں)

باب (۱۳) سیزدہم

کناڈا اور دیگر مستعمرات

باب ہشتم میں صلحنامۂ پیرس (۱۰ فروری ۱۷۶۳ء) کا ذکر کیا جا چکا ہے جس کی رو سے نواکوشیا، کناڈا، کیپ برٹن قطعات سینٹ جان اور دیگر جزائر فرانس کو انگلستان کے حوالہ کرنے پڑے تھے۔ برطانیہ عظمیٰ نے کناڈا کے اہل کیتھولک کی جان و مال کی حفاظت کا اقرار کیا تھا اور یہ بھی وعدہ کیا تھا کہ فرانسیسیوں کے حقوق ماہی گیری ساحل نیوفاؤنڈلینڈ پر بدستور جاری رہیں گے۔ اسی صلحنامہ کی رو سے اسپین نے بھی فلوریڈا کو برطانیہ عظمیٰ کے حوالہ کر دیا تھا۔

فوجی حکومت

۱۷۶۳ء سے ۱۷۷۴ء تک اس صوبہ کی حکومت زیادہ تر وہاں کے باشندوں کے منشا کے مطابق کام کرتی رہی اگرچہ یہ حکومت فوجی حکومت تھی لیکن منصف مزاج اور عادل تھی۔ نیز وہاں کے باشندوں کے مزاج کے مطابق تھی کیونکہ اُس زمانہ میں وہ زیادہ تر خود بھی بہادر اور فوجی تھے۔ بادشاہ جارج سوم کے شاہی اعلان ۱۷۶۳ء نے حکومت میں ایک قسم کی تبدیلی ضرور پیدا کر دی تھی جو زیادہ تر برطانوی احساسات اور رسوم کے مناسب حال تھی۔ اس زمانہ سے نئی رعایا کے تمام تنازعات جو حقوق اراضی یا جائداد غیر منقولہ کے بارہ میں مثل وراثت اور تقسیم مابین ورثاء پیدا ہوتے تھے ان کا تصفیہ جیسا کہ فتح سے پیشتر رواج تھا اب بھی خود اُنکے ہم وطن ججوں ہی کے فیصلوں سے ہوتا تھا۔ لیکن عدالتوں کے نظام کو انگلستان کے طرز پر ترتیب دینے کی

ہدایت کی گئی تھی۔ اِس اعلان سے جارج سوم نے شمالی امریکہ میں چار نئی حکومتیں قائم کی تھیں یعنی کوئی بیک شرقی و غربی فلوریڈا اور گرانڈا۔ گورنروں کو اختیار دیا گیا تھا کہ وہ قانون ساز مجلسیں طلب کریں اور اُن کی مرضی کے مطابق قانون وضع کریں اور عدالتیں قائم کریں۔ لیکن کوئی بیک یعنی کناڈا میں اس کے شاہی اعلان کے مطابق کوئی قانون ساز مجلس قائم نہ ہوئی کیونکہ فرانسیسی اہل کناڈا آزمائشی حلف اُٹھانے کے لیے تیار نہ تھے جو عشاء ربانی کے عقیدے کے خلاف تھا۔ لہٰذا ۱۷۶۳ء سے ۱۷۷۴ء تک صوبہ کی حکومت صرف گورنر جنرل کے اختیار میں رہی جس کی امداد کے لیے ایک انتظامی کونسل بنائی گئی تھی اور جس میں زیادہ تر سرکاری عہدہ دار شامل تھے لیکن چند سربرآوردہ نوآبادی بھی تھے۔ مگر یہ زمانہ حکومت زیادہ تر مطلق العنانی کا تھا۔ ایک طرف فرانسیسی اہل کناڈا نے اپنے قدیم رسوم و رواج کو قائم رکھنے کے لیے جھگڑنا شروع کیا اور دوسری طرف انگریزی رعایا نے ایسی عدالتوں کے قیام کی خواہش کی جس میں صرف انگریزی قانون دیوانی پر عمل درآمد کیا جائے۔ فرانسیسی نوآبادوں نے گورنر مرے اور گورنر کارلٹن دونوں پر اپنا اعتماد ظاہر کیا اور اپنی قسمت پر شاکر رہے لیکن برطانوی نوآبادوں میں بے چینی پھیل گئی۔

کوئی بیک ایکٹ اور انقلاب امریکہ

آخر کار ۱۷۷۴ء میں پارلیمنٹ نے کوئی بیک ایکٹ پاس کیا۔ برطانوی نوآبادی جو تبدیلی کی خواہشمند تھی اس کے سخت مخالف ہوگئی کیونکہ فرانسیسی اہل کناڈا کے قدیم قوانین اور رواجات کو انگریزی قانون دیوانی میں مدغم کر دیا گیا تھا۔ امریکی نوآبادیوں نے اس قانون کی اس وجہ سے مخالفت کی کہ بڑی جھیل کے حصۂ ملک کو بھی اس نئے قانون کی حدود سماعت میں داخل کر لیا گیا تھا۔ اس قانون نے خلاف شاہی اعلان ۱۷۶۳ء کوئی بیک کے صوبہ کی حدود کو بھی واضح کر دیا تھا۔ فتح کے وقت باشندوں کی تعداد پینسٹھ ہزار تھی جو کیتھولک مذہب کے پیرو تھے اور عرصہ دراز سے ایسے قوانین اور آئین سیاسی کے پابند تھے جن سے ان کے جان و مال کی حفاظت متصور تھی۔ یہاں مذہب کیتھولک کے رواج کی عام اجازت تھی حالانکہ سلطنت کے دیگر حصص میں اس کی قطعاً ممانعت تھی اور اس کے متبعین سخت تکالیف میں مبتلا تھے۔ قانون فوجداری بھی جو انگلستان میں رائج تھا اور جس کے نفاذ سے باشندوں کو کوئی نقصان نو سال کے عرصہ میں نہیں پہونچا تھا

دستور قائم رکھا گیا۔

بادشاہ نے اس صوبہ کے معاملات طے کرنے کے لیے ایک کونسل مقرر کی جس میں تیئیس ۲۳ سے زائد اور سترہ ۱۷ سے کم ممبر نہیں ہو سکتے تھے اور جو گورنر یا کمانڈر انچیف کی مرضی سے جیسا موقع ہو صوبہ کے معاملات طے کر سکتی تھی۔ اس کو یہ بھی اختیار دیا گیا کہ وہ صوبہ کی علاوہ حکومت کے لیے عارضی قوانین بنائے۔ اُس کو ٹیکس لگانے کا اختیار نہیں دیا گیا تھا سوائے اُن معمولی ٹیکسوں کے جو سڑکوں یا دیگر رفاہ عام کے کاموں کے لیے لوگوں کی مرضی کے مطابق لگائے جاتے تھے۔

اس اہم قانون نے کناڈا کے مقبوضہ اشخاص کو تقریباً ایک قومی جماعت تسلیم کر لیا تھا اور جب تک شمالی اور جنوبی حصوں میں اس کو ۱۷۹۱ء میں تقسیم نہ کر دیا یہی قانون نافذ رہا۔ چونکہ امریکی انقلاب رونما ہو گیا تھا اس لیے اُس کے دوران میں یہی قانون جاری رہا۔

وفاشعاران برطانیہ

۱۷۸۳ء میں ریاستہائے متحدہ سے صلح ہو گئی جس کی وجہ سے کناڈا کو نفع بھی ہوا اور نقصان بھی دریائے اوہیو کی زرخیز وادی اور بڑی جھیلوں کے اردگرد کا کل جنوبی اور مغربی حصۂ ملک جو برّاعظم شمالی امریکہ کے نہایت زرخیز خطوں میں شمار ہوتا ہے ہمیشہ کے لیے کناڈا سے لے کر ریاستہائے متحدہ کے حوالہ کر دیا گیا لیکن اس نقصان کے مقابل اس کو یہ فائدہ بھی ہوا کہ امریکی وفاشعاران جن کو ریاستہائے متحدہ میں عام طور پر قدامت پرست کہا جاتا تھا یہاں آکر آباد ہو گئے جن کی وجہ سے کناڈا کی ترقی اور مرفہ الحالی میں بیحد امداد ملی کناڈا کے ایک نامور مورخ نے ان کی بابت لکھا ہے کہ "یہ ایک حقیقت ہے کہ وفاشعاران برطانیہ ہی کناڈا کے بنانے والے تھے، وہ رہنماؤں کی ایک جماعت تھے۔ نہایت بااثر جان، نہایت ممتاز وکلا، نہایت قابل اور سربرآوردہ اطبا، جماعت پادریان کے نہایت اعلیٰ تعلیم یافتہ مختلف نوآبادیوں کی کونسل کے ارکان، شاہی افسران، شائستہ اور دولت مند اشخاص یہ تمام وفاشعاران تھے۔ کناڈا اپنے جنوبی بھائیوں کا بیحد ممنون ہے۔ جنھوں نے بن سے لے کر جیورجیا تک اپنی نہایت عمدہ قابلیتوں کا اظہار کیا اور اُن کو ہمارے شمالی وحشیوں تک پہنچایا"۔ یہ اندازہ کیا جاتا ہے کہ ۱۷۸۶ء تک پچاس ہزار سے زائد اشخاص برطانوی شمالی

امریکہ میں آباد ہو گئے تھے۔ ہزاروں نواسکوشیا میں اور ہزاروں سینٹ جان کی وادی میں چلے گئے جہاں انھوں نے صوبہ نیو برنزوک آباد کیا۔ دوسری بڑی جماعت مغرب کو روانہ ہو گئی اور شمالی کناڈا کی بنیادوں کو قائم کر دیا جو آئندہ اون ٹریو ہونے والا تھا۔

صوبہ کوئی بیک کے باشندے ۱۷۹۱ء کے قانون سے ہرگز مطمئن نہ تھے اور نہ ہوئے اور نئے بسنے والوں کی جماعت کو فرانسیسی قانون کی ماتحتی میں رہنا سخت ناگوار تھا۔ پھر اُن میں سوروثی جذبہ نیابتی حکومت بھی کارفرما تھا۔ لہٰذا ایسی تبدیلی کے مطالبات جن میں حکومت خود اختیاری کے اصول جاگزیں ہوں زور شور کے ساتھ پیدا ہو گئے۔ لارڈ ڈارشیسٹر جو اس وقت کناڈا پر حکمراں تھا قائل ہو گیا کہ نئے حالات کیلیے نئے قوانین ہونے چاہییں۔ چنانچہ اس نے دیوانی کے مقدمات میں بھی جج کے ساتھ جوری کو اختیار سماعت دے دیا۔ اس کے بعد اس نے صوبہ کی ضروریات کا مطالعہ کیا جن کو اس نے وزیر نوآبادی ہا کے سامنے اپنی عمدہ رپورٹ میں پیش کیا۔

آئینِ سیاسی

لارڈ ڈارشیسٹر کی تحریک پر ارل گرنیول نے برطانوی پارلیمنٹ میں ایک مسودہ قانون پیش کیا جو آئین سیاسی کے نام سے موسوم ہے۔ اس میں یہ تجویز کی گئی تھی کہ ملک کو دو صوبوں میں تقسیم کر دیا جاے جو علحدہ علحدہ حکومتوں کے ماتحت ہوں ہر صوبہ کے لیے ایک قانون ساز مجلس کا انعقاد کیا گیا جو ایک کونسل اور دارالنمائندگان پر مشتمل تھی۔ برطانوی پارلیمنٹ میں مسٹر فاکس نے اس کی سخت مخالفت کی کہ کناڈا کو دو صوبوں میں تقسیم کیا جاے لیکن مسٹر پٹ کے اثر سے مجوزہ مسودہ قانون پاس ہو گیا۔ اس وقت زیرین کناڈا کی آبادی ایک لاکھ پچیس ہزار تھی اور بالائی کناڈا کی آبادی بیس ہزار سے بھی کم تھی۔ یہ آئین سیاسی جس پر ۱۷۹۲ء سے عمل درآمد کیا گیا ۱۸۴۱ء تک جب کہ انگلستان اور ریاستہاے متحدہ میں جنگ ہوئی کسی اہم واقعہ کے بغیر جاری رہا۔ فرانسیسی اہل کناڈا اس کے سخت خلاف تھے۔ جب ۱۸۱۵ء میں انگلستان اور ریاستہاے متحدہ میں صلح ہو گئی تو پچیس سال کے نزاعی اور شور و شغب کے زمانہ کا آغاز ہوا۔ دونوں صوبوں میں یہ جھگڑا شروع ہوا کہ ارکان حکومت پر قانون ساز مجلسوں کو تفوق حاصل ہے۔ زیرین کناڈا میں

یہ قضیہ اور بھی اس وجہ سے اہم ہو گیا تھا کہ انگریزی زبان بولنے والی اقلیت ارکان حکومت اور قانون ساز کونسلوں پر قابو رکھتی تھی اور قانون ساز مجلس پر فرانسیسی اہل کناڈا چھائے ہوئے تھے۔ لہٰذا تمام جھگڑے کی بنیاد نسلی مخاصمت پر تھی۔ لارڈ ڈرہم نے ۱۸۳۹ء میں فرمایا تھا کہ میں نے دونوں قوموں کو ایک ہی سلطنت کے اندر جنگ کرتے ہوئے پایا۔ میں نے یہ جنگ کسی اصول پر مبنی نہ دیکھی بلکہ یہ لڑائی صرف نسلی تھی"۔ قانون ساز مجلس نے یہ مطالبہ کیا کہ افسران حکومت اس کے جواب دہ رہیں اور پارلیمنٹ کی ذمہ داری کے نظریہ کو تسلیم کر لیں اور جس وقت عوام ان سے ناراض ہو جائیں تو وہ اپنے عہدوں سے دست بردار ہو جایا کریں آخر کار برطانوی پارلیمنٹ نے ایک کمیٹی ۱۸۲۸ء میں مقرر کی جو تمام امور نزاعی کی تحقیقات کرے۔ چنانچہ اس نے تحقیقات کے بعد چند اصلاحات پیش کیں جن کا نفاذ دونوں صوبوں میں کیا گیا۔ لارڈ ڈلہوزی کو جو سخت گورنر تھا اور وہاں کے باشندے اس سے سخت ناراض تھے وہاں سے ہٹا کر ہندوستان بھیج دیا گیا اور پنی پیو کو مجلس ملی کا صدر منظور کر لیا گیا جس کو عوام منتخب کر چکے تھے لیکن ڈلہوزی نے مجلس ملی کو اسی بنا پر منتشر کر دیا۔

کناڈا میں بغاوت

کچھ عرصہ تک دونوں فریق خاموش رہے لیکن بعد ازاں پھر بے چینی کے آثار نمایاں ہو چلے چنانچہ ۱۸۳۵ء میں ایک شاہی کمیشن مقرر کیا گیا کہ وہ صوبہ کے معاملات کی تحقیقات کرے اس نے اپنی رپورٹ برطانوی پارلیمنٹ میں ۱۸۳۷ء میں پیش کی۔ یہ رپورٹ مصلحان قوم کے انتہائی مطالبات کے خلاف تھی، لارڈ رسل نے اس رپورٹ کے مطابق ایک مسودہ قانون بنایا لیکن یہاں کے لوگ اس کے سخت خلاف ہو گئے۔ ماہ اکتوبر میں ایک باقاعدہ بغاوت کا آغاز ہوا۔ پہلا بلوہ مانٹریل میں نومبر کے شروع میں ہوا لفٹننٹ ویر کو باغیوں نے رستے میں گرفتار کر لیا اور اس کو گولی سے مار دیا۔ کرنل گور نے ایک توپ اور پانسو آدمیوں سے ۲۳ نومبر کی صبح میں باغیوں پر حملہ کیا لیکن اسے شکست فاش ہوئی اور سخت نقصان کے بعد وہ واپس ہو گیا۔ وہ اپنی توپ بھی نہایت ذلت کے ساتھ کیچڑ میں ڈال کر فرار ہو گیا۔ بعد ازاں کرنل ویدرال نے باغیوں کو شکست دی اور پنی پیو جو مسلح بغاوت میں خود شریک نہیں ہوا تھا اگرچہ اسی نے لوگوں کو بغاوت پر آمادہ کیا تھا اس شکست کی خبر سن کر بھاگ گیا۔ ۵ دسمبر کو مانٹریل کے ضلع میں مارشل لا

(فوجی قانون) کا نفاذ ہوگیا۔ ۱۳ر دسمبر کو سر جان کالبورن تیرہ سو آدمیوں کی باقاعدہ فوج کے ساتھ حملہ آور ہوا اس حملہ میں بہت سے باغی ہلاک ہوئے اور آخر کار انھوں نے ہتھیار ڈال دیے اور اس طرح پہلی بغاوت کا خاتمہ ہوگیا

بالائی کناڈا میں بغاوت

کناڈا کے بالائی صوبہ میں میکینزی نے جبکہ زیرین کناڈا میں بغاوت ہو رہی تھی اعلان کیا کہ عارضی حکومت قائم کر دی گئی ہے اور تمام محبان وطن کو اس میں حصہ لینا چاہیے۔ دسمبر کے پہلے ہفتہ میں باغیوں کا اجتماع ہونا شروع ہوگیا اور اگر وہ فوراً حملہ کر دیتے تو ٹورونٹو انکے قبضہ میں آجاتا لیکن انھوں نے گورنر سے گفت و شنید شروع کر دی جس نے ان کے مطالبات میں سے ایک کو بھی تسلیم نہ کیا اس عرصہ میں کافی فوج وہاں جمع ہوگئی جس نے باغیوں پر حملہ کر دیا۔ ایک مختصر لیکن سخت لڑائی کے بعد باغیوں نے شکست کھائی اور میکینزی فرار ہو کر ریاستہائے متحدہ میں چلا گیا۔ عارضی حکومت اپنے صدر مقام دریائے نیاگرا کے بحری جزیرہ میں قائم رہی اور اپنا جھنڈا جس پر "آزادی اور مساوات" الفاظ تحریر تھے قائم کیا لیکن یہ حکومت زیادہ دنوں تک نہ چل سکی اور باغیوں کو سزائیں دی گئیں، البتہ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ حکومت کناڈا کو بہتر طریقے پر چلانے کا قانون بنایا گیا۔

لارڈ ڈرہم کناڈا میں

زیرین کناڈا کی بغاوت کا فوری نتیجہ یہ ہوا کہ شاہی ارباب حل وعقد نے صوبہ کے آئین سیاسی کو موقوف کر دیا اور عارضی حکومت چلانے کے لیے ایک خاص کونسل بنائی لارڈ ڈرہم کو گورنر جنرل مقرر کیا گیا اُس نے ملکہ وکٹوریہ کی تاجپوشی کے دن سے فائدہ اٹھا کر تمام باغیوں کو معافی دیدی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اگر ان پر مقدمات چلائے گئے تو جوری ان کو کبھی مجرم نہیں قرار دے گی تاوقتیکہ ان کے دشمنوں کو جوری میں مقرر نہ کیا جائے۔ البتہ اس نے چند سرغنہ لوگوں کو جو دریائے شور کا حکم تحقیقات کے بغیر دے دیا جس پر لارڈ ڈرہم کے مخالفین پارلیمنٹ نے بیجا اعتراضات کیے اور اس نے اپنے عہدہ سے سبکدوشی کا ارادہ کرلیا۔ لیکن ڈرہم کی پالیسی کو عام طور پر اہل کناڈا نے پسند کیا۔ ڈرہم کے بعد کالبورن گورنر جنرل مقرر ہوا۔ اس نے سختی کیساتھ بغاوت کو فرو کیا۔ چنانچہ باغیوں کے بارہ سرغنہ سولی پر چڑھائے گئے

۱۸۴۰ء کا قانون اتحاد

مسٹر تھامپسن جو فہیم اور بڑی ترکیب کا آدمی تھا کا لبورن کے بعد دونوں صوبوں کا گورنر جنرل مقرر ہوا۔ اُسنے دونوں صوبوں کی قانون ساز مجلسوں کو آمادہ کیا کہ جو مسودہ قانون برطانوی پارلیمنٹ تجویز کر رہی ہے اس کو منظور اور قبول کرلیں۔ چنانچہ ۲۳ جولائی ۱۸۴۰ء کو ایک قانون نافذ کیا گیا جس سے زیرین و بالائی کناڈا متحد کر دیے گئے۔ قانون ساز مجلس میں دونوں کناڈوں کے ممبروں کی تعداد مساوی رکھی گئی۔ بالائی کناڈا کی باغی جماعت نے اس قانون کو ادھورا اور ناقص سمجھا لیکن زیرین کناڈا کے محبان وطن نے اس کو اہل کناڈا کی جمہوری سلطنت کی ابتدا قرار دیا۔ بہرحال مسٹر تھامپسن کے حسن انتظام سے برطانوی پارلیمنٹ بیحد خوش ہوئی اور اس کو لارڈ سڈنہم بنا دیا۔ نیز اس کو کناڈا کا گورنر جنرل بھی برستور رکھا۔

ذمہ دار حکومت کا قیام

قانون اتحاد میں سب سے بڑی بات یہ تھی کہ ہمیں اس اصول کو تسلیم کرلیا گیا تھا کہ گورنر کے وزرا باشندوں کے دارالمندوبین کے اعتماد پر کام کریں گے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رفتہ رفتہ حکومت خود اختیاری کی بنیاد ۱۸۴۸ء تک نہ صرف کناڈا میں پڑگئی بلکہ نیو برنزوک اور نواسکوشیا بھی اسی اصول کے ماتحت ہوگئے اور ۱۸۵۱ء تک شہزادہ ایڈورڈ کا جزیرہ بھی اسی طرز حکومت سے سرفراز ہوگیا۔ لوگوں میں بھی یہ احساس ہوگیا کہ نسلی اور مذہبی فریق بندی کو خیرباد کہا جائے اور زبان کے اختلاف کو بالائے طاق رکھا جائے۔ سب کو چاہیے کہ ملک کی بہتری کے لیے کوشش کریں اور یہی ان کا اعلیٰ فرض ہے۔

بغاوت کے نقصان کا مسودہ قانون

لارڈ ایلگن کے زمانہ میں جو اس وقت وہاں کا گورنر جنرل تھا دو وزیر بالڈون اور لیفانٹین مقرر ہوئے انھوں نے ایک مسودۂ قانون پیش کیا کہ ایک لاکھ پونڈ ان نقصانات کا معاوضہ دیا جائے جو لوگوں نے ۱۸۳۷ء کی بغاوت میں اٹھائے تھے۔ فوراً برطانوی یا قدامت پرست فریق نے آواز بلند کی کہ "باغیوں کو کوئی تنخواہ نہ ملنی چاہیے"۔ اور نسلی اور فرقہ وارانہ احساس غالب آگیا لیکن سخت مخالفت کے باوجود یہ قانون پاس ہوگیا اس قانون کے مخالفین نے لارڈ ایلگن کو ترغیب دی کہ وہ اپنے حکم سے اس کو مسترد کر دے لیکن اس نے

یہ سمجھ کر کہ باشندگان کی یہی خواہش تھی جیسا کہ ان کے وزراء نے مطالبہ کیا تھا اپنی منظوری دیدی اور ذمہ دار حکومت کو یہ پہلی فتح حاصل ہوئی۔ جب لارڈ ایلگن پارلیمنٹ کے کمرہ سے قانون منظور کرنے کے بعد روانہ ہوا تو عوام نے جن میں نہایت تعلیم یافتہ اور روشن خیال اصحاب بھی شریک تھے نعرہائے خوشی سے اس کا خیر مقدم کیا اور پارلیمنٹ کے مکان میں زبردستی گھس کر آگ لگادی اور ممبران کو نکال باہر کیا۔ برطانوی حکومت نے لارڈ ایلگن کو تو اپنی جگہ پر رہنے دیا لیکن مونٹریل کو یہ سزا دی کہ وہاں سے دارالسلطنت منتقل کر دیا۔ اور ۱۸۵۸ء میں آخر کار اٹاوا کو دارالحکومت بنا دیا۔

کچھ دنوں بعد یہ تجویز کی گئی کہ نوا سکوشیا اور نیو برنزوک کو بھی کناڈا سے ملحق کر دیا جائے۔ نیوفاؤنڈلینڈ اور شہزادہ ایڈورڈ کا جزیرہ کچھ عرصہ تک اس الحاق سے علٰحدہ رہے لیکن آخر کار ۲۹ مارچ ۱۸۶۷ء میں برطانوی شمالی امریکہ ایکٹ پاس ہو گیا اور یہ سب ایک آئین سیاسی کے ماتحت ہو گئے۔ کناڈا کا شمالی مغربی حصہ جو سمور کی تجارت کے لیے مشہور تھا اور صوبہ مینی ٹوبا سے موسوم تھا ۱۸۷۰ء میں کناڈا ہی سے ملحق کر دیا گیا۔ اب وہاں برطانوی پارلیمنٹ کی طرح لوگوں کے نائبین کام کرتے ہیں جن کا افسر اعلیٰ وزیر اعظم ہوتا ہے اور وہ تنہا تمام امور سلطنت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ انگلستان اپنی طرف سے صرف گورنر جنرل مقرر کرتا ہے جو بادشاہ کا نائب سمجھا جاتا ہے۔ اس کو ملکی انتظام اور امور سلطنت میں صرف اتنا ہی دخل ہے جتنا شاہ انگلستان کو اپنے ملک کی پارلیمنٹ میں دخل ہے

باب (۱۴) چہاردہم

فتح میکسیکو

میکسیکو قدرتی طور پر تین خطوں میں منقسم ہے خلیج میکسیکو سے جانب غرب گرم خطہ ہے جہاں کثرت سے نباتات ہیں بعض مقامات پر ریگستان بھی ہیں آب و ہوا بعض موسموں میں خراب ہو جاتی ہے اس گرم خطہ سے ساڑھے تین میل بعد معتدل خطہ شروع ہوتا ہے، اس خطہ کی پیداوار اکثر وہی اشیاء ہیں جو یورپ کے نہایت زرخیز ممالک میں پائی جاتی ہیں اس دوسرے خطہ سے گذر کر سرد خطہ آتا ہے جہاں کوہ انڈس ساڑھے آٹھ ہزار فیٹ سطح سمندر سے بلند ہے، صنوبر کے جنگلات ہیں اور آب و ہوا خوشگوار ہے، اس سطح مرتفع کے اندر پانچ جھیلیں واقع ہیں، ان جھیلوں کے کناروں پر بہت سے شہر آباد تھے جنکے نشانات اب تک پائے جاتے ہیں اور سب سے بڑی جھیل کے بیچ میں ایک ٹاپو تھا جس پر شہر میکسیکو آباد تھا۔ چنانچہ شہنشاہ مونٹی زوما کا یہی دار السلطنت تھا اور وہیں رہتا تھا، اہل اسپین کی آمد کے وقت مونٹی زوما جسکے معنی غمگیں اور حزیں ہیں، تمام وسطی امریکہ پر جو خلیج میکسیکو اور بحر الکاہل کے درمیان واقع ہے فرمانروائی کر رہا تھا۔

۱۵۱۸ء میں ایک ہسپانوی جسکا نام کورٹیز تھا، بلاسکیز کی مہم میں اسکے ہمراہ کیوبا کو روانہ ہوا، اُسنے اس جزیرہ کی فتح میں کارنمایاں انجام دیے بعد ازاں وہ ۱۸ نومبر ۱۵۱۸ء کو ایک مہم لیکر ہانے چلدیا، اُسکا بیڑہ گیارہ چھوٹے جہاز اور کشتیوں کا تھا۔ پانسو آٹھ سپاہی، اکیسو ملاح یعنی کل چھ سو ترہ آدمی تھے، چند اشخاص کے پاس بندوقیں تھیں ورنہ زیادہ تر کمانیں تلواریں اور نیزے تھے صرف سولہ گھوڑے تھے اور دس چھوٹی توپیں تھیں اس طاقت کیساتھ کورٹیز اس قوم سے لڑائی شروع کرنیوالا تھا

جسکے پاس کل سپین اور اسکی باجگذار ریاستوں سے زیادہ وسیع رقبہ تھا اور جس میں ایک حد تک تہذیب بھی موجود تھی۔

کورٹیز بھی اُن مقامات پر جہاں گرجا بنوایا جا چکا تھا پہنچا، اُسنے اپنا رُخ مغرب کی طرف رکھا یہانتک کہ وہ ملک جو ان ڈی الوا پر پہنچا، یہاں ایک بڑی زور ق آدمیوں سے بھری ہوئی دوستانہ علامات کیساتھ بیڑے کے پاس آئی، اُنمیں سے دو آدمی معزز معلوم ہوتے تھے اور جہاز کے تختہ پر کسی اور خوف کے بغیر چلے گئے، ایک ہندوستانی عورت کے ذریعے سے جسکو پہلے سے جہاز پر بٹھالیا تھا معلوم ہوا کہ وہ دو شخص صوبہ کے گورنروں نے بطور نائب بھیجے تھے اور وہ ایک بڑے بادشاہ مونٹی زوما کے جو اُس ملک کا فرمانروا تھا ملازم تھے، ان لوگوں کے وہاں آنیکا یہ مقصد تھا کہ وہ کورٹیز سے دریافت کریں کہ وہ کیوں اس ملک میں آیا ہے تاکہ وہ اسکے سفر میں اسکی امداد کریں، کورٹیز نے جواب میں کہا کہ ہمارے یہاں آنے سے بجز دوستی اور کوئی مقصد نہیں اور ہم آپکے بادشاہ اور ملک کیلیے اپنے بادشاہ کی طرف سے نہایت ضروری پیغام لائے ہیں،

دوسرے روز جواب کا انتظار کیے بغیر اہل سپین خشکی پر اتر پڑے اور ہندوستانیوں نے اس آدمی کیطرح جسنے جاڑے سے ٹھٹھرے ہوئے سانپ کو گرم کیا تھا اور اُسنے گرمی پاکر اسکے بچے کو کاٹ کھایا تھا بڑی فراخدلی سے انکی امداد کی اور انکو مطلق یہ شبہ نہوا کہ وہ اپنے ملک کی پرامن وسکون سرحدوں کے اندر خود اپنے ملک کے حملہ آوروں اور برباد کنندوں کو داخل کر رہے ہیں، اسی روز دونوں گورنر بھی کورٹیز کے خیمے میں داخل ہوئے جنکے ہمرکاب بہت سے ہندوستانی تھے، بظاہر انکی خوب عزت کیگئی کورٹیز نے اُنسے کہا کہ میں شاہ سپین کا سفیر ہوں جو شرق میں نہایت طاقتور بادشاہ ہے اور مجھکو شہنشاہ کو ایک پیغام پہنچانا ہے جو اسکے سوا میں کسی اور سے نہیں کہہ سکتا لہذا مجھکو اُسکے دربار تک جانا ضرور ہے، اسی اثنار میں اُسنے دیکھا کہ بعض ہندوستانی سفید سوتی کپڑے پر اُس کے جہازوں گھوڑوں، توپخانے، سپاہیوں، بندوقوں اور دیگر اشیا کی تصاویر بڑے غور سے کھینچ رہے ہیں تو اُس نے دریافت کیا کہ یہ لوگ ایسا کیوں کر رہے ہیں، ہندوستانیوں نے کہا کہ ہم یہ نقشہ شہنشاہ کی خدمت میں بھیجیں گے کورٹیز نے یہ سنکر فوراً اپنی سپاہ کو حکم دیا کہ میدان جنگ کیلیے تیار ہو جاے اور اُسنے بہت سے جنگی معرکے دکھلائے گھوڑوں سے بھی نہایت چستی اور چالاکی سے کام لیا گیا اور توپیں جنگل کی طرف چھوڑی گئیں جنکے گولوں سے جنگلات صاف ہو گئے، ہندوستانیوں نے یہ سب باتیں تعجب کی نظر سے دیکھیں لیکن جب توپوں کے گولوں کی آواز کانوں میں آئی تو بعض فرار ہو گئے، بعض گر پڑے اور بعض خوفزدہ ہو کر رہ گئے، پس انھوں نے اہل سپین کو بلاے بیدماں سمجھا

پیغامبر فوراً مونٹی زوما کے پاس روانہ کیے گئے جو چند روز میں واپس آگئے اور بہت سے تحائف کورٹیز کیلیے لائے اور اپنے بادشاہ کی طرف سے یہ درخواست کی کہ وہ اپنے ملک کو واپس چلا جائے لیکن اہل اسپین اُن ہدایا کو دیکھکر بیحد خوش ہوے اور اُنسے اُنھوں نے اندازہ کیا کہ ملک نہایت خوشحال اور مالدار ہے، ایسے ملک کو فتح کیے بغیر چھوڑنا دانشمندی کے خلاف ہے، مونٹی زوما کو جب کورٹیز کا یہ ارادہ معلوم ہوا تو اور بھی قیمتی تحائف روانہ کیے اور ساتھ ساتھ یہ بھی پیغام بھیجا کہ وہ ملک سے اپنی فوج لیکر باہر چلا جاے، لیکن ہسپانوی مونٹی زوما کے اس فعل سے میکسیکو کے فتح کرنے پر اور زیادہ تل گئے۔ اسی دوران میں بعض ہمراہیوں نے جو کورٹیز کے خلاف تھے واپسی کیلیے اصرار کیا اکورٹیز نے فوراً حکم دیا کہ واپس چلنے کیلیے جہازات تیار ہوجائیں، اسپر اور لوگ بیحد برافروختہ ہوے اور کورٹیز سے ملکر دریافت کیا کہ ایسا حکم کیوں دیا گیا ہے، اُنھوں نے کہا ہم تو اسکو سخت بزدلی سمجھتے ہیں کہ یہاں سے بے نیل مرام واپس جائیں اکورٹیز نے کہا کہ مجھ کو آپ صاحبان کی راے سے اتفاق ہے لیکن فلاں فلاں اصحاب واپسی کیلیے مصر ہیں، اسپر سب لوگ اُن آدمیوں کے خلاف ہوگئے اور انکو مجبور کیا کہ وہ بھی اُنکے ہمخیال ہوجائیں، اس طریقے سے کورٹیز نے سبکو اپنے حکم کا تابع بنالیا، جب کورٹیز نے دیکھا کہ اُسکے ہمراہی اسکے کہنے میں ہیں تو اُسنے حکم دیا کہ تمام جہازات توڑ ڈالے جائیں اور انکی تمام قیمتی اور کارآمد اشیا خشکی پر اتاری جائیں، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، اس امر سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ کورٹیز کا اثر اپنے ہمراہیوں پر کس درجہ تک تھا، چھ سو آدمی بقیہ دینا سے تعلقات قطع کرکے ایک مخالف ملک میں جسکے باشندے جنگ جو اور خونخوار تھے بخوشی تمام جوکھوں پر راضی ہوگئے۔

اب کورٹیز نے محسوس کیا کہ وہ فتوحات کی منزل پر روانہ ہونیکے لیے بالکل تیار ہے، چنانچہ وہ ٹیمپولا کی طرف بڑھا، وہاں وہ مذہبی جوش سے مغلوب ہوکر اس بات پر آمادہ ہوگیا کہ مندروں کے بتوں کو توڑ ڈالا اور انکی جگہ صلیب اور حضرت مریم کی تصویر رکھوادی، پجاریوں نے باشندوں کو تلوار اٹھانے کیلیے ترغیب دی لیکن کورٹیز کا خوف انکے دلوں پر اسقدر طاری تھا کہ وہ اسکی اطاعت کے سوا اور کوئی چارہ نہیں دیکھتے تھے، اور یہ کرنے پر اُسنے اپنے کچھ آدمی اُس مقام کی حفاظت کیلیے چھوڑے وہ بیمار بھی تھے اور لڑنیکے قابل نہ تھے صرف پانسو آدمیوں کو اپنے ہمراہ لیکر وہ اندرون ملک جارہا تھا کہ اسکی ٹڈی بھیڑ فرقہ ٹیلیکس کالا سے ہوئی، اس فرقہ نے اپنی فوج تیار کی اور اہل اسپین پر حملہ کیا، چند آدمی زخمی کیے اور دو گھوڑے مار ڈالے، ان حالات میں بھی نقصان بھی کورٹیز کیلیے بہت زیادہ تھا پس اُس نے آئندہ

اپنے لشکر کو اس عمدگی سے آراستہ کیا کہ ہندوستانیوں کے حملے سے اسکا ایک آدمی بھی ضائع نہوا، اسی ہوشیاری کیساتھ وہ آگے بڑھتا رہا، ہندوستانیوں نے رات کے وقت بھی حملے کیے لیکن کورٹیز کے پہریدار ہمیشہ ہوشیار رہتے تھے اور ہندوستانیوں کو ناکامی ہوتی تھی، کورٹیز ہندوستانی قیدیوں کو کھلونے دے کر رہا کر دیا کرتا تھا جس سے ہندوستانیوں کو خیال ہوا کہ کورٹیز رحمدل ہے، مختصر یہ کہ ہندوستانی اور اہل اسپین دونوں صلح کے خواہاں تھے اور اس شرط پر اُنسے صلح کرلیگئی کہ انکی جمہوری سلطنت شاہ اسپین کے ماتحت ہوگئی۔ اسکے بعد ان ہندوستانیوں نے کورٹیز کو ہر قسم کی امداد پہنچانی شروع کر دی۔

اب مقام چولا سے میکسیکو صرف ساٹھ میل کے فاصلے پر تھا اور کورٹیز براہ راست اسی طرف کوچ کر رہا تھا جہاں کہیں وہ پہنچتا تھا ہندوستانی اُسکے ساتھ ملاطفت سے پیش آتے تھے بلکہ اُسکو مونٹی زوما کے مظالم سے نجات دینے والا سمجھتے تھے، وہ یہ دیکھ کر بیحد خوش ہوا کہ بے اطمینانی کا بیج نہ صرف دور دراز صوبوں میں اُگا ہوا ہے بلکہ سب جگہ نشو و نما پا رہا ہے، جب اہل اسپین دار السلطنت کے قریب پہنچے تو بدنصیب بادشاہ حیران تھا کہ وہ کیا کرے، آخر کار جب کورٹیز میکسیکو پہنچا تو اُسکا نہایت شاندار استقبال کیا گیا۔ تمام امرا اور اعیان سلطنت حاضر ہوے اور خود مونٹی زوما سوار ہو کر بہت شان و شوکت کیساتھ کورٹیز سے ملنے آیا، دونوں طرف سے محبت اور گرمجوشی کا اظہار کیا گیا اور کورٹیز اور اسکے ہمراہیوں کو نہایت خاطر داری کیساتھ مہمان بنایا گیا میکسیکو کی سڑکیں نہایت عمدہ تھیں، گلیاں کھرنجہ دار تھیں، کھاری پانی سے تازہ اور شیریں پانی تیار کیا جاتا تھا، باشندوں کے رہنے سہنے کے طریقوں اور مکانات سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ لوگ شائستہ اور مہذب ہیں، مونٹی زوما کے شاہی محلات بھی معمولی نہ تھے، ایک محل اتنا بڑا تھا کہ اس میں بیک وقت تین ہزار آدمی بیٹھ سکتے تھے۔ اور اس کی چھت پر ایک شاندار ٹورنامنٹ ہو سکتا تھا۔

کورٹیز کو یہ خیال ہوا کہ وہ خود اور اسکی فوج شہر میں محفوظ نہیں ہے کیونکہ اگر پل توڑ دیے جائیں تو پھر اہل اسپین کا شہر سے نکلنا مشکل ہو جائیگا اور باوجود اسکے کہ وہ طاقت اور فوجی قابلیت میں باشندگان میکسیکو سے مافوق اور برتر ہیں، انکی برتری بیکار ہو جائیگی اسلیے اُسنے ایک روز مونٹی زوما سے شکایت کی اور کہا کہ چونکہ اہل اسپین کو ہمنے دیر اگر وز پر چھوڑا تھا انکے ساتھ دہانکے کورنے بُرا برتاؤ کیا اور دو تین آدمی مار ڈالے لہذا ہم اسکا تاوان ادا کرو، مونٹی زوما نے اپنے افسروں کو بلا کر حکم دیا کہ فوراً گورنر اور اسکے بیٹے اور اہل خاندان کو گرفتار کر کے حاضر کرو، کورٹیز نے کہا کہ آپکے اس حکم سے

میری تشفی ہوگئی لیکن دیگر اہل اسپین اسوقت تک مطمئن نہونگے کہ آپ ہمارے لشکر میں چلکر رہیں، مونٹی زوما اس بات سے نہایت پریشان ہوا لیکن اسکے سوا اور کوئی چارہ کار بھی نہ تھا اور وہ کورٹیز کے ہمراہ روتا ہوا اور رنج کرتا ہوا اگرچہ شاہانہ شان و شوکت کیساتھ اہل اسپین کے لشکر میں چلا گیا، وہاں وہ چھ ماہ تک قید رہا اور کورٹیز تمام احکام اسکی بجائے جاری کرتا رہا، تمام ملک کو اہل اسپین نے دیکھ ڈالا، کورٹیز نے بعض گورنروں کو معزول کر دیا جو اسکے خلاف خیالات رکھتے ہوے پائے گئے اور انکی جگہ دوستانہ تعلقات رکھنے والوں کو مقرر کر دیا، مونٹی زوما اپنی اس نظر بندی سے اسقدر تنگ ہوا کہ اُسنے اپنے آپکو شاہ اسپین کا باجگذار بھی تسلیم کر لیا، جب ویراکروز کا گورنر آیا تو اسکو اور اسکے بیٹے اور پانچ چھ افسروں کو اہل اسپین کے حوالے کر دیا گیا، کورٹیز نے ان سب کو آگ میں ڈلوا دیا، میکسیکو کے باشندے اس نظارہ سے نہایت خوفزدہ ہوے بعدازاں کورٹیز نے مونٹی زوما سے کہا کہ آپ اپنا مذہب تبدیل کر لیں لیکن وہ اسپر راضی نہوا، اور کورٹیز نے غصے میں آکر تمام مندروں کے بتوں کو پھکوا دیا، اسپر مندروں کے پجاریوں نے لوگوں کو مشتعل کیا اور وہ لڑنیکے لیے تیار ہوگئے، کورٹیز نے یہ حال دیکھکر اپنا حکم واپس لیا اور مذہب میں مداخلت کرنے سے آئندہ باز رہنے کا وعدہ کیا، تاہم وہانکے لوگ اہل اسپین سے تنگ آگئے تھے اب انھوں نے یہ کوشش کی کہ کسی طرح انسے مخلصی حاصل کیجاے، مونٹی زوما کو بھی اس مشورہ میں شریک کیا گیا، چنانچہ ایکدن مونٹی زوما نے کورٹیز سے کہا کہ ہم سب لوگ آپکے اطاعت گزار ہیں اور آپکا جو مقصد تھا وہ حاصل ہوگیا، اب آپ واپس تشریف لیجائیے ورنہ لوگ برسرپیکار ہیں اور پھر آپکی تباہی یقینی ہے، کورٹیز نے اسپر کوئی اعتراض نہ کیا اور اُسکو اطمینان دلایا کہ ہم سب بہت جلد واپس چلے جائیں گے، چنانچہ بظاہر واپسی کے لیے تیاری بھی شروع کر دی؛

جب کورٹیز اس بات پر غور کر رہا تھا کہ میکسیکو کے باشندوں کی مخالفت کا توڑ کیا جائے اسے ایک دردشناک اطلاع پہنچی، ویلاسکیز، گورنر کیوبا نے یہ معلوم کرکے کہ کورٹیز اپنے طور پر میکسیکو فتح کر رہا ہے اور تمام نام آوری اور شہرت اسکے حصے میں آئیگی اٹھارہ جہاز کا ایک بیڑہ تیار کیا اور اپنے ایک ماتحت کو اس بیڑہ کا سردار بنا کر بھیجا تاکہ وہ وہاں پہنچکر کورٹیز اور اسکے ماتحت افسروں کو قتل یا گرفتار کرے، جب یہ معلوم ہوا کہ یہ لوگ ویراکروز میں قیام پذیر ہوے ہیں تو کورٹیز میکسیکو سے صرف ستر آدمی اپنے ہمراہ لیکر روانہ ہوا، اور چولولا کے مقام پر اپنے دوسرے آدمیوں سے جنکو وہ پیچھے چھوڑ گیا تھا آن کر ملا، اسکے بعد یہ لوگ سیمپولا پہنچے اور یہاں اُنسے نبرد آزما ہوے، نارویز کی ایک آنکھ میدان کارزار میں جاتی رہی اور کورٹیز نے اسے گرفتار کرکے ویراکروز بھیجدیا، نارویز کے ہمراہی کورٹیز کے کچھ خلاف نہ تھے چنانچہ وہ سب اُسکے جاں نثار سپاہیوں میں

شامل ہوگئے، جو فوج اسکی سرکوبی کیلیے بھیجی گئی تھی وہ اسکی ہوشیاری سے اسکے لیے ایک قسم کی مدد ثابت ہوئی، کورٹیز نے ان کے ساتھ نہایت مہربانی اور محبت کا برتاؤ کیا اور تالیف قلوب کی۔

اس واقعہ کے چند روز بعد ایک پیغامبر یہ خبر لایا کہ اہل میکسیکو مسلح ہوکر ہسپانویوں سے برسرپیکار ہوگئے ہیں اور انھوں نے دو چھوٹے جہاز جنکو کورٹیز نے بنوایا تھا تاکہ جھیل پر اہل ایسین قابض رہیں توڑ ڈالے ہیں اور انھوں نے بعض ہسپانویوں کو قتل اور زخمی کر دیا ہے اور ان کے ذخیرے کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا ہے، اندیشہ ہے کہ دشمن ان سب کو قتل کر ڈالے یا بھوکوں مار دے، کورٹیز یہ اطلاع پاکر فوراً میکسیکو کی طرف روانہ ہوا اور ٹیلیکسکلا کے مقام پر دو ہزار آزمودہ کار ہندوستانی سپاہی اس کے ساتھ ہوگئے جس طرح پہلے ہر مقام پر وہاں کے معزز آدمی اُس سے آکر ملاقاتی ہوتے تھے اب کوئی نہ آیا جس سے اسے پتہ لگ گیا کہ سب لوگ ہسپانویوں کے خلاف ہوگئے ہیں، لیکن اپنی غلطی سے انھوں نے کوئی فائدہ نہ اٹھایا، بجائے اسکے کہ وہ رستے میں کورٹیز کا مقابلہ کرتے اور اس کو ادھر ادھر مصروف رکھتے تاکہ میکسیکو کے ہسپانویوں کو بآسانی شکست دی جاسکتی انھوں نے کورٹیز کو وقت اور پریشان کیے بغیر منزل بمنزل کوچ کرنے دیا، آخر کار جب وہ میکسیکو پہنچا تو لڑائی ہو رہی تھی، اس میں شک نہیں کہ توپوں کی مدد سے ہسپانویوں نے بہت سے آدمیوں کو فنا کر دیا تھا لیکن اہل میکسیکو بدلہ لینے پر تلے ہوئے تھے، انکی فوج دیگر مقامات سے روزانہ چلی آتی تھی اور ان میں شامل ہوتی جاتی تھی، ایک معرکہ میں ہسپانویوں کے بارہ آدمی قتل ہوئے اور ساٹھ آدمی زخمی ہوگئے خود کورٹیز بھی زخمی ہوگیا۔

جب کورٹیز نے دیکھا کہ اس طرح کام نہیں چلتا اور اہل میکسیکو سے لڑ بھڑ کر چھٹکارا ملنا دشوار ہے تو اُس نے مونٹی زوما کے ذریعہ سے اس کی رعایا کو جنگ سے باز رکھنے کی کوشش کی چنانچہ اس کو فصیل پر شاہانہ لباس پہنا کر بٹھایا گیا، لوگوں نے اُسے دیکھا تو جھک کر سلام کیا، جب وہ اپنی رعایا سے یہ کہہ چکا کہ ہسپانویوں سے لڑنا بیکار ہے تو اُسکی رعایا نے ہسپانویوں پر تیر اور پتھر برسانا شروع کر دیے، اس حملہ سے بادشاہ کے بھی چوٹ آئی اور وہ گر پڑا۔ ہسپانوی اسے ایک محفوظ مقام پر لے گئے، وہ زندگی سے دل برداشتہ ہوگیا اور ہر چند کوشش کی کہ وہ کچھ کھائے پیے مگر اس نے خورد و نوش بالکل ترک کر دیا اور گھل گھل کر مر گیا، اب اہل میکسیکو کو لڑائی سے باز رکھنا ناممکن تھا اور کورٹیز حیران تھا کہ کیا کرے آخر کار اس نے شب کو اس ارادہ سے شہر سے باہر نکل جائے۔ لیکن اہل میکسیکو

اس کی یہ سب تیاریاں دیکھ رہے تھے جب وہ اپنے ہمراہیوں کو لیکر روانہ ہوا تو اُس پر اہل میکسیکو ٹوٹ پڑے اور اگرچہ بازاروں اور گلیوں میں ان کے خون کے نالے بہہ گئے لیکن ہسپانوی بھی جب شہر سے باہر نکلے تو انکی تعداد صرف نصف رہ گئی تھی بعض ان میں سے قتل ہو گئے تھے اور بعض جھیل میں گر کر ڈوب گئے تھے تو پخانہ گولہ بارود اور دیگر سامان سب ہاتھ سے جاتا رہا تھا گھوڑوں کی زیادہ تعداد اور ٹلیک کلانی دو ہزار سے زائد قتل ہو گئے تھے اُنھوں نے جو خزانہ جمع کیا تھا اس میں سے بھی بہت سونا اپنی جانیں خزانہ کا ہاتھ سے نکل جانا ان کے لیے خاص مصیبت کا باعث تھا کیونکہ وہ ہمیشہ مال و دولت ہی کی تلاش میں رہتے تھے اور سچ پوچھو تو ہسپانویوں کی زیادہ تعداد اسی حرص و طمع کی بدولت فنا ہوئی کیونکہ وہ سونے کی سلاخوں سے لدے ہوئے تھے جسکی وجہ سے نہ وہ بخوبی لڑ سکے اور نہ تیزی کیساتھ فرار ہو سکے

ہسپانویوں کی واپسی

اب اہل اسپین نے ٹلیک سکلا کا رخ کیا اور چھ دن تک دلدلوں اور پہاڑوں کو عبور کرتے رہے اہل میکسیکو کبھی دور سے اور کبھی قریب سے ان پر حملہ کرتے جاتے تھے چلتے رہے یہ لوگ اوٹمبا پہنچے اور وہاں مختلف اطراف و جوانب میں آدمیوں کی بہت سی جماعتیں دیکھیں اہل اسپین برابر گشت کرتے رہے یہاں تک کہ وہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے اسکے بعد ایک وسیع وادی میں پہنچے انتہا آدمی نظر آئے ان کو دیکھ کر بہادر سے بہادر ہسپانوی بھی خوفزدہ ہو گیا مرنے کو تیار کے ہوش و حواس بجا رہے اُس نے اپنے ہمراہیوں سے کہا کہ اب صرف دو صورتیں ہیں یا تو ان لوگوں سے لڑ بھڑ کر فنا ہو جاؤ یا ان کو فتح کر لو اس کے سوا اور کوئی علاج نہیں چنانچہ اس نے فوراً حملہ کر دیا ہندوستانی نہایت بے خوفی سے ان کے سامنے ڈٹے رہے اور اپنی بہادری کا ثبوت دیا لیکن تعداد کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہو ترتیب اور فوجی قابلیت ہمیشہ اس طاقت پر جو ہوندے طریقے سے استعمال کی جائے غالب آجاتی ہے بس اہل اسپین اُن کو قتل کرتے ہوئے اور ان کی صفوں کو چیرتے ہوئے وہاں سے نکل گئے دوسرے دن وہ ٹلیک سکلا کی مملکت میں پہنچے اور باوجود اس کے کہ وہ اس وقت مصیبت زدہ تھے ان کے اتحادیوں نے ان کا خیر مقدم کیا کورٹیز نے دیر کر دینے سے تین توپیں اور کچھ گولی بارود کا سامان حاصل کیا اور چار جہاز ہسپانیولا اور جمیکا روانہ کیے تاکہ کچھ رضا کار اور سامان حرب وہاں سے لے کر آئیں اُس نے یہ سمجھکر کہ میکسیکو فتح کرنا اس وقت تک ممکن نہیں ہے کہ جب تک جھیل پر قبضہ نہ ہو بارہ چھوٹے جہاز بنوائے تاکہ خشکی کی راہ سے ان کے ٹکڑوں کو لے جا کر جھیل میں موزوں کیا جائے اور

اس طرح جہاز کھڑے کر دیے جائیں۔

میکسیکو پر دوسرا حملہ

جب کورٹیز اپنے جہازوں کی واپسی کا بے چینی کے ساتھ انتظار کر رہا تھا تو ویا کیز نے دو جہاز زرد زی امداد کے لیے اور بھیجے۔ ان کو دیکھ کر وہ پھر لڑنے کی ترغیب دی گئی اور طاعون اور چیچک کی مہلک سے آگاہ کر کے اس بات پر مائل کیا گیا کہ وہ کورٹیز کی ہمراہی میں دشمن سے لڑیں اس طرح کورٹیز کو ۱۵۰ سواسی آدمی اور نو گھوڑے مل گئے اب اس کی فوج پانسو پچاس پیدلوں اور چھیاسی سواروں پر مشتمل تھی اور توپیں تیس دس ہزار ٹلیکی ٹلکالانی اور دیگر ہندوستانی بھی اس کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ اب اس نے ایک مرتبہ پھر سلطنت میکسیکو فتح کرنے کیلئے قدم اٹھایا اس نے ٹیباکو چوچ دارالسلطنت کی طرف ۲۷ دسمبر ۱۵۱۹ء کو اپنا سیبت زدہ واپسی کا سفر دوبارہ شروع کیا۔

مونٹی زوما کے مرنے کے بعد کوٹلا ہواکا اس کے جانشین کی حیثیت سے تخت نشین کیا گیا۔ وہ ایک بہادر سپاہی کے ساتھ ساتھ ایک قابل حکمران بھی تھا۔ اسی کی سرداری میں ہندوستانی سپاہیوں کو شہر سے باہر نکالنے پر قادر ہوئے تھے اس نے ان کے چلے جانے کے بعد شہر کو مستحکم بنایا اور ان کی دوبارہ مزاحمت کی۔ کورٹیز نے انتظار کیا لیکن ہندوستانیوں کی بدقسمتی کہ وہ چیچک میں مبتلا ہو کر مر گیا، یہ مرض ان ممالک میں کبھی نہیں ہوا تھا مگر اہل اسپین نے اس کو وہاں پہنچا دیا۔ انحطاط اور مصائب کے یہ سخت مصیبت بھی ہا میکسیکو کو جھیلنی پڑی۔ اس کے مرنے کے بعد اہل میکسیکو نے مونٹی زوما کے بھتیجے اور داماد گوئموزن کے سر پر تاج شاہی رکھا۔ جس وقت کورٹیز دشمن کی مملکت میں داخل ہوا اس نے دیکھا کہ اس کی رفتار کو روکنے کے لیے مختلف تیاریاں ہو رہی تھیں اس کی فوج کو شہر کو کوچ کرنے اور اس پر قابض ہونے میں زیادہ دقت نہیں ہوئی یہ شہر اپنی اہمیت کے لحاظ سے میکسیکو سے دوسرے نمبر پر تھا اور اس سے جھیل کے فاصلہ پر واقع تھا، اس نے اس شہر کو اپنا صدر مقام بنایا وہاں کے سردار کو معزول کیا اور ایک اور شخص کو سردار بنایا جس نے اہل اسپین کو بے حد مدد دی۔ ٹیزکوکو جھیل سے دو میل کے فاصلہ پر واقع تھا لہٰذا یہ ضروری معلوم ہوا کہ شہر اور جھیل کے درمیان ایک نہر بنائی جائے۔ اکثر اس میں بیالیس کے مختلف حصے لاکر ان کو اس طرح سوزوں کیا جائے کہ وہ جہاز بن جائیں۔ آٹھ ہزار ہندوستانی مزدور نہر کھودنے کے کام پر لگائے گئے اسی دوران میں آس پاس کے شہروں نے کورٹیز کے پاس پیغامات اطاعت بھیجے اور وہ تاج اسپین کے باج گذاروں میں شامل ہو گئے

وادی میں داخل ہونے کے بعد کورٹیز کی یہ تجویز تھی کہ دارالسلطنت پر حملہ کرنے سے قبل وہ دیگر ماتحت شہروں کو فتح کرے چنانچہ اس نے ازٹاپیلاپان شہر پر حملہ کیا جس میں خود اس کے بیان کے مطابق پچاس ہزار باشندے تھے انھوں نے نہایت دلیری سے دشمن کا مقابلہ کیا لیکن ان کو شکست ہوئی اور وہ شہر کی دیواروں کے اندر پناہ گزیں ہوگئے، کورٹیز نے خود اپنی قلیل فوج اور اپنے ہندوستانی اتحادیوں کو ہمراہ لے کر ان کی جائے پناہ پر حملہ کیا اور سخت بے رحمی اور سنگ دلی کے ساتھ نہ صرف لڑنے والوں کو بلکہ عورت، مرد سب کو کسی امتیاز کے بغیر قتل کر ڈالا، چھ ہزار آدمیوں سے زائد دم کے دم میں فنا ہوگئے اس شہر کی تباہی کے بعد دوسرے شہروں کے باشندوں پر عجیب خوف طاری ہوا اور وہ اطاعت گزار ہونے کے لیے درخواستیں پیش کرنے لگے، رفتہ رفتہ وہ تمام شہر جن پر میکسیکو کی طاقت کا انحصار تھا اس سے علحدہ ہوگئے اور وہ صرف تن تنہا اپنی قسمت آزمائی کے لیے چھوڑ دیا گیا۔

نہر تیار ہوگئی تھی اور چھوٹے جہازات بھی حملہ کے لیے تیار تھے ان سب جہازوں کی تعداد تیرہ تھی پچاس ہزار ہندوستانی بھی کورٹیز کے ہمراہ تھے میکسیکو کا محاصرہ کیا گیا، خشکی اور تری دونوں جگہوں پر ہسپانویوں کو فتح حاصل ہوئی، کورٹیز نے تین چوتھائی شہر کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا، گوتموزن جیل کو عبور کر کے فرار ہونے کی کوشش کر رہا تھا کہ گرفتار ہوگیا اور کورٹیز کے سامنے پیش کیا گیا، غنیمت ہے کہ اس نے اس کی جان بخشدی اور اسکو عزت کیساتھ رکھا

دوسرے دن تمام شہر کو خالی کرنے کا حکم دیا گیا اور کہا جاتا ہے کہ تیس ہزار سے لے کر ستر ہزار تک مرد تھے جو تلوار، وبا اور آگ سے بچ گئے تھے، بچوں اور عورتوں کی تعداد ان کے علاوہ تھی، ان لوگوں کو دقی اور پریشان کیے بغیر شہر سے باہر جانے کی اجازت دی گئی، جب یہ وہاں سے نکلے تو حسرت و افسوس کے ساتھ اپنے شہر پر آخری نظر ڈالتے جاتے تھے، یہ نظارہ نہایت دردناک تھا، اگرچہ بے رحم اور سنگ دل ہسپانویوں کو اس سے مسرت ہوتی تھی

یہ اندازہ کرنا کہ شہر کے محاصرہ میں کتنے آدمی قتل و غارت ہوئے مشکل ہے کم از کم ایک لاکھ بیس ہزار اور زیادہ سے زیادہ دو لاکھ چالیس ہزار کا اندازہ کیا جاتا ہے، ان تمام واقعات میں جو بات سب سے زیادہ عجیب ہے وہ یہ کہ حالات اصلی نہیں معلوم ہوتے، بالکل یہ گمان ہوتا ہے کہ ہم کوئی قصہ پڑھ رہے ہیں اور قصہ بھی ایسا فرضی اور خیالی جیسی داستان امیر حمزہ، سمجھ میں نہیں آتا کہ جب مقتولین کی اس قدر تعداد ہے تو وہ اکیلا ہسپانویوں پر کیوں قابو نہ پا سکے؟ مگر یہ خیال کرنا ہی غلط ہے کہ سلطنت میکسیکو کو صرف ہسپانویوں نے اپنے بل بوتے پر فتح کیا

درحقیقت ہندوستانیوں نے خود اپنی سلطنت کو ان کے لیے فتح کیا، اگر فرقہ ٹیلسکلا ہسپانویوں کے برخلاف رہتا اور ان سے صلح و آشتی کرکے ان کی ہر طرح امداد نکرتا اور ان کے شریک حال و دوسرے فرقے نہ ہو جاتے تو ہسپانوی ہرگز فاتح کے لقب سے ملقب نہ ہوتے، سلطنت میکسیکو کا زوال ہندوستانیوں کی بدولت ہوا جنکے رہنما اہل اسپین تھے اس سلطنت کے انحطاط سے اس بات کا عمدہ ثبوت ملتا ہے کہ کوئی حکومت اپنی رعایا کی ہمدردی بغیر زیادہ عرصہ تک قائم نہیں رہ سکتی اور کوئی ارادہ جس کی بنیاد فارغ البالی اور ترقی انسان پر مبنی نہ ہو موت اور فنا سے نہیں بچ سکتا خواہ تہذیب کی روشنی اس کے لیے مہلک ثابت ہو یا جبر و طاقت خواہ باہر سے حملہ آور ہو یا اندر سے پیدا ہو اس کی ہلاکت کا باعث ہو۔

میکسیکو کو از سر نو تعمیر کیا گیا لیکن دیگر شہروں کو صرف تباہ و غارت کیا گیا، ہسپانوی جہاں کہیں گئے ان کے قدموں کے نشانات خون آلودہ ہیں، ملک پینو کا میں ساٹھ سردار اور چار سو امرا بیک وقت آگ میں جلا دیے گئے اور ان کے بچوں اور عورتوں کو مجبور کیا گیا کہ ان کو آگ میں جلتے ہوئے دیکھیں، اس خونخوار تماشہ کے بعد اور بھی زیادہ خونخوار تماشے دکھائے گئے۔ مختصر یہ کہ ہسپانویوں کے ظلم و ستم کی داستان کہاں تک بیان کیجائے یہ حالات پڑھ کر بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں افسوس! یہ ہسپانویوں اور اہل یورپ کی داستان کا نمونہ ہے جس پر ان کو ناز ہے، کورٹیز کا انجام بھی اچھا نہ ہوا، اس کو شاہ اسپین نے میکسیکو سے واپس طلب کرکے حکومت سے محروم کر دیا نہ صرف یہ بلکہ اس کے خوں ریز کارنامیوں کے صلہ میں کوئی انعام بھی اس کو نہ دیا۔ کسی نے سچ کہا ہے۔

یہ میں نے مانا کہ آج خنجر امرا گلو بھی نہیں رہے گا ۔ مگر میں قاتل کی اولاد ستمگر! ہمیشہ تو بھی نہیں رہے گا

باب پانزدہم

فتح پیرو

جس وقت اہل یورپ نے براعظم امریکہ کو دریافت کیا اس وقت میکسیکو اور پیرو کی دونوں قومیں طاقت اور شائستگی کے لحاظ سے امریکہ کی اور قوموں سے افضل و برتر تھیں اگرچہ دونوں تہذیب کے لحاظ سے یکساں تھیں۔ لیکن عادت اور خصلت کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف تھیں۔

سلطنت پیرو ہسپانوی حملہ کے وقت بحرالکاہل کے تقریباً دوسرے درجہ سے جانب شمال جنوبی عرض البلد کے سینتیسویں درجہ تک وسیع تھی یعنی ایکیوڈر، پیرو، بولی دیا اور چلی کی موجودہ جمہوری سلطنتوں کی مغربی حدود تک پھیلی ہوئی تھی اس کے عرض کا ٹھیک اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ بے شک وہ جانب غرب ہر جگہ سمندر سے ملی ہوئی تھی لیکن جانب شرق پہاڑوں سے گذر کر وحشیوں کے ممالک تک وسیع تھی جن کے نام ونشان کا اب پتہ نہیں ہے۔ نہروں اور راجہونکے ذریعہ سے سواحل کی آبپاشی ہوتی تھی جس کی بدولت وہاں شگفتگی اور زرخیزی نمایاں تھی، بھیڑوں کو بھی پالا جاتا تھا اور ان کے چراگاہیں موجود تھیں۔ سطح مرتفع کے بلند میدان میں جفاکش آبادی رہتی تھی۔ شہر اور قصبہ آباد تھے جن کے اندر باغات اور پھلواریاں تھیں

ٹی ٹی کاکا جھیل پر اب تک کھنڈر موجود ہیں جن کو اہل پیرو قوم انکا کی آمد سے پیشتر کی بتاتے ہیں یہ کھنڈر آئندہ کی نفیس تعمیرات کے لیے ایک نمونہ ثابت ہوئے، فتح پیرو سے قبل صرف پیرو کے بادشاہ گذر چکے تھے جنکی مدت حکمرانی بعض کے نزدیک چار سو سال ہے اور بعض ڈھائی سو سال بتلاتے ہیں، بہرحال اس سے یہ ضرور ظاہر ہوتا ہے کہ قوم انکا سے پیشتر بھی یہاں ایک تہذیب یافتہ قوم آباد تھی۔ اول اول اہل پیرو کی ترقی آہستہ اور قریب قریب ناقابل احساس تھی۔ اپنی دانشمندانہ اور معتدل حکمت عملی سے انھوں نے قرب وجوار کے تمام فرقوں کو اپنی حدود سلطنت میں ملا لیا کیونکہ وہ اُن کے باقاعدہ اور عادلانہ طرز حکومت کے فوائد سے باخبر ہوگئے تھے اجب وہ زیادہ مضبوط ہوگئے تو اُنھوں نے جبر وطاقت سے کام لینا شروع کیا لیکن اپنے بزرگوں کے فیاضانہ وعادی کے ادعا کو کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیا اور امن وامان اور تہذیب کا اعلان تلوار کے ذریعہ سے کیا۔ ملک کی وحشی قومیں قوم انکا سے مغلوب ومفتوح ہوگئیں مگر پندرھویں صدی کے اواسط سے قبل ناموروں پا انکا یوپنکی جس کا پوتا اہل سپین کی آمد کے وقت وہاں کا بادشاہ تھا۔ ریگستان اٹاکاما کو عبور نہ کرسکا اور چلی کے جنوبی ملک سے گذر کر اپنی سلطنت کی حدود دریائے مول پر قائم نہ کرسکا، اس کا بیٹا ہونا کپاک بھی اپنے باپ کی طرح حوصلہ مند اور فوجی قابلیت سے بہرہ مند تھا، اس نے جانب شمال کو روڈیرا کی برابر کوچ کیا اور خط استوا کو عبور کرکے کیٹو کی طاقتور سلطنت کو پیرو میں شامل کرلیا، کزکو کا قدیم شہر جو دولت اور آبادی کے لحاظ سے بے حد ترقی کر رہا تھا۔ پیرو کا دارالسلطنت بنایا گیا، جانب شمال ایک مضبوط قلعہ تعمیر ہوا جس کے کھنڈر آج تک اپنی وسعت کے لحاظ سے سیاح کو حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔

پیرو کے شرفا دو درجوں میں منقسم تھے، نہایت اہم اور اول قسم کے امرا قوم انکا میں سے تھے، چونکہ وہاں بہت زیادہ بیویاں کرنے کا رواج تھا لہذا اکثر ایک بادشاہ کی اولاد دو سو بچوں تک پہنچ جاتی تھی اور اس طرح قوم انکا کے امرا تعداد میں بہت زیادہ تھے، دوسرے درجہ کے شرفا کراکا تھے یعنی مفتوحہ قوموں کے سردار یا ان کی اولاد اکثر ایسا ہوتا تھا کہ مفتوحین کو انکی جگہ پر زمانہ دار رہنے دیا جاتا تھا اور وہ صرف اپنے بچوں کو تعلیم کیلیے دارالسلطنت بھیجنے رضامندی وفاداری ہمیشہ یا کرتے تھے اور خود بھی کبھی کبھی حاضری دیتے تھے، قوم انکا پیرو کی سلطنت کی اصل طاقت تھی، یہ امرا قرابت مندی اور یکساں فوائد کی بنا پر اپنے بادشاہ سے محبت رکھتے تھے، ان کا لباس ان کی علامات اور ان کی زبان دوسری محکوم قوموں سے بالکل مختلف تھی اور صدیاں گزر جانے کے بعد بھی وہ ان سے علٰحدہ شناخت کیے جاتے تھے۔ وہ مفتوحہ قوموں کے لیے ایسے ہی تھے جیسے اہل روما سلطنت کے وحشی گردہوں کے لیے یا اہل نارمن جزائر برطانیہ کے قدیم باشندوں کے لیے تھے اگرچہ وہ زیادہ تر دارالسلطنت میں رہتے تھے لیکن تمام فوجی اور انتظامی عہدے ان کو دیے جاتے تھے اور وہ اکثر دور دراز مقامات پر بھی جاکر رہتے تھے اور بڑی بڑی چھاؤنیوں اور بڑے بڑے شہروں میں حکمراں ہوکر بھی جاتے تھے، وہ ذہین اور سمجھدار تھے اور کسی بغاوت یا خطرے کو فوراً دفع کر دیتے تھے۔

ایکیڈور کی قدیم تاریخ

یہ کوئی نہیں جانتا کہ تمام فرقے جو اس ملک میں آباد تھے ایک ہی قوم سے تھے یا نہیں اور انکے کتنے بادشاہ اور کس قسم کے تھے، اس کا بھی حال کسی کو معلوم نہیں صرف کیوٹو کی نسبت جو آخری بادشاہ تھا یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے سے پہلے کے تمام بادشاہوں سے زیادہ طاقتور تھا اور اس کی سلطنت پچاس صوبوں سے زائد کے درمیان واقع تھی جو تقریباً خود مختار تھے یہ حالت صدیوں تک رہی جبکہ ایک فرقہ جو فرقۂ کراکے نام سے موسوم ہے اور جس کا بادشاہ شہری کران تھا بحرالکاہل کے کناروں سے دریائے ایزمرالڈا کی وادی میں آیا اور کیوٹو کی سلطنت پر ۱۴۸۰ء میں قابض ہوگیا، ۱۳۱۰ء سے تین سو بیس برس قبل گیارہ بادشاہ یکے بعد دیگرے ہوتے رہے، ان کے بعد تین شہری بادشاہ ۱۴۵۰ء تک حکمراں رہے اور اپنے بزرگوں کی سلطنت کو فتح یا اتحاد سے وسعت دیتے رہے، اس ملک کی شہرت نے پیرو کی قوم انکا کی حرص و آز کو مشتعل کیا، اور ٹوپاک یوپانکی جو اس وقت قوم انکا کا حکمراں تھا کیوٹو کی سلطنت پر

حملہ آور ہوا اور شہر موچا تک تمام علاقہ ۱۴۶۰ء میں فتح کر لیا۔ لیکن اس صوبہ کے مقابلہ نے اس کی رفتار فتح کو روک دیا، ہول کو پوڈوجی سیلا جو چودھواں تسری تھا اس وقت وہاں فرمانروا تھا، اس کا بیٹا کاچا پندرھواں تسری ہوا اور اس نے صوبہ پرو ہو (چیمبو رازو) کو دوبارہ حاصل کر لیا جسکو فاتح ٹوپاک یوپانکی جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے مغصب کر لیا تھا لیکن کاچا کا صوبہ قوم انکا کا تابع فرمان رہا، اپنے باپ ٹوپاک یوپانکی کی وفات کے بعد ہونا کپاک اعظم تخت نشین ہوا جو فاتح کے لقب سے مشہور ہے اور وہ ۱۴۸۵ء میں کزکو میں ایک فوج جمع کر کے کیوٹو کی سلطنت کو فتح کرنے کے لیے چلا، وہ خود سپہ سالار بنا اور کچھ فتوحات کے بعد ہیٹن ٹاکی پر نمایاں فتح حاصل کی جس میں کاچا چودھواں تسری تھا مارا گیا، ہونا کپاک نے اس کی دختر یا چا سے شادی کر لی اور اس طرح سلطنت کیوٹو کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا، ہونا کپاک اس فتح کے بعد پھر کزکو واپس نہ گیا اور کیوٹو میں رہنے لگا، اس نے اڑتیس سال تک حکومت کی۔ یہ زمانہ نہایت شاندار اور پرامن تھا۔ یاچا سے اس کے ایک لڑکا ہوا جس کا نام اٹاہولپا تھا کزکو میں اس کا پہلا لڑکا ملکہ راوا اولو سے پیدا ہو چکا تھا، ہونا کپاک ۱۵۲۵ء میں فوت ہوا اور اپنی سلطنت کو دونوں لڑکوں میں متفرق چھوڑ کر مر گیا، انکا ہوسکا کزکو کی سلطنت میں حکمراں ہوا اور تسری اٹاہولپا کیوٹو کی سلطنت کا مالک بنا لیکن دونوں بھائیوں میں برتری کے لیے لڑائی ہوئی اور اٹاہولپا نے غلبہ حاصل کیا یہ وہ وقت تھا جب اہل اسپین پیرو میں آئے۔

چلی کی قدیم تاریخ

چلی میں ہسپانویوں کی آمد سے قبل مولوکس (سورا) رہتے تھے اگرچہ ان سب کی زبان ایک تھی لیکن وہ مختلف جرگوں میں منقسم تھے، ہوی کس اس ملک میں رہتے تھے جو چلو اور والدیویا کے درمیان واقع ہے، پیہونکس ذرا شمال کی طرف تھے اور دریائے مول یا مپل تک پھیلے ہوئے تھے، پیہونکس سب سے زیادہ کثیر اور طاقتور تھے اور اوکاس یا ارو کینا اس بھی ان میں شامل تھے۔ بیا بیو کے جنوب میں جو لوگ آباد تھے اور جن کے چار جرگے تھے وہ بھی اسی نام سے موسوم تھے، پیہونکس نام اب تک چلا آتا ہے اور شمال کی جانب انڈس کی وادیوں میں اور مشرقی دامان کوہ میں آباد ہیں، ہر جماعت چار فرقوں میں منقسم تھی اور مختلف خاندانوں کا ہر ایک فرقہ مشترک مفاد سے وابستہ تھا، ہر فرقہ کا ایک سردار ہوتا تھا، جنگ کے وقت یہ مختلف فرقے متحد ہو جاتے تھے اور اس وقت انکا ایک سردار

ٹوکی کے نام سے موسوم ہوتا تھا، اہل اسپین کی آمد کے پچاس سال پہلے انکا یوپانکی نے جلی پر حملہ کیا تھا اور اس ملک کو اپنا محکوم بنالیا تھا۔ ان کی حکومت مہربان اور رحم دل تھی انھوں نے زراعت اور مختلف صنعتوں کو درجۂ تکمیل تک پہنچا دیا تھا۔ ان کے یہاں سڑکیں، نہریں اور پل موجود تھے۔ جب اہل اسپین فتوحات کی غرض سے آئے تو جلی کے وسط اور شمال کے ہندوستانی امن و امان اور محنت کے عادی ہو چکے تھے۔

پزارو کی مہم

میکسیکو کی فتح کے بعد ۱۵۲۴ء میں تین گمنام اشخاص نے جو پنامہ میں تھے جانب جنوب فتوحات کی تجویز کی۔ یہ اشخاص فرانسسکو پزارو، ڈیگو ڈی المگرو اور ہرمانڈو لوگو تھے اول الذکر دو شخص سپاہیوں کے بیٹے اور مجہول النسب تھے اور آخر الذکر ایک پادری تھا اور ایک کتب میں بچوں کو تعلیم دینے کے کام پر مقرر تھا۔ اُس نے نہیں معلوم کس طرح سے وافر دولت حاصل کرلی تھی لیکن اُس کے دو رفقائے کار کے پاس کچھ نہ تھا، ان تینوں میں باہم معاہدہ ہو گیا اور اگرچہ ان کا مقصد لوٹ مار اور قتل و غارت کے سوا اور کچھ نہ تھا تاہم انھوں نے اپنے معاہدہ کو مذہبی رسوم کے ساتھ پختہ بنالیا تھا، انھوں نے متفقہ کوشش سے ایک چھوٹا جہاز تیار کیا جس میں اکیسو بارہ آدمی سوار تھے اور گورنر نے ان کو اجازت دیدی کہ وہ جنوبی ممالک کی تحقیقات کریں۔ اس جہاز کو پزارو نے کر چلا اور اس کے بعد المگرو ستر آدمی اور لے کر اس کی مدد کو روانہ ہوا، یہ آدمی اور یہ ذرائع تھے جن سے دنیا کی نہایت وسیع سلطنتوں میں سے ایک فتح کی جانے والی تھی، وہ بہت سے مقامات پر اترے اور انھوں نے بہت سی تکالیف برداشت کیں۔ آخر کار وہ جلی کے ساحل پر پہنچے، اور ٹکامیز پر اُتر پڑے، اُنھوں نے ملک کو زرخیز پایا اور اہل ملک سنید سوتی کپڑے اور سونے چاندی کے زیور پہنے ہوئے تھے۔ اگرچہ ہسپانوی انھیں دیکھ کر بے حد خوش ہوئے لیکن انھوں نے چونکہ وہ تھکے ماندے اور کچھ بیمار بھی تھے اس قلیل جماعت سے اُن پر حملہ آور ہونا مناسب نہ سمجھا وہ گیلو کے جزیرہ میں قیام پذیر ہوئے اور المگرو پنامہ میں واپس گیا تاکہ اور امداد لے کر آئے اور پزارو کو وہیں چھوڑ گیا۔

اب پنامہ میں دوسرا گورنر آگیا تھا۔ اسنے یہ خیال کرکے کہ رنگ روٹ بھرتی کرنے سے پنامہ کی سلطنت کمزور ہو جائیگی، المگرو کو فوج بھرتی کرنے کی ممانعت کر دی اور ایک جہاز پزارو اور اس کے ساتھیوں کو واپس لانے کے لیے بھیجا، پزارو نے گورنر کے حکم کی تعمیل سے انکار کر دیا اور اپنے ساتھیوں کو بھی ترغیب دی کہ وہ واپس نہ جائیں، لیکن صرف تیرہ آدمی

اس کے ساتھ رہ گئے اور بقیہ ہمراہی واپس چلے گئے یہ لوگ گارگونا پہنچے جہاں وہ پانچ ماہ تک رہے، اس کے بعد ایک جہاز اور آیا تاکہ انھیں بٹا لیجائے لیکن اتفاق سے جہاز کے لوگ پزارو کی ماتحتی میں مہم کے لیے تیار ہو گئے اور بٹالو واپس جانے کے بجائے وہاں سے جنوب و مشرق کی طرف روانہ ہوئے یہ جہاز بیرو کے ساحل پر جا لگا۔ چند مقامات کو انھوں نے اُتر کر دیکھا بعد ازاں یہ لوگ ٹمبز پر پہنچے یہاں ایک شاندار مندر اور شاہی محل تھا۔ مندروں میں نہ صرف چاندی سونے کی چیزیں نظر آئیں بلکہ جواہرات بھی کثیر تعداد میں دکھائی دیے پزارو نے اپنی قلیل جماعت سے کوئی حملہ کرنا مناسب نہ سمجھا اور اس نے صرف مالی تجارت فروخت کرنے پر اکتفا کی، وہاں سے دو نوجوان بھی اپنے ہمراہ لیے اور کہا کہ ان کو اسپینی کی زبان سکھائی جائے گی حالانکہ اُس کا مقصد صرف اُن کو ترجمان کی حیثیت سے رکھنا تھا۔ وہ چاندی اور سونے کی پلیٹ بھی لایا تاکہ گورنر بٹالو کو دکھا کر اُسے ایک مہم روانہ کرنے پر آمادہ کرے لیکن گورنر بٹالو نے اب بھی پزارو اور اس کے ساتھیوں کی تجویز سے انحراف کیا، اُس نے مجبور ہو کر براہ راست شاہ اسپین سے اجازت طلب کی اور آپس میں یہ طے کر کے کہ پزارو اُس ملک کا جو مفتوح ہو گا گورنر اور المگرو نائب گورنر اور لوکی لائٹ پادری ہو گا وہ اسپین پہنچا اور وہاں اُسے توقع سے زائد امداد ملی، لیکن اُس نے سب کچھ اپنے لیے حاصل کیا اور المگرو کے لیے کوئی عہدہ نہ حاصل کیا البتہ لوکی کو لائٹ پادری کا عہدہ دلوا دیا۔ جب پزارو بٹالو واپس پہنچا تو المگرو اس کے اس رویے سے سخت ناخوش ہوا اور اس کی مہم میں روڑے اٹکانے شروع کیے اور خود ایک علیحدہ مہم لیجانے کا تہیہ کیا۔ پزارو نے اس کے اس ارادے سے خوفزدہ ہو کر المگرو سے باہمی تصفیہ کر لیا اور نائب گورنری کا عہدہ اس کے حق میں چھوڑ دیا۔

ان دونوں کی تمام کوششوں کے باوجود صرف تین جہاز دستیاب ہو سکے اور ایک سو آٹھ آدمی فراہم ہوئے لیکن وہ اس قلیل جماعت کو لے کر حملہ آوری کے قصد سے چل پڑا۔ وہ خلیج سینٹ میتھیو میں پہنچا اور جنوب کی طرف بڑھ کر صوبہ کوک میں چالیس ہزار ڈالر کی چاندی اور سونا لوٹا۔ اُس کا کثیر حصہ اس نے المگرو کے پاس ایک جہاز میں بھر کر بٹالو بھیجا تاکہ وہ رنگ روٹ بھرتی کرے۔ اور دوسرا جہاز نکاراگوا بھیجا غرض وہ اسی طرح لوٹ مار کرتا ہوا ٹمبز پہنچ گیا، ملک کے باشندے ان کی صورت دیکھ کر فرار ہو جاتے تھے اور کوئی مقابلہ نہ کرتے تھے۔ اب اس کو امداد بھی پہنچنی شروع ہو گئی تھی۔ یہ اُس کی خوش قسمتی تھی کہ پیرو اور کیوٹو میں جو دو بھائی حکمراں تھے جن کا ذکر کیا جا چکا ہے آپس میں لڑ رہے تھے اور اس وقت ملک خانہ جنگی میں مبتلا تھا۔ اگر پزارو اپنے پہلے سفر میں حملہ آوری کا ارادہ کرتا تو شاید کامیاب نہ ہوتا لیکن اس مرتبہ

ملک کی خراب حالت اُس کی کامیابی کا باعث ہوئی، پزارو کسی مقابلے کے بغیر لوٹ مار کرتا ہوا سلطنت کے مرکز میں پہنچ گیا۔ اس وقت اس کو اور اس کے ہمراہیوں کو خانہ جنگی کا علم ہوا۔ چنانچہ ہسکر نے ان لوگوں کے پاس پیغام بھیجا کہ وہ اٹاہولپا کے خلاف اس کی امداد کریں کیونکہ اٹاہولپا غاصب اور باغی ہے۔ پزارو نے اس موقع سے فائدہ اُٹھایا اور اس نے سونچا کہ اس ترکیب سے دونوں بھائیوں کا قلع قمع کر دیا جائے۔ اب اس کے ہمراہ باسٹھ سوار اور ایک سو دو پیدل تھے جن میں سے بیس کے پاس تیر کمانیں تھیں اور تین کے پاس بندوقیں تھیں۔ پزارو کیزامالکا کی طرف بڑھا، یہ مقام سینٹ مچل سے بارہ دن کے فاصلے پر تھا اور یہاں اٹاہولپا بہت سے لشکر کے ساتھ مقیم تھا وہ کچھ زیادہ نہیں بڑھا تھا کہ ایک سفیر تحفے وہدایا لے کر انکا کی طرف سے پہنچا اور اُس سے درخواست کی کہ وہ ان کے شریک ہو کر اٹاہولپا کی سرکوبی کرے، اس نے اس وقت نہایت چالاکی سے یہ بات بنائی کہ میں اپنے شاہ اسپین کا سفیر ہوں اور اٹاہولپا کی مدد کے لیے آیا ہوں تاکہ اس کے مخالفین سے بدلہ لوں یہ کہہ کر اس نے آگے بڑھنے کا حکم دیا اور اٹاہولپا نے اس خیال سے کہ وہ اُس کا رفیق اور ہمدرد ہے اس کے کوچ میں کوئی رُکاوٹ نہ ڈالی، اگر ہندوستانی اس وقت متفق ہو کر اس پر حملہ کرتے تو اُس کی قلیل جماعت ضرور تباہ و برباد ہو جاتی غرض وہ ایک قلعہ کے بعد دوسرے قلعہ پر قابض ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ کیزامالکا کے قریب پہنچ گیا، وہاں اس نے ایک نہایت شاندار مکان پر قبضہ کر لیا جو معلوم ہوا کہ انکا کا محل تھا اور اپنے آدمیوں کو مناسب موقع سے بٹھا کر اپنے بھائی اور ایک دو اور آدمیوں کو اٹاہولپا کے پاس بھیجا کہ وہ پزارو سے آکر ملاقات کرے اور اس دوستانہ پیغام کو جو اسے اس کے بادشاہ نے بھیجا ہے سُنے۔

اٹاہولپا کو چلنے کی ترغیب دی گئی اور آخرکار وہ راضی ہو گیا، اس نے حکم دیا کہ نہایت شان و تجمل کے ساتھ اس کی سواری پزارو کی طرف روانہ ہو۔ چنانچہ بہت سے ہندوستانی نہایت عمدہ لباس پہنے ہوئے اور سونے چاندی کے زیورات گلے میں ڈالے ہوئے اگلے روز پزارو کے مقام کی طرف چلے، وہاں اس نے اٹاہولپا کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور اس سے علیحدہ گفتگو کرنے کے بہانے سے ایک کمرے میں جا کر بٹھا دیا، وہاں ایک پادری کو بھیجا گیا، پادری نے مذہب عیسوی کی تمام باتیں ازاول تا آخر اُس کو سنائیں جو ترجمان کی ناقابلیت سے اس کی کچھ سمجھ میں نہ آئیں لیکن جب پادری نے اُس سے کہا کہ تم اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر عیسائیت اختیار کرو تو اس نے اس سے انکار کیا اور جو انجیل اس کو دیکھنے کے لیے دی گئی تھی وہ اس نے زمین پر پھینک دی۔ اس پر پادری نے اُسے بُرا بھلا کہا

اور پزارو نے فوراً اس کو گرفتار کرلیا اور اس کے بہت سے ہمراہیوں کو قتل کر دیا، ہندوستانی رنجیدہ اور غمگین واپس چلے گئے۔ جب اٹاہوالپا نے دیکھا کہ وہ قید کرلیا گیا ہے تو اُس نے ہسپانویوں سے کہا کہ جس کمرے میں وہ قید ہے وہ اس کو سونے سے بھر سکتا ہے بشرطیکہ اس کو رہا کر دیا جائے پزارو نے وعدہ کیا کہ اس کو چھوڑ دیا جائے گا اگر وہ اس قدر فدیہ ادا کر دے گا، چنانچہ اس نے اپنے اعیان سلطنت کو حکم دیا کہ جس طرح ممکن ہو اس قدر سونا فراہم کرو کہ یہ کمرہ بھر جائے، اس کے ماتحتوں نے دو چار روز کے اندر تمام کمرے کو جو بائیس فیٹ طویل اور سولہ فیٹ عریض تھا سونے کے برتنوں سے بھر دیا اب مقید بادشاہ نے اپنا وعدہ پورا کرنے کے بعد اپنی رہائی کی درخواست کی لیکن مکار پزارو نے ایفاے وعدہ کے بجاے اُس کی زندگی کا خاتمہ کرنا چاہا، چنانچہ اس نے اپنے دو تین ماتحتوں کو جج بنا کر اس کے مقدمے کی سماعت کی اور اسے موت کی سزا کا حکم دیا، اس نے یہ دیکھ کر کہ موت سے کسی طرح چھٹکارا نہیں یہ التجا کی کہ آگ سے رفتہ رفتہ جلانے کے بجائے تلوار سے اُسکا سر کاٹ دیا جائے، اس کو یہ جواب دیا گیا کہ اگر وہ عیسائی ہو جائے تو اس کے ساتھ یہ نرمی روا رکھی جا سکتی ہے، چنانچہ وہ اس مصیبت سے بچنے کے لیے عیسائی ہو گیا اور اس کو تلوار کے ذریعہ سے موت کے گھاٹ اُتار دیا گیا۔

جب اس بے قیاس دولت کی خبر پناما، نکارا گوا اور گوئی مالا پہنچی تو وہاں سے سیکڑوں کی تعداد میں رنگ روٹ روانہ ہو گئے حالانکہ وہاں کے گورنروں نے کوشش کی کہ وہ نوآبادیوں کو نہ چھوڑیں، لیکن اب کون سُنتا تھا یہاں پہونچ کر یہ قسمت آزما لوگ پزارو کی ملازمت میں داخل ہوتے جاتے تھے، اب پزارو کے پاس اتنی فوج جمع ہو گئی کہ اُس نے کوکو پر قبضہ کر لیا جو اس ملک کا دارالسلطنت تھا اس شہر پر قابض ہونے سے پزارو کو اور بھی بے اندازہ دولت مل گئی۔

اہل پیرو کی بغاوت

جب پزارو اس طرف مشغول تھا تو بیلکزار جو سینٹ جل پر افسر فوج تھا کچھ جمعیت لے کر کیوٹو کی تسخیر کیلیے روانہ ہوا، دریاؤں اور پہاڑوں کو عبور کرتا ہوا وہ کیوٹو میں پہنچا اور اس پر قابض ہو گیا، پزارو نے اندرونی حالت کو خاموش اور قابل اطمینان سمجھ کر ساحل سمندر پر ۱۵۳۵ء میں ایک شہر جس کا نام لیما تھا آباد کیا، اسی دوران میں المگرو چلی کی تسخیر پر روانہ ہو گیا اور پزارو نے اکثر جماعتیں دور دراز صوبوں کے سخر کرنے کے لیے روانہ کیں۔ ان

مختلف مہمات سے جو فوج کزکو میں تھی اس کی تعداد بہت کم ہوگئی تھی اہل پیرو نے اب یہ دیکھ کر کہ فوج کم رہ گئی ہے اور اہل اسپین کا منشا ان کے ملک کو چھوڑنے کا نہیں ہے بلکہ اس میں مستقل آباد ہونے کا ہے یہ ارادہ کیا کہ اپنے خونخوار حملہ آوروں کو ملک سے خارج کرنا چاہیے۔

تمام سلطنت میں ایسے خفیہ طریقے پر اور ایسی تیزی کے ساتھ تیاریاں کی گئیں کہ اہل اسپین کو اس کا کچھ پتہ نہ چلا اور مینکو کپاک جس کو اب سب نے بادشاہ تسلیم کر لیا تھا کزکو سے فرار ہو گیا اور اس نے فوراً علم جنگ بلند کر دیا ہر جگہ سے فوجیں طلب کی گئیں اور دو لاکھ آدمیوں سے کزکو کا محاصرہ کیا گیا جس کو صرف ایک سو ستر ہسپانویوں نے نو ماہ تک دشمن سے محفوظ رکھا، ایک کثیر فوج نے لیما پر بھی حملہ کیا اور دونوں شہروں کے درمیان ہر قسم کی مراسلت بند کر دی اہل پیرو نے نہ صرف جوہر مردانگی دکھائے بلکہ اپنے دشمنوں کی تقلید میں ترتیب و تنظیم بھی حاصل کر لی، ان کے بہادروں کے پاس نیزے اور تلواریں تھیں اور بعضوں کے پاس بندوقیں بھی تھیں جو ان کو ہسپانویوں سے مل گئی تھیں، ان میں سے بعض گھوڑوں پر بھی سوار تھے جن کا رہنما خود انکا تھا، یہ گھوڑے انھوں نے اپنے حملہ آوروں سے چھین لیے تھے اور ہسپانوی سواروں کی طرح حملہ کرتے تھے چنانچہ اہل پیرو نے نصف حصہ دار السلطنت کا اپنے دشمنوں سے دوبارہ لے لیا اور اہل اسپین مایوس ہو چلے تھے اگر اسی حالت مایوسی میں المگرو، کزکو پر نمودار ہوا انکا نے فوراً اپنی بہادر فوج سے اس پر حملہ کیا لیکن بدقسمتی سے اسے شکست ہوئی اور اس کی فوج منتشر ہو گئی اس کے بعد المگرو نے اہل اسپین کو جو شہر کی حفاظت کر رہے تھے اپنا مطیع بنانا چاہا لیکن پزارو نے لیما سے پانسو آدمی بطور کمک بھیجے تھے وہ آگئے، المگرو اور اس کمک سے معرکہ آرائی ہوئی جس میں المگرو فتحیاب ہوا اور شہر اس کے قبضہ میں آگیا، مکار پزارو نے یہ دیکھ کر کہ المگرو نے شہر پر قبضہ کر لیا ہے تصفیہ کی گفتگو شروع کر دی اور عرصے تک اسی بات چیت میں وقت گذارتا رہا، جب پزارو نے کافی فوج جمع کر لی تو شہر پر حملہ کیا اور المگرو اور اسکے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا۔ المگرو کو بغاوت کے الزام میں سزائے موت دی گئی۔

ہندوستانی بجائے اس کے کہ اپنے ارادے کو درجۂ تکمیل تک پہنچاتے جنگ کے بعد خاموشی کے ساتھ واپس چلے گئے اور پھر انھوں نے ہسپانویوں کا کوئی مقابلہ نہ کیا، پزارو تمام سلطنت پر قابض ہو گیا اور اس نے المگرو کے قتل کے بعد تمام صوبے اپنے دوستوں میں تقسیم کر دیے ۱۵۲۵ء میں پوٹوسی کے مقام پر چاندی کی کانیں

دریافت ہوگئیں جس سے بے شمار دولت اہل اسپین کے ہاتھ آئی لیکن پزارو کا بھی انجام اچھا نہ ہوا پزارو کو اس کے مخالفین نے لیما میں قتل کر دیا اور اُس کا سر عرصے تک بازار میں لٹکا رہا بعد ازاں اُس کو دفن کیا گیا۔

پزارو سخت مکار تھا لیکن اس کی مکاری کچھ عرصے تک ضرور اس کے کام آئی ورنہ اکثر مکار آدمی صرف ایک دغابازی سے اپنی تباہی کا باعث ہو جاتا ہے بلاشبہ اُس نے المگرو کے ساتھ دھوکے بازی سے اہل اسپین کے قلوب اپنے خلاف کر لیے اور آخر کار یہی امر اس کی ذلیل موت کا باعث ہوا اتاہوپا اور بعد ازاں انکا مونکا سے مکاری کر کے اُسنے اہل پیرو کو اپنا مخالف بنا لیا اور پزارو کا نام دغابازی کا مرادف ہو گیا۔ المگرو نے اس سے خانہ جنگی کے ذریعہ بدلہ لیا مونکا نے بغاوت کی اور اس کی نوآبادی اُس کے ہاتھ سے جاتی رہی اور خانہ جنگی نے اُس کی جان ہی لے کر چھوڑی اُس کے مرنے کے بعد حکومت اسپین نے مختلف لوگوں کو یکے بعد دیگرے اس وسیع سلطنت کا گورنر بنا کر بھیجا لیکن خانہ جنگی نے کسی گورنر کو کامیاب نہ ہونے دیا، آخر کار گیسکا گورنر نے دشمنی اور مخاصمت کو اپنے اعتدال اور انصاف سے مٹا دیا اور ۱۵۴۹ء میں یہ عظیم سلطنت صحیح معنوں میں اسپین کا صوبہ بن گئی۔

باب شانزدہم

امریکہ میں ہسپانوی سلطنت

راڈریگو ڈی بسٹیگاس نے ۱۵۲۰ء میں کارتیگینا اور سانتا مارتھا کے صوبے دریافت کیے تھے اور پیڈرو ڈی ہیریڈیا نے ۱۵۳۲ء میں ان کو محکوم بنایا تھا ۱۵۴۴ء میں کارتیگینا ایک بڑا شہر ہو گیا تھا اور اس کا بندرگاہ نئی دنیا کی ہسپانوی مملکت میں نہایت محفوظ اور نہایت عمدہ قلعہ تھا اس کا موقع بھی تجارت کے لیے موزوں ہے اور اس لیے تمام ہسپانوی جہاز یورپ سے پہلے پہل یہیں آتے تھے اور اپنا مال تجارت فروخت کر کے یہیں سے گھر کے لیے واپس ہوتے تھے ۱۴۹۹ء میں اوجیڈا پہلے پہل صوبہ وینیزولا میں آیا تھا جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے وینیزولا کے معنی چھوٹے وینس کے ہیں یہ نام اس کو اس وجہ سے دیا گیا تھا کہ اس کا ایک گاؤں وینس کی طرح سمندر کے خاموش پانی پر آباد تھا غرناطہ کی نئی سلطنت جیسا کہ اس کو کہتے ہیں اندرونی حصۂ ملک ہے اور ۱۵۳۶ء میں جیمنیز کزار نے اس کو اسپین کا محکوم بنا دیا تھا۔ وہ کیوٹو سے جبکہ وہ پزارو اور کوساڈا کی ماتحتی میں تھا اس پر حملہ آور ہوا تھا۔ ہندوستانیوں نے

استقلال، شجاعت اور مصمم ارادے کے ساتھ اپنی مدافعت کی لیکن ترتیب و تنظیم اور سائنس ان کی وحشیانہ طاقت پر جیسا کہ ہر جگہ غالب آئی، غرناطہ نو کے ہندوستانی چونکہ ان سے کانیں کھودنے کا کام نہیں لیا گیا تھا اس نوآبادی میں دیگر نوآبادیوں سے زیادہ تعداد میں پھلتے پھولتے رہے، یہاں سونا زمین کے اندر نہیں پایا جاتا تھا بلکہ سطح زمین کے قریب بلند مقامات پر مٹی میں ملا ہوا ملتا تھا، سانتافی کا ایک گورنر خالص سونے کا ڈھیلا جو اس صوبے میں پایا گیا تھا اسپین لے گیا تھا، جس کی قیمت تین ہزار ڈالر سے زائد تھی، غرناطہ نو کی سلطنت اول اول ۱۵۴۷ء میں قائم ہوئی اور اس کا دارالسلطنت سانتافی ڈی بوگوٹا کو قرار دیا گیا تھا ۱۷۱۸ء میں اس میں دوسرے صوبے ملا کر اس کو ایک بڑا صوبہ بنا دیا گیا تھا، لیکن ۱۷۲۴ء میں اس حکومت کو منسوخ کر دیا گیا اور بعد ازاں ۱۷۴۰ء میں اس کو پھر قائم کر دیا گیا انقلاب کے زمانے تک یہ ایک خود مختارانہ حکومت رہی۔ بعد ازاں کولمبیا کی جمہوری سلطنت میں ملا دی گئی، وینیزولا کے جانب شرق کراکاس اور کوومانا کے صوبجات واقع ہیں اور کاراجنیا اور سانتامارتھا کو ملا کر قدیم سلطنت ٹیرافرما بناتے ہیں اب یہ سب کولمبیا کی جمہوری سلطنت کے اجزا ہیں، یہ دونوں صوبے عرصے تک کھوپرے کی تجارت اور پیداوار کے لیے مشہور تھے جو صرف گوئی مالا کے کھوپروں سے دوسرے نمبر پر ہیں۔

میکسیکو یا اسپین نو اور پیرو دیگر نوآبادیوں کی نسبت زیادہ آباد ہوتے گئے کیونکہ اسپین سے قسمت آزما لوگ یہاں روپیہ پیدا کرنے کے لیے آتے تھے اور چونکہ ان دونوں صوبوں میں وافر دولت تھی اس لیے ان ہی دونوں صوبوں میں ہسپانوی آبادی بڑھتی گئی سلطنت ہسپانیہ نے بھی اپنے تمام مقبوضات امریکہ کو انھیں دو بڑے صوبوں میں تقسیم کر دیا تھا شمال کی جانب جس قدر نوآبادیاں تھیں میکسیکو میں شامل کر دی گئیں اور جنوب کی جانب کی تمام نوآبادیاں پیرو سے ملحق کر دی گئیں۔ اسپین نو کا دارالسلطنت میکسیکو تھا اور پیرو کا دارالسلطنت لیما تھا۔

اوراگوئی کا تصفیہ

پیرو کے صوبے سے ملحق وہ تمام ملکتیں جو انڈس کے شرق میں واقع تھیں دریائے ریوڈی لاپلاٹا اور اسکی شاخوں اور دریائے کولوریڈو اور دیگر دریاؤں سے جو بحر اطلانطک میں گرتے ہیں سیراب ہوتی تھیں، دریائے لاپلاٹا کے شرق میں جو ہسپانوی مملکت واقع ہے اور جس میں پیراگوئی کا صوبہ اور دیگر اضلاع شامل ہیں صدیوں سے غیر متعین چلی آتی تھی اور پرتگال سے اسی بنا پر جھگڑا ہوا، جب سولھویں صدی کے ابتدائی برسوں میں جو آن ڈیاز ڈی سولس نے

ریوڈی لاپلاٹا کو دریافت کیا اور اگوئی میں وحشی فرقے آباد تھے جو اس کے دریاؤں کے کناروں پر رہتے تھے ملاکی تاریخ اس سے پہلے کی معلوم نہیں ہے اور اُن کے رسم و رواج سے بھی ہم ناواقف ہیں بجز ان چند باتوں کے جن کو امریکہ کے ان مقامات کے پہلے مورخوں نے بیان کر دیا ہے، اہل اسپین نے اپنی آبادیوں کے لیے دریائے پیراگوئی اور دریائے پراتا کے کنارے اور دریائے پلاٹا کا مغربی کنارہ پسند کیا اور دریائے اوراگوئی کا شرقی حصہ قریب قریب چھوڑ دیا گیا تھا جو ڈیڑھ صدی تک مویشیوں اور گھوڑوں کی چراگاہ کا کام دیتا رہا جہاں ان کی تعداد انسان کی دیکھ بھال بغیر بے حد بڑھ گئی تھی۔ برازیل والے مویشیوں کی کثیر تعداد اس بہانے سے پکڑ لے جاتے تھے کہ یہ حصۂ ملک تاج پرتگال سے متعلق ہے اور چونکہ ہسپانوی بھی اس کے قبضے کا ادعا کرتے تھے لہذا انھوں نے ۱۶۲۴ء میں ایک شہر از نام سانٹو ڈومنگو سوریانو آباد کیا اور اہل پرتگال ۱۶۸۰ء میں کولونیا ڈیل سیکرامینٹو کے نام سے دوسرے شہر کی بنیاد ڈالی کیونکہ دونوں قومیں اپنے اپنے مفاد کو ترقی دینا چاہتی تھیں۔

کولونیا کی بنیاد سے دونوں قوموں میں ایک سلسلۂ جنگ کا آغاز ہو گیا دونوں بادشاہوں نے بہت سے عہد نامے کیے جن میں سے ہر ایک اوراگوئی کے قبضے اور یورپی مسائل طے کرنے کے بارے میں تھا لیکن سو اصدی تک کولونیا اور دیگر اراضیات کبھی اسپین کے اور کبھی پرتگال کے قبضے میں چلی جاتی تھیں البتہ اسپین اندرونی حصۂ ملک پر برابر قابض رہا۔ اس نے بحر اوقیانوس کے سواحل پر اور دریائے پلاٹا پر مختلف شہر آباد کیے جن میں مونٹی ویڈیو ایک خاص شہر تھا جب قبضہ کا جھگڑا طے ہو گیا تو ہسپانویوں کے پاس وہ تمام آراضی آگئی جو جھیل مرم اور دریائے لاپلاٹا کے درمیان واقع تھی جنوبی عرض البلد سے تینتیس اور انتالیس درجوں کے درمیان آب و ہوا معتدل ہے، ملک کی سطح زیادہ تر ہموار ہے اگرچہ اس میں پہاڑیاں اور وادیاں بھی ہیں جن کو مستثنیٰ کر کے تمام ملک زراعت کے لیے موزوں ہے، گیہوں، جو، سن جوار، مکا، اور دیگر قسم کی نباتات اور پھل بآسانی پیدا ہوتے ہیں، عمدہ چراگاہیں بھی بکثرت ہیں، باشندوں کی خاص غذا روٹی اور گوشت ہے، بعض دریاؤں کے کناروں پر سونا بھی پایا جاتا ہے، لاس مینیاس کے ضلع میں سیسہ، چاندی، تانبا اور سونا پایا جاتا ہے، یہاں کی تجارتی اشیا، جانوروں کی کھالیں، موم اور نمکین گوشت ہے، نمک اور شورہ بھی یہاں بکثرت پیدا ہوتا ہے۔

پیراگوئی اور جینٹینا کا تصفیہ

دریائے پلاٹا کی مغربی مملکت دو صوبوں پیرو نوز آئرس اور ٹوکومان میں منقسم تھی ۱۶۶۲ء میں ریوڈی لاپلاٹا کا صوبہ

موجودہ ارجنٹینا ہے پیراگوئی کے صوبہ سے بالکل مختلف طور پر قائم ہوا تھا اور بعد ازاں اس کو ہوفوزرس کے نام سے موسوم کر دیا گیا تھا ۱۵۲۵ء میں پیڈرو ڈی مینڈوزا نے اس نام کا ایک شہر آباد کیا تھا لیکن ۱۵۳۶ء میں اس کو ویران چھوڑ دیا تھا اور اس کے باشندے اسمپشن کو چلے گئے تھے جہاں ایک قلعہ و سال مینٹرا پولاٹا نے بنا دیا تھا۔ یہاں ایک لاٹ پادری بھی رہتا تھا ۱۵۸۶ء میں عیسائی فرقہ جیسوائٹ، پیراگوئی میں آیا اور ۱۶۰۱ء میں فادر تورس نے عیسائی شدہ ہندوستانیوں کے لیے علیحدہ شہر قائم کرنے کی اجازت حاصل کر لی جو صرف شاہ اسپین کی حکومت تسلیم کرتے تھے اور گورنروں کی حکومت سے آزاد تھے لیکن ۱۶۳۱ء میں پرتگیز نوآبادوں نے ان پر حملہ کیا اور دو سال میں ساٹھ ہزار آدمی یا مارے گئے یا گرفتار ہو کر چلے گئے ۱۶۳۹ء میں پادریوں نے بادشاہ سے اجازت حاصل کی کہ ان ہندوستانیوں کو بھی اہل یورپ کی طرح سلح کرنے کا حکم دیا جائے۔ اس کے بعد ۱۶۵۰ء میں ہوفوزرس کا شہر پیراگوئی کے گورنر نے دوبارہ تعمیر کیا اور اس وقت سے یہ نہایت اہم شہر ہو گیا۔ لا پلاٹا کے شمالی کنارہ پر ۱۶۶۹ء میں پرتگیزوں نے ایک نئی آبادی کی کوشش کی لیکن گیرڈگو زنے پرتگیزوں کو ملک سے خارج کر دیا اور ان کے قلعہ کو مسمار کر دیا۔ یہ آبادی بھی دونوں قوموں میں عرصہ تک جھگڑے کی بنیاد رہی لیکن ۱۷۷۷ء میں یہ آرائشی اسپین کے حوالہ کر دی گئی۔

نوآبادیوں میں اسپین کا طرز حکومت

۱۵۱۱ء میں فرڈی ناند نے اپنے امریکی مقبوضات کے معاملات طے کرنے کے لیے ایک عدالت جس کا نام ممالک ہندی کونسل تھا قائم کی تھی۔ اور ۱۵۲۴ء میں اس کو چارلس پنجم نے از سر نو ترتیب اور ترقی دی۔ اسکو ہسپانوی امریکہ کی حکومت کے ہر صیغہ پر اختیار سماعت حاصل تھا۔ یہ نوآبادیوں کے متعلق قوانین اور قواعد بناتی تھی اور امریکہ کی وہ تمام ملازمتیں پر کرتی تھی جو تاج کے لیے محفوظ تھیں۔ تمام افسران وائسرائے سے لے کر ادنیٰ درجہ تک اپنے طرز عمل کے لیے ممالک ہند کی کونسل کے جواب دہ تھے۔ یہ ہمیشہ خیال کیا جاتا تھا کہ اس کونسل میں بادشاہ موجود ہے۔ چنانچہ اس کے اجلاس وہیں ہوتے تھے جہاں وہ رہتا تھا۔ جب تک کونسل کے دو تہائی ممبران کسی ایسے قانون سے جس کا تعلق امریکی معاملات سے ہو متفق نہیں ہوتے تھے تو وہ قانون پاس نہیں کیا جاتا تھا۔ امریکہ کی اعلیٰ عدالتوں کے فیصلوں کی اپیل بھی ممالک ہند کی کونسل ہی میں دائر ہوتی تھی۔

اپنے امریکی مقبوضات کے لیے اسپین کا یہ طرز حکومت اس اصول پر مبنی تھا کہ یہ نوآبادیاں تاج اسپین کی ملک ہیں۔ ان کو ہسپانوی قوم کی ملکیت نہیں مانا جاتا تھا۔ اگرچہ اس مسئلہ کے متعلق اس کے سوا اور کوئی سند نہ تھی کہ پوپ الیگزنڈر ششم کے فرمان نے فرڈی ناند اور ازابلا کو وہ تمام ممالک بخشدیے تھے جن کو وہ ایک خاص عرض البلد کے مغرب میں دریافت کریں۔ لہذا ہسپانوی مقبوضات امریکہ بادشاہ کی ذاتی جائداد سمجھے جاتے تھے۔ پہلی قسمت آزما لوگوں کمانڈروں اور گورنروں کو جنھوں نے ملک کو دریافت کیا اور سلطنت اسپین کا محکوم بنایا بادشاہ ہی اختیارات عطا کرتا تھا۔ اور وہ اس کی مرضی سے اپنے اپنے عہدوں سے علیحدہ کیے جاسکتے تھے۔ تمام جاگیریں بادشاہ ہی دیتا تھا اور اگر کسی وجہ سے وہ ختم ہوجاتی تھیں تو پھر تاج اسپین ہی کو واپس ہوتی تھیں۔ جملہ سیاسی اور دیوانی کے اختیارات بادشاہ میں مرکوز تھے اور بادشاہ کی مرضی کے مطابق ان کو وہ اشخاص جن کو وہ اجازت دے اور ایسے طریقوں سے جن کو وہ پسند کرے استعمال کیے جاسکتے تھے۔ یہ اشخاص نہ صرف نوآبادیوں سے بلکہ ہسپانوی قوم سے بھی کوئی تعلق نہ رکھتے تھے۔ دونوں سے آزاد تھے۔ نوآبادیوں کو جو اختیارات دیے گئے تھے وہ صرف انتظام شہر مثل صفائی وغیرہ سے متعلق تھے یا اندرونی پولیس اور شہروں اور قصبوں کی تجارت سے تعلق رکھتے تھے لیکن ایسی آزادی ہمیشہ شخصی سلطنتوں میں دے دی جاتی ہے۔ ہسپانوی امریکی حکومتیں نہ صرف قدیم روس اور گذشتہ ٹرکی کی طرح مستبد تھیں بلکہ نہایت خطرناک تھیں کیونکہ بادشاہ کی مطلق العنان طاقت اس سے نہیں بلکہ اس کی بجائے اس کے نائبین سے استعمال کی جاتی تھی۔

پہلے یہ بیان کیا جاچکا ہے کہ ہسپانوی مقبوضات نئی دنیا میں بلحاظ حکومت دو بڑے حصوں یا صوبوں یعنی اسپین نو اور پیرو میں تقسیم تھے۔ بعد ازاں جب ملک میں آبادی بڑھ گئی تو سانتافی دی بوگوٹا کا صوبہ اور بنایا گیا جس میں غرناطۂ نو۔ ٹیرافرما۔ اور کیوٹو کے صوبے شامل تھے اور کچھ دنوں بعد ریوڈی لاپلاٹا کا صوبہ بھی ملا دیا گیا۔ ان حکومتوں پر ایک وائسرائے مقرر کیا گیا تھا۔ جو اپنے بادشاہ کا نائب مناب تھا اور اپنی حدود کے اندر تمام شاہی اختیارات رکھتا تھا۔ اس کی حکومت اسی قدر برتر تھی جس قدر کہ اُس کے بادشاہ کی اور وہ حکومت کے ہر محکمہ پر خواہ دیوانی ہو یا فوجداری یا فوجی سب پر قابو رکھتا تھا۔ وہ اپنی حکومت کے ذمہ دار عہدوں پر لوگوں کو خود مقرر کرتا تھا اور اُن خالی آسامیوں کو جو موت کی وجہ سے واقع ہوتی تھیں پُر کرتا تھا۔ اُس کی عدالت میں اُن کے

نمونے پر بنائی گئی تھی اور اُس کی شان و شوکت اس کے مشابہ بلکہ اُس سے مافوق تھی۔ ہر ایک صوبہ میں ایک عدالت العالیہ قائم تھی جس میں بلحاظ وسعت و آبادی ججوں کی تعداد مقرر کی جاتی تھی۔ ان ججوں کو دیوانی اور فوجداری مقدمات طے کرنے کا اختیار تھا۔ وائسرائے کو ان عدالتوں کے فیصلے میں مداخلت کرنے سے باز رکھا گیا تھا بلکہ بعض صورتوں میں یہ عدالتیں اُسکے قواعد کی نگرانی کر سکتی تھیں اور مخالفت کر سکتی تھیں یا معاملہ کو بادشاہ اور ممالک ہند کی کونسل میں پیش کر سکتی تھیں۔ کسی وائسرائے کے مرنے پر ان عدالتوں کو اسکے اختیارات حاصل ہو جاتے تھے اور خالی عہدے کی تمام خدمات سب سے بڑا جج اپنے رفیقوں کے ساتھ ادا کرتا تھا۔ ممالک ہند کی کونسل کے علاوہ ۱۵۹۸ء میں بمقام سیول ایک تجارتی بورڈ بھی بنایا گیا۔ اس کا کام امریکہ سے تجارتی تعلقات کی نگہداشت، مال درآمد و برآمد کا انتظام اور معائنہ کرنا تھا۔ جہازوں کے اوزان اور اوقات معین کرنا اور ان معاملات کو خواہ دیوانی ہوں یا فوجداری جو اسپین اور اس کے امریکی مقبوضات کے درمیان تجارتی معاہدوں سے پیدا ہوں طے کرنا بھی اس کا کام تھا۔ اس بورڈ کے افعال اور فیصلوں پر ممالک ہند کی کونسل نگرانی کر سکتی تھی۔

ہسپانوی اور برطانوی نوآبادیوں کا موازنہ

ہسپانوی اور برطانوی نوآبادیوں کا طرز حکومت بنیادی اصولوں پر ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ اگر اس اختلاف پر غور کیا جائے تو دونوں ممالک کے شہریتوں کی بنا پر یہ فرق پایا جائے گا۔ برطانیہ عظمیٰ اور اسپین نے امریکہ کے ممالک کو جن کو اُن کی رعایا نے دریافت کیا قوم کی بجائے تاج کی ملکیت سمجھا اور جس قدر سندیں اور جاگیریں عطا کی گئیں وہ پارلیمنٹ کے استصواب کے بغیر دی گئیں وہ حقوق اور اختیارات جو جاگیرداروں کو دیئے گئے وہ بھی بادشاہ نے دیئے۔ تاج ہی نے نوآبادیوں میں حکومتیں قائم کیں اور تاج ہی نے نوآبادیوں کو حقوق اور مراعات دیئے۔ اول اول پارلیمنٹ کو جو قوم کا آلۂ کار تھی نوآبادیوں پر کسی قسم کا حق حاصل نہیں تھا۔ اور جب بعد ازاں پارلیمنٹ نے ان کے معاملات میں مداخلت شروع کی تو نوآبادیوں نے اسکو کبھی گوارا نہ کیا۔ یہی وہ مداخلت تھی جو آخر کار آزادیٔ ملک سے نوآبادیوں کی علیحدگی کا باعث ہوئی۔ نوآبادی کی حکومتوں میں جو برطانیہ نے امریکہ میں قائم کیں نوآبادیوں کو نہایت اہم دیوانی حقوق عطا کیے گئے لیکن ان کے حقوق برطانوی رعایا کے برابر نہ تھے اور یہ فرق اسی حد تک جسقدر کہ پارلیمنٹ کو ان پر اختیار حاصل تھا

بادشاہ کے اختیارات جیسے برطانیہ میں تھے کم از کم اُسی درجہ تک نوآبادیوں کی رعایا پر تھے۔

ہسپانوی امریکی نوآبادیوں کو سیاسی حقوق کچھ بھی حاصل نہ تھے ان کے حقوق صرف بنو بلیٹی تک محدود تھے تاج کو نوآبادیوں کی حکومت پر کلی اختیار حاصل تھا لیکن نوآبادیوں کو جس قدر آبائی ملک میں اختیار تھا اس سے زیادہ یہاں نہ تھا۔ اور یہ توقع بھی نہیں کی جاسکتی تھی کہ جو حقوق ان کو خود اسپین میں حاصل نہ تھے وہ نوآبادیوں میں مل جائیں۔ سیاسی حقوق کے بارے میں ہسپانوی نوآبادیوں کو وہی حقوق ملے ہوئے تھے جو قدیم اسپین کے باشندوں کو۔ لیکن بادشاہ کے اختیارات اُس کا نائب عمل میں لاتا تھا اور وہ دور دراز فاصلہ پر تھا۔ اس وجہ سے اکثر اس کے افعال ظالمانہ اور ناانصافانہ ہوتے تھے۔ حقوق کی مساوات کے بارہ میں جہاں تک نوآبادیوں اور اصلی باشندوں کا تعلق ہے اسپین کے نوآبادیاتی برطانوی نوآبادیوں سے بہتر تھے۔ اگر نوآبادیاں بالکل آبائی حکومت کے ماتحت ہوتیں تو ان کے لیے یہ کوئی اختیار کی بات نہ تھی کہ آخری حکم بادشاہ کے اختیار میں رہے یا قوم اور بادشاہ دونوں کے ہاتھ میں۔ دونوں حالتوں میں وہ غلام ہی رہتے۔

لیکن دونوں قوموں کے مختلف طرز حکومت نے انکی نوآبادیوں کی حکومت میں بھی فرق پیدا کر دیا تھا۔ چونکہ اسپین کے بادشاہ کی طاقت غیر محدود تھی اس لیے اُس کا حکم نوآبادیوں میں بھی ایسا ہی رہا لیکن شاہ انگلستان کا اختیار اپنے ملک میں محدود تھا اور حکومت مشترک تھی کیونکہ لوگوں کو اپنے نمائندوں کے ذریعہ شرکت حاصل تھی اس لیے نئی دنیا میں بھی وہی طریق حکومت قائم کیا گیا۔ تمام نوآبادیوں میں حق نیابت کا اصول جاری کیا گیا اور مقامی مجلسیں واضعان قوانین رہیں اور انتظامی طاقت بادشاہ کے ہاتھ میں رہی۔

تجارت میں رکاوٹیں اور ان کا تدارک

اسپین کا منشا اپنی نوآبادیاں قائم کرنے سے محض اپنے آپ کو فائدہ پہنچانا تھا۔ چنانچہ ان نوآبادیوں میں بھی جس بات پر زور دیا گیا وہ صرف یہ تھی کہ کانیں کھودی جائیں اور جس قدر چاندی اور سونا دستیاب ہو اسپین بھیج دیا جائے۔ اس میں بادشاہ کا حق خاص طور پر ایک خمس تھا گیا تھا۔ زراعت کی طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی تھی بلکہ اسے ممنوع قرار دیا تھا کیونکہ اندیشہ یہ تھا کہ کہیں آبائی ملک کی پیداوار کو نقصان نہ پہنچے۔ آبادیوں کی ضروریات اسپین سے پوری کی جاتی تھیں یہاں تک کہ یہ بھی اجازت نہ تھی کہ ایک نوآبادی دوسری نوآبادی سے کوئی مال

براہ راست منگائے بلکہ جو اشیا ایک نوآبادی میں قابل فروخت ہوتی تھیں وہ پہلے سپین جاتی تھیں بعد ازاں جہاں ان کی ضرورت ہوتی تھی بھیجی جاتی تھیں کسی نوآبادی کو جہاز رکھنے کا بھی حق نہ تھا۔ چنانچہ ہر قسم کا مال سپین کے جہازوں میں آتا جاتا تھا۔ جب یہ کیفیت تھی تو بیرونی ممالک سے کیسے تجارت ہو سکتی تھی۔ نوآبادوں کو سخت ممانعت تھی کہ وہ کسی بیرونی ملک سے خرید و فروخت نہ کریں۔ اور بیرونی ممالک کے باشندوں کے خلاف بھی اس بارے میں سخت قوانین نافذ تھے۔ شراب اور تیل جو آسانی ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں پہنچایا جا سکتے سپین ہی میں تیار ہو کر نوآبادیوں کو جاتے تھے ۱۵۰۳ء میں نوآبادیوں میں مذہبی ادارہ قائم کر دیا گیا تھا اور نوآبادوں سے انکی آمدنی کا ایک دسواں حصہ اس مد میں وصول کیا جاتا تھا۔ ان تمام سختیوں اور تکالیف کا یہی لازمی نتیجہ تھا کہ اسپین کے لوگوں کو باہر جانیکا شوق نہ رہا اور سات سال گذرنے پر بھی تمام نوآبادیوں میں صرف پندرہ ہزار ہسپانوی موجود تھے۔

جب انگلستان اور اسپین میں جنگ چھڑی تو نوآبادیوں کو جہازات جانے بند ہو گئے اور نوآبادیاں جو اپنی غذا تک کے لیے اسپین کی محتاج تھیں سخت تکالیف میں مبتلا ہو گئیں۔ ایسی صورت میں اسپین نے اتحادی فرانس کو اپنی نوآبادیوں سے تجارت کرنے کی اجازت دے دی۔ صلح کے بعد اسپین کو یہی حقوق انگلستان کو بھی دینے پڑے اکثر اوقات انگلستان، فرانس اور ہالینڈ کے جہازات ممنوعہ مال تجارت کو اسپین کی نوآبادیوں میں لیجاتے تھے اور حکومت اسپین اُن کا کسی طرح انتظام نہیں کر سکتی تھی۔ آخر کار ۱۷۷۸ء میں چارلس سوم نے سختیاں اور رکاوٹیں ہٹا دیں اور تجارت کو آزاد کر دیا۔ لیکن نوآبادیوں کا انتظام خراب ہی رہا۔ ملازمین رشوت کے خوگر تھے اور تنخواہ سے دوگنا بلکہ چوگنا روپیہ پیدا کر لیتے تھے۔ جب ڈون جوزف گالویز کا زمانہ آیا تو اُس نے طرز حکومت میں بہت سی تبدیلیاں اور اصلاحات کیں۔

بغاوت کے ابتدائی نشانات

برطانوی نوآبادیوں کے سیاسی انقلاب کے اقتدار اور تجارتی آزادی ۱۷۷۸ء کے اثرات سے متاثر ہو کر ہسپانوی امریکہ نے سیاسی حالت کی ترقی اور اصلاح کی خواہش ظاہر کی۔ اس وقت تک بلکہ جب تک آبادی تک میں انقلاب نہ ہوا اور نپولین بوناپارٹ نے شاہی حکومت کو تہ و بالا نہ کیا۔ ہسپانوی مکیا اور سردار اپنے بادشاہ کی وفادار رعایا رہے۔ اٹھارویں صدی کے اواسط میں کیراکاس میں ایک سازش حکومت کے خلاف کی گئی

جس کا سردار ایک شخص لیون نامی تھا۔ اس کا مقصد سیاسی کی نسبت زیادہ تر تجارتی تھا۔ سازش کرنے والے یہ چاہتے تھے کہ ایک تجارتی کمپنی کو جو اُس صوبہ اور دیگر صوبوں کے مال تجارت کی اجارہ دار ہو گئی شکست کر دیا جائے لیکن یہ سازش سرسبز نہ ہوئی اور لیون کو سزائے موت دی گئی۔ اس کا مکان مسمار کر دیا گیا اور اس موقع پر اُس کے جرم کی ایک یادگار بنائی گئی۔ تاکہ دیگر دغابازوں کے لیے عبرت کا کام دے ۱۷۸۸ء میں ایک خوفناک انقلاب پیرو میں رونما ہوا جو ہندوستانیوں نے شروع کیا اور دیگر باشندوں نے اس کی موافقت کی خرابیوں کے انسداد اور اصلاح سے قبل جو گالویز نے جاری کی تھیں چھوٹے چھوٹے ہسپانوی تاجر اس قدر ناقابل برداشت قیمت لیتے تھے اور ہندوستانیوں کو مجبور کرتے تھے کہ اُن کی طلبیدہ قیمت پر مالِ تجارت خریدیں۔ پس اُنھوں نے مجبور ہو کر علم بغاوت بلند کر دیا۔

ان بیچین لوگوں کا سردار ٹوپاک امارو بن گیا۔ جو انکا کی شاہی نسل سے تھا اور چند بااقتدار اشخاص اس کے شریک حال ہو گئے۔ اندرون ملک تین سو فرسخ تک یہ انقلاب پھیل گیا۔ ہسپانوی حکومت نے باغیوں کو سزا دینے کی تدابیر اختیار کیں۔ یہ بدامنی تین سال تک جاری رہی اور بہت سے خونی نظارے نظر آئے۔ اکثر ان لوگوں کو کامیابی ہو جاتی تھی مگر انھوں نے حد سے متجاوز ہو کر قدیم سلطنت قائم کرنے کا اعلان کیا۔ لہٰذا ہسپانوی فوج نے ہر طرف سے حملہ کیا اور آخر کار باغی اشخاص کو محکوم اور اطاعت گزار بنایا گیا۔ ٹوپاک امارو اور دیگر خاص رہنماؤں کو سزائے موت دی گئی ایسے بیرحمانہ طریقہ اور سنگدلی سے جو انسانی احساسات کے لیے نہایت نفرت انگیز ہے۔

یہ بغاوت فرو ہونے بھی نہ پائی تھی کہ ہسپانوی حکومت کو غرناطہ نوین دیگر بدانتظامیوں سے سابقہ پڑا ۱۷۸۱ء میں نئے قاعدوں اور مزید ٹیکسوں سے سوکورو کے صوبہ کی کل آبادی نے اختلاف کیا۔ ایک مسلح گروہ جس کی تعداد سترہ ہزار تھی سانتافی کی طرف چلا اور کسی مقابلہ کے بغیر دارالسلطنت سے صرف چھتیس میل پر تھا اس وقت وہاں کا لاٹ پادری ان سے آن کر ملا اور ان کو اس فعل سے مذہب کا خوف دلا کر باز رکھا۔ پھر وائسرائے نے ان سے تخفیف ٹیکس کا وعدہ کر لیا لیکن حکومت اپنے وعدہ پر قائم نہ رہی۔ ان باغیانہ خیالات سے حکومت مضبوط اور زیادہ برافروختہ ہوئی اور بجائے اس کے کہ اصلاحات عمل میں لاتی سخت قوانین ایجاد کیے تاکہ باغیانہ خیالات دلوں سے دور ہو جائیں۔ ایسا کوئی انتظام نہ کیا گیا کہ اُن کی شکایات رفع کی جائیں بلکہ انکے

ساتھ سختی کا برتاؤ روا رکھا گیا۔ ۱۷۷۶ء کے بعد یورپ میں جو واقعات رونما ہوئے ان کا اثر ان نوآبادوں پر بھی پڑا۔ ۱۷۹۷ء میں کیراکاس کے صوبہ میں نوآبادوں نے انقلاب برپا کرنے کی تجویز کی لیکن یہ سازش ظاہر ہوگئی اور بڑے بڑے سازش کرنے والے قریب کے جزائر میں بھاگ کر پناہ گزیں ہوگئے۔

مسٹر پٹ کا یہ سات سال سے خیال تھا کہ جنوبی امریکہ کی آزادی میں امداد دینی چاہیے تاکہ اس کے ممالک سے تجارتی تعلقات قائم ہوسکیں چنانچہ اسی خیال سے ایک جہاز جنوبی امریکہ کو سر ہوم پوفم کی ماتحتی میں روانہ کیا گیا جس نے بیونوآرس پر پہنچکر حملہ کیا۔ لیکن تعجب خیز امر یہ ہے کہ تمام ہندوستانی ہسپانوی جھنڈے کے نیچے جمع ہوگئے اور انگریزوں کی کچھ امداد نہ کی جیسا کہ ان کا خیال تھا۔ لڑائی کا نتیجہ کبھی انگریزوں کے موافق اور کبھی خلاف ہوا۔ لڑائیاں سخت ہوئیں۔ ایک معرکہ میں دس ہزار برطانوی فوج میں سے ایک ثلث خون کے گھاٹ اتر گئی۔ آخر کار اہل ہسپانیہ اور اہل برطانیہ میں صلح ہوگئی اور آخر الذکر نے دو ماہ کے اندر دارالسلطنت خالی کر دیا۔ قیاس یہ تھا کہ ہندوستانی ہسپانویوں کے سخت خلاف ہیں ضرور انگریزوں کا ساتھ دیں گے۔ لیکن درحقیقت انگریزوں کا منشا بھی ہندوستانیوں یا نوآبادوں کو آزاد کرانے کا نہیں تھا۔ بلکہ فتوحات کی آرزو سے بیچین ہوکر پارلیمنٹ کے حکم کے بغیر اُدھر چل کھڑے ہوئے تھے وہاں ناکامی سے سابقہ ہوا تو مجبوراً واپس چلے آئے۔ درحقیقت یہ نپولین بوناپارٹ تھا جس نے امریکی نوآبادیوں کو ہسپانیہ سے آزاد کرایا۔

باب ہفتدہم

ہسپانوی امریکہ میں انقلابات

ہسپانوی امریکہ میں انقلابات کے اسباب سلطنت کی کسی حکمت عملی کے بدلنے یا آبائی ملک کی نسبت امریکیوں کے جذبات کی کسی اہم تبدیلی سے پیدا نہیں ہوئے جب وہ کسی قسم کے سیاسی مفاد سے مستفید ہی نہ تھے تو وہ ان سے محروم بھی نہیں کیے جا سکتے تھے۔ لہذا نوآبادیوں کے حقوق اور تاج کے اختیارات کے متعلق جیسا کہ برطانیہ عظمیٰ اور اس کے امریکی مقبوضات کے درمیان واقع ہوا کوئی جھگڑا نہیں ہوسکتا تھا۔ خانہ جنگی کے شعلے

ہسپانوی نوآبادیوں میں جا پر کسی ٹیکس کے لگانے یا قطعی کسی قسم کا ٹیکس لگانے کے حق سے مشتعل نہیں ہوئے کیونکہ تین سو برس سے آج تک وہ خاموشی کے ساتھ اطاعت کرتے رہے۔ اگرچہ شمالی امریکہ اور فرانس کے انقلابوں سے ان ممالک پر کچھ روشنی پڑی تاہم ان کی حال کی تبدیلیوں کا سُراغ اسپین کی حالت اور اس کی شاہی حکومت کی اگلی تاریخ سے لگانا چاہیے۔

اسپین ایک صدی سے زائد عرصہ سے تنزل کی طرف چلا جا رہا تھا جب کہ ۱۸۰۸ء میں اس کے انحطاط کو شہنشاہ نپولین کی حریص تجاویز نے درجۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔ باوجود اس کے کہ جزیرہ نمائے اسپین کو ایک مفتوحہ ملک کی حیثیت حاصل ہو گئی تھی اور اس کے ذخائر کو اپنی لڑائیوں کی امداد کے لیے صرف کیا جاتا تھا، نپولین نے ملک پر قبضہ کر کے اس کے تاج کو اپنے بھائی جوزف بوناپارٹ کو دلوا دیا۔

ہسپانوی امریکی نوآبادیوں کی عام بغاوت

اسپین پر حملے اور بادشاہ کی قید نے ہسپانوی نوآبادیوں کو وہ موقع دے دیا جس کی وہ بغاوت کے لیے تلاش میں تھے۔ اس غیر متوقع خبر سے گہری اور قدرتی بےچینی امریکہ میں پیدا ہو گئی۔ سیول کی سیاسی جماعت اور قادیسہ کی حکومت نے نوآبادیوں پر شاہانہ اختیارات برتنے چاہے لیکن نوآبادیوں نے اس کی مخالفت کی۔ وہ نہ صرف جوزف بوناپارٹ کو اپنا بادشاہ تسلیم کرنے کے خلاف تھے بلکہ ہسپانوی سیاسی جماعتوں کی بھی اطاعت نہیں کرنا چاہتے تھے۔ انھوں نے کہا کہ بادشاہ کی قید کے زمانہ میں امریکی صوبجات کو بھی وہی حقوق مدافعت حاصل ہیں جو اہل اسپین کو ہیں چنانچہ ہسپانوی امریکہ میں دو جماعتیں ہو گئی ہیں۔ ایک خاص ہسپانوی جو سیول کی سیاسی جماعت اور قادیسہ کی حکومت کے تابع فرمان رہنا چاہتے تھے۔ دوسرے امریکی ہسپانوی جوان جماعتوں کی اطاعت گوارا نہیں کرتے تھے اور خود نوآبادیوں میں اپنی سیاسی جماعتیں بنانا چاہتے تھے۔ اپنی مطلق آزادی کے خیالات کو چھپانے کے لیے انقلاب کے رہنما بار بار کہتے تھے "ہم بادشاہ کی اطاعت جب وہ آزاد ہو جائے گا ضرور کریں گے۔ اور جب تک ایسا ہو ہم خود اپنی آزاد حکومت قائم رکھیں گے"۔ ان جھگڑوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۸۱۰ء میں ہسپانوی امریکیوں میں میکسیکو سے پلاٹا اور چلی تک عام بغاوت پھیل گئی اور انھوں نے قومی سیاسی جماعتیں حکومت کرنے کے لیے قائم کر دیں اور نوآبادی کے اداروں کی اصلاح میں مشغول ہو گئے۔ اصلی

ہسپانویوں نے اُن کی مخالفت کی اور لڑائی شروع ہوگئی۔ جب آبائی ملک کے اہل اسپین اپنی آزادی کو فرانسیسیوں کے مقابلے میں برقرار رکھنے کی کوشش کر رہے تھے تو امریکہ کی نوآبادیاں اُسی طرح خود اسپین کے خلاف مصروف جنگ تھیں۔

جب فرڈی ناند ہفتم نے قید سے مخلصی پائی تو نوآبادیوں میں خونریزی ہو چکی تھی اور آخر الذکر ایسے کمینہ اور مستبد بادشاہ کی اطاعت کے لیے تیار نہ تھے جس نے آزادی حاصل کرنے کے بعد انھیں اشخاص پر ظلم و ستم کا پہاڑ توڑا جنھوں نے فرانسیسیوں کے خلاف لڑنے اور اس کو قید سے رہائی دلانے میں نہایت شجاعت و بہادری سے کام لیا تھا۔ انقلاب پسندوں کو نہ صرف ہسپانوی فوجوں سے لڑنا پڑا بلکہ انھوں نے سیاسی اور مذہبی تعصبات کا بھی مقابلہ کیا۔ کیونکہ بعض امریکیوں کے نزدیک انقلاب، بادشاہ اور خدا کے خلاف گناہ تھا علاوہ ازیں ان کے پاس نہ ہتھیار تھے، نہ گولی بارود کا سامان اور نہ جہاز اور نہ روپیہ تھا جس سے وہ یہ اشیاء خرید لیتے۔ تاہم انھوں نے اپنے مستقل ارادہ سے تمام رکاوٹوں کو دور کر دیا اور حیرت انگیز کام کیا۔

اوّل اوّل انقلاب پسندوں کو کامیابی ہوئی لیکن فرانسیسیوں کے اخراج ملک اور فرڈی ناند ہفتم کی واپسی سے باغی نوآبادیوں کے خلاف اسپین زیادہ افواج بھیجنے کے لیے تیار ہو گیا۔ ۱۸۱۴ء سے ۱۸۱۵ء تک باغیوں کو ہر جگہ شکستیں ہوئیں لیکن باوجود اس کے وہ جدوجہد کرتے رہے اور ان سے فائدہ اُٹھایا ۱۸۲۰ء میں خود اسپین میں آزادی کے لیے ایک انقلاب ہوا جو فرڈی ناند کے استبداد سے پیدا ہوا اور اس طرح ہسپانوی آپس میں منقسم ہو گئے لہٰذا اسپین سے کوئی فوج ان کے مقابلہ میں نہ روانہ ہو سکی۔ جنوبی امریکی آزادی کے بڑے سورما بولی ور، سکر، سان مارٹن اور اوہیجنس تھے۔ شمال اور جنوب سے قریب قریب ایک ہی وقت میں کولمبیا کی افواج بولی ور کی ماتحتی میں اور چلی اور ارجنٹینا کے امریکی سان مارٹن کی رہنمائی میں پیرو میں آکر مظفر و منصور ملے جو ہسپانوی طاقت کا جنوبی امریکہ میں مرکز تھا۔ ۹ر دسمبر ۱۸۲۴ء کو ایاکوچا کی یادگار فتح نے ہسپانوی امریکی آزادی پر ہمیشہ کے لیے مُہر لگا دی جو ممتاز جنرل سکر بولی ور کے ماتحت نے حاصل کی۔ اس کے فوراً بعد ہسپانویوں کی آخری مدافعت اور ان کی نوآبادیاں کا خاتمہ ہو گیا جو اب جمہوری سلطنتیں بن گئی تھیں۔ ۱۸۲۶ء کے آغاز سے صرف پورٹو ریکو اور کیوبا اسپین کے لیے چھوڑ دیے

گئے تھے۔ جب اسپین، یورپ کے بادشاہوں کی امداد اور پوپ کی اعانت سے بھی اپنی گم شدہ نوآبادیوں کی واپسی میں ناکام رہا تو اس نے مجبوراً مختلف صلحناموں کے ذریعہ سے قریب قریب تمام نوآبادیوں کی آزادی تسلیم کر لی۔

ہسپانوی امریکہ، انقلابات کے بعد

بولی ور کی وفات کے ایک سال بعد کولمبیا کی جمہوری سلطنت تین خود مختار جمہوری حکومتوں وینیزولا غرناطہ نوادرا ایکوڈر میں ایک ہی سے مشروطوں کے ساتھ جو عام طور پر شمالی امریکہ کے مشروطہ کے نمونہ پر بنائے گئے تھے منقسم ہوگئی۔ انتظامی طاقت کا سردار منتخب شدہ صدر ہوتا تھا اور اس کے ساتھ اس کے وزراء ایشیران سلطنت ہوتے تھے۔ قوانین وضع کرنے کا کام کانگریس کے ہاتھ میں تھا جس میں ایک سینیٹ اور ممدوبین ہوتے تھے فوجی طاقت ایک مستقل فوج اور رضاکاروں کی جماعت سے مرکب تھی لیکن شمالی امریکہ کی ریاستہائے متحدہ میں مختلف فرقے ایک دوسرے کی مخالفت مشروطہ کی حدود کے اندر کرتے تھے اور جنوبی امریکہ میں جھگڑے اور فساد برابر ہوتے رہتے تھے کبھی انقلابی اور کبھی جوابی جن میں بڑے فرقوں کا ہر ایک شخص اپنے ہاتھ میں حکومت کی باگ رکھنا چاہتا تھا اور اپنے اصول کے مطابق حکومت کی تنظیم کو پسند کرتا تھا۔ یہاں تک کہ آخر کار نسلی جذبات اور محاربات نے جو سفید اور رنگین آبادیوں میں وقوع پذیر ہوئے سیاسی مناقشات میں اور اضافہ کر دیا۔ علیحدہ علیحدہ حکومتوں کے صیغوں کی تقسیم ایک ہفتہ وار منظم مرکزی طاقت کی ماتحتی میں آزادی کے احساس کو برقرار رکھنے کے لیے کافی نہیں تھی جیسا کہ شمالی امریکہ میں ہوا بلکہ اس سے اس ہیجان کا پتہ چلتا ہے جو اندرونی نااتفاقی اور علیحدگی کا ثبوت فراہم کرتا ہے۔

وینیزولا

۱۸۳۰ء کے بعد وینیزولا کی جمہوری سلطنت دو فرقوں میں تقسیم ہوگئی۔ ایک قدامت پرست تھا اور دوسرا نہایت آزاد۔ ان دونوں کے حسد و رقابت سے سلطنت نے تباہی اور بدامنی کی شکل اختیار کی۔ خاندان مینیز نے اس حالت سے فائدہ اٹھا کر ایک قسم کی اُمرا شاہی حکومت قائم کر دی۔ دس برس تک اس خاندان کے افراد نے رشوت اور بغاوتوں کے ذریعہ سے اپنے ہاتھ میں طاقت رکھی یہاں تک کہ جنرل کیسٹرو کو قدامت پرست فریق نے

صدر بنا دیا اور قومی مجلس سے مشروطہ پر نظر ثانی کرائی لیکن کیسٹرو کسی فریق کو بھی خوش نہ رکھ سکا۔ اور صدارت تین سال کے اندر چار شخصوں کے ہاتھوں میں آئی۔ آخر کار فیلکن جو مرکزی حکومت کے طرفداروں کا سردار تھا ۱۸۶۳ء میں صدر بنایا گیا اور اس نے ایک نئی مجلس ملی طلب کی۔ اُس نے نیا مشروطہ تیار کیا جو شمالی امریکہ کے اتحاد سے بے حد مشابہ تھا۔ اٹھارہ ریاستیں جو اپنے اندرونی سیاسی اور قانونی معاملات کے لیے آپس میں سر ٹکرا رہی تھیں وینیزولائی ریاستہائے متحدہ بن گئیں جو ایک کانگریس اور ایک صدر کے ماتحت ہو گئیں اور ۱۸۶۴ء میں کیراکاس کو دارالسلطنت بنا دیا گیا۔ لیکن بغاوتوں اور خانہ جنگیوں کا سلسلہ ۱۸۷۰ء تک قائم رہا۔ اس سال گزمان بلانکو صدر بنایا گیا جو پندرہ سال تک اپنے عہدہ پر فائز رہا۔ اس کے زمانے میں ملک میں بے حد مادی ترقی ہوئی۔ بعد ازاں برطانیہ نے سرحد کے متعلق جھگڑا شروع کر دیا جو ۱۸۹۹ء میں جا کر وینیزولا کے حق میں طے ہوا۔ ۹ ۲ اکتوبر ۱۹۰۱ء میں کیسٹرو صدر منتخب کیا گیا اور ستمبر ۱۹۰۳ء میں ملک کو کامل امن و امان نصیب ہوا۔ اور خانہ جنگی کا خاتمہ ہو گیا۔

غرناطۂ نو یا کولمبیا

غرناطۂ نو انقلاب کے بعد ۲۰ ستمبر ۱۸۶۱ء سے ریاستہائے متحدہ کولمبیا کے نام سے موسوم ہے۔ یہاں سیاسی، مذہبی اور فوجی انقلابات یکے بعد دیگرے رونما ہوئے اور ملک متواتر بدامنی کی آماجگاہ بنا رہا۔ جب جنرل ہیران اور جنرل ماسکیرا کو صدارتیں ملیں اس وقت باشندوں میں اعتدال کی روح پیدا ہوئی اور امن و امان قائم ہوا۔ مشروطہ کی اصلاح کی گئی۔ تباہ شدہ مالی محکمہ کو درست کیا گیا اور تعلیم، تجارت اور عام فلاح و مدافعت کے صیغہ جات قائم کیے گئے۔ لیکن عرصہ تک خانہ جنگی رہی۔ پناما اس جمہوری سلطنت سے علیحدہ ہونے کی خواہش کرتا رہا۔ دسمبر ۱۹۰۳ء میں جنرل ریز صدر ہوا اور اس کا زمانۂ صدارت چار سال کی بجائے دس سال کر دیا گیا۔ ۱۹۰۴ء میں خاکنائے پناما میں جہازوں کے لیے نہر بنانے کے متعلق ریاستہائے متحدہ امریکہ سے بہت قیل و قال کے بعد صلح ہوئی اور ایک کروڑ ڈالر لے کر آخر الذکر کو نہر بنانے کا اختیار دے دیا گیا۔

پیرو

تمام جمہوری سلطنتوں میں جو جنوبی اور وسطی امریکہ میں واقع تھیں صرف پیرو کی آزادی کو اسپین نے

عرصہ تک تسلیم نہیں کیا تھا۔ آیاکوچا کی فتح کے بعد بھی ملک بیس برس تک انقلابات اور خانہ جنگی میں مبتلا رہا جب رمین کیسٹیلا صدر بنا تو اس نے ۱۸۴۵ء میں منظم حکومت قائم کی۔ دوسرے صدر کے زمانے میں اِس ملک کی ایکیوڈور سے جنگ ہوگئی کیسٹیلا نے بغاوت کرکے لیما کو فتح کیا اور موجودہ حکومت کو برطرف کرکے مشروطہ پر نظر ثانی کرائی اور ملک میں نیا قانون جاری ہوا جس کے مطابق صدر منتخب ہوتے رہے تا اینکہ امن و امان کے ساتھ یہاں کے لوگوں نے ترقی کی۔ دیگر نوآبادیوں سے جو جمہوری سلطنتیں بن گئی تھیں سرحدوں کے متعلق عرصہ تک تنازعہ رہا لیکن آخرکار ۱۸۹۵ء میں ایک صلحنامہ سے تمام قضیے طے ہوگئے۔

چلی

چلی بھی دوسری جمہوری ریاستوں کی طرح خانہ جنگی کی شکار رہی اور ۱۸۱۷ء سے ۱۸۲۶ء تک برابر جدال و قتال رہا۔ لیکن بعد ازاں ملک میں امن و امان ہوگیا اور منتخب شدہ صدور نے بہت کچھ اس کی ترقی کے لیے کیا۔ بولی ویا، ایکیوڈور، ارجنٹینا، اور راگوئی، اور پیراگوئی ان سب کی تاریخ آزادی کے بعد قریب قریب یکساں ہے۔ سب میں خانہ جنگی ہوئی۔ سرحدوں کے متعلق بھی جھگڑے ہوئے لیکن آخرکار سب معاملات عمدگی کے ساتھ طے ہوگئے اور باقاعدہ جمہوری سلطنتیں قائم ہوگئیں۔ انفرادی خواہشات کو ملک کی بہبودی پر قربان کرنے کا اصول سب لوگوں کے ذہن میں آگیا اور اس وقت لڑائیوں کا خاتمہ ہوا مکمل امن و امان قائم ہونے کے بعد ان سلطنتوں نے بے حد مادی ترقی کی۔

باب (۱۸) ہژدہم

میکسیکو انیسویں صدی میں

اسپین کے متعلقات امریکہ میں اور کہیں اہم تبدیلی کی ایسی سخت ضرورت نہ محسوس ہوئی جیسی کہ اسپین نو میں جو آجکل میکسیکو کی جمہوری سلطنت ہے۔ امریکہ کے ہسپانوی انتظام سلطنت کی جملہ خرابیاں یہاں پائی جاتی تھیں اور سوسائٹی کی دو جماعتیں یعنی حاکم و محکوم یہاں زیادہ نمایاں تھیں۔ آخرالذکر جماعت بہت سی قوموں سے مرکب تھی اِس میں میکسیکو کے دیہاتی سردار بھی شامل تھے جو بہت ہر دلعزیز تھے انھوں نے

ملک کے اصلی باشندوں سے ارتباط شروع کیا اور ان کا اور اپنا معاملہ ایک بنا لیا۔ اگرچہ یہ لوگ زیادہ تر فاتح قوم سے تھے لیکن ان کو سرکاری عہدے نہیں دیے جاتے تھے اور اس لیے وہ بھی مفتوح قوم کے مشابہ ہو گئے تھے چنانچہ اسی بنا پر انھوں نے مشترکہ بدلہ بھی لینا چاہا۔ دوسری جماعت میں جس کو سرکاری فرقہ بھی کہہ سکتے ہیں تمام حکام اور نوآبادی کے سرکاری منتظمین شامل تھے جو زیادہ تر ہسپانوی نسل سے تھے۔

۱۷۸۹ء سے جب کہ آبائی ملک کے خلاف پہلی سازش (اور یہ ایک چنگاری تھی جو ایک بڑی آتشزدگی کا پیش خیمہ تھی) کی گئی تھی ۱۸۵۷ء تک جب کہ مشروطہ اور اصلاحی قوانین یکجا کیے گئے میکسیکو میں علی التواتر جنگ کی آگ بھڑکتی رہی بعض اوقات غیر ممالک سے بھی لڑائی ہوئی لیکن زیادہ تر خانہ جنگی ہی کا دور دورہ رہا۔ اور نتیجہ ہمیشہ تباہ کن اور خونریز ثابت ہوا۔ جس وقت بغاوت کی پہلی علامت شاہی طاقت کے خلاف اسپین نو میں ظاہر ہوئی تو اس وقت ارانزاد ائسرائے تھا۔ لیکن پہلی انقلابی تحریک اگرچہ جلد منکشف ہو گئی اور فنا بھی کر دی گئی تاہم ڈان پیڈرو ڈی گیری بے کی حکومت میں یہ پھر ظاہر ہوئی۔ ۱۸۰۸ء میں مورلیا میں ایک نئی سازش کا پتہ لگا اور ۱۸۱۰ء میں بمقام ڈولورس وہ عظیم بغاوت شروع ہوئی جس سے آخر کار میکسیکو کی آزادی حاصل ہو گئی۔ اس کا بانی ہیڈالگو تھا۔ اس کی نیت بری تھی اور اس کے ارادے نیک تھے غالباً اس نے اپنی کارروائی کی وسعت اور انجام کا کچھ پہلے سے خیال نہیں کیا تھا۔ غرض اس کی بغاوت سے ایسی سخت خانہ جنگی کی بنیاد پڑی کہ جس کی نظیر تاریخ کے صفحات میں تلاش کرنا بے سود ہے بغاوت کا طوفان ملک میں اس زور سے اٹھا کہ سوسائٹی کے تمام درجے اس کے پریشان کن اثر سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہے اور تمام پرانی باتیں فنا ہو کر نئی باتوں کو بھی مشکل سے فروغ ہوا۔

تمام گاؤں کے مکھیا ہسپانوی حکومت کے طرفدار ہو گئے۔ ہیڈالگو نے جس کے ساتھ ایک کثیر جماعت تھی گوانا جوآٹو پر قبضہ کر لیا اور ویلاڈولڈ کو بھی لے لیا جس کے بعد وہ ٹولوکا کی طرف بڑھا اور اس کے بعد ٹینا کٹلین پر قابض ہو گیا۔ ہسپانوی گورنر نے تھوڑی سی فوج اس کے مقابلہ کے لیے روانہ کی جسکو لاس کروسیس کے مقام پر ۳۰ اکتوبر کو ہیڈالگو نے شکست دی لیکن اس فتح کے بعد بھی ہیڈالگو نے واپسی اختیار کی اور آٹھ دن بعد کیلجا نے اس کو شکست دی۔ ہیڈالگو، ویلاڈولڈ اور گواڈالاجارا کو واپس ہوا

آخرالذکر مقام کے آس پاس اُسے پھر شکست ہوئی جس کے بعد اسے گرفتار کرلیا گیا اور گولی سے اُڑا دیا گیا۔

اس دوران میں تمام ملک بغاوت کے لیے آمادہ ہوگیا تھا اور بہت سے سرداروں نے علیحدہ علیحدہ بغاوت شروع کردی تھی۔ ان سب میں نہایت ممتاز ڈان جوسی میریا موری لوس تھا جس نے نہایت چستی و چالاکی، ذہانت اور کامیابی سے جنوبی صوبوں کو گورنر کے خلاف بغاوت کے لیے کھڑا کردیا اور ایک سیاسی جماعت یا مرکزی حکومت بنائی جو ستمبر ۱۸۱۱ء میں شہر زیٹاکوارو میں مجتمع ہوئی جو صوبہ مکوایکن میں واقع ہے۔ لیکن بعد ازاں کیلجا نے اس شہر پر قبضہ کرلیا اور سیاسی جماعت منتشر کردی گئی مگر کیلجا کو جلا موری لوس کے خلاف کوچ کرنا پڑا جو جنوب سے ٹیناک ٹیٹلین کی سطح مرتفع میں داخل ہوگیا تھا۔ کیلجا نے کوانٹ لے ایلپاس مقام پر پہونچکر اس پر حملہ کیا لیکن اس مقام نے اپنی مدافعت تقریباً تین ماہ تک بڑی ہوشیاری اور بہادری سے کی۔ اس کے بعد اس نے اس مقام کو چھوڑ کر اوجاکا پر قبضہ کرلیا۔

اب سیاسی جماعت میں نئے ارکان شامل ہونے سے کافی اضافہ ہوگیا تھا چنانچہ اس جماعت کا نام مجلس قلی رکھ کر میکسیکو کی آزادی کا اعلان ۱۳ نومبر ۱۸۱۳ء کو کردیا گیا۔ لیکن اس کے بعد موری لوس کو اپنی شجاعانہ مہمات میں کم کامیابی ہوئی اور نومبر ۱۸۱۵ء میں وہ گرفتار کرلیا گیا۔ اس کو میکسیکو لے جاکر گولی سے مار دیا گیا۔ اس کے رفقا نے کچھ عرصہ تک جھگڑے کو جاری رکھا لیکن انھوں نے ایکدوسرے سے متنفی ہوکر کام نہ کیا خصوصاً جب سے کہ ان میں ایک شخص ٹیران نامی نے کانگریس کو برطرف کردیا تھا جو اوجاکا سے ٹیہوکان موقوعہ ریاست پیوبلا کو منتقل ہوگئی تھی۔ وائسرائے دینی گاس نے کیلجا کی ہوشیاری اور بہادری سے اعانت پاکر ان سرداروں کی فوجوں کو یکے بعد دیگرے برباد کردیا یہاں تک کہ جب ڈان جویرمانا جو مشہور ہسپانوی سردار تھا میکسیکو میں ۱۸۱۷ء میں آیا تو اس وقت باغیوں کی حالت اس قدر گر گئی تھی کہ وہ ان کے معاملہ کو آگے نہ بڑھا سکا بلکہ خود اس کوشش میں فنا ہوگیا۔ ملک رفتہ رفتہ زیادہ بامن ہوتا گیا۔ اور ۱۸۲۰ء میں اُسی درجہ کو پہنچ گیا جس میں وہ ۱۸۰۸ء میں تھا اور یہ حالت نئے وائسرائے اپوڈاکا کی ملاطفت اور نرمی سے اور ترقی پذیر ہوگئی۔

۱۸۲۰ء کے آغاز سے جو واقعات اسپین میں رونما ہوئے انھوں نے یہاں بھی معاملات کی صورت

بدل دی اور اسپین کو اپنے نہایت قیمتی مقبوضاتِ امریکہ سے محروم کر دیا۔ ہسپانوی اور تمام گاؤں کے مکھیا جنھوں نے پہلے اتفاق کر لیا تھا اب دو فریقوں میں منقسم ہو گئے جن کا نام شاہی وفادار اور مشروطہ پسند ہو گیا ایپوڈاکا جو اول الذکر فریق کی طرف مائل تھا میکسیکو کے مشروطہ کو بدلنا چاہتا تھا اور اس نے ڈان اگسٹن ڈی اٹربائڈ کو اپنا آلۂ کار بنایا جو ایک نوجوان شخص تھا اور ویلاڈولڈ کے صوبہ میں پیدا ہوا تھا۔ اُس کے والدین معزز تھے مگر مالدار نہ تھے۔ اس نے جنگ لاس کروسیس میں نام پیدا کیا تھا اور ہسپانوی فریق کا ہمیشہ سے بڑا طرفدار تھا۔ اٹربائڈ کے پاس آٹھ سو آدمیوں کی جمعیت تھی، جب ۲۴ فروری ۱۸۲۱ء کو ایگوالا کے چھوٹے قصبہ میں اس سڑک پر جو میکسیکو سے اکاپلکو کو جاتی ہے اس نے اعلان شایع کیا جو اُس وقت سے اب تک ایگوالا کی تجویز کہی جاتی ہے۔ اس کا مقصد جملہ فرقوں کو خوش کرنا تھا۔ وہ میکسیکو کی آزادی قائم کر کے اسپین سے اس کا تعلق رکھنا چاہتا تھا اور اُس کو برقرار رکھنے کے لیے تاج میکسیکو شاہ اسپین کو پیش کیا گیا اور اگر وہ انکار کرے تو اس صورت میں اس کے بھائی ڈان کیرولس یا ڈان فرانسسکو ڈی پالو کو دیا جاے بشرطیکہ وہ اس ملک میں رہنا اختیار کریں۔

اگرچہ ایٹربائڈ اُن اختیارات سے تجاوز کر گیا تھا جو وائسرائے ایپوڈاکا نے اسے دیے تھے لیکن اس نے یہ دیکھ کر کہ اس تجویز کو اکثر اشخاص پسند کرتے ہیں اٹربائڈ کو تباہ کرنے کی کوئی کوشش نہ کی اور دارالسلطنت کے ہسپانویوں نے اس تاخیر سے مخوف ہو کر اس کو معزول کر دیا اور ڈان فرانسسکو نویلا کے ہاتھ میں معاملات کی باگ دے دی لیکن اُن بدامنیوں سے جو ہمیشہ ایسی سخت تبدیلیوں کی لازمی عناصر ہیں اٹربائڈ کو وقت مل گیا اور اس نے اپنی افواج کو گوری رو کے ساتھ ملا لیا جو ابتک ملک میں ایک باغی سردار باقی تھا اور اس طرح اس کے شریک تمام شمالی اور مغربی صوبے ہو گئے۔ ۱۴ جولائی سے قبل تمام ملک نے اُس کی حکومت تسلیم کر لی۔ صرف دارالسلطنت نے جس میں نوویلا اور تمام یورپی افواج بند ہو گئی اس سے انکار کیا اس موقع پر اٹربائڈ نے ویراکروز پر ڈان جوان اوڈانجو نئے مشروطہ کے وائسرائے کی آمد کی خبر سُنی وہ فوراً ساحل پر پہنچا اور اوڈانجو سے ملاقی ہوا۔ اسے ایگوالا کی تجویز منظور کرنے کی ترغیب دی اور اسی تجویز کو ابتدائی صلح اور آخری تصفیہ کی بنیاد قرار دیا بشرطیکہ اسپین بھی اس پر راضی ہو جاے۔ یہ معاہدہ صلحنامۂ قرطبہ کے نام سے

مشہور ہے کیونکہ جہاں یہ گفت و شنید ہوئی اس جگہ کا نام قرطبہ ہے۔

اس طرح اٹربائڈ نے دارالسلطنت پر قبضہ حاصل کر لیا جہاں ایک سیاسی جماعت اور شاہی حکومت قائم ہو گئی لیکن اس طریقے سے کہ تمام طاقت اٹربائڈ کے ہاتھ میں رہی۔ کورٹیس کے فرمان مورخہ ۱۲ فروری ۱۸۲۲ء سے صلحنامۂ قرطبہ ناجائز اور کالعدم قرار دیا گیا اور اٹربائڈ کو جس کے ہاتھ میں طاقت تھی اور جس کے بہت سے متبعین تھے تخت پر جلوہ آرا ہونے میں کوئی دقت محسوس نہ ہوئی۔ فوج نے اس کو شہنشاہ میکسیکو ۱۸ مئی ۱۸۲۲ء مشتہر کر دیا اور اس نے آگسٹن اول کا خطاب اختیار کیا۔ ۲۴ فروری کو میکسیکو کی کانگریس کا آغاز ہوا اور اس نے بھی اس کو بادشاہ تسلیم کر لیا۔ لیکن اٹربائڈ اور کانگریس میں طاقت کے لیے جلد جھگڑا شروع ہو گیا اور شہنشاہ نے مجلس کو برطرف کر دیا، اسی طریقے سے جس طرح کرامویل نے انگلستان کی دراز پارلیمنٹ کو موقوف کر دیا تھا۔ مگر اسی روز اس نے نئی کونسل جو دو اضعاف توانین کی تھی طلب کی اور اس میں ان لوگوں کو اس کا رکن بنایا جو اس کی خواہشات اور ارادوں کے موید تھے۔ لیکن وہ اپنے رفقا کو جو میدان جنگ میں اس کے شریک حال رہے تھے ان تبدیلیوں کے لیے آمادہ نہ کر سکا۔ بہت سے جنرلوں نے اسکی کارروائیوں سے اختلاف کیا اور مقابلہ کے لیے آمادہ ہو گئے اٹربائڈ نے اس طوفان سے خوفزدہ ہو کر جو ہر طرف پھیلنے والا تھا قدیم کانگریس کو طلب کیا اور مارچ ۱۸۲۳ء میں تخت چھوڑ کر یورپ چلا گیا جہاں سے وہ ۱۸۲۴ء میں میکسیکو واپس آیا اس کو کانگریس نے قابل گردن زدنی قرار دیا اور جب وہ ساحل پر اترا تو پیڈی لا پر گولی سے مار ڈالا گیا۔

اس طرح میکسیکو کسی باقاعدہ حکومت کے بغیر چھوڑ دیا گیا۔ اس کے پاس کوئی شروطہ نہ تھا۔ معاملات عارضی طور پر کبھی بریو، کبھی وکٹوریا اور کبھی نیگریٹ نے انجام دیے لیکن ۴ اکتوبر ۱۸۲۴ء کو ایک شروطہ جس میں سولہ اصلی ریاستیں شامل تھیں ایک جمہوری سلطنت کے لیے بنایا گیا۔ جس قومی مجلس نے یہ شروطہ تیار کیا اس کا اجلاس چودہ ماہ تک رہا یکم جنوری ۱۸۲۵ء کو جنرل وکٹوریا جمہوری سلطنت کا صدر بنایا گیا اس نے اپنا زمانہ خیر و خوبی سے ختم کیا لیکن اس کے بعد دو فریق ہو گئے اور صدارت کے متعلق اس قدر خون خرابے ہوئے کہ جسکی کوئی انتہا نہ رہی جب ایک فریق کا صدر منتخب ہو جاتا تھا تو دوسرا فریق اپنی شکست تسلیم نہیں کرتا تھا اور بغاوتیں اختیار کرتا تھا یہ الٹ پلٹ اور خونریزی برابر جاری رہی۔ ایک مرتبہ دارالسلطنت کے اندر ایک ماہ تک برابر تلوار چلتی رہی۔

۱۸۴۵ء میں کانگریس نے عام معافی اور امن وامان کا اعلان کیا اور صوبہ ٹیکساس کو آزاد کرنیکی رائے دی بشرطیکہ وہ ریاستہائے متحدہ میں شامل نہ ہو۔ لوگ اس فیصلہ سے بہت ناخوش ہوے اور ریاستہائے متحدہ سے نہایت خونریز جنگ شروع ہوگئی جو ۱۸۴۸ء میں جاکر ختم ہوئی اس جمہوری سلطنت کی تاریخ بیحد بدامنی اور فساد کی تاریخ ہے۔ صدر کا انتخاب پھر اسی کے مقابلہ میں دوسرے صدر کا کھڑا ہونا، کبھی اس کا کامیاب ہونا کبھی اُس کا کامیاب ہونا، اور ایک مرتبہ نہیں بلکہ ہر صدر کے انتخاب پر ایسا ہونا، اس امر کے متعلق مناقشات کہ مرکزی حکومت رہے یا علٰحدہ علٰحدہ جمہوری سلطنتیں بن جائیں، خانہ جنگیاں، تمام فرقوں کا روبہ انحطاط ہونا سامنا اپنا صدر کا بار بار جلاوطن ہونا اور بار بار بوقت ضرورت آنا تین مرتبہ جلاوطن کیا گیا اور تین مرتبہ واپس بلایا گیا) ملک کی مالی اور اقتصادی حالت کا خراب ہونا عام طور پر یہ خاص واقعات ہیں جن سے جمہوری سلطنت کی تاریخ کے صفحات پُر ہیں اور جسکی تفصیل ہم بیان کرنا نہیں چاہتے۔ بہرحال یہ امر بآسانی سمجھ میں آسکتا ہے کہ ان حالات میں ایک شاہی پسند فرقہ بتدریج بڑھتا گیا۔ اُس نے ایک اخبار یونیورسل نامی جاری کیا اور اس بات پر زور دیا کہ شاہی اداروں سے ہی ہماری نجات ہوسکتی ہے۔ اس فریق میں بہت سے لائق اشخاص شامل تھے، چنانچہ ایک ممتاز شخص ڈان گوٹی رز ڈی ایسٹریڈ تھا جو یورپ گیا اور ۱۸۴۶ء میں واپس آیا میں اس نے یہ کوشش کی آسٹریا کا ایک آرچ ڈیوک میکسیکو کی شہنشاہی کے لیے آمادہ ہوجائے لیکن وہاں اُسے ناکامی ہوئی اور میکسیکو کی خانہ جنگیاں اپنا کام کرتی رہیں چونکہ اہل یورپ کے لوگوں کا جان و مال اِن برائیوں سے خطرہ میں تھا اس لیے فرانس انگلستان اور اسپین میں باہمی معاہدہ ہوا کہ میکسیکو کو مجبور کیا جائے کہ وہ بیرونی ممالک کے اشخاص کی حفاظت کرے البتہ اُسے حق ہے کہ وہ جس طرز کی حکومت پسند کرے اُسے اختیار کرے کچھ دنوں بعد فرانس نے سیاسی معاملات میں بھی دخل دینا شروع کر دیا اور اسپین و انگلستان اُس سے کنارہ کش ہوگئے ۱۸۶۲ء میں فرانس اور میکسیکو میں باہم جنگ شروع ہوگئی۔ فرانس کو فتحیابی حاصل ہوئی اور اس نے تاج میکسیکو، آسٹریا کے میکسیملین کو پیش کیا میکسیملین کو مجبور کیا گیا کہ وہ تاج آسٹریا سے دست بردار ہوجائے۔ چنانچہ وہ شہر میکسیکو ۱۲ جون ۱۸۶۴ء کو پہنچا لیکن اہل میکسیکو اس انتظام سے خوش نہ تھے۔ اُدھر ریاستہائے متحدہ امریکہ نے اصول منرو کے نفاذ کی طرف توجہ کی اور فرانس کو مجبور کیا کہ وہ

میکسیکو کے سیاسی معاملات میں دخل نہ دے۔ پس نپولین سوم نے فرانسیسی افواج میکسیکو سے واپس بلالیں۔ اس وقت میکسمیلین کی بیوی فرانس پہنچی اور شہنشاہ سے ہر ممکنہ مداخلت کے لیے کہا مگر وہ راضی نہوا اس کے بعد اس نے پوپ سے بھی مل کر اس کی مداخلت چاہی لیکن اس نے بھی انکار کر دیا۔ ان ناکامیوں سے وہ اس قدر متاثر ہوئی کہ اس کا دماغ خراب ہو گیا اور وہ پاگل ہو گئی میکسمیلین نے میکسیکو کا شہنشاہ بن کر کسی کانگریس یا مجلس ملی کے بغیر حکومت شروع کر دی تھی اور تمام کام وزراء میں تقسیم کر دیا تھا۔ اس کے ارادے نیک تھے لیکن صلح و آشتی کے زمانے میں وہ ایک کامیاب بادشاہ ہو سکتا تھا، جنگ و جدل کا زمانہ اس کے لیے موزوں نہ تھا کیونکہ وہ فوجی قابلیت اس میں نہ تھی جس کے ذریعہ سے وہ مختلف بغاوتوں کی سرکوبی کر سکتا۔ جب تک فرانسیسی افواج میکسیکو میں رہیں، اہل میکسیکو کچھ دبے رہے لیکن جب وہ واپس فرانس طلب کر لی گئیں تو انھوں نے سر ابھارا اور ہر جگہ بغاوتیں ہونے لگیں ہیانوی امرا پادری اور سرکاری عمال شہنشاہ میکسیملین کے طرفدار رہے اور اس نے فوج جمع کر کے بغاوتوں کا انسداد بھی کرنا شروع کیا لیکن اسے کامیابی نہ ہوئی اگرچہ وہ اپنی جان بچا کر میکسیکو سے باہر جا سکتا تھا لیکن وہ اپنی حماقت سے باغیوں کا برابر مقابلہ کرتا رہا اور ان سے لڑتا رہا۔ آخر کار اسے شکست ہوئی اور وہ گرفتار ہو گیا۔ اس پر مقدمہ چلایا گیا اور اس کو بغاوت، قتل اور فساد وغیرہ کے جرم میں ۱۹ جون ۱۸۶۹ء کو سزائے موت دی گئی۔

میکسمیلین کے قتل کے بعد جواریز صدر بنایا گیا مگر ڈیاز اور اس کے دوستوں نے اس کو صدر نہ تسلیم کیا اور جب تک جواریز نہ مر گیا یہ جھگڑا برابر جاری رہا۔ ۱۸ جولائی ۱۸۷۲ء کو اس کا انتقال ہوا اور مخالفین نے اسی روز اپنے ہتھیار رکھ دیے اور سب کے سب مشروطہ کے جھنڈے کے نیچے آکر جمع ہو گئے کہا جاتا ہے کہ خانہ جنگی کا خاتمہ ۱۸۶۵ء میں ہو گیا تھا لیکن تاریخ میکسیکو میں امن و امان کا پتہ آج تک نہیں ملتا کوئی نہ کوئی جھگڑا کوئی نہ کوئی فساد ضرور رہتا رہتا ہے البتہ ۱۸۸۴ء سے ۱۹۰۰ء تک کوئی سیاسی جھگڑا نہیں ہوا۔ ۱۸۷۳ء میں ویراکروز اور میکسیکو ریلوے جاری ہوئی۔ ڈیاز صدر کے زمانہ میں ابتدائی تعلیم مفت اور لازمی کر دی گئی تار اور ڈاکخانہ کے محاصل میں بے حد اضافہ ہوا اور ملک کی نہ صرف

اندرونی حالت بلکہ مالی حالت بھی درست ہوگئی غیر ممالک سے بھی اس کے تعلقات دوستانہ ہو گئے اور اس کے زمانہ سے میکسیکو کی جمہوری سلطنت نہایت مضبوط اور مستحکم چلی آتی ہے۔

باب (۱۹) نوزدہم

وسطی امریکہ

لفظ وسطی امریکہ کا اطلاق عام طور پر اُس حصۂ ملک پر کیا جاتا ہے جو بیشتر قدیم گوائی مالا کے نام سے موسوم تھا لیکن لحاظ جغرافیہ اس کو زیادہ وسیع معنوں میں استعمال کرتے ہیں جس میں گوائی مالا یوکٹن اور بیلز سب شامل ہیں۔ گوائی مالا ایک وسیع مملکت ہے جو بحر الکاہل اور بحیرۂ کیری بین کے درمیان واقع ہے اور میکسیکو کی جنوبی حد سے لے کر خاکنائے ڈیریں تک چلا گیا ہے۔ اسکی آب و ہوا زمین پیداوار اور جغرافیائی شکل جزائر غرب الہند سے مشابہ ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ کوہ انڈس نے اس کو بے حد پہاڑی ملک بنا دیا ہے۔ مغربی کنارہ پر اکثر زلزلے آتے رہتے ہیں اندرونی حالت بہت کم معلوم ہے۔ سیاسی لحاظ سے یہ گوائی مالا، سالوی ڈور، ہانڈورس، نکاراگوا اور کوسٹاریکا کی سلطنتوں میں تقسیم ہے

نکاراگوا کی دریافت

واسکونونیز بالبوا کی موت کے فوراً بعد نکاراگوا دریافت ہوا۔ اینڈرس نینو جو ایک شجاع جہازراں تھا اور ڈیرین کے ساحل سے بخوبی واقف تھا اور وہاں کام کر چکا تھا اسپین کے دربار میں پہنچا اُس نے مصالحہ کے جزائر کے لیے ایک سفر کی تجویز پیش کی جو فوراً منظور ہوگئی۔ گل گونزلیز ڈی ویلا اس مہم کا سردار بنایا گیا اور جو جہازات واسکونونیز نے تیار کر رکھے تھے اس کے حوالہ کر دیے گئے۔ وہ اور اینڈرس نینو اپنی مہم پر ۱۵۲۲ء میں روانہ ہوے اور نکاراگوا کا تمام ساحل دریافت کر لیا اور اندرون ملک بھی انھوں نے چند مہمات کیں۔ ساحل سے نین لیگ کے فاصلہ پر ان کو گاؤں کا ایک چودھری ملا اور اس نے ان لوگوں سے بہت سے سوالات کیے۔ ازانجملہ یہ سوال بھی تھا کہ تم اتنے تھوڑے آدمی اس قدر سونے کی کیوں تلاش کرتے ہو؟ اہل نکاراگوا بھی اصل میں اہل میکسیکو ہی کی نسل سے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ

ایک مرتبہ بڑا سخت قحط پڑا اور اہل میکسیکو کے کچھ خاندان وہاں سے ادھر آکر آباد ہو گئے کیونکہ یہاں انکو کھانے پینے کا سامان بکثرت مل گیا۔ ان لوگوں نے یہاں پہنچ کر عمدہ مکانات تعمیر کیے اور اگرچہ اُس شان و شوکت کے یہ مکانات نہ تھے جو میکسیکو میں پائے گئے تاہم ان کی تعمیر سے بھی ان کی دستکاری اور صناعی کا پتہ چلتا تھا۔ گل گونزیلز ۲۵ رجون ۱۵۲۳ء کو نپاما واپس آیا اور اپنے ساتھ بہت سونا لایا۔ اُس نے وہاں تیس ہزار آدمیوں کو بپتسمہ بھی دیا۔

پیڈریریس نے جو نپاما کا گورنر تھا ہرنانڈیز ڈی کورڈوا کو نکاراگوا پر قبضہ کرنے کے لیے بھیجا اور اُسنے گونزیلز کو نکال باہر کیا لیکن گورنر نے اُس پر خود مختاری کا الزام لگا کر اس کو قتل کرا دیا اور وہ ۱۵۲۷ء سے ۱۵۳۶ء تک نکاراگوا کا بھی گورنر رہا۔ درحقیقت۔ اس مملکت کے قبضے کے لیے بہت سے ہسپانویوں نے جو دربار اسپین سے اجازت بھی حاصل کر لیتے تھے باری باری کوشش کی اور اس سعی میں آتشزدگی قتل و غارت لوٹ مار سب کچھ ہوتا تھا جس کا خمیازہ صرف ہندوستانی بھگتتے تھے۔ چنانچہ وہ سخت مصیبت میں مبتلا تھے ہر چند انھوں نے ہسپانویوں سے نجات پانے کی تدابیر کیں لیکن کوئی کارگر نہ ہوئی۔

گوائی مالا کی دریافت

کورٹیز نے میکسیکو کی فتح کے بعد جنوبی سمندر کے متعلق کچھ حالات سُنے تھے کہ اتفاق سے میکسیکو کی تباہی کے بعد شاہ مکوآن نے کورٹیز کی خدمت میں سفیر بھیجے۔ اس سفارت سے بھی کورٹیز کو وہاں کے حالات بخوبی معلوم ہو گئے اور اُس نے اپنے نائب پیڈرو ڈی الوراڈو کو وسطی امریکہ پر قبضہ کرنے کے لیے روانہ کیا۔ ٹی ہان ٹی پیک اور ٹیوٹوٹی پیک جو اس وقت دو صوبے تھے آپس میں ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے۔ ٹی ہان ٹی پیک کے جنوب میں سوکونسکو کا صوبہ واقع ہے اور اس کے جنوب میں گوائی مالا ہے۔ الوراڈو نے ان صوبوں کو مغلوب کیا اور صوبہ ٹیوٹوٹی پیک میں ایک شہر سیگورا نامی آباد کیا لیکن سخت گرمی اور کیڑوں کی کثرت کی وجہ سے اسے چھوڑنا پڑا۔ اس کے بعد اس نے دو پیغامبر گوائی مالا کو جس کے معنی لکڑی کی جگہ کے ہیں روانہ کیے تاکہ وہ اُس صوبے کے سردار کو مذہب عیسوی کی تعلیم دیں۔

اس صوبہ پر ایک قوم جس کا نام ٹلٹی کا تھا حکمراں تھی جو میکسیکو سے آئی تھی۔ یہ قوم شہر میکسیکو سے

بارہ فرسخ کے فاصلے پر رہتی تھی۔ جو شخص اپنی قوم کو یہاں لے کر پہنچا اور بادشاہ بنا اُسکا نام نمانکیش تھا۔ اس کی آب و ہوا عمدہ اور زمین زرخیز تھی۔ جوار، مکا، روئی بکثرت پیدا ہوتی تھی۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ اس میں گیہوں اور اسپین کے تمام پھل پیدا ہو سکتے تھے۔ حکومت بادشاہ کے ہاتھ میں ہوتی تھی لیکن اگر وہ ظالم ہوتا تھا تو اُنکے یہاں یہ قانون تھا کہ سلطنت کے تمام مجوں اور خاص لوگوں کو جمع کیا جاتا تھا اور وہ اس کو معزول کر دیتے تھے۔ ان کے یہاں چوری کی بھی عجیب سزائیں تھیں اور دیگر جرائم کے لیے جرمانہ سے لے کر موت تک کی سزائیں مقرر تھیں۔ جنگ میں وہ تمام قیدیوں کو یا غلام بنا لیتے تھے یا مار ڈالتے تھے اور ان کو کھا جاتے تھے اُن کے یہاں تعلیم کے لیے (لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کے لیے) تمام بڑے شہروں میں مدارس قائم تھے۔ اور اُن کے یہاں چھبیس ۲۶ زبانیں بولی جاتی تھیں۔

الوراڈو نے اِس ملک پر حملہ کیا اور زپا کا کے بادشاہ کو قتل کر دیا۔ قرب و جوار کے تمام ہندوستانیوں کو تخت اسپین کا مطیع و منقاد بنایا گیا۔ اس نے گوائی مالا میں جولائی ۱۵۲۳ء میں ایک شہر سینٹیاگو کے نام سے آباد کیا اور اس مملکت کا کوئی حصہ غیر مفتوح نہ چھوڑا۔ نیز ہندوستانیوں کو جو اُس کی تیغ خوں آشام سے بچے مجبور کیا کہ وہ مذہب عیسوی اختیار کریں چارلس پنجم نے اُس کو یہاں کا گورنر مقرر کر دیا یہاں تک کہ وہ ۱۵۴۱ء میں فوت ہو گیا۔ اُس کے مرنے کے بعد شاہ اسپین نے ایک کونسل ایک صدر کے ماتحت مقرر کر دی اور وہ انتظام مملکت کرتی رہی لیکن درحقیقت ظلم و ستم کے سوا ان کا کوئی اور ثمارہ نہ تھا انصاف کا نام نہ تھا۔ چنانچہ ۱۸۰۸ء میں وہاں بھی بغاوت کے پہلے نشانات ظاہر ہونے لگے۔ وہاں کے باشندوں نے ایک سیاسی جماعت بنائی اور آزادی حاصل کرنے کے درپے ہو گئے۔

جمہوری سلطنت کا قیام

ایک قومی مجلس ۲۴ جون ۱۸۲۳ء کو منعقد ہوئی۔ ۱۲ جولائی کو مکمل آزادی کا اعلان ہوا اور ۱۸ دسمبر کو ایک نیا مشروطہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کی طرز پر بنایا گیا۔ جمہوری سلطنت کا نام "وسطی امریکہ کے متحدہ صوبجات" رکھا گیا۔

کوسٹاریکا پر ۱۶ ستمبر ۱۸۲۴ء کو کانگریس نے تمام کام ختم کر دیا اور ۱۹ ستمبر کو متحدہ کانگریس نے اپنی

نشست اختیار کی ۲۲ر نومبر کو مندوبین نے شروط پر اپنے دستخط بھی کر دیے۔ لیکن باوجود ان سب باتوں کے لوگوں میں اتحاد قائم نہ رہا اور دو فریق پیدا ہو گئے اور خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ آخر کار ۱۸۳۰ء میں مورازان جمہوری سلطنت کا صدر منتخب ہوا اور پبلک معاملات کو امن و امان کے سات آٹھ سال تک انجام دیتا رہا مگر اُس کے آخری ایام حکومت میں ایک بدنام شخص کیریرا نے ہندوستانیوں، پادریوں اور شاہی پسند لوگوں کو ملا کر بغاوت کر دی جس میں جمہوری سلطنت کی افواج کو شکست ہوئی اور مورازان جلاوطن کر دیا گیا۔ اس وقت سے وسطی امریکہ کی پانچوں ریاستیں علحدہ علحدہ ہو گئیں اور جمہوری سلطنت کا نام ہی نام رہ گیا۔ کیرارا نے ۲ر فروری ۱۸۵۱ء کو متحدہ افواج وسطی امریکہ کو ایک اور شکست دی اور یہ ایسی سخت تھی کہ پھر وہ پنپنے نہ پائی۔

وسطی امریکہ کی ریاستوں کی علحدہ علحدہ تاریخ اندرونی مناقشات اور جھگڑوں سے پُر ہے اور تاریخ عالم پر اپنا کوئی اثر مترتب نہیں کرتی اور نہ وہ کچھ دلچسپ ہے۔ نکاراگوا نے اسپین سے ۱۸۵۰ء میں بلجیم سے ۱۸۵۸ء میں فرانس سے ۱۸۵۹ء میں اور ریاستہائے متحدہ امریکہ سے ۱۸۶۷ء میں نہر نکاراگوا کی غیر جانبداری کے متعلق عہدنامہ کر لیے۔ ایک اور صلحنامہ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے ہوا جس سے نہر بنانے کا حق آخر الذکر کو دیدیا گیا۔

باب (۲۰) بستم

برازیل

پہلا شخص جس نے سواحل برازیل دریافت کیے واسینٹی نیز پنزن تھا جو کولمبس کے ساتھ اپنے پہلے سفر پر نینا جہاز کا کمانڈر ہو کر گیا تھا۔ اُس نے اور اس کے بھتیجے نے سات سال بعد پلاس سے دسمبر ۱۴۹۹ء میں کیپ ورڈ ہو کر مغرب کی طرف سفر کیا اور ۲۶ر جنوری ۱۵۰۰ء کو راس سینٹ آگسٹائن پر پہنچے جو ساحل پنزن نے دریافت کیا تھا وہ اس خط کے اندر تھا جو پرتگیزوں کے حصہ میں دیدیا گیا تھا۔ قبل اس کے کہ پنزن یورپ پہنچے پرتگیزوں نے اس پر قبضہ کر لیا۔ ۱۴ر مارچ ۱۵۰۰ء کو جہازات کا ایک بیڑہ جزائر کنیری سے ہوتا ہوا کوہ ایمورس پہنچا اور اس نے اس زمین کا نام ویرا کروز رکھا۔ شاہ ایمونیل اس دریافت سے ایسا خوش ہوا کہ یکم مئی ۱۵۰۱ء کو اس نے ایک اور بیڑہ روانہ کیا۔

برازیل کے اصلی باشندے

جس وقت پرتگیزوں نے برازیل پر حملہ کیا اس وقت سو سے زائد مختلف مذاہب، رواجات اور ادارے موجود تھے جو آپس میں اُس آراضی کے قبضہ پر لڑے تھے جو دریائے لاپلاٹا اور امیزان کے مابین واقع ہے ان فرقوں میں سب سے زیادہ قدیم ٹیپویا تھا اور اُس نے دونوں دریاؤں کے درمیانی سواحل پر قبضہ کر لیا تھا۔ اہل یورپ کے وہاں جانے سے کچھ ہی قبل ٹوپی فرقہ نے ان کو وہاں سے خارج کر دیا تھا اور خود قابض ہو گیا تھا۔ جب الوریز کیبرل نے برازیل کی سرزمین پر جھنڈا گاڑا تو یہ فرقہ متحیر ہوا۔ ٹوپی کے معنی گرج اور دیوتا کے ہیں کیونکہ ان کے دیوتا کا نام ٹوپن تھا۔ ٹوپی کا بڑا خاندان سولہ فرقوں میں منقسم تھا اور اسی قدر ان کی جمہوری سلطنتیں تھیں لیکن متحدہ تھیں۔

ٹوپی کوئی کپڑا نہیں پہنتے تھے۔ بالکل برہنہ رہتے تھے۔ وہ اپنے جسم کو چہرہ کے سوا سُرخ رنگتے تھے نیچے کے ہونٹ میں ایک چھلا پہنتے تھے اور عورتیں کانوں میں بڑے بڑے بالے پہنتی تھیں جو ان کے شانوں تک پہنچتے تھے۔ چونکہ ان کی زندگی بالکل فطری تھی اس لیے وہ اکثر بیماریوں سے محفوظ رہتے تھے جو تہذیب سے پیدا ہوتی ہیں۔ اُنھوں نے اطباء کے بغیر زندہ رہنے کا طریقہ نکال لیا تھا۔ جب وہ دیکھتے تھے کہ ان کے رشتہ دار اور دوست زیادہ عرصہ سے بیمار ہیں تو وہ ان کے سر پر ایک ہتھوڑے کا ہاتھ ایسا چچا لگاتے تھے کہ وہ فوراً مر جائیں اور ان سے کہتے تھے کہ گھل گھل کر مرنے سے آدمی کا فوراً مر جانا بہتر ہے۔ وہ انسان کا گوشت نہایت لذیذ سمجھتے تھے اور نہ صرف اپنے دشمنوں کو کھا جاتے تھے بلکہ اپنے بیمار عزیزوں یہانتک کہ بیمار بچوں کو بھی کھا جاتے تھے۔ فرقہ ٹوپی بادشاہوں اور شہزادوں کو نہیں تسلیم کرتا تھا۔ البتہ ان بزرگوں کی وقعت کرتا تھا جو ایک مجلس میں جمع ہوتے تھے اور اپنے فرقہ کے معاملات طے کرتے تھے۔ فرقہ ٹوپی کے بعد فرقہ ٹپوڈیا کا نمبر تھا جو پہلے برازیل کے ایک بڑے حصہ پر حکمراں تھا اور اب صرف شمالی حصہ میں رہ گیا تھا۔ وہ جنگ جو اور خانہ بدوش تھا۔ اس فرقہ کے لوگ طویل القامت اور بہت مضبوط تھے۔ ان کے بال کالے اور جسم بھورے تھے۔ یہ چوبیس مختلف فرقوں میں تقسیم تھے ان سے کم اہمیت کی تہ میں اس حصۂ ملک پر آباد تھیں جس کو حال ہی میں پرتگیزوں نے فتح کر لیا تھا۔ ان میں سے بعض فرمانبردار تھیں اور بعض بیرونی حکومت کو

ناپسند کرتی تھیں اور انتہائی درجہ تک مقابلہ کرنے کو تیار تھیں۔

نوآبادی کا طریقہ

جان سوم نے ایمونیل کا بیٹا اور وارث تھا وہ طریقہ نوآبادی شروع کیا جو اس نے پہلے جزائر ازورس اور میڈیرا کے لیے تیار کیا تھا۔ اس نے ملک کو موج کے کپتانوں کے حوالے نسلاً بعد نسل کر دیا پرتگیزی اُمرا کو دے دیا جن کو اس نے اس قابل سمجھا۔ اُس نے سزائے موت اور سکہ کے اختیارات کے علاوہ جملہ اختیارات ان اُمرا کو دیدیے تھے۔ پہلا شخص جس کو یہ جاگیر عطا ہوئی مارٹم آفونسو ڈی سوسا تھا۔ اس نے دریائے یوجینیرو کے قرب میں تمام ساحل کو دریافت کیا۔ مارٹم آفونسو جس نے جزیرہ سان سیباشین اور راس سینٹ ونسینٹ دریافت کی خوب سمجھتا تھا کہ دشمنوں کو کس طرح بنائے۔ چنانچہ وہ ان کے درمیان ان پر حملہ کیے بغیر رہنے لگا۔ پیڈرو ڈی گوزجس کو بادشاہ نے تیس فرسخ کا علاقہ عطا کیا تھا۔ پانچ برس تک وحشیوں سے لڑتا رہا اور آخر کار واپس چلا گیا۔ خلیج سان سالوی ڈور، فرانسسکو پیری راکوٹن ہو کو اس شرط پر دیگئی کہ وہ وحشیوں کو مہذب بنائے یا ان سے لڑ جھگڑ کر ایک شہر آباد کرے اور وہاں مستقل نوآبادی قائم کرے انفرادی مراعات گو شروع میں نوآبادی کی ترغیب کیلیے مناسب معلوم ہوں تاہم زیادہ عرصہ تک اُن کا قائم رہنا مناسب نہیں تھا کیونکہ نوآبادی اور آبائی ملک کے تعلقات روزانہ کم ہوتے جاتے تھے اور نوآبادوں کی زندگی عزت و آبرو، مال و منال سب اُن کے ہاتھ میں تھا چنانچہ بادشاہ کو شکایات پہنچنے لگیں۔ پس جو آگے سوم نے ان تمام چھوٹی چھوٹی ریاستوں پر ایک افسر اعلیٰ یعنی گورنر جنرل کو مقرر کرنا ضروری سمجھا جس کو تمام پرتگیزی برازیل پر دیوانی اور جنگی اختیارات عطا کیے۔

پہلا گورنر جنرل ٹھامی ڈی سوسا تھا۔ وہ اپریل ۱۵۴۹ء کو روانہ ہوا اور دو ماہ کے بعد خلیج سان سالوی ڈور میں پہنچا۔ ٹھامی نے فوراً ایک شہر کی بنیاد ڈالی جس کا نام اس نے سان سالوی ڈور رکھا۔ چار سال کی محنت اور کامیابی کے بعد جس میں اس نے ساحل سمندر کو محکوم اور خاموش بنا دیا تھا اور نوآبادی کو مرفہ الحال کر دیا تھا۔ اپنی واپسی کی درخواست کی۔ اُس کے بعد ایڈورڈ ڈاکوسٹا بھیجا گیا پادریوں کی ایک کثیر جماعت بھی اُس کے ساتھ گئی، اور ان لوگوں نے ہتھیاروں سے بڑھ کر کام کیا

یعنی مذہب جیسوی اشاعت خاموشی کے ساتھ کی پرتگیزوں نے چند ناگزیر لڑائیوں کے بعد ایک عمدہ رقبہ پر اپنا مستحکم قبضہ کر لیا۔ جوآؤ سوم کی وفات کے بعد اس کا پوتا تخت نشین ہوا جس کی عمر صرف تین سال کی تھی ریجنسی کام کرتی رہی اور انتظام نوآبادی مختلف گورنروں کی ماتحتی میں بخیر و خوبی انجام پاتا رہا۔ شاہ پرتگال ۱۵۷۸ء میں لاولد فوت ہو گیا اور سلطنت پرتگال فلپ دوم شاہ اسپین کو مل گئی اب تمام پرتگیزی نوآبادیاں ہسپانویوں کے قبضے میں آگئیں اور برازیل کا بھی یہی انجام ہوا۔ اس سے برازیل کو سخت نقصان پہنچا۔ کیونکہ فلپ دوم اور انگلستان کی ملکہ الزبیتھ میں لڑائی شروع ہو گئی اور انگریزی بحری قزاق برازیل کے سواحل پر بھی لوٹ مار کر جاتے تھے۔ فلپ دوم سے اس نوآبادی کو نقصان کے سوا کچھ فائدہ نہ پہنچا۔ اس کے وارث فلپ سوم نے ڈام پیڈرو دیوٹل ہو کو گورنر بنا کر بھیجا اور اس نے اندرون ملک کی حالت معلوم کرنے کے لیے سرگرمی ظاہر کی۔ اس کے جانشین گورنر نے دریائے امیزان کے کنارے پر نوآبادی قائم کرنے کا ارادہ کیا۔ رفتہ رفتہ پرتگیز برازیل کے بہت سے حصہ کو نوآباد بنانے میں کامیاب ہوئے۔ ان کی بدنصیبی تھی کہ ان کو اہل فرانس اور ہالینڈ سے لڑنا پڑا۔ مگر آخر کار پرتگیز کامیاب ہوئے۔ اور برازیل پر اپنا قبضہ بدستور رکھا۔

پرتگیزی سلطنت برازیل کو منتقل ہوتی ہے

ڈام پیڈرو جو ملکہ پرتگال کا شوہر تھا۔ برائے نام بادشاہ تھا وہ ۱۸۲۶ء میں انتقال کر گیا اس کی وفات پر اس کی بیوی میریا حکومت کرتی رہی اس کا بڑا لڑکا جو ولی عہد تھا وہ بھی مر گیا اس کا دوسرا لڑکا ڈام جوآؤ ڈی برگینزا جو شہزادہ برازیل کے نام سے موسوم تھا ولی عہد ہو گیا اس وقت پرتگال پر فرانسیسی حملے کی تیاریاں ہو رہی تھیں انگریزی سفیر نے کہا کہ یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ شاہی خاندان برازیل چلا جائے تاکہ وہاں نپولین کے حملے سے محفوظ رہے۔ ڈام جوآؤ اس بات پر آمادہ ہو گیا اور تمام شاہی خاندان ۲۹ نومبر ۱۸۰۷ء کو برازیل روانہ ہو گیا یہ لوگ ۱۹ جنوری ۱۸۰۸ء کو برازیل کے صوبہ بہائیا میں پہنچے جہاں شاہی خاندان کا استقبال نہایت گرم جوشی اور وفاداری سے کیا گیا۔ اس کے بعد یہ شاہی خاندان ریو جینیرو پہنچے جو تجارت کا

مرکز تھا اور جہاں سے جہازات یورپ، امریکہ، افریقہ، ہندوستانی اور بحر جنوبی کے دیگر جزائر کو آتے جاتے تھے ڈام جوآو کو وہاں بھی ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔ شہزادہ نے برازیل کی صنعت و دستکاری پر جو رکاوٹیں تھیں دور کیں اب ہر شخص کارخانے کھولنے اور مصنوعات تیار کرنے کے لیے آزاد ہو گیا۔ مختصر یہ کہ ہر بات برازیل کو بقیہ دنیا کی محتاجی سے آزاد کرنے کے لیے اختیار کی گئی وہاں ایک چھاپے خانہ بھی کھولا گیا اور ایک اخبار بھی جاری کیا گیا

اب لوگ غفلت کی میٹھی نیند سے جاگ اٹھے اور دربار لسبن کا جو پہلے اثر تھا وہ باقی نہ رہا۔ نوآبادوں اور ان ممالک میں جو آبائی ملک سے ابھی آئے تھے اختلافات شروع ہو گئے لیکن ۱۸۱۵ء کے فرمان سے جو برازیل کو نوآبادی کی بجائے سلطنت کا درجہ عطا ہو گیا تو قوم پرست لوگ خوش ہو گئے۔ ملکہ کا انتقال ہو چکا تھا اور شہزادہ نے عنان سلطنت جوآو ششم کے لقب سے ہاتھ میں لے لی تھی۔ پرتگیزوں اور اہل برازیل میں روزانہ جھگڑے اور فساد کے اسباب ترقی پذیر تھے۔ واقعات یورپ نے بادشاہ کو لسبن واپس بلا لیا (۱۸۲۱ء) اور اس کے چلے جانے کے بعد انقلاب ضروری ہو گیا۔ برازیل نے سیاسی تبدیلی کو ضروری سمجھ کر ایک دارالمشورہ بنایا انتخاب کنندگان کی ایک مجلس کو جبر کے ساتھ منتشر کیا گیا اور قابل نفرت سختی کا برتاؤ جائز رکھا گیا

جوآو ششم نے اس کے بعد کم و بیش اپنی ہی خوشی سے حقوق برازیل سے دست برداری دے دی اور اس کا بیٹا ڈام پیڈرو مشروطہ کا شہنشاہ مشتہر کیا گیا۔ جب مشروطہ کا ایک بار وعدہ کر لیا گیا تو وہ برازیل کو دینا بھی پڑا۔ صوبوں سے ریو جینیرو پر نائبین قوم جمع ہوئے۔ شہنشاہ نے خیال کیا کہ ان لوگوں میں جمہوری سلطنت کی طرف میلان پایا جاتا ہے لہذا اس نے دارالمشورہ بین کو شکست کر دیا۔ ڈام پیڈرو نے پھر خود ایک مشروطہ کی تجویز پیش کی اور حکام نے اس کی وفاداری کا حلف ۲۵ مارچ ۱۸۲۴ء کو اٹھایا اس مشروطہ کی بنا پر چونکہ اس میں دور اندیشانہ اور فیاضانہ اصول کارفرما تھے برازیل میں چند ماہ تک امن و امان رہا اور حکومت کی طاقت مستحکم معلوم ہوتی تھی۔ لیکن اس کے بعد اندرونی لڑائیاں شروع ہو گئیں اور شہنشاہ نے یہ مناسب سمجھا کہ خود تاج چھوڑ کر اپنے بیٹے کو بادشاہ کر دے اور وہاں سے یورپ چلا جائے چنانچہ ۷ اپریل ۱۸۳۱ء کو ایسا ہی ہوا۔ دوسرے روز لڑکے کو پیڈرو دوم کے نام سے شہنشاہ بنا دیا گیا اور انتظام سلطنت کے لیے ایک کونسل مقرر کر دی گئی۔ پیڈرو اول یورپ کو روانہ ہو گیا اور ۲۴ ستمبر ۱۸۳۴ء کو

سبن میں فوت ہوگیا جب تک پیڈرو ثانی نابالغ رہا برابر جھگڑے ہوتے رہے۔ آخر کار ۲۳ جولائی ۱۸۴۰ء کو وہ بالغ قرار دیا گیا۔ اس کے زمانہ میں دو فریق قدامت پرست اور آزاد خیال پیدا ہوگئے۔ وزارت کبھی اِس فریق کے ہاتھ میں آجاتی تھی اور کبھی دوسرے فریق کے ہاتھ میں چلی جاتی تھی پیراگوئی سے سرحد کے معاملہ میں لڑائی ہوئی جو یکم مارچ ۱۸۷۰ء کو ختم ہوگئی۔

فروری ۱۸۷۱ء میں دہشتیوں نے بیناس گیریس میں بغاوت کی ایک سازش کی جو بروقت معلوم ہوگئی اور فرو کر دی گئی ڈام پیڈرو دوم کے عہد دراز میں مادی ترقی اور خوشحالی برازیل میں روز افزوں رہی۔ اتفاقیہ سیاسی جھگڑے ہوجاتے تھے لیکن کوئی بڑا اہم جھگڑا نہیں ہوا بجز ریوگرانڈی ڈو سول کے جہاں شاہی حکم کے خلاف عرصہ تک وقتاً فوقتاً لڑائی ہوتی رہی شہنشاہ نے اپنی رعایا اور اپنے ملک کی اقتصادی حالت کی بہتری کی طرف زیادہ توجہ مبذول کی تعلیم کی طرف بھی اُس کا زیادہ رجحان رہا اُس نے اشتراکی اصول کی بھی اپنی آزاد خیالی کی بنا پر مخالفت نہ کی چنانچہ ایک فوجی سازش نے ۱۸۸۹ء میں حکومت برازیل کو شہنشاہیت کی بجائے جمہوریت میں تبدیل کر دیا۔ اول اول لوگوں نے اپنے بادشاہ کا برابر احترام قائم رکھا لیکن یہ حالت کچھ دنوں کے بعد بدل گئی۔ وجہ یہ ہوئی کہ شہنشاہ کے صرف ایک لڑکی تھی اور وہی وارث تخت و تاج ہوتی شہنشاہ ۱۸۸۸ء میں یورپ کے سفر کو گیا تھا اور اُس نے اپنی عدم موجودگی میں اپنی لڑکی کو تخت پر بٹھا دیا تھا اس دوران میں وہ پادریوں کے قبضے میں رہی اور ان کے منشاء کے مطابق کام کرتی رہی۔ آزاد خیال لوگ اس سے بے حد ناخوش ہوئے ۱۸۸۸ء میں جب شہنشاہ واپس آیا تو سب نے بیحد خوشی کے ساتھ اس کا خیر مقدم کیا لیکن لوگوں نے کہا کہ اگر ایسے ہمدرد اور فیاض شہنشاہ کو تخت سے اتار کر جمہوری سلطنت نہ قائم کی گئی تو پھر اس کی لڑکی کو جو تشکی المزاج ہے بآسانی معزول کرنا کارے دارد ہوگا۔ اِس لیے یہ مناسب سمجھا گیا کہ فوجی سازش کے ذریعہ شہنشاہ کو تخت سے اتار دیا جائے۔ چنانچہ ۱۵ نومبر ۱۸۸۹ء کو جمہوری سلطنت قائم ہوگئی شہنشاہ کو صرف چوبیس ۲۴ گھنٹے کی مہلت دی گئی کہ وہ پرتگال کو روانہ ہوجائے۔ لسبن پہنچکر اس کی بیوی شکستہ دلی کے ساتھ مرگئی اور ۵ دسمبر ۱۸۹۱ء کو معزول شہنشاہ بھی فوت ہوگیا۔ فروری ۱۸۹۱ء

میں ایک قومی کانگریس جمع ہوئی اور اُس نے ایک مشروطہ برازیل کی ریاستہائے متحدہ کے لیے تیار کیا۔ اب پہلے صوبوں کو ریاستوں کے نام سے موسوم کر دیا گیا تھا ۱۸۹۲ء میں ایک بڑی بغاوت ہوئی اور بڑے خون خرابے کے بعد فرو ہوئی ڈاکٹر مورا ایس کی صدارت بااثر رہی اور جھگڑے کم ہوئے۔ اس کے بعد ڈاکٹر کیمپس سیلس صدر بنایا گیا اُس نے انتظام حکومت کا خرچ کم کر دیا اور لوگوں کے ذاتی حقوق کی بے حد نگہداشت کی۔

برازیل میں آج تک جمہوری سلطنت کے ابتدائی اصول کی کمی ہے۔ کانگریس یا صدر کے انتخاب میں لوگوں کی کوئی رائے نہیں لی جاتی۔ ہر صوبے اور مقام میں اُمرا شاہی حکومت ہے وہی لوگ طے کرتے ہیں کہ کون صدر ہو چنانچہ انھیں کے فیصلے کے مطابق صدر اور ممبران کانگریس منتخب ہو جاتے ہیں۔ عوام سیاسی آزادی کے معنی بھی نہیں جانتے اور وہ رائے دینے بھی نہیں آتے تاوقتیکہ انھیں مجبور نہ کیا جائے ایک زمانہ میں جرمن آبادی برازیل میں بہت ترقی کر رہی تھی اور ریاستہائے متحدہ کے لوگ اصول منرو کا نفاذ چاہتے تھے اور ان کی خواہش تھی کہ اس آبادی کو روک دیا جائے۔ شاید گذشتہ جنگ یورپ کے نتیجے نے جرمنی کے اندیشے کو دلوں سے محو کر دیا ہے۔ بہرحال اب بھی وہاں ایک لاکھ چالیس ہزار جرمن موجود ہیں۔

۱۹۰۲ء میں ڈاکٹر کیمپس سیلس کی بجائے ڈاکٹر رڈوگریس آلویز صدر مقرر کیا گیا تھا اور یہ سلسلہ اسی طرح چلا آتا ہے۔

مصنف کی دوسری کتابیں

سیر المصنفین نثاران اُردو کا مکمل تذکرہ۔ اس عنوان پر سب سے پہلی اور عمدہ کتاب نہایت دلچسپ اور پر از مفید معلومات۔ کوئی کتاب خانہ اس ضروری اور اہم کتاب سے خالی نہ رہنا چاہیئے۔ قیمت جلد اوّل عہ جلد دوم ۴ھ

تاریخ مغربی یورپ ڈاکٹر رابن سن کی کتاب A History of Western Europe کا بامحاورہ اردو ترجمہ۔ نہایت سبق آموز۔ یورپ کے سیاسی اور معاشرتی معاملات اس کتاب سے بہت جلد سمجھ میں آجاتے ہیں۔ قیمت ۴ھ

خیالات ارونگ امریکہ کے نامور مصنف واشنگٹن ارونگ کے چند مضامین کا ترجمہ۔ انداز بیان دیکھنے کے قابل ہے۔ انشا پردازوں اور شائقین کتب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ فن کتاب نویسی، لٹریچر میں انقلاب اور ایک شادی کا دلفریب انجام یہ مضامین دیکھنے ہی سے تعلق رکھتے ہیں۔ قیمت صرف ۸ر

تاریخ امریکہ قیمت دو روپے عہ

ملنے کا پتہ

۱ منیجر دار الاشاعت۔ غازی آباد
۲ الناظر بک ایجنسی لکھنؤ
۳ منیجر مکتبۂ جامعۂ ملیہ۔ قرولباغ۔ دہلی
۴ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن
۵ منیجر زمانہ بک ایجنسی کانپور
۶ دار المصنفین اعظم گڑھ